اور اللہ نہیں دوست رکھتا ہر ایک کفر کرنیوالے گنہگار کو ف۲ تحقیق جو لوگ کہ ایمان لائے اور کام کئے
الصّٰلِحٰتِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ لَهُمْ اَجْرُهُمْ
اچھے اور قائم رکھا نماز کو اور دیا زکوٰۃ کو واسطے ان کے ہے ثواب ان کا
عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۲۷۷﴾ يٰٓاَيُّهَا
نزدیک پروردگار ان کے کے اور نہیں ڈر اوپر اُن کے اور نہ وہ غمگین ہوں گے اے
الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَذَرُوْا مَا بَقِيَ مِنَ الرِّبٰٓوا اِنْ
لوگو جو ایمان لائے ہو ڈرو اللہ سے اور چھوڑ دو جو باقی رہا ہے سود سے اگر
كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۲۷۸﴾ فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا فَاْذَنُوْا بِحَرْبٍ مِّنَ اللّٰهِ
ہو تم ایمان والے ف۳ پس اگر نہ کرو تم پس خبردار ہو جاؤ ساتھ لڑائی کے اللہ سے
وَرَسُوْلِهٖ ۚ وَاِنْ تُبْتُمْ فَلَكُمْ رُءُوْسُ اَمْوَالِكُمْ ۚ لَا تَظْلِمُوْنَ
اور رسول اس کے سے اور اگر توبہ کرو تم پس واسطے تمہارے ہیں اصل مال تمہارے نہ ظلم کرو تم
وَلَا تُظْلَمُوْنَ ﴿۲۷۹﴾ وَاِنْ كَانَ ذُوْ عُسْرَةٍ فَنَظِرَةٌ اِلٰى مَيْسَرَةٍ ۭ
اور نہ ظلم کیے جاؤ تم ف۴ اور اگر ہو قرض دار تنگی والا پس ڈھیل دینا ہے فراغت تک
وَاَنْ تَصَدَّقُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۸۰﴾ وَاتَّقُوْا يَوْمًا
اور یہ کہ خیرات کرو بہتر ہے واسطے تمہارے اگر ہو تم جانتے ف۵ اور ڈرو اس دن سے
تُرْجَعُوْنَ فِيْهِ اِلَى اللّٰهِ ۣ ثُمَّ تُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ
کہ پھیرے جاؤ گے بیچ اس کے طرف اللہ کے پھر پورا دیا جاویگا ہر جی کو جو کچھ کمایا ہے
وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۲۸۱﴾ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا تَدَايَنْتُمْ بِدَيْنٍ
اور وہ نہیں ظلم کیے جامیں گے اے لوگو جو ایمان لائے ہو جب معاملت کرو تم ساتھ قرض کے
اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى فَاكْتُبُوْهُ ۭ وَلْيَكْتُبْ بَّيْنَكُمْ كَاتِبٌۢ
ایک وقت مقرر تک پس لکھ رکھو اس کو اور چاہیئے کہ لکھے درمیان تمہارے لکھنے والا

ف۱ یعنی منع سے پہلے جو لیا دنیا میں پھر دانا نہیں پہنچتا اور آخرت میں اللہ کا اختیار ہے چاہے تو بخشے باقی بعد منع کے جو لیوے وہ دوزخی ہے اور خدا کے حکم کے سامنے عقل کی دلیل لانی اس کی یہی سزا ہے جو فرمائی۔ ۱۲۔ منہ رحمہ

ف۲ یعنی مال دار ہو کر محتاج کو قرض بھی مفت نہ دے جبتک سود نہ رکھ لے یہ نعمت کی ناشکری ہے۔ ۱۲۔ منہ رحمہ

ف۳ یعنی منع آنے سے پہلے لے چکے سو لے چکے اور اگلا چڑھا ہوا اب نہ مانگو۔ ۱۲۔ منہ رحمہ

ف۴ یعنی اگلا سود لیا ہوا تمہارے اصل مال میں حساب کرے تو تم پر ظلم ہے۔ اور منع کے بعد اگلا چڑھا سود تم مانگو تو تمہارا ظلم ہے۔ ۱۲۔ منہ رحمہ

ف۵ یعنی جب دیکھا سود موقوف ہوا، اب لگو مفلس سے تقاضا کرنے یہ نہ چاہیئے بلکہ فرصت دو اور اگر توفیق ہو تو بخش دو۔ ۱۲۔ منہ رحمہ

ع ۳۸ / ۸ / ۶

بِالْعَدْلِ ۪ وَلَا يَاْبَ كَاتِبٌ اَنْ يَّكْتُبَ كَمَا عَلَّمَهُ اللّٰهُ
ساتھ انصاف کے اور نہ انکار کرے لکھنے والا یہ کہ لکھے جیسا سکھایا اس کو اللہ نے

فَلْيَكْتُبْ ۚ وَلْيُمْلِلِ الَّذِيْ عَلَيْهِ الْحَقُّ وَلْيَتَّقِ اللّٰهَ رَبَّهٗ
پس چاہیئے کہ لکھ دے اور مطلب کہے وہ شخص کہ اوپر اس کے ہے حق اور چاہیئے کہ ڈرے اللہ پروردگار اپنے

وَلَا يَبْخَسْ مِنْهُ شَيْـًٔا ؕ فَاِنْ كَانَ الَّذِيْ عَلَيْهِ الْحَقُّ سَفِيْهًا
سے اور نہ کم کرے اس میں سے کچھ پس اگر ہو وہ شخص کہ اوپر اس کے ہے حق بیوقوف

اَوْ ضَعِيْفًا اَوْ لَا يَسْتَطِيْعُ اَنْ يُّمِلَّ هُوَ فَلْيُمْلِلْ وَلِيُّهٗ
یا ناتوان یا نہیں سکتا یہ کہ مطلب کہے وہ پس چاہیئے کہ مطلب کہے والی اُس کا

بِالْعَدْلِ ؕ وَاسْتَشْهِدُوْا شَهِيْدَيْنِ مِنْ رِّجَالِكُمْ ۚ فَاِنْ
ساتھ انصاف کے اور شاہد کر لو دو شاہدوں کو مردوں اپنے سے پس اگر

لَّمْ يَكُوْنَا رَجُلَيْنِ فَرَجُلٌ وَّامْرَاَتٰنِ مِمَّنْ تَرْضَوْنَ مِنَ
نہ ہوں دو مرد پس ایک مرد اور دو عورتیں ان میں سے کہ پسند کرتے ہو تم

الشُّهَدَآءِ اَنْ تَضِلَّ اِحْدٰىهُمَا فَتُذَكِّرَ اِحْدٰىهُمَا الْاُخْرٰى ؕ
شاہدوں میں سے اگر ہو یہ کہ بھول جاوے ایک ان میں سے پس یاد دلاوے ایک ان دو میں سے دوسری کو

وَلَا يَاْبَ الشُّهَدَآءُ اِذَا مَا دُعُوْا ؕ وَلَا تَسْـَٔمُوْٓا اَنْ تَكْتُبُوْهُ
اور نہ انکار کریں شاہد جب بلائے جاویں اور مت کاہلی کرو یہ کہ لکھو اس کو

صَغِيْرًا اَوْ كَبِيْرًا اِلٰٓى اَجَلِهٖ ؕ ذٰلِكُمْ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ وَاَقْوَمُ
چھوٹا یا بڑا وقت اس کے تک یہ بہت انصاف ہے نزدیک اللہ کے اور سیدھا کرنیوالا

لِلشَّهَادَةِ وَاَدْنٰٓى اَلَّا تَرْتَابُوْٓا اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَ تِجَارَةً حَاضِرَةً
واسطے شہادت کے اور بہت نزدیک ہے اس سے کہ نہ شک میں پڑو مگر یہ کہ ہو سوداگری ہاتھوں ہاتھ

تُدِيْرُوْنَهَا بَيْنَكُمْ فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَلَّا تَكْتُبُوْهَا ؕ
کہ پھراتے ہو اس کو درمیان اپنے پس نہیں اوپر تمہارے گناہ یہ کہ نہ لکھو اس کو

وَاَشْهِدُوْٓا اِذَا تَبَايَعْتُمْ ۪ وَلَا يُضَآرَّ كَاتِبٌ وَّلَا شَهِيْدٌ ۬ؕ
اور شاہد کر لو جب سودا کرو تم اور نہ ایذا پہنچایا جاوے لکھنے والا اور نہ گواہ

وَاِنْ تَفْعَلُوْا فَاِنَّهٗ فُسُوْقٌۢ بِكُمْ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ وَيُعَلِّمُكُمُ اللّٰهُ ؕ
اور اگر کرو تم یہ پس تحقیق وہ گنہگاری ہے ساتھ تمہارے اور ڈرو اللہ سے اور سکھاتا ہے تم کو اللہ

(بقیہ ص۵۵ سے آگے) بر کہ اللہ آپ ہدایت کرنے والا ہے جس کو چاہے اگر شبہ پڑے تو ساتھ ہی جواب بھیجے اب آگے پھر جہاد کا مذکور ہے اور اللہ کی راہ میں مال خرچ کرنے کا۔ ١٢۔ منہ رح

(بقیہ ص۵۳ سے آگے) کسی کی نہ چاہیئے مگر یہ کہے کہ اللہ کے واسطے فلانے شخص کو دونگا تو مختار ہے۔ ١٢۔ منہ رح

ف اگر نیت دکھاوے کی نہ ہو تو خیرات کھلی بھی بہتر ہے کہ اوروں کو شوق آوے اور چھپی بھی بہتر ہے کہ لینے والا نہ شرماوے ١٢۔ منہ رح

وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۲۸۲﴾ وَاِنْ كُنْتُمْ عَلٰى سَفَرٍ وَّلَمْ تَجِدُوْا

اور اللہ ساتھ ہر چیز کے جاننے والا ہے ف۱ اور اگر ہو تم اوپر سفر کے اور نہ پاؤ تم

كَاتِبًا فَرِهٰنٌ مَّقْبُوْضَةٌ ؕ فَاِنْ اَمِنَ بَعْضُكُمْ بَعْضًا فَلْيُؤَدِّ

لکھنے والا بس گرو ہے قبضہ کی ہوئی پس اگر امین جانے بعضے تمہارے بعضے کو پس چاہیئے کہ ادا کرے

الَّذِی اؤْتُمِنَ اَمَانَتَهٗ وَلْيَتَّقِ اللّٰهَ رَبَّهٗ ؕ وَلَا تَكْتُمُوا الشَّهَادَةَ ؕ

وہ شخص کہ امین جانا گیا ہے امانت اس کی کو اور چاہیئے کہ ڈرے اللہ پروردگار اپنے سے اور مت چھپاؤ گواہی کو

وَمَنْ يَّكْتُمْهَا فَاِنَّهٗۤ اٰثِمٌ قَلْبُهٗ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ﴿۲۸۳﴾ ع

اور جو کوئی چھپاوے گا اسکو پس تحقیق وہ گنہگار ہے دل اس کا اور اللہ ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہو جاننے والا ہے

لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ وَاِنْ تُبْدُوْا مَا فِیْۤ

واسطے اللہ کے ہے جو کچھ بیچ آسمانوں کے اور جو کچھ بیچ زمین کے ہے اور اگر ظاہر کرو جو کچھ بیچ

اَنْفُسِكُمْ اَوْ تُخْفُوْهُ يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ ؕ فَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ

جی تمہارے کے ہے یا چھپاؤ اس کو حساب لیوے گا تم سے ساتھ اس کے اللہ پس بخشے گا جس کو چاہے

وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۲۸۴﴾ اٰمَنَ

اور عذاب کرے گا جس کو چاہے اور اللہ اوپر ہر چیز کے قادر ہے ف۲ ایمان لایا

الرَّسُوْلُ بِمَاۤ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ؕ كُلٌّ اٰمَنَ

پیغمبر ساتھ اس چیز کے کہ اتاری گئی ہے طرف اسکے پروردگار اسکے سے اور مسلمان ہر ایک ایمان لایا

بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ ۫ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ

ساتھ اللہ کے اور فرشتوں اسکے کے اور کتابوں اسکی کے اور رسولوں اسکے کے نہیں جدائی ڈالتے ہم درمیان کسی کے

رُّسُلِهٖ ۫ وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ۫ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ

پیغمبروں اس کے سے اور کہا انہوں نے سنا ہم نے اور مانا ہم نے بخشش مانگتے ہیں ہم تیری اے رب ہمارے اور طرف

الْمَصِيْرُ ﴿۲۸۵﴾ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ؕ لَهَا مَا

تیرے ہے پھر آنا نہیں تکلیف دیتا اللہ کسی جی کو مگر طاقت اس کی پر واسطے اسکے ہے جو

كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ؕ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَاۤ اِنْ

کمایا اس نے اور اوپر اس کے ہے جو کمایا اس نے اے رب ہمارے مت پکڑ ہم کو اگر

نَّسِيْنَاۤ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَاۤ اِصْرًا كَمَا

بھول گئے ہم یا خطا کی ہم نے اے رب ہمارے اور مت رکھ اوپر ہمارے بوجھ جیسا رکھا

ف۱ اس آیت میں دو چیز کا تقید فرمایا ایک تو معاملہ کو لکھنا کہ اس میں پھر قضیہ نہ ہو اور اپنے تئیں شبہ نہ پڑے اور شاہد کو دیکھ کر یاد آوے دوسرے شاہد کر لینا ہر معاملہ پر دو مرد یا ایک مرد اور دو عورتیں
۳۹ ع ۲ ۷ جن کو ہر کوئی پسند رکھے اور تقید فرمایا کہ نویسندہ اور شاہد نقصان کسی کا نہ کریں جو حق واجبی ہے سو ہی ادا کریں اور لکھنے میں جو دینے والا اپنی زبان سے کہے سو لکھیں یا اس کا کوئی بزرگ کہے، اگر اس کو کوئی عقل نہ ہو۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یہاں سے معلوم ہوا کہ دل کے خیال پر بھی حساب ہوگا۔ یہ سن کر اصحاب نے حضرت سے عرض کیا یہ حکم سخت مشکل ہے۔ فرمایا کہ بنی اسرائیل کی طرح انکار مت کرو بلکہ قبول رکھو اور اللہ سے مدد چاہو پھر لوگوں نے کہا کہ ہم ایمان لائے اور قبول کیا اللہ کے ہاں یہ بات پسند ہوئی تب اگلی دو آیتیں اتریں، ان میں حکم آیا کہ مقدور سے باہر چیز کی تکلیف نہیں۔ اب جو کوئی دل میں خیال گناہ کا کرے اور عمل میں نہ لاوے اس کو گناہ نہیں لکھتے۔ ۱۲۔ منہ رح

حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ

تو نے اس کو اوپر ان لوگوں کے کہ پہلے ہم سے تھے اے رب ہمارے اور مت اٹھوا ہم سے وہ چیز کہ نہیں طاقت

لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا ۥ وقفة وَاغْفِرْ لَنَا ۥ وقفة وَارْحَمْنَا ۥ وقفة اَنْتَ

واسطے ہمارے ساتھ اس کے اور معاف کر ہم سے اور بخش ہم کو اور رحم کر ہم کو تو ہے

مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿٢٨٦﴾ ع

دوستدار ہمارا پس مدد دے ہم کو اوپر قوم کافروں کے ف

ع ۸

سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰنَ مَدَنِيَّةٌ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ٢٠٠ رُكُوْعَاتُهَا ٢٠

سورۂ آل عمران مدینہ میں نازل ہوئی اسمیں — شروع ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے — دوسو آیتیں اور بیس رکوع ہیں

الٓمّٓ ﴿١﴾ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۙ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ﴿٢﴾ نَزَّلَ

اللہ نہیں کوئی معبود مگر وہ زندہ ہے قائم رہنے والا اتاری

عَلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ

اوپر تیرے کتاب ساتھ حق کے سچا کرنے والی واسطے اس چیز کے کہ آگے اس کے ہے

وَاَنْزَلَ التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ ﴿٣﴾ مِنْ قَبْلُ هُدًى لِّلنَّاسِ

اور اتاری توریت اور انجیل پہلے اس سے راہ دکھانے والی واسطے لوگوں

وَاَنْزَلَ الْفُرْقَانَ ۥ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ لَهُمْ

کے اور اتارے معجزے تحقیق جو لوگ کہ کافر ہوئے ساتھ نشانیوں اللہ کے واسطے انکے

عَذَابٌ شَدِيْدٌ ۭ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ ذُو انْتِقَامٍ ﴿٤﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَا

ہے عذاب سخت اور اللہ غالب ہے بدلہ لینے والا تحقیق اللہ نہیں

يَخْفٰى عَلَيْهِ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ ﴿٥﴾ هُوَ

چھپی اوپر اس کے کوئی چیز بیچ زمین کے اور نہ بیچ آسمان کے وہی

الَّذِيْ يُصَوِّرُكُمْ فِي الْاَرْحَامِ كَيْفَ يَشَآءُ ۭ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

ہے جو صورتیں بناتا ہے تمہاری بیچ رحموں کے جیسی چاہے نہیں کوئی معبود مگر وہ

الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿٦﴾ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ

غالب ہے حکمت والا وہی ہے جس نے اتاری اوپر تیرے کتاب

مِنْهُ اٰيٰتٌ مُّحْكَمٰتٌ هُنَّ اُمُّ الْكِتٰبِ وَاُخَرُ مُتَشٰبِهٰتٌ ۭ

بعضی اس کی آیتیں محکم ہیں یعنی ظاہر معنوں کی وہ جڑ ہیں کتاب کی اور اور ہیں متشابہ معنی کئی طرف ملتے

ف یہ دعا اللہ نے پسند فرمائی تو قبول کے حکم بھی ہم پر بھاری نہیں رکھے اور دل کا خیال بھی نہیں پکڑا اور بھول چوک بھی معاف کی۔ ۱۲- منہ رح

وقف النبی صلی اللہ علیہ وسلم

فَاَمَّا الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ زَيْغٌ فَيَتَّبِعُوْنَ مَا تَشَابَهَ مِنْهُ

پس آیا وہ لوگ کہ بیچ دلوں ان کے کے کجی ہے پس پیروی کرتے ہیں اس چیز کی کہ شبہ ڈالتی ہے اس میں

ابْتِغَآءَ الْفِتْنَةِ وَابْتِغَآءَ تَاْوِيْلِهٖ ۚ وَمَا يَعْلَمُ تَاْوِيْلَهٗٓ

سے واسطے چاہنے گمراہی کے اور واسطے چاہنے حقیقت اس کی کے اور نہیں جانتا حقیقت اس کی کو

اِلَّا اللّٰهُ ۘ وَالرّٰسِخُوْنَ فِي الْعِلْمِ يَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِهٖ ۙ

مگر اللہ اور مضبوط لوگ بیچ علم کے کہتے ہیں ایمان لائے ہم ساتھ اس کے

كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ رَبِّنَا ۚ وَمَا يَذَّكَّرُ اِلَّآ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿٧﴾

ہر ایک نزدیک رب ہمارے کے سے ہے اور نہیں نصیحت پکڑتے مگر صاحب عقل کے ف

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ

اے پروردگار ہمارے نہ کج کر دلوں ہمارے کو پیچھے اس کے کہ راہ دکھائی تو نے ہم کو اور دے ڈال ہم کو پاس

لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ﴿٨﴾ رَبَّنَآ اِنَّكَ

اپنے سے رحمت تحقیق تو ہی ہے دے ڈالنے والا اے رب ہمارے تحقیق تو

جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ

اکٹھا کرنے والا ہے لوگوں کو اس دن کہ نہیں شک بیچ اس کے تحقیق اللہ نہیں خلاف کرتا

الْمِيْعَادَ ﴿٩﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَنْ تُغْنِيَ عَنْهُمْ اَمْوَالُهُمْ

وعدہ کو تحقیق جو لوگ کہ کافر ہوئے ہرگز نہ کفایت کریں گے ان سے مال ان کے

وَلَآ اَوْلَادُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْـــًٔا ۭ وَاُولٰۗىِٕكَ هُمْ وَقُوْدُ النَّارِ ﴿١٠﴾ ۙ

اور نہ اولاد ان کی اللہ سے کچھ اور یہ لوگ وہی ہیں ایندھن آگ کے

كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۚ

جیسی عادت لوگوں فرعون کی اور جو لوگ کہ پہلے ان سے تھے جھٹلایا انہوں نے نشانیوں ہماری کو

فَاَخَذَھُمُ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ ۭ وَاللّٰهُ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿١١﴾ قُلْ

پس پکڑا ان کو اللہ نے ساتھ گناہوں ان کے کے اور اللہ سخت عذاب کرنے والا ہے کہہ

لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَتُغْلَبُوْنَ وَتُحْشَرُوْنَ اِلٰى جَهَنَّمَ ۭ وَبِئْسَ

واسطے ان لوگوں کے کہ کافر ہوئے شتاب مغلوب ہوگے تم اور اکٹھے کیے جاؤگے طرف دوزخ کے اور برا ہے

الْمِهَادُ ﴿١٢﴾ قَدْ كَانَ لَكُمْ اٰيَةٌ فِيْ فِئَتَيْنِ الْتَقَتَا ۭ فِئَةٌ

بچھونا تحقیق ہے واسطے تمہارے نشانی بیچ دو جماعت کے آپس میں کہ ملیں ایک جماعت

ع ١ / ٩

ف اس صورت میں نصاریٰ کو سمجھانا منظور ہے کہ حضرت مریم کو خدا کی عورت کہتے اور حضرت عیسیٰ کو خدا کا بیٹا اور وہ بکتے تھے اس پر کہ اللہ کی مہربانی کے الفاظ ان کے حق میں سنے تھے ایسے کہ بندگی سے زیادہ مرتبہ چاہیں اس واسطے اللہ صاحب فرماتا ہے کہ ہر کلام میں اللہ نے بعضی باتیں رکھی ہیں جن کے معنی صاف نہیں کھلتے تو جو گمراہ ہو ان کے معنی عقل سے لگے پکڑنے اور جو مضبوط علم رکھے وہ ان کے معنی اور آیتوں سے ملا کر سمجھے جو جڑ کتاب کی ہے اس کے موافق سمجھ پاوے تو سمجھے اور اگر نہ پاوے تو اللہ پر چھوڑے کہ وہی بہتر جانے ہم کو ایمان سے کام ہے۔ ١٢۔ منہ رح

تُقَاتِلُ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاُخْرٰى كَافِرَةٌ يَّرَوْنَهُمْ مِّثْلَيْهِمْ
لڑتی ہے بیچ راہ اللہ کے اور دوسری کافر تھی دیکھتے تھے وہ کافر مسلمانوں کو دوہرا اپنے

رَاْىَ الْعَيْنِ ؕ وَاللّٰهُ يُؤَيِّدُ بِنَصْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ اِنَّ فِىْ
دیکھنا آنکھ کا اور اللہ قوت دیتا ہے ساتھ مدد اپنی کے جس کو چاہے تحقیق بیچ

ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّاُولِى الْاَبْصَارِ ﴿۱۳﴾ زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ
اس کے البتہ نصیحت ہے واسطے آنکھوں والوں کے ف زینت دی گئی واسطے لوگوں کے محبت

الشَّهَوٰتِ مِنَ النِّسَآءِ وَالْبَنِيْنَ وَالْقَنَاطِيْرِ الْمُقَنْطَرَةِ
خواہشوں کی عورتوں سے اور بیٹوں سے اور خزانے اکٹھے کئے ہوئے

مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَالْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ وَالْاَنْعَامِ
سونے سے اور چاندی سے اور گھوڑے نشان کیے ہوئے اور چارپائے

وَالْحَرْثِ ؕ ذٰلِكَ مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ
اور کھیتی سے یہ فائدہ ہے زندگی دنیا کا اور اللہ نزدیک اس کے ہے

حُسْنُ الْمَاٰبِ ﴿۱۴﴾ قُلْ اَؤُنَبِّئُكُمْ بِخَيْرٍ مِّنْ ذٰلِكُمْ ؕ لِلَّذِيْنَ
اچھی جگہ پھر جانے کی کہہ کیا خبر دوں میں تم کو ساتھ بہتر کے اس سے واسطے ان لوگوں کے

اتَّقَوْا عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتٌ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ
کہ پرہیزگاری کرتے ہیں نزدیک رب ان کے کے بہشتیں ہیں چلتی ہیں نیچے ان کے سے نہریں

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَاَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ وَّرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ ؕ
ہمیشہ رہنے والے بیچ ان کے اور بی بیاں ہیں پاک کی ہوئیں اور رضامندی اللہ کی طرف سے

وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ۚ ﴿۱۵﴾ اَلَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا
اور اللہ دیکھنے والا ہے ساتھ بندوں کے وہ لوگ جو کہتے ہیں اے رب ہمارے تحقیق ہم ایمان لائے

فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۚ ﴿۱۶﴾ اَلصّٰبِرِيْنَ وَ
پس بخش واسطے ہمارے گناہ ہمارے اور بچا ہم کو عذاب آگ کے سے وہ جو صبر کرنے والے ہیں اور

الصّٰدِقِيْنَ وَالْقٰنِتِيْنَ وَالْمُنْفِقِيْنَ وَالْمُسْتَغْفِرِيْنَ
سچے اور فرمانبرداری کرنیوالے اور خرچ کرنے والے اور بخشش مانگنے والے

بِالْاَسْحَارِ ﴿۱۷﴾ شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۙ وَالْمَلٰٓئِكَةُ
بیچ پچھلی رات کے گواہی دی اللہ تعالیٰ نے وہ کہ نہیں کوئی معبود مگر وہ اور گواہی دی فرشتوں نے

ف یعنی جنگ بدر میں جس کا قصہ سورۂ انفال میں ہے مسلمانوں سے کافر تین برابر تھے پر اللہ دو ہی برابر دکھاتا تھا کہ خوف نہ کھاویں پھر اللہ نے مسلمانوں کو فتح دی۔ اس سے چاہیے کہ سب کافر عبرت پکڑیں۔ ۱۲ منہ رح

النصف

وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ ؕ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ؕ﴿۱۸﴾

اور صاحب علموں نے حال یہ کہ اللہ قائم ہے ساتھ انصاف کے نہیں کوئی معبود مگر وہ غالب ہے حکمت والا

اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ ۣ قف وَمَا اخْتَلَفَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا

تحقیق دین نزدیک اللہ کے اسلام ہے اور نہیں اختلاف کیا ان لوگوں نے کہ دیئے گئے

الْكِتٰبَ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًۢا بَيْنَهُمْ ؕ

کتاب مگر پیچھے اس کے کہ آیا ان کے پاس علم سرکشی سے درمیان اپنے

وَمَنْ يَّكْفُرْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۱۹﴾ فَاِنْ

اور جو کوئی کفر کرے ساتھ نشانیوں اللہ کے پس تحقیق اللہ جلد لینے والا ہے حساب پس اگر

حَآجُّوْكَ فَقُلْ اَسْلَمْتُ وَجْهِيَ لِلّٰهِ وَمَنِ اتَّبَعَنِ ؕ وَقُلْ

جھگڑیں تجھ سے پس کہہ مطیع کیا میں نے منہ اپنا واسطے اللہ کے اور جس نے پیروی کی میری اور کہہ

لِّلَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ وَالْاُمِّيّٖنَ ءَاَسْلَمْتُمْ ؕ فَاِنْ اَسْلَمُوْا

واسطے ان لوگوں کے کہ دیئے گئے کتاب اور ان پڑھوں کو کیا تم نے بھی مطیع کیا پس اگر مطیع کریں

فَقَدِ اهْتَدَوْا ۚ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ ؕ وَاللّٰهُ

پس تحقیق راہ پاویں اور اگر پھر جاویں پس سوائے اس کے نہیں کہ اوپر تیرے پہنچا دینا ہے اور اللہ

بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿۲۰﴾ ع اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَيَقْتُلُوْنَ

دیکھنے والا ہے ساتھ بندوں کے ؎۱ تحقیق جو لوگ کہ کفر کرتے ہیں ساتھ نشانیوں اللہ کے اور مار ڈالتے ہیں

ع ۲ ۱۱ ۱۰

النَّبِيّٖنَ بِغَيْرِ حَقٍّ ۙ وَّيَقْتُلُوْنَ الَّذِيْنَ يَاْمُرُوْنَ بِالْقِسْطِ

پیغمبروں کو ناحق اور مار ڈالتے ہیں ان لوگوں کو جو حکم کرتے ہیں ساتھ انصاف کے

مِنَ النَّاسِ ۙ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۲۱﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ

لوگوں میں سے پس خبر دے ان کو ساتھ عذاب درد دینے والے کے یہ لوگ وہ ہیں کہ

حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۫ وَمَا لَهُمْ مِّنْ

ناپید ہوئے عمل ان کے بیچ دنیا کے اور آخرت کے اور نہیں واسطے ان کے کوئی

نّٰصِرِيْنَ ﴿۲۲﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ

مدد دینے والا کیا نہ دیکھا تو نے طرف ان لوگوں کے کہ دیئے گئے ہیں ایک حصہ کتاب سے

يُدْعَوْنَ اِلٰى كِتٰبِ اللّٰهِ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ يَتَوَلّٰى فَرِيْقٌ

بلائے جاتے ہیں طرف کتاب اللہ کے تو کہ حکم کرے درمیان ان کے پھر پھر جاتا ہے ایک فرقہ

؎۱ ان پڑھ کہتے تھے عرب کے لوگوں کو کہ ان کے پاس پہلے پیغمبروں کا علم نہ تھا۔ ۱۲ منہ رح

مِّنْهُمْ وَهُم مُّعْرِضُونَ ﴿٢٣﴾ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَالُوا لَن تَمَسَّنَا
ان میں سے اور وہ منہ پھیرنے والے ہیں یہ اس واسطے ہے کہ کہا انہوں نے ہرگز نہ لگے گی ہم کو
النَّارُ إِلَّا أَيَّامًا مَّعْدُودَاتٍ ۖ وَغَرَّهُمْ فِي دِينِهِم مَّا كَانُوا
آگ مگر دن گنے ہوئے اور فریب دیا ہے ان کو بیچ دین ان کے کے ان باتوں نے
يَفْتَرُونَ ﴿٢٤﴾ فَكَيْفَ إِذَا جَمَعْنَاهُمْ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيهِ ۚ نقف
کہ تھے باندھ لیتے ف۱ پس کیونکر ہوگا جب اکٹھا کریں گے ہم ان کو اس دن کہ نہیں شک بیچ اس کے
وَوُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ﴿٢٥﴾ قُلِ
اور پورا دیا جاوے گا ہر جی کو جو کچھ کمایا ہے اور وہ نہ ظلم کیے جاویں گے کہہ
اللَّهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَن تَشَاءُ وَتَنزِعُ الْمُلْكَ
یا اللہ مالک ملک کے دیتا ہے تو ملک جس کو چاہے اور چھین لیتا ہے ملک
مِمَّن تَشَاءُ وَتُعِزُّ مَن تَشَاءُ وَتُذِلُّ مَن تَشَاءُ ۖ بِيَدِكَ
جس سے چاہے اور عزت دیتا ہے جس کو چاہے اور ذلت دیتا ہے جس کو چاہے بیچ ہاتھ تیرے کے ہے
الْخَيْرُ ۖ إِنَّكَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿٢٦﴾ تُولِجُ اللَّيْلَ فِي النَّهَارِ
خیر تحقیق تو اوپر ہر چیز کے قادر ہے پیٹھاتا ہے رات کو بیچ دن کے
وَتُولِجُ النَّهَارَ فِي اللَّيْلِ ۖ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ
اور پیٹھاتا ہے دن کو بیچ رات کے اور نکالتا ہے زندے کو مُردے سے اور نکالتا ہے
الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ ۖ وَتَرْزُقُ مَن تَشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿٢٧﴾ لَّا
مُردے کو زندے سے اور رزق دیتا ہے جس کو چاہے بے شمار ف۲ نہ
يَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُونَ الْكَافِرِينَ أَوْلِيَاءَ مِن دُونِ الْمُؤْمِنِينَ ۖ
پکڑیں مسلمان کافروں کو دوست سوائے مسلمانوں کے
وَمَن يَفْعَلْ ذَٰلِكَ فَلَيْسَ مِنَ اللَّهِ فِي شَيْءٍ إِلَّا أَن تَتَّقُوا
اور جو کوئی کرے یہ پس نہیں اللہ سے بیچ کسی چیز کے مگر یہ کہ بچو تم
مِنْهُمْ تُقَاةً ۗ وَيُحَذِّرُكُمُ اللَّهُ نَفْسَهُ ۗ وَإِلَى اللَّهِ الْمَصِيرُ ﴿٢٨﴾
ان سے بچنے کر اور ڈراتا ہے تم کو اللہ ذات اپنی سے اور طرف اللہ کے ہے پھر جانا
قُلْ إِن تُخْفُوا مَا فِي صُدُورِكُمْ أَوْ تُبْدُوهُ يَعْلَمْهُ اللَّهُ ۗ
کہہ اگر چھپاؤ تم جو کچھ بیچ سینوں تمہارے کے ہے یا ظاہر کرو اس کو جانتا ہے اس کو اللہ

ف۱ یہ ذکر یہود کا ہے کہ قضیئے میں اپنی کتاب پر بھی عمل نہیں کرتے اور گناہ پر دلیر ہیں اس غرہ پر کہ ان کے پہلے جھوٹ بنا کر کہہ گئے ہیں کہ ہم ہیں اگر کوئی بہت گنہگار ہوگا تو سات دن سے زیادہ عذاب نہ پاوے گا۔ ۱۲۔منہ رح

ف۲ یعنی یہود جانتے تھے کہ جو اوّل ہم میں بزرگی تھی وہی ہمیشہ رہے گی اللہ کی قدرت سے غافل ہیں جس کو چاہے عزیز کرے اور سلطنت دیوے اور جس سے چاہے چھین لیوے اور ذلیل کرے اور جاہلوں میں سے کامل پیدا کرے، اور کاملوں میں سے جاہل اور جس کو دیا چاہے رزق بے حساب دیوے ۱۲۔منہ رح

وَيَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰي كُلِّ
اور جانتا ہے جو کچھ بیچ آسمانوں کے اور جو کچھ بیچ زمین کے ہے اور اللہ اوپر ہر
شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٢٩﴾ يَوْمَ تَجِدُ كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ مِنْ خَيْرٍ
چیز کے قادر ہے جس دن کہ پاویگا ہر جی جو کچھ کیا ہے بھلائی سے
مُّحْضَرًا ۚۖ وَمَا عَمِلَتْ مِنْ سُوْۗءٍ ۚ تَوَدُّ لَوْ اَنَّ بَيْنَهَا وَبَيْنَهٗٓ
حاضر کیا ہوا اور جو کچھ کیا ہے برائی سے چاہے گا کاش یہ کہ درمیان اس شخص کے اور درمیان اس
اَمَدًۢا بَعِيْدًا ۭ وَيُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ نَفْسَهٗ ۭ وَاللّٰهُ رَءُوْفٌۢ
برائی کے ہو مسافت دور اور ڈراتا ہے تم کو اللہ ذات اپنی سے اور اللہ شفقت کرنے والا ہے
بِالْعِبَادِ ﴿٣٠﴾ ع قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ
ساتھ بندوں کے کہہ اگر ہو تم چاہتے اللہ کو پس پیروی کرو میری چاہے تم کو
اللّٰهُ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٣١﴾ قُلْ
اللہ اور بخشے واسطے تمہارے گناہ تمہارے اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے ف۱ کہہ
اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ
فرمانبرداری کرو اللہ کی اور رسول کی پس اگر پھر جاویں پس تحقیق اللہ نہیں دوست رکھتا
الْكٰفِرِيْنَ ﴿٣٢﴾ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰٓي اٰدَمَ وَنُوْحًا وَّاٰلَ اِبْرٰهِيْمَ
کافروں کو ف۲ تحقیق اللہ نے برگزیدہ کیا آدم کو اور نوح کو اور کنبے ابراہیم کو
وَاٰلَ عِمْرٰنَ عَلَي الْعٰلَمِيْنَ ﴿٣٣﴾ ذُرِّيَّةًۢ بَعْضُهَا مِنْۢ بَعْضٍ ۭ
اور کنبے عمران کے کو اوپر عالموں کے ف۳ اولاد تھے بعضے ان کے بعضوں سے
وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿٣٤﴾ اِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرٰنَ رَبِّ اِنِّىْ
اور اللہ سننے والا جاننے والا ہے جس وقت کہا بی بی عمران کی نے اے پروردگار میرے تحقیق میں نے
نَذَرْتُ لَكَ مَا فِيْ بَطْنِيْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّىْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ
نذر کیا واسطے تیرے جو کچھ بیچ پیٹ میرے کے ہے آزاد کیا ہوا پس قبول کر مجھ سے تحقیق تو ہے
السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿٣٥﴾ فَلَمَّا وَضَعَتْهَا قَالَتْ رَبِّ اِنِّىْ وَضَعْتُهَآ
سننے والا جاننے والا ف۴ پس جب جنا اس کو کہا اے رب میرے تحقیق میں نے جنا اس کو
اُنْثٰى ۭ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا وَضَعَتْ ۭ وَلَيْسَ الذَّكَرُ كَالْاُنْثٰى ۚ وَاِنِّىْ
لڑکی اور اللہ خوب جانتا ہے جو کچھ جنا اور نہیں مرد مانند عورت کے اور میں نے

ف۱ یعنی کوئی کسی کی محبت کا دعوے کرے تو اس طرح محبت کرے جس طرح محبوب چاہے نہ جس طرح اپنا جی چاہے اور اسی طرح چاہے تو محبوب اس کو چاہے اور اللہ بندوں کو چاہے تو یہی کہ ان پر مہربان ہو اور گناہ پر نہ پکڑے اور خیالات عبث ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

۳ ع ۱۰ ۱۱ ف۲ یعنی بندے کی محبت یہی کہ شوق سے اللہ کے کام پر اور حکم پر دوڑے۔ فائدہ اب آگے سے مذکور ہے کہ اللہ نے مریم کو اور حضرت عیسیٰ کو محبت کے لفظ فرمائے ہیں یا پسند کے لفظ فرمائے سو محبت اللہ کی بندوں پر تو وہی ہے جو سن چکے اور پسند کے لفظ اکثر مقربوں کو فرمائے ہیں ایسے لفظوں سے شبہ نہ کھایا چاہیے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ عمران حضرت موسیٰ کے باپ کا نام بھی ہے اور حضرت مریم کے باپ کا نام بھی ہے شاید یہاں یہی منظور ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ اس امت میں دستور تھا کہ بعضے لوگوں کو ماں باپ اپنے حق سے آزاد کر اور اللہ کی نیاز کرتے پھر تمام عمر ان کو دنیا کے کام میں نہ لگاتے اور ہمیشہ مسجد میں وہ عبادت کیا کرتے عمران کی بیوی کو حمل تھا اس نے آگے سے یہی نذر کر رکھی۔ ۱۲۔ منہ رح

سَمَّيْتُهَا مَرْيَمَ وَإِنِّيٓ أُعِيذُهَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطٰنِ
نام رکھا اس کا مریم اور تحقیق میں نے پناہ دی اس کو ساتھ تیرے اور اولاد اس کی کو شیطان

الرَّجِيْمِ ﴿۳۶﴾ فَتَقَبَّلَهَا رَبُّهَا بِقَبُوْلٍ حَسَنٍ وَّأَنْۢبَتَهَا نَبَاتًا
راندے ہوئے سے ف۱ پس قبول کیا اس کو رب اس کے نے ساتھ قبول اچھے کے اور اوگایا اس کو اوگانا

حَسَنًا ۙ وَّكَفَّلَهَا زَكَرِيَّا ۚ كُلَّمَا دَخَلَ عَلَيْهَا زَكَرِيَّا
اچھا اور سونپ دی وہ زکریا کو جب جاتا اوپر اس کے زکریا

الْمِحْرَابَ ۙ وَجَدَ عِنْدَهَا رِزْقًا ۚ قَالَ يٰمَرْيَمُ أَنّٰى لَكِ
محراب میں پاتا نزدیک اس کے رزق کہا اے مریم کہاں سے آیا واسطے تیرے

هٰذَا ۖ قَالَتْ هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۖ إِنَّ اللّٰهَ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ
یہ کہتی وہ نزدیک اللہ کے سے ہے تحقیق اللہ رزق دیتا ہے جس کو چاہتا ہے

بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۳۷﴾ هُنَالِكَ دَعَا زَكَرِيَّا رَبَّهٗ ۚ قَالَ رَبِّ
بے شمار ف۲ اس جگہ پکارا زکریا نے پروردگار اپنے کو کہا اے پروردگار میرے

هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۚ إِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ ﴿۳۸﴾
دے ڈال واسطے میرے نزدیک اپنے سے اولاد پاکیزہ تحقیق تو سننے والا ہے دعا کا

فَنَادَتْهُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَهُوَ قَآئِمٌ يُّصَلِّيْ فِي الْمِحْرَابِ ۙ أَنَّ
پس پکارا اس کو فرشتوں نے اور وہ کھڑا نماز پڑھتا تھا بیچ محراب کے تحقیق

اللّٰهَ يُبَشِّرُكَ بِيَحْيٰى مُصَدِّقًۢا بِكَلِمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَسَيِّدًا
اللہ بشارت دیتا ہے تجھ کو ساتھ یحیٰی کے ماننے والا ہے ایک بات کو اللہ سے اور سردار ہے

وَّحَصُوْرًا وَّنَبِيًّا مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۳۹﴾ قَالَ رَبِّ أَنّٰى يَكُوْنُ
اور بند رہے عورتوں سے اور نبی ہے صالحوں سے ف۳ کہا اے رب میرے کیونکر ہوگا واسطے

لِيْ غُلٰمٌ وَّقَدْ بَلَغَنِيَ الْكِبَرُ وَامْرَأَتِيْ عَاقِرٌ ۖ قَالَ كَذٰلِكَ
میرے لڑکا اور تحقیق پہنچا ہے مجھ کو بڑھاپا اور بی بی میری بانجھ ہے کہا اسی طرح

اللّٰهُ يَفْعَلُ مَا يَشَآءُ ﴿۴۰﴾ قَالَ رَبِّ اجْعَلْ لِّيْٓ اٰيَةً ۖ قَالَ
اللہ کرتا ہے جو چاہتا ہے کہا اے پروردگار مقرر کر واسطے میرے نشانی کہا

اٰيَتُكَ أَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلٰثَةَ أَيَّامٍ إِلَّا رَمْزًا ۗ وَاذْكُرْ رَّبَّكَ
نشانی تیری یہ ہے کہ نہ بول سکے لوگوں سے تین دن مگر اشارت سے اور یاد کر رب اپنے کو

ف۱ بیچ میں اللہ نے فرمایا کہ اللہ کو بہتر معلوم ہے اور بیٹا نہ ہو جیسے وہ بیٹی باقی اس کا کلام ہے وہ نا امید ہوئی کہ میری نذر پوری نہ پڑی کیونکہ دستور لڑکی کی نیاز کرنے کا نہ تھا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ ان کی ماں نے خواب دیکھا کہ اگرچہ یہ لڑکی ہے اللہ نے یہی نیاز میں قبول کی، اس کو مسجد میں لے جاؤ، لے گئی مسجد کے بزرگوں نے پہلے کہا کہ لڑکی کا رکھنا دستور نہیں جب اس کا خواب سنا تب قبول کیا اور حضرت زکریا کی عورت انکی خالہ تھی وہی رکھنے لگے ان کے واسطے مسجد میں الگ حجرہ بنایا دن کو یہ وہاں عبادت کرتیں رات کو حضرت زکریا اپنے ساتھ گھر لے جاتے ان سے یہ کرامت دیکھی کہ بے موسم میوہ خدا کے ہاں سے آتا تب حضرت زکریا جو ساری عمر اولاد سے نا امید تھے اب امیدوار ہوئے کہ میوہ بے موسم شاید مجھ کو بھی ملے، اسی جگہ اولاد کی دعا کی۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ گواہی دے گا اللہ کے حکم کی یعنی مسیح کی جب حضرت عیسٰے پیدا ہوئے۔ حضرت یحیٰے لوگوں کو آگے سے خبر دیتے تھے۔ حضرت عیسٰے کو اللہ نے خطاب دیا ہے اپنا حکم یعنی محض حکم سے پیدا ہوئے بغیر باپ کے۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ٤ / ١١ / ١٢

كَثِيرًا وَّسَبِّحْ بِالْعَشِيِّ وَالْإِبْكَارِ ﴿٤١﴾ وَإِذْ قَالَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ
بہت اور تسبیح کر شام اور صبح کو ف۱ اور جس وقت کہا فرشتوں نے

يٰمَرْيَمُ إِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰكِ وَطَهَّرَكِ وَاصْطَفٰكِ عَلٰى
اے مریم تحقیق اللہ نے برگزیدہ کیا تجھ کو اور پاک کیا تجھ کو اور برگزیدہ کیا تجھ کو اوپر

نِسَآءِ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٤٢﴾ يٰمَرْيَمُ اقْنُتِىْ لِرَبِّكِ وَاسْجُدِىْ
عورتوں عالموں کے اے مریم فرمانبرداری کر واسطے پروردگار اپنے کے اور سجدہ کیا کر

وَارْكَعِىْ مَعَ الرّٰكِعِيْنَ ﴿٤٣﴾ ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهِ
اور رکوع کیا کر ساتھ رکوع کرنے والوں کے یہ خبروں غیب کی سے ہے وحی کرتے ہیں ہم اسکو

اِلَيْكَ ۭ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ اِذْ يُلْقُوْنَ اَقْلَامَهُمْ اَيُّهُمْ
طرف تیرے اور نہ تھا تو پاس ان کے جس وقت ڈالتے تھے قلموں اپنے کو کون ان میں سے

يَكْفُلُ مَرْيَمَ ۠ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ اِذْ يَخْتَصِمُوْنَ ﴿٤٤﴾ اِذْ
پالے مریم کو اور نہ تھا تو پاس ان کے جب جھگڑتے تھے ف۲ جس وقت

قَالَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ يٰمَرْيَمُ اِنَّ اللّٰهَ يُبَشِّرُكِ بِكَلِمَةٍ مِّنْهُ ۖ
کہا فرشتوں نے اے مریم تحقیق اللہ بشارت دیتا ہے تجھ کو ساتھ ایک بات کے اپنی طرف سے

اسْمُهُ الْمَسِيْحُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ وَجِيْهًا فِى الدُّنْيَا
نام اس کا ہے مسیح عیسے بیٹا مریم کا آبرو والا بیچ دنیا کے

وَالْاٰخِرَةِ وَمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿٤٥﴾ وَيُكَلِّمُ النَّاسَ فِى الْمَهْدِ
اور آخرت کے اور نزدیک کیے گیوں سے ف۳ اور باتیں کرے گا لوگوں سے بیچ جھولے کے

وَكَهْلًا وَّمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿٤٦﴾ قَالَتْ رَبِّ اَنّٰى يَكُوْنُ لِىْ وَلَدٌ
اور ادھیڑ اور صالحوں سے ہے ف۴ کہا اے رب میرے کیونکر ہو گا واسطے میرے بچہ

وَّلَمْ يَمْسَسْنِىْ بَشَرٌ ۭ قَالَ كَذٰلِكِ اللّٰهُ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ۭ
اور نہیں ہاتھ لگایا مجھ کو کسی آدمی نے کہا اسی طرح اللہ پیدا کرتا ہے جو چاہتا ہے

اِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿٤٧﴾ وَيُعَلِّمُهُ
جب مقرر کرتا ہے کچھ کام کو پس سوائے اس کے نہیں کہ کہتا ہے اس کو ہو پس ہو جاتا ہے اور سکھاوے گا اسکو

الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَالتَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ ﴿٤٨﴾ وَرَسُوْلًا
لکھنا اور حکمت اور توریت اور انجیل اور کریگا اس کو پیغمبر

ف۱ پھر جب حضرت یحییٰ ان کے پیٹ میں پڑے تو حضرت زکریا کو تین روز یہی حالت رہی کہ آدمی سے کلام نہ کر سکتے اس وقت ان کی عمر ایک سو برس کی تھی اور ان کی عورت کی عمر دو کم سو سال اور انہی دنوں حضرت مریم کے پیٹ میں حضرت عیسےٰ پیدا ہوئے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ مسجد کے بزرگوں نے جب حضرت مریم کی ماں کا خواب سنا تو سب لگے چاہنے کہ ہم پالیں مریم کو۔ فیصلہ اس بات پر ہوا کہ ہر ایک نے اپنا قلم جس سے وہ توریت لکھتے تھے، پانی بہتے میں ڈالا سب قلم بہاؤ پر بہے اور حضرت زکریا کا قلم الٹا اوپر کو بہا تب ان ہی کی طرف ان کا پالنا ٹھہرا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ حضرت عیسیٰ کی بشارت پہلے نبیوں نے دی تھی کہ مسیح پیدا ہوگا جس سے بنی اسرائیل کا عروج ہوگا۔ مسیح کے معنی جس کے ہاتھ لگانے سے بیمار اچھے ہوں یا جس کا کہیں وطن نہ ہو۔ ہمیشہ سیاحی میں رہے سو حضرت عیسےٰ پیدا ہوئے تو اور یہود ان کو نہیں مانتے۔ جب یہود میں دجال پیدا ہوگا، وہ آپ کو مسیح کہے گا یہود اس کو مسیح مانیں گے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ یعنی ہدایت کی باتیں

باقی ص۲ پر۔

اِلٰى بَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۙ۵ اَنِّىْ قَدْ جِئْتُكُمْ بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ ۙ
طرف بنی اسرائیل کے یہ کہ تحقیق میں آیا ہوں تمہارے پاس ساتھ ایک نشانی کے پروردگار تمہارے سے
اَنِّىْٓ اَخْلُقُ لَكُمْ مِّنَ الطِّيْنِ كَهَيْـَٔةِ الطَّيْرِ فَاَنْفُخُ فِيْهِ
یہ کہ بناتا ہوں میں واسطے تمہارے مٹی سے مانند صورت جانور کے پس پھونکتا ہوں میں بیچ اس کے
فَيَكُوْنُ طَيْرًاۢ بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ وَاُبْرِئُ الْاَكْمَهَ وَالْاَبْرَصَ
پس ہو جاتا ہے جانور ساتھ حکم اللہ تعالیٰ کے اور چنگا کرتا ہوں پیٹ کے اندھے کو اور کوڑھی کو
وَاُحْىِ الْمَوْتٰى بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ وَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا تَاْكُلُوْنَ وَمَا
اور جلاتا ہوں مُردے کو ساتھ حکم اللہ کے اور خبر دیتا ہوں تم کو ساتھ اس چیز کے کہ کھاتے ہو تم اور جو کچھ
تَدَّخِرُوْنَ ۙ فِىْ بُيُوْتِكُمْ ۭ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ
ذخیرہ کرتے ہو تم بیچ گھروں اپنوں کے تحقیق بیچ اس کے البتہ نشانی ہے واسطے تمہارے اگر ہو تم
مُّؤْمِنِيْنَ ٤٩ ۚ وَمُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَىَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ
ایمان والے ف۱ اور سچا کرنے والا اس چیز کو کہ آگے میرے ہے توریت سے
وَلِاُحِلَّ لَكُمْ بَعْضَ الَّذِىْ حُرِّمَ عَلَيْكُمْ وَجِئْتُكُمْ بِاٰيَةٍ
اور تو کہ حلال کروں میں واسطے تمہارے بعضی وہ چیز کہ حرام کی گئی ہے اوپر تمہارے اور لایا ہوں میں پاس تمہارے نشانی
مِّنْ رَّبِّكُمْ ۣ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ٥٠ اِنَّ اللّٰهَ رَبِّىْ
رب تمہارے سے پس ڈرو اللہ تعالیٰ سے اور کہا مانو میرا تحقیق اللہ پروردگار ہے میرا
وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ۭ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ٥١ فَلَمَّآ
اور پروردگار تمہارا پس عبادت کرو اس کی یہ ہے راہ سیدھی ف۲ پس جب
اَحَسَّ عِيْسٰى مِنْهُمُ الْكُفْرَ قَالَ مَنْ اَنْصَارِىْٓ اِلَى
دیکھا عیسیٰ نے ان سے کفر کہا کون ہیں مدد دینے والے مجھ کو طرف
اللّٰهِ ۭ قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ ۚ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ ۚ وَاشْهَدْ
اللہ کے کہا حواریوں نے کہ ہم ہیں مدد دینے والے اللہ کے ایمان لائے ہم ساتھ اللہ کے اور تو گواہ رہ
بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ ٥٢ رَبَّنَآ اٰمَنَّا بِمَآ اَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ
ساتھ اس کے کہ ہم مطیع ہیں ف۳ اے پروردگار ہمارے ہم ایمان لائے ساتھ اس چیز کے کہ اتاری تو نے اور پیروی کی ہم نے رسول کی
فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ٥٣ وَمَكَرُوْا وَمَكَرَ اللّٰهُ ۭ وَاللّٰهُ خَيْرُ
پس لکھ ہم کو ساتھ شاہدوں کے اور مکر کیا انہوں نے اور مکر کیا اللہ نے اور اللہ بہتر ہے

ف۱ حضرت عیسیٰ کو توریت اور ہر کتاب بغیر پڑھے آتی تھی اور سب معجزے ہوتے تھے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ حضرت عیسیٰ کے وقت توریت میں سے کئی حکم جو مشکل تھے موقوف ہوئے باقی وہی توریت کا حکم تھا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ حضرت عیسیٰ کے بارہ یار کا خطاب تھا، حواری۔ حواری اصل میں کہتے ہیں دھوبی کو۔ ان میں پہلے جو دو شخص ان کے تابع ہوئے دھوبی تھے حضرت عیسیٰ نے ان سے کہا کہ کپڑے کیا دھویا کرتے ہو میں تم کو دل دھونے سکھا دوں۔ وہ ان کے ساتھ ہو لیے اس طرح سب کو یہی خطاب ٹھہر گیا۔ فائدہ اس آیت کے معنی یہ کہ حضرت عیسیٰ اصل رسول تھے واسطے بنی اسرائیل کے جب یہ معلوم کیا کہ یہ میرا دین قبول نہ کریں گے چاہا کہ اور کوئی میرے دین کو رواج دے، حواریوں کے ہاتھ سے غیروں کو دین پہنچا جو اب تک بنی اسرائیل ان کے دین میں کم ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ٥ ١٤ ١٣

الْمٰكِرِيْنَ ﴿٥٤﴾ اِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسٰٓى اِنِّىْ مُتَوَفِّيْكَ وَرَافِعُكَ
مکر کرنے والوں کا ف١ جس وقت کہا اللہ تعالیٰ نے اے عیسےٰ تحقیق میں لینے والا ہوں تجھ کو اور اٹھانے والا ہوں تجھ کو

اِلَىَّ وَمُطَهِّرُكَ مِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَجَاعِلُ الَّذِيْنَ
طرف اپنی اور پاک کرنے والا ہوں تجھ کو لوگوں سے کہ کافر ہوئے اور کرنے والا ہوں ان لوگوں کو کہ

اتَّبَعُوْكَ فَوْقَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ثُمَّ
پیروی کریں گے تیری اوپر ان لوگوں کے کہ کافر ہوئے قیامت کے دن تک پھر

اِلَىَّ مَرْجِعُكُمْ فَاَحْكُمُ بَيْنَكُمْ فِيْمَا كُنْتُمْ فِيْهِ
طرف میری ہے پھر آنا تمہارا پھر حکم کروں گا درمیان تمہارے بیچ اس چیز کے کہ تھے تم بیچ اس کے

تَخْتَلِفُوْنَ ﴿٥٥﴾ فَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَاُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا
اختلاف کرتے ف٢ پس جو لوگ کہ کافر ہوئے پس عذاب کروں گا ان کو عذاب

شَدِيْدًا فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿٥٦﴾
سخت بیچ دنیا کے اور آخرت کے اور نہیں واسطے اُن کے مددگار

وَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَيُوَفِّيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ
اور جو لوگ کہ ایمان لائے اور کام کیے اچھے پس پورا دے گا ان کو ثواب اُن کا

وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٥٧﴾ ذٰلِكَ نَتْلُوْهُ عَلَيْكَ مِنَ
اور اللہ نہیں دوست رکھتا ظالموں کو یہ پڑھتے ہیں ہم اُس کو اُوپر تیرے

الْاٰيٰتِ وَالذِّكْرِ الْحَكِيْمِ ﴿٥٨﴾ اِنَّ مَثَلَ عِيْسٰى عِنْدَ اللّٰهِ
آیتوں سے اور نصیحت حکمت والی سے تحقیق مثال عیسےٰ کی نزدیک اللہ کے

كَمَثَلِ اٰدَمَ خَلَقَهٗ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ قَالَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿٥٩﴾
مانند مثال آدم کے ہے پیدا کیا اس کو مٹی سے پھر کہا اس کو ہو پس ہو گیا ف٣

اَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُنْ مِّنَ الْمُمْتَرِيْنَ ﴿٦٠﴾ فَمَنْ حَآجَّكَ
حق پروردگار تیرے سے ہے پس مت ہو شک لانے والوں سے پس جو کوئی جھگڑے تجھ سے

فِيْهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ فَقُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ
بیچ اس کے پیچھے اس کے کہ آیا تیرے پاس علم سے پس کہہ آؤ بلاویں ہم

اَبْنَآءَنَا وَاَبْنَآءَكُمْ وَنِسَآءَنَا وَنِسَآءَكُمْ وَاَنْفُسَنَا
بیٹوں اپنوں کو اور بیٹوں تمہارے کو اور بی بیاں اپنی کو اور بی بیاں تمہاری کو اور جانوں اپنی کو

ف١ یہود کے عالموں نے اس وقت کے بادشاہ کو بہکایا کہ یہ شخص ملحد ہے توریت کے حکم سے خلاف بتاتا ہے اس نے لوگ بھیجے کہ ان کو پکڑ کر لادیں جب وہ پہنچے تو حضرت عیسےٰ کے یار کھسک گئے اس شتابی میں حق تعالیٰ نے حضرت عیسےٰ کو آسمان پر اٹھا لیا اور ایک صورت ان کی رہ گئی اسی کو پکڑ لائے، پھر سولی پر چڑھا دیا۔ ١٢۔ منہ رح

ف٢ حضرت عیسےٰ کے تابع اوّل نصاریٰ تھے پیچھے مسلمان ہیں سو ہمیشہ غالب رہے۔ ١٢۔ منہ رح

ف٣ نصاریٰ اس بات پر حضرت سے بہت جھگڑے کہ عیسےٰ بندہ نہیں اللہ کا بیٹا ہے آخر کہنے لگے کہ وہ اللہ کا بیٹا نہیں تو تم بتاؤ کہ کس کا بیٹا ہے اس کے جواب میں یہ آیت اتری کہ آدم کو تو ماں نہ باپ عیسےٰ کو باپ نہ ہو تو کیا عجب ہے۔ ١٢۔ منہ رح

وَاَنْفُسَكُمْ ثُمَّ نَبْتَهِلْ فَنَجْعَلْ لَّعْنَتَ اللّٰهِ عَلَى الْكٰذِبِيْنَ ﴿۶۱﴾
اور جانوں تمہاری کو پھر التجا کریں پس کریں ہم لعنت اللہ تعالیٰ کی اوپر جھوٹوں کے ف۱
اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْقَصَصُ الْحَقُّ ۚ وَمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّا اللّٰهُ ۚ وَاِنَّ
تحقیق یہ البتہ وہ ہے بیان سچا اور نہیں کوئی معبود مگر اللہ اور تحقیق
اللّٰهَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۶۲﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ
اللہ البتہ وہی ہے غالب حکمت والا پس اگر پھر جاویں پس تحقیق اللہ جاننے والا ہے
بِالْمُفْسِدِيْنَ ﴿۶۳﴾ ع قُلْ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ تَعَالَوْا اِلٰى كَلِمَةٍ سَوَآءٍ
ساتھ مفسدوں کے کہہ اے اہل کتاب آؤ طرف ایک بات کے کہ برابر ہے
بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ اَلَّا نَعْبُدَ اِلَّا اللّٰهَ وَلَا نُشْرِكَ بِهٖ شَيْـًٔا وَّلَا
درمیان ہمارے اور درمیان تمہارے یہ کہ نہ عبادت کریں ہم مگر اللہ کو اور نہ شریک لاویں ساتھ اس کے کچھ اور نہ
يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ فَاِنْ تَوَلَّوْا
پکڑے بعض ہمارا بعض کو پروردگار سوائے اللہ کے پس اگر پھر جاویں
فَقُوْلُوا اشْهَدُوْا بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ ﴿۶۴﴾ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ
پس کہو گواہ رہو تم ساتھ اس کے کہ ہم فرمانبردار ہیں اے اہل کتاب کے کیوں
تُحَآجُّوْنَ فِيْۤ اِبْرٰهِيْمَ وَمَاۤ اُنْزِلَتِ التَّوْرٰىةُ وَالْاِنْجِيْلُ
جھگڑتے ہو تم بیچ ابراہیم کے اور نہ اتاری گئی توریت اور انجیل
اِلَّا مِنْۢ بَعْدِهٖ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۵﴾ هٰۤاَنْتُمْ هٰۤؤُلَاۤءِ حَاجَجْتُمْ
مگر پیچھے اس کے کیا پس نہیں سمجھتے ف۲ ہاں تم وہ لوگ ہو کہ جھگڑے تم
فِيْمَا لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ فَلِمَ تُحَآجُّوْنَ فِيْمَا لَيْسَ لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ ۭ
بیچ اس چیز کے کہ تھا واسطے تمہارے ساتھ اس کے علم پس کیوں جھگڑتے ہو بیچ اس کے کہ نہیں واسطے تمہارے ساتھ اس کے علم
وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۶۶﴾ مَا كَانَ اِبْرٰهِيْمُ يَهُوْدِيًّا
اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے نہ تھا ابراہیم یہودی
وَّلَا نَصْرَانِيًّا وَّلٰكِنْ كَانَ حَنِيْفًا مُّسْلِمًا ۭ وَمَا كَانَ مِنَ
اور نہ نصرانی اور لیکن تھا حنیف فرمانبردار اور نہ تھا
الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۶۷﴾ اِنَّ اَوْلَى النَّاسِ بِاِبْرٰهِيْمَ لَلَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ
شرک کرنے والوں سے تحقیق نزدیک تر لوگوں کے ساتھ ابراہیم کے البتہ وہ لوگ ہیں کہ پیروی کرتے ہیں

ف۱ اللہ تعالیٰ نے حکم فرمایا کہ نصاریٰ اس قدر سمجھائے پر بھی اگر نہ قائل ہوں تو ان کے ساتھ قسم کرو یہ بھی ایک صورت فیصلہ کی ہے کہ دونوں طرف اپنی جان سے اور اولاد سے حاضر ہوں، اور دعا کریں کہ جو کوئی ہم میں جھوٹا ہے اس پر لعنت اور عذاب پڑے پھر حضرت آپؐ اور حضرت فاطمہؓ اور امام حسنؓ اور امام حسینؓ اور حضرت علیؓ کو لے کر گئے ان نصاریٰ میں جو دانا تھے انہوں نے مقابلہ نہ کیا اور جزیہ دینا قبول رکھا۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۶ / ۹ / ۱۴

ف۲ ایک یہود اور نصاریٰ کا جھگڑا یہ تھا کہ ہر کوئی کہتا تھا کہ ابراہیمؑ ہمارے دین پر تھا۔ ۱۲۔ منہ رح

وَهٰذَا النَّبِيُّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۭ وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۶۸﴾ وَدَّتْ
اس کی اور یہ نبی اور وہ لوگ کہ ایمان لائے اور اللہ دوست ہے ایمان والوں کا ف دوست رکھتی
طَّآئِفَةٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَوْ يُضِلُّوْنَكُمْ ۭ وَمَا يُضِلُّوْنَ
ہے ایک جماعت اہل کتاب سے کاش کہ گمراہ کردیں تم کو اور نہیں گمراہ کرتے
اِلَّآ اَنْفُسَھُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۶۹﴾ يٰٓاَھْلَ الْكِتٰبِ لِمَ
مگر جانوں اپنی کو اور نہیں سمجھتے اے اہل کتاب کے کیوں
تَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَاَنْتُمْ تَشْهَدُوْنَ ﴿۷۰﴾ يٰٓاَھْلَ الْكِتٰبِ
کفر کرتے ہو ساتھ نشانیوں اللہ کے اور تم گواہ ہو ف۲ اے اہل کتاب
لِمَ تَلْبِسُوْنَ الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوْنَ الْحَقَّ وَاَنْتُمْ
کیوں ملاتے ہو سچ کو ساتھ جھوٹ کے اور چھپاتے ہو حق کو اور تم
ع ۸ ۱۵ تَعْلَمُوْنَ ﴿۷۱﴾ ع وَقَالَتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْ اَھْلِ الْكِتٰبِ اٰمِنُوْا
جانتے ہو ف۳ اور کہا ایک جماعت نے اہل کتاب سے ایمان لاؤ
بِالَّذِيْٓ اُنْزِلَ عَلَي الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَجْهَ النَّهَارِ وَاكْفُرُوْٓا
ساتھ اس چیز کے کہ اتاری گئی ہے اوپر ان لوگوں کے کہ ایمان والے ہیں اوّل دن کے اور کافر ہو جاؤ
اٰخِرَهٗ لَعَلَّھُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۷۲﴾ وَلَا تُؤْمِنُوْٓا اِلَّا لِمَنْ تَبِعَ
آخر دن کے شاید کہ وہی پھر جاویں اور مت مانو مگر واسطے اس شخص کے کہ پیروی کرے
دِيْنَكُمْ ۭ قُلْ اِنَّ الْهُدٰى هُدَى اللّٰهِ ۙ اَنْ يُّؤْتٰٓى اَحَدٌ
دین تمہارے کی کہہ تحقیق ہدایت ہدایت اللہ کی ہے یہ کہ دیا جاوے کوئی شخص
مِّثْلَ مَآ اُوْتِيْتُمْ اَوْ يُحَاۗجُّوْكُمْ عِنْدَ رَبِّكُمْ ۭ قُلْ اِنَّ
جیسا دیئے گئے ہو تم یا یہ کہ جھگڑا کریں تم سے نزدیک رب تمہارے کے کہہ تحقیق
الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ ۚ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿۷۳﴾ ج
فضل بیچ ہاتھ اللہ کے ہے دیتا ہے جس کو چاہے اور اللہ کشائش والا جاننے والا ہے
يَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿۷۴﴾
خاص کرتا ہے ساتھ رحمت اپنی کے جسے چاہے اور اللہ صاحب فضل بڑے کا ہے ف۴
وَمِنْ اَھْلِ الْكِتٰبِ مَنْ اِنْ تَاْمَنْهُ بِقِنْطَارٍ يُّؤَدِّهٖٓ اِلَيْكَ ج
اور بعض اہل کتاب میں سے وہ ہے کہ اگر امانت دے اس کو خزانہ ادا کردے اس کو طرف تیری

ف اللہ صاحب نے فرمایا کہ ابراہیم کو یہودی یا نصرانی اگر اس معنی سے کہتے ہو کہ توریت اور انجیل پر عمل کرتا تھا یہ تو صریح بے عقلی ہے توریت اور انجیل اس سے بعد نازل ہوئیں ہیں اور اگر یہ غرض ہے کہ اس وقت بھی اہل ہدایت کا نام تھا یہود اور نصاریٰ تو بھی غلط ہے بلکہ ابراہیم نے اپنے تئیں حنیف کہا ہے یا مسلم حنیف کے معنی جو کوئی ایک راہِ حق پکڑے اور سب راہِ باطل چھوڑے اور مسلم کے معنی حکمبردار۔ اور اگر یہ غرض ہے کہ دینوں میں یہود کے دین کو یا نصاریٰ کے دین کو زیادہ مناسبت ہے ابراہیم کے دین سے سو اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ زیادہ مناسبت ابراہیم سے اس وقت کی امت کو تھی یا پچھلی امتوں میں اس نبی کی امت کو ہے تو یہ امت نام میں بھی اور راہ میں بھی ابراہیم سے مناسبت زیادہ رکھتی ہے پھر فرمایا کہ اپنی راہ کے حق ہونے پر کسی کی موافقت سے دلیل جب پکڑے کہ اپنے اوپر وحی نہ آئی ہو سو اللہ والی ہے مسلمانوں کا یہ کہ اس کے حکم پر چلتے ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی توریت کے قائل ہو پھر اسی کے خلاف کہتے ہو۔ ۱۲ منہ رح

(باقی صـــ پر)

وَمِنۡهُمۡ مَّنۡ اِنۡ تَاۡمَنۡهُ بِدِيۡنَارٍ لَّا يُؤَدِّهٖۤ اِلَيۡكَ اِلَّا مَا
اور بعضا ان میں سے وہ شخص ہے کہ اگر امانت دے اس کو ایک دینار نہ ادا کرے اس کو طرف تیری مگر جب تک کہ

دُمۡتَ عَلَيۡهِ قَآئِمًا ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمۡ قَالُوۡا لَيۡسَ عَلَيۡنَا فِى
رہے تو اوپر اس کے کھڑا یہ اس واسطے کہ کہا انہوں نے نہیں اوپر ہمارے بیچ

الۡاُمِّيّٖنَ سَبِيۡلٌ ۚ وَيَقُوۡلُوۡنَ عَلَى اللّٰهِ الۡكَذِبَ وَهُمۡ
ان پڑھوں کے کچھ راہ اور کہتے ہیں اوپر اللہ کے جھوٹ اور وہ

يَعۡلَمُوۡنَ ﴿۷۵﴾ بَلٰى مَنۡ اَوۡفٰى بِعَهۡدِهٖ وَاتَّقٰى فَاِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ
جانتے ہیں نہ بلکہ جو کوئی پورا کرے عہد اپنے کو اور پرہیزگاری کرے پس تحقیق اللہ دوست

الۡمُتَّقِيۡنَ ﴿۷۶﴾ اِنَّ الَّذِيۡنَ يَشۡتَرُوۡنَ بِعَهۡدِ اللّٰهِ وَاَيۡمَانِهِمۡ
رکھتا ہے پرہیزگاروں کو ۱ تحقیق جو لوگ کہ مول لیتے ہیں بدلے عہد اللہ کے اور قسموں اپنی کے

ثَمَنًا قَلِيۡلًا اُولٰٓئِكَ لَا خَلَاقَ لَهُمۡ فِى الۡاٰخِرَةِ وَلَا يُكَلِّمُهُمُ
مول تھوڑا یہ لوگ نہیں حصہ واسطے ان کے بیچ آخرت کے اور نہ بولے گا ان سے

اللّٰهُ وَلَا يَنۡظُرُ اِلَيۡهِمۡ يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ وَلَا يُزَكِّيۡهِمۡ وَلَهُمۡ
اللہ اور نہ دیکھے گا طرف ان کی دن قیامت کے اور نہ پاک کرے گا ان کو اور واسطے ان کے

عَذَابٌ اَلِيۡمٌ ﴿۷۷﴾ وَاِنَّ مِنۡهُمۡ لَفَرِيۡقًا يَّلۡوٗنَ اَلۡسِنَتَهُمۡ
عذاب ہے درد دینے والا ۲ اور تحقیق بعضے ان میں سے البتہ ایک فرقہ ہے کہ موڑتے ہیں زبانوں اپنی کو

بِالۡكِتٰبِ لِتَحۡسَبُوۡهُ مِنَ الۡكِتٰبِ وَمَا هُوَ مِنَ الۡكِتٰبِ ۚ
ساتھ کتاب کے تو کہ جانو تم اس کو کتاب سے اور نہیں وہ کتاب سے

وَيَقُوۡلُوۡنَ هُوَ مِنۡ عِنۡدِ اللّٰهِ وَمَا هُوَ مِنۡ عِنۡدِ اللّٰهِ ۚ
اور کہتے ہیں وہ نزدیک اللہ کے سے ہے اور نہیں وہ نزدیک اللہ کے سے

وَيَقُوۡلُوۡنَ عَلَى اللّٰهِ الۡكَذِبَ وَهُمۡ يَعۡلَمُوۡنَ ﴿۷۸﴾ مَا كَانَ
اور کہتے ہیں اوپر اللہ تعالےٰ کے جھوٹ اور وہ جانتے ہیں ۳ نہیں لائق واسطے

لِبَشَرٍ اَنۡ يُّؤۡتِيَهُ اللّٰهُ الۡكِتٰبَ وَالۡحُكۡمَ وَالنُّبُوَّةَ ثُمَّ يَقُوۡلَ
کسی آدمی کے یہ کہ دیوے اس کو اللہ کتاب اور حکمت اور پیغمبری پھر کہے واسطے

لِلنَّاسِ كُوۡنُوۡا عِبَادًا لِّىۡ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ وَلٰـكِنۡ كُوۡنُوۡا
لوگوں کے ہو جاؤ تم بندے واسطے میرے سوائے خدا کے اور لیکن ہو جاؤ تم

ف یہ اللہ صاحب مسلمانوں کو سناتا ہے کہ جن کی یہ نیت ہے کہ پرایا حق کھانے کو یہ مسئلہ بنایا کہ ہم کو غیر دین والوں کی امانت میں خیانت کرنی روا ہے ان کی بات دین کے مقدمہ میں کیا سند ہو سکے ہمارے ہاں بھی کافر حربی کا مال زور سے لینا روا ہے لیکن امانت میں خیانت روا نہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۱ یہ یہود میں صفت تھی کہ ان سے اللہ نے قرار لیا تھا اور قسمیں دی تھیں کہ ہر نبی کے مددگار رہیو پھر غرض دنیا کے واسطے پھر گئے اور جو کوئی جھوٹی قسم کھاوے دنیا ملنے کے واسطے اس کا یہی حال ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی بن پڑھوں کو دغا دیتے ہیں اپنی عبارت بنا کر قرآن کی طرح پڑھنے لگے کہ اللہ نے یوں فرمایا ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

(بقیہ صـ۶۹ سے آگے) ف۲ توریت کے بعضے حکم تو موقوف ہی کر ڈالے تھے غرض کے واسطے اور بعضی آیتوں کے معنی پھیر ڈالے تھے اور بعضی چیز چھپا رکھی تھی ہر کسی کو خبر نہ کرتے تھے جیسے بیان پیغمبر آخری کا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ بعضے یہود نے آپس میں مشورت کی کہ تم صبح کو جا کر ظاہر میں مسلمان ہو جاؤ اور شام کو پھر جاؤ تو شاید مسلمان بھی پھر جاویں جانیں کہ یہ لوگ منصف تھے کہ (باقی صـ۷۱ پر)

رَبّٰنِيّٖنَ بِمَا كُنْتُمْ تُعَلِّمُوْنَ الْكِتٰبَ وَ بِمَا كُنْتُمْ
اللہ کے لوگ اس واسطے کہ ہو تم سکھاتے کتاب اور اس واسطے کہ ہو تم

تَدْرُسُوْنَ ﴿۷۹﴾ وَلَا يَاْمُرَكُمْ اَنْ تَتَّخِذُوا الْمَلٰٓئِكَةَ
پڑھتے اور نہیں لائق کہ حکم کرے تم کو یہ کہ پکڑو تم فرشتوں کو

وَالنَّبِيّٖنَ اَرْبَابًا ؕ اَيَاْمُرُكُمْ بِالْكُفْرِ بَعْدَ اِذْ اَنْتُمْ
اور پیغمبروں کو پروردگار کیا حکم کرے گا تم کو ساتھ کفر کے پیچھے اس کے کہ ہو تم

مُّسْلِمُوْنَ ﴿۸۰﴾ ع وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ لَمَآ اٰتَيْتُكُمْ
مسلمان ف۱ اور جس وقت لیا اللہ نے عہد پیغمبروں کا البتہ جو کچھ دوں میں تم کو

مِّنْ كِتٰبٍ وَّحِكْمَةٍ ثُمَّ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا
کتاب سے اور حکمت سے پھر آوے تمہارے پاس پیغمبر سچا کرنے والا اس چیز کو

مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ ؕ قَالَ ءَاَقْرَرْتُمْ
کہ ساتھ تمہارے ہے البتہ ایمان لائیو ساتھ اس کے اور البتہ مدد دینا اس کو کہا کیا اقرار کیا تم نے

وَاَخَذْتُمْ عَلٰى ذٰلِكُمْ اِصْرِيْ ؕ قَالُوْٓا اَقْرَرْنَا ؕ قَالَ فَاشْهَدُوْا
اور لیا تم نے اوپر اس کے بھاری عہد میرا کہا انہوں نے اقرار کیا ہم نے کہا پس شاہد رہو

وَاَنَا مَعَكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿۸۱﴾ فَمَنْ تَوَلّٰى بَعْدَ ذٰلِكَ
اور میں ساتھ تمہارے شاہدوں سے ہوں ف۲ پس جو کوئی پھر جاوے پیچھے اس کے

فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۸۲﴾ اَفَغَيْرَ دِيْنِ اللّٰهِ يَبْغُوْنَ
پس یہ لوگ وہی ہیں بدکار کیا پس غیر دین خدا کے چاہتے ہیں

وَلَهٗٓ اَسْلَمَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا
اور واسطے اس کے مطیع ہوئے ہیں جو کوئی بیچ آسمانوں کے اور زمین کے ہے خوشی سے اور ناخوشی سے

وَّاِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ ﴿۸۳﴾ قُلْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا
اور طرف اسی کے پھیرے جاویں گے ف۳ کہہ ایمان لائے ہم ساتھ اللہ کے اور اس چیز کے کہ اتاری گئی اوپر ہمارے

وَمَآ اُنْزِلَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ
اور اس چیز کے کہ اتاری گئی اوپر ابراہیم کے اور اسماعیل کے اور اسحاق کے اور یعقوب کے

وَالْاَسْبَاطِ وَمَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى وَعِيْسٰى وَالنَّبِيُّوْنَ مِنْ
اور اولاد اس کی کے اور جو دی گئی موسیٰ کو اور عیسیٰ کو اور نبیوں کو

ف۱ یہود مسلمانوں سے کہتے کہ تمہارا نبی ہم کو کہتا ہے کہ بندگی کرو اللہ کی ہم تو آگے سے اسی کی بندگی کرتے ہیں مگر وہ چاہتا ہے کہ میری بندگی کرو سو اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ جس کو اللہ نبی کرے اور وہ لوگوں کو کفر سے نکال کر مسلمانی میں لاوے
ع ۸ ۹ ۱۲ پھر کیونکر ان کو کفر سکھاوے مگر تم کو یہ کہتا ہے کہ تم میں جو آگے دینداری تھی، کتاب کا پڑھنا اور سکھانا وہ نہیں رہی اب میری صحبت میں وہی کمال حاصل کرو۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ اللہ نے اقرار لیا نبیوں کا یعنی نبیوں کے مقدمہ میں بنی اسرائیل سے اقرار لیا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی ہر عہد کا جو حکم فرمایا اس کے سوا اور دین قبول نہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

(بقیہ صـ۶۹ کا ف۵ سے آگے)
اپنا دین چھوڑ کر ہمارے دین میں آئے تھے پھر کچھ ایسی غلطی پائی کہ پھر گئے اور آپس میں کہا کہ دل سے ہرگز یقین نہ کرو مگر اپنے دین والوں کی بات تا کسی کے دل میں سچ اسلام نہ آجاوے سو اللہ تعالیٰ نے ان کا فریب کھول دیا فرمایا تو کہہ ہدایت وہی جو اللہ دے تمہارے فریب سے کوئی گمراہ نہ ہوگا مگر تم یہ حسد کرتے ہو کہ آگے نبوت اور بزرگی بنی اسرائیل میں تھی اب اور فرقے میں کیوں ہوئی یا دین کی،
(باقی صـ۷۲ پر)

رَّبِّهِمْ ۖ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ ۖ وَنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ﴿۸۴﴾
پروردگار ان کے سے نہیں جدائی ڈالتے ہم درمیان کسی کے ان میں سے اور ہم واسطے اس کے فرمانبردار ہیں
وَمَنْ يَّبْتَغِ غَيْرَ الْاِسْلَامِ دِيْنًا فَلَنْ يُّقْبَلَ مِنْهُ ۚ وَهُوَ
اور جو کوئی چاہے سوائے اسلام کے دین پس ہرگز نہ قبول کیا جاوے گا اس سے اور وہ
فِي الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۸۵﴾ كَيْفَ يَهْدِي اللّٰهُ قَوْمًا
بیچ آخرت کے ٹوٹا پانے والوں سے ہے کیونکر ہدایت کرے اللہ اس قوم کو کہ
كَفَرُوْا بَعْدَ اِيْمَانِهِمْ وَشَهِدُوْٓا اَنَّ الرَّسُوْلَ حَقٌّ
کافر ہوئے پیچھے ایمان اپنے کے اور گواہی دی یہ کہ رسول سچ ہے
وَّجَآءَهُمُ الْبَيِّنٰتُ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۸۶﴾
اور آئیں ان کے پاس دلیلیں اور اللہ نہیں ہدایت کرتا قوم ظالموں کو
اُولٰۗىِٕكَ جَزَاۗؤُھُمْ اَنَّ عَلَيْهِمْ لَعْنَةَ اللّٰهِ وَالْمَلٰۗىِٕكَةِ
یہ لوگ سزا ان کی یہ ہے کہ اوپر ان کے لعنت ہے اللہ کی اور فرشتوں کی
وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ﴿۸۷﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ لَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ
اور لوگوں کی سب کی ہمیشہ رہیں گے بیچ اس کے نہ ہلکا کیا جاوے گا ان سے
الْعَذَابُ وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿۸۸﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ
عذاب اور نہ وہ ڈھیل دیئے جاویں گے مگر وہ لوگ کہ جنہوں نے توبہ کی پیچھے
ذٰلِكَ وَاَصْلَحُوْا ۣ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۸۹﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ
اس سے اور نیکی کی پس تحقیق اللہ بخشنے والا مہربان ہے تحقیق جو لوگ کہ
كَفَرُوْا بَعْدَ اِيْمَانِهِمْ ثُمَّ ازْدَادُوْا كُفْرًا لَّنْ تُقْبَلَ تَوْبَتُھُمْ
کافر ہوئے پیچھے ایمان اپنے کے پھر زیادہ ہوئے کفر میں ہرگز نہ قبول کی جاوے گی توبہ اُن کی
وَاُولٰۗىِٕكَ ھُمُ الضَّاۗلُّوْنَ ﴿۹۰﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَمَاتُوْا وَھُمْ
اور یہ لوگ وہی ہیں گمراہ ف تحقیق جو لوگ کہ کافر ہوئے اور مر گئے اور وہ
كُفَّارٌ فَلَنْ يُّقْبَلَ مِنْ اَحَدِھِمْ مِّلْءُ الْاَرْضِ ذَهَبًا وَّلَوِ افْتَدٰى
کافر ہے پس ہرگز نہ قبول کیا جاوے گا کسی ان میں سے بھر کر زمین سونا اور اگرچہ بدلا دے
بِهٖ ۭ اُولٰۗىِٕكَ لَھُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ وَّمَا لَھُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿۹۱﴾ ع — ع ۹ ۱۱ ۱۷
ساتھ اس کے یہ لوگ واسطے ان کے عذاب ہے درد دینے والا اور نہیں واسطے ان کے کوئی مدد دینے والا

ف یعنی یہود پہلے اقرار کرتے تھے کہ یہ نبی تحقیق ہے۔ جب ان سے مقابلہ ہوا تو منکر ہو گئے اور بڑھتے گئے انکار میں یعنی لڑائی کو مستعد ہوئے ان کی توبہ ہرگز قبول نہ ہوگی یعنی ان کو توبہ کرنی ہی نصیب نہ ہوگا۔ ۱۲۔ منہ رح

(بقیہ صفحہ ۷۵ سے آگے) سکھائے گا لوگوں کو سو وہ باتیں حضرت عیسےٰ نے ماں کی گود میں کہیں یا نبی ہو کر کہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

(بقیہ صفحہ ۶۹ کا ف سے آگے) مددگار ہی ہیں ہمارے مقابل اور کوئی کیوں ہوا سو یہ اللہ کا فضل ہے جس کو چاہا دیا۔ کسی کا حق نہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ ۬ وَمَا
هرگز نہ پہنچو گے تم بھلائی کو یہاں تک کہ خرچ کرو تم اس چیز سے کہ دوست رکھتے ہو اور جو کچھ
تُنْفِقُوْا مِنْ شَيْءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ﴿۹۲﴾ كُلُّ الطَّعَامِ كَانَ حِلًّا
خرچ کرو تم کسی چیز سے پس تحقیق اللہ ساتھ اس کے جاننے والا ہے ۹۲ تمام کھانا تھا حلال
لِّبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اِلَّا مَا حَرَّمَ اِسْرَآءِيْلُ عَلٰى نَفْسِهٖ مِنْ
واسطے بنی اسرائیل کے مگر جو حرام کیا تھا یعقوب نے اوپر جان اپنی کے
قَبْلِ اَنْ تُنَزَّلَ التَّوْرٰىةُ ؕ قُلْ فَاْتُوْا بِالتَّوْرٰىةِ فَاتْلُوْهَآ
پہلے اس سے کہ اتاری جاوے توریت کہہ پس لاؤ تم توریت کو پس پڑھو اس کو
اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۹۳﴾ فَمَنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ
اگر ہو تم سچے پس جو کوئی باندھ لیوے اوپر اللہ کے جھوٹ
مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۹۴﴾ قُلْ صَدَقَ
پیچھے اس کے پس یہ لوگ وہی ہیں ظالم ۲ کہہ سچ کہا
اللّٰهُ ۫ فَاتَّبِعُوْا مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ؕ وَمَا كَانَ مِنَ
اللہ نے پس پیروی کرو دین ابراہیم حنیف کی اور نہ تھا
الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۹۵﴾ اِنَّ اَوَّلَ بَيْتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِيْ بِبَكَّةَ
مشرکوں سے تحقیق پہلا گھر مقرر کیا گیا واسطے لوگوں کے وہ ہے جو بیچ مکہ کے ہے
مُبٰرَكًا وَّهُدًى لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۹۶﴾ فِيْهِ اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ مَّقَامُ
برکت والا اور ہدایت واسطے عالموں کے بیچ اس کے نشانیاں ہیں ظاہر مقام
اِبْرٰهِيْمَ ۚ۬ وَمَنْ دَخَلَهٗ كَانَ اٰمِنًا ؕ وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ
ابراہیم کا اور جو کوئی داخل ہو اس میں ہوتا ہے امن میں اور واسطے اللہ کے اوپر لوگوں کے
حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيْلًا ؕ وَمَنْ كَفَرَ
حج کرنا اس گھر کا (یعنی کعبہ کا) جو کوئی پاسکے طرف اس کے راہ اور جو کوئی کافر ہو
فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۹۷﴾ قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ
پس تحقیق اللہ بے پروا ہے عالموں سے ۳ کہہ اے اہل کتاب کیوں
تَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۖۗ وَاللّٰهُ شَهِيْدٌ عَلٰى مَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۸﴾
کفر کرتے ہو تم ساتھ نشانیوں اللہ کے اور اللہ گواہ ہے اوپر اس چیز کے کہ کرتے ہو تم

ربع (margin mark)

اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۸۳﴾ فَقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ لَا تُكَلَّفُ اِلَّا نَفْسَكَ

مگر تھوڑے ؎۲ پس لڑ بیچ راہ خدا کے نہیں تکلیف دی جاتی تجھ کو مگر جان تیری میں

وَحَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّكُفَّ بَاْسَ الَّذِيْنَ

اور رغبت دلا ایمان والوں کو نزدیک ہے اللہ یہ کہ بند کرے لڑائی ان لوگوں کی کہ

كَفَرُوْا ۭ وَاللّٰهُ اَشَدُّ بَاْسًا وَّاَشَدُّ تَنْكِيْلًا ﴿۸۴﴾ مَنْ يَّشْفَعْ شَفَاعَةً

کافر ہوئے اور اللہ بہت سخت ہے لڑائی میں اور بہت سخت ہے بند کرنے میں جو کوئی سفارش کرے سفارش

حَسَنَةً يَّكُنْ لَّهٗ نَصِيْبٌ مِّنْهَا ۚ وَمَنْ يَّشْفَعْ شَفَاعَةً سَيِّئَةً

اچھی ہوگا واسطے اس کے حصہ اس میں سے اور جو کوئی سفارش کرے سفارش بری

يَّكُنْ لَّهٗ كِفْلٌ مِّنْهَا ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ مُّقِيْتًا ﴿۸۵﴾

ہوگا واسطے اس کے حصہ اس میں سے اور ہے اللہ اوپر ہر چیز کے نگہبان ؎۳

ف یعنی مخلوق ہر حال میں اس حال کے موافق بولتا ہے غصے میں مہربانی والوں کی طرف دھیان نہیں رہتا اور مہربانی میں غصے والوں کی طرف دنیا کے بیان میں آخرت یاد نہ آوے اور آخرت کے بیان میں دنیا بے پروائی میں عنایت کا ذکر نہیں اور عنایت میں بے پروائی کا تو اس حال کا کلام سنے دوسرے حال سے مخالف نظر آوے اور قرآن شریف جو خالق کا کلام ہے یہاں ہر چیز کے بیان میں دوسری جانب بھی نظر ہوتی ہے غور کرنے سے معلوم ہوا کہ ہر چیز کا بیان ہر مقام میں ایک راہ پر ہے۔ یہاں منافقوں کا مذکور تھا اس میں بھی یہ بات پر الزام اسی قدر ہے جتنا چاہئے اور جماعت میں سے انہی پر الزام ہے جو لائق الزام ہیں اسی واسطے فرمایا کہ بعضے ان میں سے یوں کرتے ہیں۔ ۱۲ منہ

ف۲ یعنی کہیں سے کچھ خبر آوے تو اول پہنچایئے سردار تک اور اس کے نائبوں تک جب وہ صحیح کرلیں اور اس پر بنا رکھیں تب آپ اس پر عمل کیجئے۔ حضرت نے ایک شخص کو بھیجا۔ ایک قوم کی زکوٰۃ لینے کو وہ نکلے استقبال کو اس نے سمجھا کہ نکلے ہیں میرے مارنے کو الٹا پھر آیا اور شہر مدینے میں مشہور کیا کہ فلانی قوم مرتد ہوئی۔ ہنوز حضرت تک خبر نہ پہنچی کہ شہر میں شہرہ ہوا اسی قسم سے ہر خبر

(باقی ص ۱۱۳ پر)

وَإِذَا حُيِّيتُمْ بِتَحِيَّةٍ فَحَيُّوا بِأَحْسَنَ مِنْهَا أَوْ رُدُّوهَا ۗ إِنَّ
اور جب دعا دیئے جاؤ تم ساتھ دعا کے پس دعا دو تم ساتھ بہتر کے اس سے یا پھیر دو اسی کو تحقیق
اللَّهَ كَانَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ حَسِيبًا ﴿٨٦﴾ اللَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ ۚ لَيَجْمَعَنَّكُمْ
اللہ ہے اوپر ہر چیز کے حساب لینے والا ف۱ اللہ نہیں کوئی معبود مگر وہ البتہ اکٹھا کرے گا
إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ لَا رَيْبَ فِيهِ ۗ وَمَنْ أَصْدَقُ مِنَ اللَّهِ
تم کو طرف دن قیامت کے نہیں شک بیچ اس کے اور کون شخص بہت سچا ہے اللہ تعالیٰ سے
حَدِيثًا ﴿٨٧﴾ ع فَمَا لَكُمْ فِي الْمُنَافِقِينَ فِئَتَيْنِ وَاللَّهُ أَرْكَسَهُمْ
بات میں پس کیا ہے واسطے تمہارے بیچ منافقوں کے دو فرقے ہو رہے ہیں اور اللہ نے اُلٹا کیا ان کو بسبب
بِمَا كَسَبُوا ۚ أَتُرِيدُونَ أَنْ تَهْدُوا مَنْ أَضَلَّ اللَّهُ ۖ وَمَنْ
اس چیز کے کہ کمایا انہوں نے کیا ارادہ کرتے ہو تم یہ کہ راہ پر لاؤ جس کو گمراہ کیا اللہ نے اور جس کو
يُضْلِلِ اللَّهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهُ سَبِيلًا ﴿٨٨﴾ وَدُّوا لَوْ تَكْفُرُونَ كَمَا
گمراہ کرے اللہ پس ہرگز نہ پاوے گا تو واسطے اس کے راہ ف۲ دوست رکھتے ہیں کاش کہ کافر ہو جاؤ تم
كَفَرُوا فَتَكُونُونَ سَوَاءً ۖ فَلَا تَتَّخِذُوا مِنْهُمْ أَوْلِيَاءَ حَتَّىٰ
جیسا کہ کافر ہوئے وہ پس ہو جاؤ تم سب برابر پس مت پکڑو ان میں سے دوست یہاں تک کہ
يُهَاجِرُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ ۚ فَإِنْ تَوَلَّوْا فَخُذُوهُمْ وَاقْتُلُوهُمْ
وطن چھوڑ آویں بیچ راہ اللہ کے پس اگر پھر جاویں پس پکڑو ان کو اور مار ڈالو ان کو
حَيْثُ وَجَدْتُمُوهُمْ ۖ وَلَا تَتَّخِذُوا مِنْهُمْ وَلِيًّا وَلَا نَصِيرًا ﴿٨٩﴾
جہاں پاؤ ان کو اور مت پکڑو ان میں سے دوست اور نہ مدد دینے والا ف۳
إِلَّا الَّذِينَ يَصِلُونَ إِلَىٰ قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِيثَاقٌ أَوْ
مگر وہ لوگ کہ جا ملیں طرف اس قوم کے کہ درمیان تمہارے اور درمیان ان کے عہد ہے یا
جَاءُوكُمْ حَصِرَتْ صُدُورُهُمْ أَنْ يُقَاتِلُوكُمْ أَوْ يُقَاتِلُوا
آویں تمہارے پاس کہ رک گئے ہیں سینے ان کے اس سے کہ لڑیں تم سے یا لڑیں
قَوْمَهُمْ ۚ وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ لَسَلَّطَهُمْ عَلَيْكُمْ فَلَقَاتَلُوكُمْ ۚ فَإِنِ
قوم اپنی سے اور اگر چاہتا اللہ البتہ مسلط کرتا ان کو اوپر تمہارے پس البتہ لڑتے تم سے پس اگر
اعْتَزَلُوكُمْ فَلَمْ يُقَاتِلُوكُمْ وَأَلْقَوْا إِلَيْكُمُ السَّلَمَ فَمَا جَعَلَ
ایک طرف ہو جاویں تم سے پس نہ لڑیں تم سے اور ڈالیں طرف تمہارے صلح پس نہیں کی

ف۱ مثلاً کوئی کہے السلام علیکم تو واجب ہے کہ اس کا جواب اگر برابر چاہے تو وعلیکم السلام اور اگر زیادہ ثواب چاہے تو ورحمۃ اللہ بھی اور اگر اس نے یوں کہا تو آپ کہے وبرکاتہ۔ ۱۲ منہ رح

نصف

ف۲ یہاں منافق فرمایا ہے ان لوگوں کو جو ظاہر میں بھی مسلمان نہ تھے لیکن حضرت کے ساتھ محبت اور ملاپ جتاتے تھے اس غرض سے کہ ان کی فوج ہماری قوم پر جاوے تو ہماری جان و مال بچ رہے۔ جب مسلمان خبردار ہوئے کہ ان کی آمد و رفت اس غرض کو ہے دل کی محبت سے نہیں تو بعضے کہنے لگے ان سے صحبت و ملاقات ترک کیجئے تا ایک طرف ہو جاویں اور بعضوں نے کہا کہ ملے جائیے اس میں شاید ایمان لاویں۔ اللہ نے فرمایا کہ ہدایت اور گمراہی اللہ کے ہاتھ ہے اس کا فکر تم کو کیا ضرور باقی ایسوں سے جو معاملت چاہیئے سو آگے فرما دی۔ ۱۲ منہ رح

ع ۱۱ ۱۱ ۸

ف۳ یعنی جب تک تم میں نہ آرہیں تب تک ان کو برے بھلے میں شریک نہ کرو اور لڑائی میں ان کو مت بچاؤ۔ ۱۲ منہ رح

(رف۹ کا ص۱۰۸ سے آگے) حلال نہیں اور ان پر جو آدھی مار فرمائی یعنی آزاد مرد یا عورت اگر نکاح سے فائدہ لے چکے پھر زنا کرے تو سنگسار ہوئے اور بغیر نکاح کے زنا کرے تو کوڑے ماریئے سو فرمایا کہ لونڈیوں کو نکاح کئے (باقی ص۱۱۱ پر)

اللّٰهُ لَكُمْ عَلَيْهِمْ سَبِيلًا ﴿۹۰﴾ سَتَجِدُونَ اٰخَرِينَ يُرِيدُونَ اَنْ
اللہ نے واسطے تمہارے اوپر ان کے راہ ۔ ف۱ البتہ پاؤ گے تم اور لوگ ارادہ کرتے ہیں یہ کہ

يَّاْمَنُوكُمْ وَيَاْمَنُوا قَوْمَهُمْ كُلَّمَا رُدُّوْٓا اِلَى الْفِتْنَةِ اُرْكِسُوْا
امن میں رہیں تم سے اور امن میں رہیں قوم اپنی سے جب کبھی پھیرے جاتے ہیں طرف لڑائی کے الٹے کیے جاتے ہیں

فِيهَا فَاِنْ لَّمْ يَعْتَزِلُوكُمْ وَيُلْقُوْٓا اِلَيْكُمُ السَّلَمَ وَيَكُفُّوْٓا
بیچ اس کے پس اگر نہ ایک گوشہ ہو جاویں تم سے اور نہ ڈالیں طرف تمہاری صلح اور نہ بند کریں

اَيْدِيَهُمْ فَخُذُوهُمْ وَاقْتُلُوهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوهُمْ وَاُولٰٓئِكُمْ
ہاتھوں اپنوں کو پس پکڑو ان کو اور مار ڈالو ان کو جہاں پاؤ ان کو اور یہ لوگ کیا

جَعَلْنَا لَكُمْ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنًا مُّبِينًا ﴿۹۱﴾ ع وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ اَنْ
ہے ہم نے واسطے تمہارے اوپر ان کے غلبہ ظاہر ف۲ اور نہیں لائق واسطے کسی مسلمان کے یہ کہ

يَّقْتُلَ مُؤْمِنًا اِلَّا خَطَـًٔا وَمَنْ قَتَلَ مُؤْمِنًا خَطَـًٔا فَتَحْرِيرُ
مار ڈالے مسلمان کو مگر انجانی سے اور جو کوئی مار ڈالے مسلمان کو انجانی سے پس آزاد کرنا

رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ وَّدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ اِلٰٓى اَهْلِهٖٓ اِلَّآ اَنْ يَّصَّدَّقُوْا
ہے ایک گردن مسلمان کا اور خونبہا سونپی ہوئی طرف لوگوں اس کے کی مگر یہ کہ خیرات کر دیں

فَاِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍ عَدُوٍّ لَّكُمْ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَتَحْرِيرُ رَقَبَةٍ
پس اگر ہووے اس قوم سے کہ دشمن ہیں واسطے تمہارے اور وہ ہے مسلمان پس آزاد کرنا ہے ایک گردن

مُّؤْمِنَةٍ وَاِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِّيثَاقٌ فَدِيَةٌ
مسلمان کا اور اگر ہووے اس قوم سے کہ درمیان تمہارے اور درمیان ان کے عہد ہے پس خونبہا

مُّسَلَّمَةٌ اِلٰٓى اَهْلِهٖ وَتَحْرِيرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ
سونپی ہوئی طرف لوگوں اس کے کے اور آزاد کرنا ایک گردن مسلمان کا پس جو کوئی نہ پاوے

فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ تَوْبَةً مِّنَ اللّٰهِ وَكَانَ اللّٰهُ
پس روزے دو مہینے کے ہیں پے در پے توبہ خدا کی طرف سے اور ہے اللہ

عَلِيمًا حَكِيمًا ﴿۹۲﴾ وَمَنْ يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآؤُهٗ جَهَنَّمُ
جاننے والا حکمت والا ف۳ اور جو کوئی مار ڈالے مسلمان کو جان کر پس سزا اس کی دوزخ

خٰلِدًا فِيهَا وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَلَعَنَهٗ وَاَعَدَّ لَهٗ عَذَابًا
ہے ہمیشہ رہنے والا بیچ اس کے اور غصہ ہوا اللہ اوپر اس کے اور لعنت کی اس کو اور تیار کر رکھا ہے واسطے اسکے عذاب

ف۱ یعنی اس ملنے گھلنے میں تو ان کو لڑائی میں مت بچاؤ مگر دو صورت سے یا وہ ہم قسم ہیں تمہارے صلح والوں سے تو وہ بھی صلح میں داخل ہیں یا لڑائی سے عاجز ہو کر تم سے آپ صلح کریں اس پر کہ نہ اپنی قوم کی طرف سے ہو کر تم سے لڑیں نہ تمہاری طرف سے ہو کر ان سے تو اگر اس عہد پر قائم رہیں تو تم بھی اللہ کا احسان جانو کہ ہمارے لڑنے سے بند ہو گئے۔ ۱۲ منہ

ع ۱۲ / ۹

ف۲ یعنی بعضے ہیں کہ عہد بھی کر جاتے ہیں نہ تم سے لڑیں نہ اپنی قوم سے لیکن قائم نہیں رہتے جب اپنی قوم کا غلبہ دیکھتے ہیں ان کے رفیق ہو جاتے ہیں تو ان سے تم بھی قصور مت کرو تمہارے ہاتھ سند لگی کہ وہ عہد پر قائم نہ رہے۔ ۱۲ منہ

ف۳ چوک کی صورتیں کئی ہیں یہاں وہ مذکور ہے کہ مسلمان کو کافروں میں امتیاز نہ کیا اور مار ڈالا ہر طرح خطا کے قتل میں دو چیزیں لازم ہیں ایک تو آزاد کرنا بردہ مسلمان اور مقدور نہ ہو تو روزے دو مہینے متصل یہ اپنی تقصیر کا تدارک ہے اللہ کی جناب میں دوسرے خوں بہا ادا کرنی اس کے وارثوں کو ان کا یہ حق ہے وہ اگر خیرات کر کر چھوڑ دیں تو مختار ہیں۔ سو اگر اس کے وارث مسلمان ہیں یا کافر ہیں لیکن صلح رکھتے ہیں تو ادا (باقی بر صفحہ)

عَظِيْمًا ۝۹۳ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا ضَرَبْتُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَتَبَيَّنُوْا

بڑا ف۱ اے لوگو جو ایمان لائے ہو جس وقت چلو تم بیچ راہ اللہ کے پس تحقیق کر لو

وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ اَلْقٰٓى اِلَيْكُمُ السَّلٰمَ لَسْتَ مُؤْمِنًا ۚ

اور مت کہو واسطے اس کے کہ ڈالے طرف تمہاری سلام علیک نہیں تو مسلمان

تَبْتَغُوْنَ عَرَضَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۡ فَعِنْدَ اللّٰهِ مَغَانِمُ كَثِيْرَةٌ ۭ

چاہتے ہو تم اسباب زندگانی دنیا کا پس نزدیک اللہ کے ہیں غنیمتیں بہت

كَذٰلِكَ كُنْتُمْ مِّنْ قَبْلُ فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ فَتَبَيَّنُوْا ۭ اِنَّ اللّٰهَ

اسی طرح تھے تم پہلے اس سے پس احسان کیا اللہ نے اوپر تمہارے پس تحقیق کر لو تحقیق اللہ ہے

كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ۝۹۴ لَا يَسْتَوِي الْقٰعِدُوْنَ مِنَ

ساتھ اس کے کہ کرتے ہو تم خبردار ف۲ نہیں برابر ہوتے بیٹھ رہنے والے

الْمُؤْمِنِيْنَ غَيْرُ اُولِي الضَّرَرِ وَالْمُجٰهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ

مسلمانوں سے سوائے ضرر والے یعنی اندھے لنگڑے بیمار اور جہاد کرنے والے بیچ راہ

اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ۭ فَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجٰهِدِيْنَ بِاَمْوَالِهِمْ

خدا کے ساتھ مالوں اپنے کے اور جانوں اپنی کے بزرگی دی اللہ تعالے نے جہاد کرنے والوں کو ساتھ مالوں اپنے کے

وَاَنْفُسِهِمْ عَلَي الْقٰعِدِيْنَ دَرَجَةً ۭ وَكُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰي ۭ

اور جانوں اپنی کے اوپر بیٹھ رہنے والوں کے درجے ہیں اور ہر ایک کو وعدہ دیا اللہ نے اچھا

وَفَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجٰهِدِيْنَ عَلَي الْقٰعِدِيْنَ اَجْرًا عَظِيْمًا ۝۹۵

اور بزرگی دی اللہ نے جہاد کرنے والوں کو اوپر بیٹھ رہنے والوں کے ثواب بڑا

۱۴ ع ۵ ۱۰ دَرَجٰتٍ مِّنْهُ وَمَغْفِرَةً وَّرَحْمَةً ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝۹۶

درجے اپنی طرف سے اور بخشش اور مہربانی اور ہے اللہ بخشنے والا مہربان ف۳

اِنَّ الَّذِيْنَ تَوَفّٰىھُمُ الْمَلٰۗىِٕكَةُ ظَالِمِيْٓ اَنْفُسِهِمْ قَالُوْا

تحقیق جو لوگ کہ قبض کرتے ہیں اس کو فرشتے کہ وہ ظلم کرنے والے ہیں جانوں اپنی کو کہتے ہیں

فِيْمَ كُنْتُمْ ۭ قَالُوْا كُنَّا مُسْتَضْعَفِيْنَ فِي الْاَرْضِ ۭ قَالُوْٓا

کس دین میں تھے تم کہتے ہیں تھے ہم ناتوان بیچ زمین کے کہتے ہیں

اَلَمْ تَكُنْ اَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةً فَتُهَاجِرُوْا فِيْهَا ۭ فَاُولٰۗىِٕكَ

کیا نہ تھی زمین خدا تعالے کی کشادہ پس وطن چھوڑ کر جاتے تم بیچ اس کے پس یہ لوگ

ف۱ ابن عباسؓ نے فرمایا کہ مسلمان کو مار ڈالے وہ دوزخی ہو چکا اس کی توبہ قبول نہیں باقی اور علماء نے کہا کہ سزا اس کی یہی ہے جو یہاں مذکور ہوئی آگے اللہ مالک ہے لیکن اگر قصاص میں مارا گیا تو سب کے قول میں پاک ہوا۔ ۱۲۔منہ رح

ف۲ حضرت کے وقت میں مسلمانوں کی فوج پہنچی ایک بستی پر وہاں ایک مسلمان تھا اپنے مواشی کنارے کر کر کھڑا ہوا تھا اور مسلمانوں سے سلام علیک کی۔ لوگوں نے سمجھا کہ غرض کو مسلمانی جتاتا ہے اس کو مارا اور مواشی چھین لئے اس پر یہ آیت اتری یہ جو فرمایا کہ تم ایسے ہی تھے پہلے یعنی غرض دنیا پر خونِ ناحق کرنے والے لیکن مسلمان ہو کر یہ کام نہ چاہیئے یا تم ایسے ہی تھے پہلے یعنی کافروں کے شہر میں رہتے تھے مستقل حکومت نہ رکھتے تھے۔ ۱۲۔منہ رح

ف۳ بدن کے نقصان والے یعنی اپاہج جہاد کے حکم سے معاف ہیں۔ باقی لوگوں میں لڑنے والوں کو بڑے درجے ہیں کہ بیٹھنے والوں کو نہیں اگرچہ بیٹھنے والے بھی جنتی ہیں اس سے معلوم ہوا کہ جہاد فرض کفایہ ہے فرض عین نہیں یعنی بعضے جہاد کرتے ہیں تو نہ کرنے والے معاف ہیں اور جو سب موقوف کریں تو سب گنہگار ہیں۔ ۱۲۔منہ رح

مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۭ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ﴿٩٧﴾ اِلَّا الْمُسْتَضْعَفِيْنَ
جگہ رہنے ان کے کی دوزخ ہے اور بری ہے جگہ پھر جانے کی مگر ناتوان

مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ وَالْوِلْدَانِ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ حِيْلَةً
مردوں سے اور عورتوں سے اور لڑکوں سے کہ نہیں کر سکتے بہانہ

وَّلَا يَهْتَدُوْنَ سَبِيْلًا ﴿٩٨﴾ فَاُولٰٓئِكَ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّعْفُوَ عَنْهُمْ ۭ
اور نہیں پاتے راہ پس یہ لوگ شتاب ہے اللہ یہ کہ معاف کرے ان سے

وَكَانَ اللّٰهُ عَفُوًّا غَفُوْرًا ﴿٩٩﴾ وَمَنْ يُّهَاجِرْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
اور ہے اللہ معاف کرنے والا بخشنے والا ف۱ اور جو کوئی وطن چھوڑ کر جاوے بیچ راہ اللہ کے

يَجِدْ فِي الْاَرْضِ مُرٰغَمًا كَثِيْرًا وَّسَعَةً ۭ وَمَنْ يَّخْرُجْ مِنْۢ بَيْتِهٖ
پاوے گا بیچ زمین کے جگہ بہت اور کشادگی اور کوئی نکلے گھر اپنے سے

مُهَاجِرًا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ يُدْرِكْهُ الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ
وطن چھوڑ کر طرف اللہ کی اور رسول اس کے کی پھر پا لیوے اس کو موت پس تحقیق پڑا ثواب

اَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿١٠٠﴾ ع وَاِذَا ضَرَبْتُمْ
اس کا اوپر ذمے اللہ کے اور ہے اللہ بخشنے والا مہربان ف۲ اور جس وقت چلو تم

فِي الْاَرْضِ فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَقْصُرُوْا مِنَ الصَّلٰوةِ ڰ
بیچ زمین کے پس نہیں اوپر تمہارے گناہ یہ کہ کوتاہ کرو تم نماز سے

اِنْ خِفْتُمْ اَنْ يَّفْتِنَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۭ اِنَّ الْكٰفِرِيْنَ كَانُوْا
اگر ڈرو تم یہ کہ فتنہ میں ڈالیں تم کو وہ لوگ کہ کافر ہوئے تحقیق کافر ہیں واسطے

لَكُمْ عَدُوًّا مُّبِيْنًا ﴿١٠١﴾ وَاِذَا كُنْتَ فِيْهِمْ فَاَقَمْتَ لَهُمُ الصَّلٰوةَ
تمہارے دشمن ظاہر ف۳ اور جس وقت ہووے تو بیچ ان کے پس قائم کرے واسطے ان کے نماز

فَلْتَقُمْ طَآئِفَةٌ مِّنْهُمْ مَّعَكَ وَلْيَاْخُذُوْٓا اَسْلِحَتَهُمْ ۣ فَاِذَا
پس چاہیے کہ کھڑی ہووے ایک جماعت اُن میں سے ساتھ تیرے اور چاہیے کہ لیویں ہتھیار اپنے پس جس وقت

سَجَدُوْا فَلْيَكُوْنُوْا مِنْ وَّرَآئِكُمْ ۠ وَلْتَاْتِ طَآئِفَةٌ اُخْرٰى
سجدہ کر لیں پس چاہیے کہ ہو جاویں پیچھے تمہارے اور چاہیے کہ آوے ایک جماعت اور

لَمْ يُصَلُّوْا فَلْيُصَلُّوْا مَعَكَ وَلْيَاْخُذُوْا حِذْرَهُمْ وَاَسْلِحَتَهُمْ
کہ نہیں نماز پڑھی انہوں نے پس نماز پڑھیں ساتھ تیرے اور چاہیے کہ لیویں بچاؤ اپنا اور ہتھیار اپنے

ع ۱۴ / ۱۱

ف۱ یہ حال فرمایا ان کا جو کافروں کے ملک میں دل سے مسلمان ہیں اور ظاہر نہیں ہو سکتے ان کے ظلم سے تو اگر اپنی کمائی آپ کرتے ہیں اور سفر کی تدبیر سے واقف ہیں تو ان کا عذر قبول نہیں اور ملک میں جا رہیں زمین اللہ کی کشادہ ہے اور اگر ناچار ہیں پرائے بس میں تو امید ہے کہ معاف ہوں۔ فائدہ اس سے معلوم ہوا کہ جس ملک میں مسلمان کھلا نہ رہ سکے وہاں سے ہجرت فرض ہے ۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ یعنی روزی کا ڈر نہ چاہیے کہ بہت جگہ روزی مل رہتی ہے کشائش سے اور یہ خطرہ نہ چاہیے کہ شاید راہ ہی میں مارے جاویں کہ اس میں ثواب پورا ہے اور موت اپنے وقت سے پہلے نہیں۔ ۱۲ منہ رح

ف۳ سفر جو تین منزل کا ہو اس میں چار رکعت فرض میں سے دو ہی پڑھنی چاہئیں اور کافروں کے ستانے کا ڈر اس وقت تھا جب یہ حکم آیا اس تقریب سے معافی ملی ہر وقت کو اور پوری نہ پڑھیے کہ اللہ صاحب کی بخشش سے بے پروائی ہوتی ہے اور سنت کا تقید سفر میں نہیں رہتا۔ ۱۲ منہ رح

(ص ۹۰ کا حصہ سے آگے) پر بھی زنا کی حد پچاس کوڑے ہیں زیادہ نہیں یہی حکم ہے غلام کا۔ ۱۲ منہ رح

وَدَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ تَغْفُلُوْنَ عَنْ اَسْلِحَتِكُمْ وَاَمْتِعَتِكُمْ
دوست رکھتے ہیں وہ جو کافر ہیں کاش کہ غافل ہو تم ہتھیاروں اپنے سے اور اسباب اپنے سے

فَيَمِيْلُوْنَ عَلَيْكُمْ مَّيْلَةً وَّاحِدَةً ؕ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اِنْ
پس جھک آویں اوپر تمہارے جھک آنا یکبارگی اور نہیں گناہ اوپر تمہارے اگر

كَانَ بِكُمْ اَذًى مِّنْ مَّطَرٍ اَوْ كُنْتُمْ مَّرْضٰٓى اَنْ تَضَعُوْٓا
ہو تم کو ایذا مینہ سے یا ہو تم بیمار یہ کہ رکھ دو

اَسْلِحَتَكُمْ ۚ وَخُذُوْا حِذْرَكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ لِلْكٰفِرِيْنَ
ہتھیار اپنے اور لو بچاؤ اپنا تحقیق اللہ نے تیار کیا ہے واسطے کافروں کے

عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴿١٠٢﴾ فَاِذَا قَضَيْتُمُ الصَّلٰوةَ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ قِيٰمًا
عذاب رسوا کرنے والا ف۱ پس جب تمام کر چکو نماز کو پس یاد کرو اللہ کو کھڑے

وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى جُنُوْبِكُمْ ۚ فَاِذَا اطْمَاْنَنْتُمْ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ ۚ
اور بیٹھے اور اوپر کروٹوں اپنی کے پس جب آرام پاؤ تم پس سیدھا کرو نماز کو

اِنَّ الصَّلٰوةَ كَانَتْ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ كِتٰبًا مَّوْقُوْتًا ﴿١٠٣﴾ وَلَا
تحقیق نماز ہے اوپر مسلمانوں کے لکھی ہوئی وقت مقرر کی ہوئی ف۲ اور مت

تَهِنُوْا فِى ابْتِغَآءِ الْقَوْمِ ؕ اِنْ تَكُوْنُوْا تَاْلَمُوْنَ فَاِنَّهُمْ يَاْلَمُوْنَ
سستی کرو بیچ ڈھونڈنے قوم کے اگر ہو تم درد کھینچتے پس تحقیق وہ بھی درد کھینچتے ہیں

كَمَا تَاْلَمُوْنَ ۚ وَتَرْجُوْنَ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا يَرْجُوْنَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ
جیسے درد کھینچتے ہو تم اور امید رکھتے ہو تم خدا سے جو کچھ کہ نہ امید رکھتے وہ اور ہے اللہ

عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿١٠٤﴾ اِنَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ لِتَحْكُمَ
جاننے والا حکمت والا تحقیق نازل کی ہم نے طرف تیری کتاب ساتھ حق کے تو کہ حکم کرے تو

بَيْنَ النَّاسِ بِمَآ اَرٰىكَ اللّٰهُ ؕ وَلَا تَكُنْ لِّلْخَآئِنِيْنَ خَصِيْمًا ﴿١٠٥﴾
درمیان لوگوں کے ساتھ اس چیز کے کہ دکھلاتا ہے تجھ کو اللہ اور مت ہو خیانت کرنے والوں کی طرف سے جھگڑنے والا

وَّاسْتَغْفِرِ اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿١٠٦﴾ وَلَا تُجَادِلْ
اور بخشش مانگ اللہ سے تحقیق اللہ ہے بخشنے والا مہربان اور مت جھگڑ تو

عَنِ الَّذِيْنَ يَخْتَانُوْنَ اَنْفُسَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَنْ
ان لوگوں کی طرف سے کہ خیانت کرتے ہیں جانوں اپنی کو تحقیق اللہ نہیں دوست رکھتا اس شخص کو کہ

ف۱ یہ نماز خوف فرمائی کہ اگر وقت مقابلہ کا ہو تو فوج دو حصہ ہو جاوے ہر جماعت آدھی نماز میں امام کے شریک ہو اور آدھی جدی پڑھے جب تک دوسری جماعت دشمن کے مقابل رہے اور اس وقت نماز میں آمد و رفت معاف ہے اور ہتھیار اور زرہ یا سپر ساتھ رکھیں اور اگر اس قدر بھی فرصت نہ ملے تو جماعت موقوف کریں تنہا پڑھ لیں پیادہ اور سوار باشارہ اگر یہ بھی فرصت نہ ملے تو قضا کریں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی خوف کے وقت اگر نماز میں کوتاہی ہو تو بعد نماز اور طرح اللہ کو یاد کرو ایک نماز میں یہ قید ہے کہ وقت ہی پر چاہیے اور یاد اللہ کی ہر حال میں درست ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

(مثنا سے آگے) بے تحقیق اور بغیر خبر سردار کے مشہور کرنے لگتے وہ خبر آخر غلط نکلی۔ فائدہ یہ جو فرمایا کہ اگر اللہ کا فضل تم پر نہ ہوتا تو شیطان کے پیچھے چلتے مگر تھوڑے یعنی ہر وقت احکام تربیت کے نہ پہنچتے رہیں تو تم لوگ ہدایت پر قائم نہ رہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

۱۵ ع ۱۴

ف۳ مثلاً کوئی محتاج کی سفارش کر کر دولت مند سے کچھ دلوا دے یہ بھی شریک ہوا ثواب خیرات میں اور جو کافر یا مفسد کو سفارش کر کر چھڑا دے کہ پھر وہ فساد کرے یہ بھی شریک ہے اس فساد میں۔ ۱۲۔ منہ رح

كَانَ خَوَّانًا اَثِيْمًا ﴿۱۰۷﴾ يَّسْتَخْفُوْنَ مِنَ النَّاسِ وَلَا يَسْتَخْفُوْنَ
ہے خیانت کرنے والا گنہگار چھپتے ہیں لوگوں سے اور نہیں چھپ سکتے
مِنَ اللّٰهِ وَهُوَ مَعَهُمْ اِذْ يُبَيِّتُوْنَ مَا لَا يَرْضٰى مِنَ الْقَوْلِ ؕ
اللہ سے اور وہ ساتھ ان کے ہے جس وقت مصلحت کرتے ہیں وہ چیز کہ نہیں پسند کرتا بات سے
وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطًا ﴿۱۰۸﴾ هٰٓاَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ جٰدَلْتُمْ
اور ہے اللہ ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہیں گھیرنے والا ف۱ ہاں تم وہ لوگ ہو کہ جھگڑے کیے تم نے ان
عَنْهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۫ فَمَنْ يُّجَادِلُ اللّٰهَ عَنْهُمْ يَوْمَ
کی طرف سے بیچ زندگانی دنیا کے پس کون جھگڑے گا اللہ سے ان کی طرف سے دن
الْقِيٰمَةِ اَمْ مَّنْ يَّكُوْنُ عَلَيْهِمْ وَكِيْلًا ﴿۱۰۹﴾ وَمَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا اَوْ
قیامت کے یا کون شخص ہوگا اوپر ان کے کارساز اور جو کوئی کام کرے برا یا
يَظْلِمْ نَفْسَهٗ ثُمَّ يَسْتَغْفِرِ اللّٰهَ يَجِدِ اللّٰهَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۱۱۰﴾
ظلم کرے جان اپنی کو پھر بخشش مانگے اللہ سے پاوے گا اللہ کو بخشنے والا مہربان ف۲
وَمَنْ يَّكْسِبْ اِثْمًا فَاِنَّمَا يَكْسِبُهٗ عَلٰى نَفْسِهٖ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا
اور جو کوئی کماوے گناہ پس سوائے اس کے نہیں کہ کماتا ہے اس کو اوپر جان اپنی کے اور ہے اللہ جاننے والا
حَكِيْمًا ﴿۱۱۱﴾ وَمَنْ يَّكْسِبْ خَطِيْٓـَٔةً اَوْ اِثْمًا ثُمَّ يَرْمِ بِهٖ
حکمت والا ف۳ اور جو کوئی کماوے کچھ خطا یا گناہ پھر تہمت لگادے ساتھ اس کے
بَرِيْٓــًٔا فَقَدِ احْتَمَلَ بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿۱۱۲﴾ ع وَلَوْلَا فَضْلُ
بے گناہ کو پس تحقیق اٹھالیا اس نے بہتان اور گناہ ظاہر اور اگر نہ ہوتا فضل
اللّٰهِ عَلَيْكَ وَرَحْمَتُهٗ لَهَمَّتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْهُمْ اَنْ يُّضِلُّوْكَ ؕ
اللہ کا اوپر تیرے اور رحمت اس کی البتہ قصد کیا تھا ایک جماعت نے ان میں سے کہ بہکادیں تجھکو
وَمَا يُضِلُّوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَضُرُّوْنَكَ مِنْ شَيْءٍ ؕ وَاَنْزَلَ
اور نہ بہکاویں مگر جانوں اپنی کو اور نہیں ضرر پہنچاویں گے تجھ کو کچھ اور اتاری
اللّٰهُ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ ؕ
اللہ نے اوپر تیرے کتاب اور حکمت اور سکھایا تجھ کو جو کچھ کہ نہ تھا تو جانتا
وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا ﴿۱۱۳﴾ لَا خَيْرَ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنْ
اور ہے فضل اللہ کا اوپر تیرے بڑا نہیں ہے بھلائی بیچ بہت

ف۱ یہ اوپر والی آخر کی آیت میں ذکر ہے ایک قصے کا حضرت کے وقت ایک انصاری کی زرہ آٹے میں دھری گم ہوئی صبح کو تلاش کی آٹے کا خط دیکھا ایک شخص کے گھر تک اس کا نام طعمہ بن ابیرق تھا وہاں جھاڑا لیا تو یہ نہ پائی وہ خط آگے دیکھا ایک یہودی کے گھر تک زید نام وہاں پائی۔ اس یہودی نے کہا کہ مجھ کو طعمہ نے سپرد کی۔ طعمہ نے کہا میں بری ہوں چور وہی ہے۔ طعمہ کی قوم نے رات کو مشورت کی کہ ہم حضرت کے پاس سب مل کر گواہی دیں گے کہ طعمہ بری ہے تو حضرت ہماری حمایت کریں گے اور یہودی چور ٹھہرے گا صبح کو یہی کیا اللہ تعالٰے نے یہ آیتیں نازل فرمائیں حضرت کو خبردار کر دیا۔ فی الحقیقت چور یہی تھا طعمہ۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ برا فرمایا کبیرہ کو اور ظلم فرمایا صغیرہ کو یہ ان لوگوں کو حکم ہے کہ توبہ کریں تو توقبول ہو۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۱۶ ۸ ۱۳

ف۳ یعنی قوم اپنے دل میں آپ شرمندہ نہ رہیں کہ ہم کو عیب لگا اور آگے عیب لگنے کے خطرے سے اپنے کی حمایت نہ کریں جب تک تحقیق نہ ہو کیونکہ اللہ تو خبردار ہے اور اس کا حکم بھی یہی ہے کہ ایک کا گناہ دوسرے پر نہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

نَجْوٰىهُمْ اِلَّا مَنْ اَمَرَ بِصَدَقَةٍ اَوْ مَعْرُوْفٍ اَوْ اِصْلَاحٍ
مشورتوں ان کی کے مگر وہ شخص کہ حکم کرے ساتھ خیرات کے یا ساتھ اچھی بات کے یا صلح کر دینے کے

بَيْنَ النَّاسِ ؕ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ فَسَوْفَ
درمیان لوگوں کے اور جو کوئی کرے یہ واسطے ڈھونڈنے رضامندی اللہ کے پس البتہ

نُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۱۱۴﴾ وَمَنْ يُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْۢ بَعْدِ مَا
دیویں گے ہم اس کو ثواب بڑا ول اور جو کوئی برخلاف کرے رسول کے پیچھے اس کے کہ

تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدٰى وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ نُوَلِّهٖ مَا
ظاہر ہوئی واسطے اس کے ہدایت اور پیروی کرے سوا راہ مسلمانوں کے متوجہ کریں گے ہم اس کو

تَوَلّٰى وَنُصْلِهٖ جَهَنَّمَ ؕ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ﴿۱۱۵﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ
جدھر متوجہ ہوا ہے اور داخل کریں گے ہم اس کو دوزخ میں اور بری ہے جگہ پھر جانے کی ول تحقیق اللہ نہیں بخشتا

اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ ؕ وَمَنْ
یہ کہ شریک لایا جاوے ساتھ اس کے اور بخشتا ہے سوائے اس کے واسطے جس کے چاہے اور جو کوئی

يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًاۢ بَعِيْدًا ﴿۱۱۶﴾ اِنْ يَّدْعُوْنَ
شریک لاوے ساتھ اللہ کے پس تحقیق گمراہ ہوا گمراہی دور ف۳ نہیں پکارتے

مِنْ دُوْنِهٖۤ اِلَّاۤ اِنٰثًا ۚ وَاِنْ يَّدْعُوْنَ اِلَّا شَيْطٰنًا مَّرِيْدًا ﴿۱۱۷﴾
سوائے اس کے مگر عورتوں کو اور نہیں پکارتے مگر شیطان سرکش کو

لَّعَنَهُ اللّٰهُ ۘ وَقَالَ لَاَتَّخِذَنَّ مِنْ عِبَادِكَ نَصِيْبًا مَّفْرُوْضًا ﴿۱۱۸﴾
لعنت کی ہے اس کو اللہ نے اور کہا اس نے البتہ لوں گا میں بندوں تیرے سے ایک حصہ مقرر ف۴

وَّلَاُضِلَّنَّهُمْ وَلَاُمَنِّيَنَّهُمْ وَلَاٰمُرَنَّهُمْ فَلَيُبَتِّكُنَّ اٰذَانَ
اور البتہ گمراہ کروں گا میں ان کو اور آرزوئیں دلاؤں گا ان کو اور البتہ حکم کروں گا ان کو پس البتہ کاٹیں گے کان

الْاَنْعَامِ وَلَاٰمُرَنَّهُمْ فَلَيُغَيِّرُنَّ خَلْقَ اللّٰهِ ؕ وَمَنْ يَّتَّخِذِ الشَّيْطٰنَ
جانوروں کے اور البتہ حکم کروں گا ان کو پس پھیر ڈالیں گے پیدائش خدا کی کو اور جو کوئی پکڑے شیطان کو

وَلِيًّا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَقَدْ خَسِرَ خُسْرَانًا مُّبِيْنًا ﴿۱۱۹﴾ يَعِدُهُمْ
دوست سوائے اللہ کے پس تحقیق ٹوٹا پایا ٹوٹا ظاہر ف۵ وعدہ دیتا ہے ان کو

وَيُمَنِّيْهِمْ ؕ وَمَا يَعِدُهُمُ الشَّيْطٰنُ اِلَّا غُرُوْرًا ﴿۱۲۰﴾ اُولٰٓئِكَ
اور آرزوئیں دلاتا ہے ان کو اور نہیں وعدہ دیتا ان کو شیطان مگر فریب کا یہ لوگ

ف۱ منافق لوگ حضرت سے کان میں باتیں کرتے تا کہ لوگوں میں اپنا اعتبار ٹھہراویں اور مجلس میں بیٹھ کر آپس میں کان میں باتیں کرتے کسی کا عیب کسی کا گلہ اس کو اللہ صاحب نے فرمایا کہ ان کی مشورت اکثر بے خیر ہے۔ صاف بات کو حاجت نہیں چھپانے کی مگر اس میں دغا ملی ہے اور چھپائے تو خیرات کو تا لینے والا شرمندہ نہ ہو یا مسئلہ دین کی غلطی بتانے کو تا نادان خجل نہ ہو یا لڑوں میں صلح کروانے کو غصے والا جوش میں صلح نہیں مانتا اول آپس میں ٹھہرائیے پھر اس کو سنائیے۔ ۱۲۔ منہ رح

۱۷ ع ۱۴

ف۲ رسول نے فرمایا کہ اللہ کا ہاتھ ہے مسلمانوں کی جماعت پر جس نے جدی راہ پکڑی وہ جا پڑا دوزخ میں۔ پس جس بات پر امت کا اجماع ہوا وہی اللہ کی مرضی ہے اور منکر ہو سو دوزخی ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ اوپر سے ذکر تھا منافقوں کا جو پیغمبر کے حکم پر راضی نہ ہوئے اور جدی راہ پر چلے یہ آیت فرمائی کہ اللہ شرک نہیں بخشتا تو شرک فرمایا حکم میں شریک کرنے کو یعنی سوائے دین اسلام کے اور دین پسند رکھے اور اس پر چلے پس جو دین ہے سوا اسلام کے سب شرک ہے اگرچہ پوجے

(باقی صفحہ ۱۱٦ پر)

مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۫ وَلَا يَجِدُوْنَ عَنْهَا مَحِيْصًا ﴿۱۲۱﴾ وَالَّذِيْنَ
جگہ ان کی دوزخ ہے اور نہ پاویں گے اس سے بھاگنا اور جو لوگ
اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَنُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا
ایمان لائے اور کام کیے اچھے البتہ داخل کریں گے ہم ان کو بہشتوں میں چلتی ہیں نیچے ان کے سے
الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ۭ وَمَنْ اَصْدَقُ
نہریں ہمیشہ رہنے والے بیچ اس کے ہمیشہ وعدہ کیا اللہ نے سچ اور کون ہے بہت سچا
مِنَ اللّٰهِ قِيْلًا ﴿۱۲۲﴾ لَيْسَ بِاَمَانِيِّكُمْ وَلَآ اَمَانِيِّ اَهْلِ الْكِتٰبِ ۭ
اللہ سے بات میں نہیں موافق آرزو تمہاری کے اور نہ موافق آرزو اہل کتاب کے
مَنْ يَّعْمَلْ سُوْۗءًا يُّجْزَ بِهٖ ۙ وَلَا يَجِدْ لَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا
جو کوئی عمل کرے برا بدلہ دیا جائے گا ساتھ اس کے اور نہ پاوے واسطے اپنے سوائے اللہ کے دوست
وَّلَا نَصِيْرًا ﴿۱۲۳﴾ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ مِنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى
اور نہ مدد دینے والا ف۱ اور جو کوئی عمل کرے اچھا مرد کی قسم سے ہو یا عورت ہو
وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰۗىِٕكَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ وَلَا يُظْلَمُوْنَ نَقِيْرًا ﴿۱۲۴﴾
اور وہ ایمان والا ہو پس یہ لوگ داخل ہوں گے بہشت میں اور نہ ظلم کیے جاویں گے کھجور کے شگاف برابر
وَمَنْ اَحْسَنُ دِيْنًا مِّمَّنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ لِلّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ
اور کون ہے بہتر دین میں اس شخص سے کہ مطیع کرے منہ اپنا واسطے اللہ کے اور وہ نیکی کرنے والا ہو
وَّاتَّبَعَ مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ۭ وَاتَّخَذَ اللّٰهُ اِبْرٰهِيْمَ خَلِيْلًا ﴿۱۲۵﴾
اور پیروی کرے دین ابراہیم حنیف کی اور پکڑا اللہ نے ابراہیم کو دوست
وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ
اور واسطے اللہ کے ہے جو کچھ بیچ آسمانوں کے اور جو کچھ بیچ زمین کے ہے اور ہے اللہ ساتھ ہر
شَيْءٍ مُّحِيْطًا ﴿۱۲۶﴾ ع وَيَسْتَفْتُوْنَكَ فِي النِّسَاۗءِ ۭ قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ ۱۸ ع ۱۱ ۱۵
چیز کے گھیرنے والا اور فتویٰ پوچھتے ہیں تجھ سے بیچ عورتوں کے کہہ اللہ فتویٰ دیتا ہے تم کو
فِيْهِنَّ ۙ وَمَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ فِي الْكِتٰبِ فِيْ يَتٰمَى النِّسَاۗءِ الّٰتِيْ
بیچ ان کے اور جو چیز کہ پڑھی جاتی ہے اوپر تمہارے بیچ کتاب کے بیچ حق یتیم عورتوں کے جن کو
لَا تُؤْتُوْنَهُنَّ مَا كُتِبَ لَهُنَّ وَتَرْغَبُوْنَ اَنْ تَنْكِحُوْهُنَّ
نہیں دیتے تم ان کو جو کچھ لکھا گیا ہے واسطے ان کے اور رغبت کرتے ہو یہ کہ نکاح کر لو ان کو

ف۵ جانوروں کے کان چیر دینا یہ کافروں کا دستور تھا۔ گائے یا بکری کا ایک بچہ بت کے نام کر دیا۔ اس کے کان میں نشان ڈال دیتے اور صورت بدلنا یہ کہ سر میں چوٹی رکھتے بت کے نام کی مسلمانوں کو ان کاموں سے بچنا ضرور ہے اپنے بزرگوں سے یہ معاملت نہ کریے کافر بھی جن سے کرتے تھے یہ بزرگ ہی جان کر کرتے تھے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۱ کتاب والوں کو خیال تھا کہ ہم خالص بندے ہیں جن گناہوں پر خلق پکڑی جاویگی ہم نہ پکڑے جاویں گے ہمارے پیغمبر حمایت کریں گے اور نادان مسلمان بھی اپنے حق میں یہی خیال رکھتے ہیں سو فرمادیا کہ برا جو کرے گا کوئی ہو سزا پاوے گا۔ حمایت کسی کی پیش نہیں جاتی اللہ کا پکڑا وہی چھوڑے تو چھوٹے دنیا کی مصیبت میں آدمی قیاس کرے۔ ۱۲۔ منہ رح

(صفحہ ۱۱۵ سے آگے)
ہیں شرک نہ کرتے ہوں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ یعنی تیرے بندے اپنے مال میں میرا حصہ ٹھہرا رکھیں گے جیسے دستور ہے بتوں کی نیاز نکالتے ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

وَالْمُسْتَضْعَفِينَ مِنَ الْوِلْدَانِ وَأَنْ تَقُومُوا لِلْيَتَامَىٰ
اور بیچ ناتوانوں کے لڑکوں سے اور یہ کہ قائم رہو تم واسطے یتیموں کے
بِالْقِسْطِ ۚ وَمَا تَفْعَلُوا مِنْ خَيْرٍ فَإِنَّ اللَّهَ كَانَ بِهِ
ساتھ انصاف کے اور جو کچھ کرو تم بھلائی سے پس تحقیق اللہ ہے ساتھ اس کے
عَلِيمًا ﴿١٢٧﴾ وَإِنِ امْرَأَةٌ خَافَتْ مِنْ بَعْلِهَا نُشُوزًا أَوْ إِعْرَاضًا
جاننے والا ف۱ اور اگر ایک عورت ڈرے خاوند اپنے سے لڑنا یا منہ پھیرنا
فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا أَنْ يُصْلِحَا بَيْنَهُمَا صُلْحًا ۚ وَالصُّلْحُ
پس نہیں گناہ اوپر ان کے یہ کہ صلح کریں درمیان اپنے صلح اور صلح
خَيْرٌ ۗ وَأُحْضِرَتِ الْأَنْفُسُ الشُّحَّ ۚ وَإِنْ تُحْسِنُوا وَتَتَّقُوا
بہتر ہے اور حاضر کی گئی جانیں بخیلی پر اور اگر احسان کرو تم اور پرہیزگاری کرو
فَإِنَّ اللَّهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرًا ﴿١٢٨﴾ وَلَنْ تَسْتَطِيعُوا
پس تحقیق اللہ ہے ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہو تم خبردار ف۲ اور ہرگز نہ کر سکو گے تم
أَنْ تَعْدِلُوا بَيْنَ النِّسَاءِ وَلَوْ حَرَصْتُمْ ۖ فَلَا تَمِيلُوا كُلَّ
یہ کہ عدل کرو درمیان عورتوں کے اور اگرچہ حرص کرو تم پس مت جھک جاؤ تم
الْمَيْلِ فَتَذَرُوهَا كَالْمُعَلَّقَةِ ۚ وَإِنْ تُصْلِحُوا وَتَتَّقُوا فَإِنَّ
جھک جانا پس چھوڑ دو ان کو جیسے لٹکی ہوئی اور اگر صلح کرو تم اور ڈرو پس تحقیق
اللَّهَ كَانَ غَفُورًا رَحِيمًا ﴿١٢٩﴾ وَإِنْ يَتَفَرَّقَا يُغْنِ اللَّهُ كُلًّا
اللہ ہے بخشنے والا مہربان ف۳ اور اگر جدے ہو جاویں دونو بے پروا کر دے گا اللہ ہر ایک
مِنْ سَعَتِهِ ۚ وَكَانَ اللَّهُ وَاسِعًا حَكِيمًا ﴿١٣٠﴾ وَلِلَّهِ مَا فِي
کو کشائش اپنی سے اور ہے اللہ کشائش والا حکمت والا اور واسطے اللہ کے ہے جو کچھ بیچ
السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۗ وَلَقَدْ وَصَّيْنَا الَّذِينَ أُوتُوا
آسمانوں کے اور جو کچھ بیچ زمین کے ہے اور البتہ تحقیق وصیت کی ہم نے ان لوگوں کو کہ دیئے گئے
الْكِتَابَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَإِيَّاكُمْ أَنِ اتَّقُوا اللَّهَ ۚ وَإِنْ تَكْفُرُوا
ہیں کتاب پہلے تم سے اور تم کو یہ کہ پرہیزگاری کرو اللہ کی اور اگر کفر کرو
فَإِنَّ لِلَّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۚ وَكَانَ اللَّهُ غَنِيًّا
پس تحقیق واسطے اللہ کے ہے جو کچھ بیچ آسمانوں کے ہے اور جو کچھ بیچ زمین کے ہے اور ہے اللہ بے پروا

ف۱ اس سورت کے اوّل میں تقید تھا یتیم کے حق کا اور فرمایا تھا کہ لڑکی یتیم جس کا والی نہیں مگر چچا کا بیٹا اگر جانے کہ میں اس کا حق ادا نہ کروں گا تو آپ اس کو نکاح میں نہ لاوے کسی اور کو دے کہ آپ اس کا حمایتی رہے تو مسلمانوں نے ایسی عورتیں نکاح میں لانا موقوف کیا پھر دیکھا کہ بعضی جگہ لڑکی کے حق میں بہتر ہے کہ اپنا والی ہی نکاح میں لاوے جو وہ اس کی خاطر کرے گا غیر نہ کرے گا۔ حضرت سے رخصت مانگی اس پر یہ آیت اتری رخصت ملی اور فرمایا کہ وہ جو کتاب میں منع سنا تھا سو جب ہے کہ ان کا حق پورا نہ دو اور یتیم کے حق کی تاکید تھی اور جو بھلائی کیا چاہو تو رخصت ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی مرد کا دل پھرا دیکھے اور عورت اس کی خوشی کرنے کو اپنا حق کچھ چھوڑ دے تو روا ہے اور جیوں کے سامنے دھری ہے حرص یعنی مال بچنا ہر کسی کو خوش لگتا ہے البتہ مرد راضی ہو جاوے گا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی انسان کی طبع میں مال کی حرص ہے۔ اور ایک عورت پر زیادہ ڈھلنا سو چاہیئے تا مقدوَر آپ کو بچاتا رہے بعد اس کے اللہ بخشنے والا ہے اور ادھر میں لٹکتی یہ کہ نہ اس (باقی برصفحہ 119)

حَمِيدًا ﴿١٣١﴾ وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۚ وَكَفٰى
تعریف کیا گیا — اور واسطے اللہ کے ہے جو کچھ بیچ آسمانوں کے اور جو کچھ بیچ زمین کے ہے — اور کفایت ہے

بِاللّٰهِ وَكِيلًا ﴿١٣٢﴾ إِنْ يَشَأْ يُذْهِبْكُمْ أَيُّهَا النَّاسُ وَيَأْتِ
اللہ کام بنانے والا ف۱ اگر چاہے لے جاوے تم کو اے لوگو اور لے آوے

بِآخَرِينَ ۚ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى ذٰلِكَ قَدِيرًا ﴿١٣٣﴾ مَنْ كَانَ يُرِيدُ
اوروں کو اور ہے اللہ اوپر اس کے قادر جو کوئی چاہتا ہے

ثَوَابَ الدُّنْيَا فَعِنْدَ اللّٰهِ ثَوَابُ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ ۚ
ثواب دنیا کا پس نزدیک اللہ کے ہے ثواب دنیا کا اور آخرت کا

ع ۱۹ / ۸ / ۱۶
وَكَانَ اللّٰهُ سَمِيعًا بَصِيرًا ﴿١٣٤﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُونُوا
اور ہے اللہ سننے والا دیکھنے والا ف۲ اے لوگو جو ایمان لائے ہو ہو جاؤ تم

قَوَّامِينَ بِالْقِسْطِ شُهَدَاءَ لِلّٰهِ وَلَوْ عَلٰى أَنْفُسِكُمْ أَوِ الْوَالِدَيْنِ
قائم رہنے والے ساتھ انصاف کے گواہی دینے والے واسطے خدا کے اور اگرچہ اوپر جانوں اپنی کے ہو یا اوپر ماں باپ کے

وَالْأَقْرَبِينَ ۚ إِنْ يَكُنْ غَنِيًّا أَوْ فَقِيرًا فَاللّٰهُ أَوْلٰى بِهِمَا ۖ نصف
اور قرابت والوں کے اگر ہو وہ شخص دولت مند یا فقیر پس اللہ بہت مہربان ہے ساتھ ان کے

فَلَا تَتَّبِعُوا الْهَوٰى أَنْ تَعْدِلُوا ۚ وَإِنْ تَلْوُوا أَوْ تُعْرِضُوا
پس مت پیروی کرو خواہش کی بیچ اس کے کہ عدل کرو اور اگر پیچ دو یا اعراض کرو

فَإِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرًا ﴿١٣٥﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا آمِنُوا
پس تحقیق اللہ ہے ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہو تم خبردار ف۳ اے لوگو جو ایمان لائے ہو ایمان

بِاللّٰهِ وَرَسُولِهِ وَالْكِتَابِ الَّذِي نَزَّلَ عَلٰى رَسُولِهِ وَالْكِتَابِ
لاؤ ساتھ اللہ کے اور رسول اس کے کے اور کتاب کے جو اتاری ہے اوپر رسول اپنے کے اور کتاب کے

الَّذِي أَنْزَلَ مِنْ قَبْلُ ۚ وَمَنْ يَكْفُرْ بِاللّٰهِ وَمَلٰئِكَتِهِ وَكُتُبِهِ
جو اتاری ہے پہلے اس سے اور جو کوئی کفر کرے ساتھ اللہ کے اور فرشتوں اس کے کے اور کتابوں

وَرُسُلِهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلَالًا بَعِيدًا ﴿١٣٦﴾ إِنَّ
اس کی کے اور رسولوں اس کے کے اور دن پچھلے کے پس تحقیق گمراہ ہوا گمراہی دور ف۴ تحقیق جو

الَّذِينَ آمَنُوا ثُمَّ كَفَرُوا ثُمَّ آمَنُوا ثُمَّ كَفَرُوا ثُمَّ ازْدَادُوا
لوگ ایمان لائے پھر کافر ہوئے پھر ایمان لائے پھر کافر ہوئے پھر زیادہ ہوئے

ف۱ تین بار فرمایا کہ اللہ کا ہے جو کچھ آسمان و زمین میں پہلی بار کشائش کا بیان ہے دوسری بار بے پروائی کا اگر تم منکر ہو تیسری بار کارسازی کا اگر تم تقویٰ پکڑو۔ ۱۲-منہ رح

ف۲ یعنی سب مل کر شرع پر قائم رہو تو اللہ دنیا بھی دے اور آخرت بھی۔ ۱۲-منہ رح

ف۳ یعنی گواہی میں محظوظ کی خاطر نہ کرو اور محتاج پر ترس نہ کھاؤ اور قرابت نہ دیکھو۔ حق ہو سو کہو اور اگر سچ کہا بھی ملی زبان سے کہ سننے کو شبہہ پڑا یا تمام قصہ نہ کہا۔ کچھ بات کام کی رکھ لی۔ یہ بھی گناہ میں داخل ہے۔ ۱۲-منہ رح

ف۴ ایمان والے فرمایا ہے ان کو جو ظاہر میں مسلمان ہیں سو ان کو تقید ہے کہ جب تک دل سے یقین نہ لاویں گے ان سب چیزوں کا تو خدا کے ہاں مسلمان نہیں۔ ۱۲-منہ رح

(صفحہ ۱۱۱ سے آگے) کرنی واجب ہے اور اگر کافر ہیں اور دشمن ہیں تو واجب نہیں خوں بہا مذہب حنفی میں مسلمان کی دو ہزار سات سو چالیس روپے ہیں تخمیناً اور دینے آتے ہیں قاتل کی برادری کو تین برس میں بہ تفریق ادا کریں۔ ۱۲-منہ رح

كُفْرًا لَّمْ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ سَبِيْلًا ﴿۱۳۷﴾

کفر میں ہرگز نہیں اللہ یہ کہ بخشے ان کو اور نہ یہ کہ دکھاوے ان کو راہ ف۱

بَشِّرِ الْمُنٰفِقِيْنَ بِاَنَّ لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمَا ﴿۱۳۸﴾ الَّذِيْنَ

خوشخبری دے منافقوں کو ساتھ اس کے کہ واسطے ان کے عذاب ہے درد دینے والا وہ لوگ

يَتَّخِذُوْنَ الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ اَيَبْتَغُوْنَ

جو پکڑتے ہیں کافروں کو دوست سوائے مسلمانوں کے آیا چاہتے ہیں

عِنْدَهُمُ الْعِزَّةَ فَاِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ﴿۱۳۹﴾ وَقَدْ نَزَّلَ

نزدیک ان کے عزت پس تحقیق عزت واسطے اللہ کے ہے تمام اور تحقیق اتارا

عَلَيْكُمْ فِي الْكِتٰبِ اَنْ اِذَا سَمِعْتُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ يُكْفَرُ

اوپر تمہارے بیچ کتاب کے یہ کہ جب سنو تم نشانیوں اللہ کی کو کفر کیا جاتا ہے

بِهَا وَيُسْتَهْزَاُ بِهَا فَلَا تَقْعُدُوْا مَعَهُمْ حَتّٰى يَخُوْضُوْا

ساتھ ان کے اور ٹھٹھا کیا جاتا ہے ساتھ ان کے پس مت بیٹھو ساتھ ان کے یہاں تک کہ بحث کریں

فِيْ حَدِيْثٍ غَيْرِهٖٓ ۖ اِنَّكُمْ اِذًا مِّثْلُهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ جَامِعُ

بیچ بات کے سوائے اس کے تحقیق تم اس وقت مانند ان کے ہو تحقیق اللہ جمع کرنے والا ہے

الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْكٰفِرِيْنَ فِيْ جَهَنَّمَ جَمِيْعًا ﴿۱۴۰﴾ الَّذِيْنَ

منافقوں کو اور کافروں کو بیچ دوزخ کے سب کو ف۲ وہ لوگ کہ

يَتَرَبَّصُوْنَ بِكُمْ ۚ فَاِنْ كَانَ لَكُمْ فَتْحٌ مِّنَ اللّٰهِ قَالُوْٓا

انتظار کرتے ہیں ساتھ تمہارے پس اگر ہوئی واسطے تمہارے فتح خدا کی طرف سے کہتے

اَلَمْ نَكُنْ مَّعَكُمْ ۖ وَاِنْ كَانَ لِلْكٰفِرِيْنَ نَصِيْبٌ ۙ قَالُوْٓا

ہیں کیا نہ تھے ہم ساتھ تمہارے اور اگر ہووے واسطے کافروں کے کچھ حصہ کہتے ہیں

اَلَمْ نَسْتَحْوِذْ عَلَيْكُمْ وَنَمْنَعْكُمْ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ فَاللّٰهُ

کیا نہ غالب آئے تھے ہم اوپر تمہارے اور نہ منع کیا تھا ہم نے تم کو مسلمانوں سے پس اللہ

يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ وَلَنْ يَّجْعَلَ اللّٰهُ لِلْكٰفِرِيْنَ

حکم کرے گا درمیان تمہارے دن قیامت کے اور ہرگز نہ کرے گا اللہ واسطے کافروں کے

۲۰ ع ۷ ۱۷ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ سَبِيْلًا ﴿۱۴۱﴾ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ يُخٰدِعُوْنَ

اوپر مسلمانوں کے راہ ف۳ تحقیق منافق فریب دیتے ہیں

ف۱ یعنی ظاہر میں مسلمان رہے اور دل سے بھٹکتے رہے تو اگر آخر کو بے یقین مرے تو کافر کے برابر ہیں ان کو بخشش نہیں اور ظاہر کی مسلمانی سے وہاں راہ نہ ملے گی۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ جو شخص ایک مجلس میں اپنے دین کے عیب سنے پھر انہی میں بیٹھے اگرچہ آپ نہ کہے وہی منافق ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ اس سے معلوم ہوا کہ جو شخص راہ حق میں ہو اور گمراہوں سے بھی بنائے رکھے یہ بھی نفاق ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

(صـ۱۱۷ سے آگے) کو آپ آرام سے رکھو نہ چھوڑ دو کہ اور کسی سے نکاح کرے۔ ۱۲۔ منہ رح

اللّٰهَ وَهُوَ خَادِعُهُمْ ۚ وَاِذَا قَامُوْٓا اِلَى الصَّلٰوةِ قَامُوْا
اللہ کو اور فریب دینے والا ہے ان کو اور جب کھڑے ہوتے ہیں طرف نماز کی کھڑے ہوتے ہیں

كُسَالٰى ۙ يُرَآءُوْنَ النَّاسَ وَلَا يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ اِلَّا
کاہلی سے دکھلاتے ہیں لوگوں کو اور نہیں یاد کرتے اللہ کو مگر

قَلِيْلًا ۙ ﴿۱۴۲﴾ مُّذَبْذَبِيْنَ بَيْنَ ذٰلِكَ ۖ لَآ اِلٰى هٰٓؤُلَآءِ
تھوڑے دُھگدُھگی میں ہیں درمیان اس کے نہ طرف ان کے

وَلَآ اِلٰى هٰٓؤُلَآءِ ۭ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ
اور نہ طرف ان کی اور جس کو گمراہ کرے اللہ پس ہرگز نہ پاوے تو واسطے

لَهٗ سَبِيْلًا ﴿۱۴۳﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْكٰفِرِيْنَ
اس کے راہ اے لوگو جو ایمان لائے ہو مت پکڑو کافروں کو

اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۭ اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ
دوست سوائے مسلمانوں کے کیا چاہتے ہو تم یہ کہ کرو

تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ عَلَيْكُمْ سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ﴿۱۴۴﴾ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ
واسطے اللہ کے اوپر اپنے غلبہ ظاہر تحقیق منافق

فِي الدَّرْكِ الْاَسْفَلِ مِنَ النَّارِ ۚ وَلَنْ تَجِدَ لَهُمْ
بیچ درجے نیچے کے ہیں آگ سے اور ہرگز نہ پاوے گا تو واسطے

نَصِيْرًا ﴿۱۴۵﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا وَاَصْلَحُوْا وَاعْتَصَمُوْا
ان کے مددگار ف مگر جنہوں نے توبہ کی اور صلاحیت پکڑی اور مضبوط پکڑا

بِاللّٰهِ وَاَخْلَصُوْا دِيْنَهُمْ لِلّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۭ
خدا کو اور خالص کیا دین اپنے کو واسطے اللہ کے پس یہ لوگ ساتھ مسلمانوں کے ہیں

وَسَوْفَ يُؤْتِ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۱۴۶﴾ مَا
اور شتاب دے گا اللہ ایمان والوں کو ثواب بڑا کیا

يَفْعَلُ اللّٰهُ بِعَذَابِكُمْ اِنْ شَكَرْتُمْ وَاٰمَنْتُمْ ۭ
کرے گا اللہ عذاب کر کر تم کو اگر شکر کرو گے تم اور ایمان لاؤ گے تم

وَكَانَ اللّٰهُ شَاكِرًا عَلِيْمًا ﴿۱۴۷﴾
اور ہے اللہ قدر دان جاننے والا

ف یعنی منافق اللہ تعالیٰ نے اسی قوم کو فرمایا یعنی ظاہری کلمہ پڑھتے ہیں اور کچے مسلمان ہیں۔ اسلام میں ثابت قدم نہیں۔ عبادت میں اللہ کی کاہلی کرتے ہیں اور نماز دکھانے کو پڑھتے ہیں اور اڑے ہیں گمراہی کی باتوں پر۔ اللہ تعالیٰ نے شیطانوں کو مسلط کر دیا۔ اب اللہ کے قہر سے نہ کوئی ان کو دنیا میں چھڑا سکے نہ آخرت میں کوئی ان کی سعی کرے نہ کسی کی سفارش کام آوے۔ ۱۲۔ منہ

ع ۲۱ / نصف

لَا يُحِبُّ اللّٰهُ الْجَهْرَ بِالسُّوْٓءِ مِنَ الْقَوْلِ اِلَّا مَنْ
نہیں دوست رکھتا اللہ پکار کر کہنا بُری بات کو مگر جو کوئی
ظُلِمَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًا عَلِيْمًا ﴿۱۴۸﴾ اِنْ تُبْدُوْا خَيْرًا اَوْ تُخْفُوْهُ
ظلم کیا جاوے اور ہے اللہ سننے والا جاننے والا ف۱ اگر ظاہر کرو تم بھلائی کو یا چھپاؤ اس کو
اَوْ تَعْفُوْا عَنْ سُوْٓءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَفُوًّا قَدِيْرًا ﴿۱۴۹﴾ اِنَّ
یا درگذر کرو برائی سے پس تحقیق اللہ ہے بخشنے والا قدرت والا ف۲ تحقیق
الَّذِيْنَ يَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَيُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّفَرِّقُوْا بَيْنَ
جو لوگ کہ کفر کرتے ہیں ساتھ اللہ کے اور رسول اس کے کے اور ارادہ کرتے ہیں یہ کہ جدائی ڈالیں
اللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَيَقُوْلُوْنَ نُؤْمِنُ بِبَعْضٍ وَّنَكْفُرُ بِبَعْضٍ ۙ وَّ
درمیان اللہ کے اور رسولوں اس کے کے اور کہتے ہیں ایمان لاتے ہیں ہم ساتھ بعض کے اور کفر کرتے ہیں ساتھ بعض
يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَّخِذُوْا بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ﴿۱۵۰﴾ اُولٰٓئِكَ هُمُ
کے اور چاہتے ہیں یہ کہ پکڑیں درمیان اس کے راہ یہ لوگ وہ ہیں
الْكٰفِرُوْنَ حَقًّا ۚ وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴿۱۵۱﴾ وَالَّذِيْنَ
کافر تحقیق اور تیار کیا ہم نے واسطے کافروں کے عذاب رسوا کرنے والا ف۳ اور جو لوگ کہ
اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَلَمْ يُفَرِّقُوْا بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ
ایمان لائے ساتھ اللہ کے اور رسولوں اس کے کے اور نہ جدائی ڈالیں درمیان کسی کے ان میں سے
اُولٰٓئِكَ سَوْفَ يُؤْتِيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا
یہ لوگ البتہ دے گا ان کو ثواب ان کا اور ہے اللہ بخشنے والا
رَّحِيْمًا ﴿۱۵۲﴾ ع يَسْـَٔلُكَ اَهْلُ الْكِتٰبِ اَنْ تُنَزِّلَ عَلَيْهِمْ كِتٰبًا مِّنَ
مہربان پوچھتے ہیں تجھ سے صاحب کتاب کے یہ کہ اتار دے اوپر ان کے ایک کتاب
السَّمَآءِ فَقَدْ سَاَلُوْا مُوْسٰٓى اَكْبَرَ مِنْ ذٰلِكَ فَقَالُوْٓا اَرِنَا
آسمان سے پس تحقیق سوال کیا تھا موسےٰ سے بڑا اس سے پھر کہنے لگے دکھلا دے ہم کو
اللّٰهَ جَهْرَةً فَاَخَذَتْهُمُ الصّٰعِقَةُ بِظُلْمِهِمْ ۚ ثُمَّ اتَّخَذُوا
اللہ کو ظاہر پس پکڑا ان کو بجلی نے بسبب ظلم ان کے کے پھر پکڑا تھا
الْعِجْلَ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ فَعَفَوْنَا عَنْ ذٰلِكَ
گائے کا بچہ پیچھے اس کے کہ آئیں تھیں ان کے پاس دلیلیں پس معاف کیا ہم نے اس سے

ف۱ یعنی کسی میں عیب دین یا دنیا معلوم کرے تو اس کو مشہور نہ کرے کیونکہ اللہ سنتا جانتا ہے وہ ہر کسی کی جزا دے گا اسی کو غیبت کہتے ہیں اس میں مظلوم کو روا ہے کہ ظالم کا ظلم بیان کرے اسی طرح اور بھی کئی مقام میں غیبت روا ہے یہ حکم یہاں شاید اس پر فرمایا کہ منافق کا نام مشہور نہ کیجئے جیسے حضرت نے مشہور نہیں کیا۔ اس میں اس کا دل زیادہ بگڑتا ہے مبہم نصیحت کرے منافق آپ سمجھ لے گا۔ اس میں شاید ہدایت پاوے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی منافق کو چاہو کہ صادق کرو تو ظاہر کے طعن سے چھپا سمجھانا بہتر ہے اور درگذر خوب ہے اللہ بھی جانتا بوجھتا بندوں سے درگذر کرتا ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یہاں سے ذکر ہے یہود کا قرآن میں اکثر ان کا اور منافقوں کا ذکر اکٹھا ہی فرمایا کہ اللہ کا ماننا یہی ہے کہ زمانے کے پیغمبر کا حکم مانے اس بغیر اللہ کا ماننا غلط ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

۲۱ ع ۱۱ ۱

وَاٰتَيْنَا مُوْسٰى سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ﴿۱۵۳﴾ وَرَفَعْنَا فَوْقَهُمُ الطُّوْرَ
اور دیا ہم نے موسے کو غلبہ ظاہر اور اٹھایا ہم نے اوپر ان کے پہاڑ
بِمِيْثَاقِهِمْ وَقُلْنَا لَهُمُ ادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا وَّقُلْنَا لَهُمْ
واسطے قول لینے کے ان سے اور کہا ہم نے ان کو داخل ہو دروازے میں سجدہ کرتے ہوئے اور کہا ہم نے ان کو
لَا تَعْدُوْا فِي السَّبْتِ وَاَخَذْنَا مِنْهُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ﴿۱۵۴﴾
مت تعدی کرو بیچ ہفتے کے اور لیا ہم نے ان سے قول گاڑھا
فَبِمَا نَقْضِهِمْ مِّيْثَاقَهُمْ وَكُفْرِهِمْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَقَتْلِهِمُ
پس بسبب توڑ ڈالنے ان کے قول اپنے کو اور بسبب کفران کے کے ساتھ نشانیوں اللہ کے اور بسبب مارنے
الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ وَّقَوْلِهِمْ قُلُوْبُنَا غُلْفٌ ؕ بَلْ طَبَعَ اللّٰهُ
ان کے پیغمبروں کو ناحق اور بسبب کہنے اُن کے کے کہ دلوں ہمارے پر پردے ہیں بلکہ مُہر کی ہے اللہ نے
عَلَيْهَا بِكُفْرِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۱۵۵﴾ وَّبِكُفْرِهِمْ وَقَوْلِهِمْ
اوپر ان کے بسبب کفران کے کے پس نہیں ایمان لاتے مگر تھوڑے اور بسبب کفران کے کے اور کہنے ان
عَلٰى مَرْيَمَ بُهْتَانًا عَظِيْمًا ﴿۱۵۶﴾ وَّقَوْلِهِمْ اِنَّا قَتَلْنَا الْمَسِيْحَ
کے کے اوپر مریم کے بہتان بڑا اور بسبب کہنے ان کے کے کہ تحقیق ہم نے مار ڈالا مسیح
عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ رَسُوْلَ اللّٰهِ ۚ وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ
عیسے بیٹے مریم کے کو پیغمبر اللہ کا تھا اور نہیں مارا اس کو اور نہ سولی دی اس کو
وَلٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ ؕ وَاِنَّ الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِيْهِ لَفِيْ شَكٍّ
اور لیکن شبہ ڈالا گیا واسطے ان کے اور تحقیق جو لوگ کہ اختلاف کیا انہوں نے بیچ اس کے البتہ بیچ شک
مِّنْهُ ؕ مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ اِلَّا اتِّبَاعَ الظَّنِّ ۚ وَمَا
کے ہیں اس سے نہیں واسطے ان کے ساتھ اس کے کچھ علم مگر پیروی کرنا گمان کا اور نہ
قَتَلُوْهُ يَقِيْنًا ﴿۱۵۷﴾ بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا
مارا اس کو بے یقین۔ بلکہ اٹھا لیا اس کو اللہ نے طرف اپنی اور ہے اللہ غالب
حَكِيْمًا ﴿۱۵۸﴾ وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ
حکمت والا ف۱ اور نہیں کوئی اہل کتاب سے مگر البتہ ایمان لاوے گا ساتھ اس کے
قَبْلَ مَوْتِهٖ ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكُوْنُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا ﴿۱۵۹﴾
پہلے موت اس کی کے اور دن قیامت کے ہوگا اوپر ان کے گواہ ف۲

ف۱ یہود کہتے ہیں کہ ہم نے مارا عیسےٰ کو اور مسیح اور رسولِ خدا نہیں کہتے یہ اللہ نے ان کے خطا ذکر فرمائے اور فرمایا کہ اس کو ہرگز نہیں مارا حق تعالے نے اس کی ایک صورت ان کو بنا دی۔ اس صورت کو سولی چڑھایا پھر فرمایا کہ نصاریٰ بھی اوّل سے یہی کہتے ہیں کہ مسیح کو مارا نہیں وہ زندہ ہے لیکن تحقیق نہیں سمجھتے کئی باتیں کہتے ہیں بعضے کہتے ہیں کہ بدن کو مارا ان کی روح اللہ کے پاس چڑھ گئی۔ بعضے کہتے ہیں مارا تھا پھر تین روز کے بعد زندہ ہو کر بدن سے چڑھ گئے ہر طرح وہ بات ثابت نہیں ہوتی کہ اس کو نہیں مارا سو یہ خبر اللہ کو ہے اس نے بتایا کہ اس کی صورت کو مارا اور ان کے پکڑتے وقت نصاریٰ سرک گئے تھے اور یہود بھی نہ پہنچے تھے۔ اس آن کی خبر نہ اِن کو نہ اُن کو۔ ۱۲۔ منہ

ف۲ حضرت عیسےٰ ابھی زندہ ہیں جب یہود میں دجال پیدا ہوگا۔ تب اس جہان میں آکر اس کو ماریں گے اور یہود و نصاریٰ سب اس پر ایمان لاویں گے کہ یہ نہ مرے تھے۔ ۱۲۔ منہ

فَبِظُلْمٍ مِّنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ طَيِّبٰتٍ اُحِلَّتْ
پس بسبب ظلم کے ان لوگوں سے کہ یہودی ہوئے حرام کی ہم نے اوپر ان کے پاکیزہ چیزیں جو حلال کی گئی

لَهُمْ وَبِصَدِّهِمْ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَثِيْرًا ۙ﴿۱۶۰﴾ وَّاَخْذِهِمُ
تھیں واسطے ان کے اور بسبب بند کرنے ان کے کے راہ خدا کے سے بہتوں کو وا اور بسبب لینے ان کے

الرِّبٰوا وَقَدْ نُهُوْا عَنْهُ وَاَكْلِهِمْ اَمْوَالَ النَّاسِ بِالْبَاطِلِ ؕ
سود کو اور تحقیق منع کیے گئے تھے اس سے اور بسبب کھانے ان کے کے مال لوگوں کے ساتھ جھوٹ کے

وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ مِنْهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۱۶۱﴾ لٰكِنِ الرّٰسِخُوْنَ
اور تیار کیا ہم نے واسطے کافروں کے ان میں سے عذاب درد دینے والا لیکن مضبوط لوگ

فِى الْعِلْمِ مِنْهُمْ وَالْمُؤْمِنُوْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ
بیچ علم کے ان میں سے اور مسلمان ایمان لاتے ہیں ساتھ اس چیز کے کہ اتاری گئی ہے

وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ وَالْمُقِيْمِيْنَ الصَّلٰوةَ وَالْمُؤْتُوْنَ
طرف تیری اور جو اتاری گئی ہے پہلے تجھ سے اور قائم کرنے والے نماز کو اور دینے والے

الزَّكٰوةَ وَالْمُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ اُولٰٓئِكَ
زکوٰۃ کے اور ایمان لانے والے ساتھ اللہ کے اور دن پچھلے کے یہ لوگ البتہ

سَنُؤْتِيْهِمْ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۱۶۲﴾ ع اِنَّآ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ كَمَآ اَوْحَيْنَآ
دیں گے ہم ان کو ثواب بڑا تحقیق ہم نے وحی بھیجی طرف تیری جیسے وحی بھیجی ہم نے

اِلٰى نُوْحٍ وَّالنَّبِيّٖنَ مِنْۢ بَعْدِهٖ ۚ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ
طرف نوح کی اور پیغمبروں کی پیچھے اس کے اور وحی کی ہم نے طرف ابراہیم کے

وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ وَعِيْسٰى
اور اسماعیل کے اور اسحاق کے اور یعقوب کے اور اولاد اس کی کے اور عیسےٰ

وَاَيُّوْبَ وَيُوْنُسَ وَهٰرُوْنَ وَسُلَيْمٰنَ ۚ وَاٰتَيْنَا دَاوٗدَ
اور ایوب کے اور یونس اور ہارون کے اور سلیمان کے اور دی ہم نے داؤد علیہ السلام

زَبُوْرًا ۚ﴿۱۶۳﴾ وَرُسُلًا قَدْ قَصَصْنٰهُمْ عَلَيْكَ مِنْ قَبْلُ وَ
کو زبور اور بھیجے ہم نے پیغمبر کہ تحقیق بیان کیا ہم نے ان کو اوپر تیرے پہلے اس سے اور

رُسُلًا لَّمْ نَقْصُصْهُمْ عَلَيْكَ ؕ وَكَلَّمَ اللّٰهُ مُوْسٰى تَكْلِيْمًا ۚ﴿۱۶۴﴾
پیغمبر کہ نہ بیان کیا ہم نے ان کو اوپر تیرے اور باتیں کیں اللہ نے موسیٰ سے باتیں کرنا ،

وا یعنی اوپر سے سب شرارتیں ان کی جو ذکر کیں بعضی پہلے ہوئیں اور بعضی پیچھے لیکن مجمل یہ کہ گناہ پر دلیر تھے اس واسطے ان کو شریعت سخت رکھی کہ سرکشی ٹوٹے۔ ۱۲۔ منہ رحمہ

ع ۲۲ ۱۰ ۲

رُسُلًا مُّبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ لِئَلَّا يَكُوْنَ لِلنَّاسِ عَلَى اللّٰهِ
بھیجے ہم نے پیغمبر خوشخبری دینے والے اور ڈرانے والے تو کہ نہ ہو واسطے لوگوں کے اوپر اللہ کے
حُجَّةٌ بَعْدَ الرُّسُلِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ۝١٦٥ لٰكِنِ
الزام پیچھے پیغمبروں کے اور ہے اللہ تعالیٰ غالب حکمت والا لیکن
اللّٰهُ يَشْهَدُ بِمَآ اَنْزَلَ اِلَيْكَ اَنْزَلَهٗ بِعِلْمِهٖ ۚ وَالْمَلٰٓئِكَةُ
اللہ تعالیٰ شاہدی دیتا ہے ساتھ اس چیز کے کہ اتاری طرف تیری اتاری اس کو ساتھ علم اپنے کے اور فرشتے
يَشْهَدُوْنَ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ۝١٦٦ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
گواہی دیتے ہیں اور کفایت ہے اللہ گواہی دینے والا ؁ تحقیق جو لوگ کہ کافر ہوئے
وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ قَدْ ضَلُّوْا ضَلٰلًا ۢ بَعِيْدًا ۝١٦٧
اور بند کیا انہوں نے راہ خدا تعالیٰ کی سے تحقیق گمراہ ہوئے گمراہی دور
اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَظَلَمُوْا لَمْ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ
تحقیق جو لوگ کہ کافر ہوئے اور ظلم کیا نہیں ہے اللہ کہ بخشے ان کو
وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ طَرِيْقًا ۝١٦٨ۙ اِلَّا طَرِيْقَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ
اور نہ دکھاوے گا ان کو راہ مگر راہ دوزخ کی ہمیشہ رہیں گے
فِيْهَآ اَبَدًا ؕ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ۝١٦٩ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ
بیچ اس کے ہمیشہ اور ہے یہ اوپر اللہ کے آسان اے لوگو
قَدْ جَآءَكُمُ الرَّسُوْلُ بِالْحَقِّ مِنْ رَّبِّكُمْ فَاٰمِنُوْا خَيْرًا لَّكُمْ ؕ
تحقیق آیا تمہارے پاس پیغمبر ساتھ حق کے پروردگار تمہارے سے پس ایمان لاؤ بہتر ہوگا واسطے
وَاِنْ تَكْفُرُوْا فَاِنَّ لِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَكَانَ
تمہارے اور اگر کفر کرو گے پس تحقیق واسطے اللہ کے ہے جو کچھ بیچ آسمانوں کے اور زمین کے ہے اور ہے
اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝١٧٠ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لَا تَغْلُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ
اللہ جاننے والا حکمت والا اے اہل کتاب مت زیادتی کرو بیچ دین اپنے کے
وَلَا تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ ؕ اِنَّمَا الْمَسِيْحُ عِيْسَى
اور مت کہو اوپر اللہ کے مگر سچ سوائے اس کے نہیں کہ مسیح عیسیٰ
ابْنُ مَرْيَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَكَلِمَتُهٗ ۚ اَلْقٰهَآ اِلٰى مَرْيَمَ وَرُوْحٌ
بیٹا مریم کا پیغمبر اللہ کا ہے اور حکم ہے اس کا ڈال دیا اس کو طرف مریم کی اور روح ہے

ف۱ یعنی عذر کی جگہ نہ رہے کہ ہم کو تیری مرضی معلوم ہوتی تو اس پر چلتے یہ اللہ کی حکمت اور تدبیر ہے اور اگر زبردستی کرے تو اس کی حاجت نہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی وحی ہر پیغمبر کو آتی رہی ہے کچھ نیا کام نہیں پر اس کلام میں اللہ نے اپنا خاص علم اتارا اور اللہ اس حق کو ظاہر کردے گا۔ چنانچہ ظاہر ہوا کہ جس قدر ہدایت اس نبی سے ظاہر ہوئی اور کسی سے نہ ہوئی۔ ۱۲۔ منہ رح

مِّنْهُ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ۚ وَلَا تَقُوْلُوْا ثَلٰثَةٌ ۭ اِنْتَهُوْا خَيْرًا

اس کی طرف سے پس ایمان لاؤ ساتھ اللہ کے اور رسولوں اس کے کے اور نہ کہو خدا تین ہیں باز رہو بہتر ہوگا

لَّكُمْ ۭ اِنَّمَا اللّٰهُ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۭ سُبْحٰنَهٗٓ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗ وَلَدٌ ۘ لَهٗ مَا

واسطے تمہارے سوائے اس کے نہیں کہ اللہ معبود اکیلا ہے پاکی ہے اس کو اس سے کہ ہو واسطے اس کے اولاد واسطے

ع ٢٣ ۔ ٩ ۔ ٤

فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَكَفٰي بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿١٧١﴾ ع لَنْ

اسی کے ہے جو کچھ بیچ آسمانوں کے ہے اور جو کچھ بیچ زمین کے ہے اور کفایت ہے اللہ کارساز ط

يَّسْتَنْكِفَ الْمَسِيْحُ اَنْ يَّكُوْنَ عَبْدًا لِّلّٰهِ وَلَا الْمَلٰۗىِٕكَةُ

ہرگز انکار نہ کرے گا مسیح اس سے کہ ہو بندہ واسطے اللہ کے اور نہ فرشتے

الْمُقَرَّبُوْنَ ۭ وَمَنْ يَّسْتَنْكِفْ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَيَسْتَكْبِرْ

مقرب اور جو کوئی انکار کرے گا بندگی اس کی سے اور تکبر کرے گا

فَسَيَحْشُرُهُمْ اِلَيْهِ جَمِيْعًا ﴿١٧٢﴾ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

پس اکٹھا کرے گا ان کو طرف اپنی سب کو پس لیکن جو لوگ کہ ایمان لائے اور عمل

الصّٰلِحٰتِ فَيُوَفِّيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ وَيَزِيْدُهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ۚ

نیک اچھے پس پورے دے گا ان کو ثواب ان کا اور زیادہ دے گا ان کو فضل اپنے سے

وَاَمَّا الَّذِيْنَ اسْتَنْكَفُوْا وَاسْتَكْبَرُوْا فَيُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا

اور جن لوگوں نے انکار کیا اور تکبر کیا پس عذاب کرے گا ان کو عذاب درد دینے

اَلِيْمًا ڏ وَّلَا يَجِدُوْنَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا

والا اور نہ پاویں گے واسطے اپنے سوائے اللہ کے دوست اور نہ

نَصِيْرًا ﴿١٧٣﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاۗءَكُمْ بُرْهَانٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ

مددگار اے لوگو تحقیق آئی تمہارے پاس دلیل پروردگار تمہارے سے

وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ نُوْرًا مُّبِيْنًا ﴿١٧٤﴾ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ

اور اتاری ہم نے طرف تمہاری روشنی ظاہر پس جو لوگ کہ ایمان لائے ساتھ اللہ کے

وَاعْتَصَمُوْا بِهٖ فَسَيُدْخِلُهُمْ فِيْ رَحْمَةٍ مِّنْهُ وَفَضْلٍ ۙ

اور محکم پکڑا اس کو پس البتہ داخل کرے گا ان کو بیچ رحمت کے اپنی طرف سے اور فضل کے

وَّيَهْدِيْهِمْ اِلَيْهِ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ﴿١٧٥﴾ يَسْتَفْتُوْنَكَ ۭ قُلِ

اور دکھلاوے گا ان کو طرف اپنی راہ سیدھی فتویٰ پوچھتے ہیں تجھ سے کہہ

ف ۱ یہ خطاب ہے نصاریٰ کو کہ اللہ کو تین جگہ بتاتے ہیں، باپ اور بیٹا اور روح القدس فرمایا کہ دین کی بات میں مبالغہ عیب ہے ایک شخص سے اعتقاد ہو تو اس کی تعریف میں حد سے نہ بڑھیئے جتنی بات تحقیق ہو وہی کہیئے اور فرمایا فی الحقیقت بیٹا جننے یہ اللہ کو لائق نہیں اور بیٹا کرے تو اس کو پیش کار کی حاجت نہیں۔ وہ بس ہے کام بنانے والا۔ ۱۲-منہ رح

9 اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِي الْكَلٰلَةِ ۭ اِنِ امْرُؤٌا هَلَكَ لَيْسَ لَهٗ
اللہ فتوے دیتا ہے تم کو بیچ کلالہ کے اگر کوئی مرد ہلاک ہو جاوے نہیں ہو واسطے اس کے

وَلَدٌ وَّلَهٗٓ اُخْتٌ فَلَهَا نِصْفُ مَا تَرَكَ ۚ وَهُوَ يَرِثُهَآ اِنْ
اولاد اور نہ باپ اور واسطے اس کے ہو ایک بہن پس واسطے اسکے ہے آدھا اس چیز سے کہ چھوڑ گیا اور وہ وارث ہوتا ہے اس کا

لَّمْ يَكُنْ لَّهَا وَلَدٌ ۭ فَاِنْ كَانَتَا اثْنَتَيْنِ فَلَهُمَا الثُّلُثٰنِ
اگر نہ ہو واسطے اس کے اولاد پس اگر ہوں دو بہنیں پس واسطے ان دونوں کے دو تہائی

مَا اتَّخَذُوْهُمْ اَوْلِيَآءَ وَلٰكِنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿٨١﴾ لَتَجِدَنَّ
ہے طرف اس کی نہ پکڑتے ان کو دوست اور لیکن بہت ان میں سے فاسق ہیں البتہ پاوے گا تو
اَشَدَّ النَّاسِ عَدَاوَةً لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا الْيَهُوْدَ وَالَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا
زیادہ سب لوگوں سے عداوت میں واسطے ان لوگوں کے کہ ایمان لائے ہیں یہود کو اور ان لوگوں کو کہ شریک کرتے ہیں
وَلَتَجِدَنَّ اَقْرَبَهُمْ مَّوَدَّةً لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا الَّذِيْنَ قَالُوْۤا اِنَّا نَصٰرٰى ؕ
اور البتہ پاوے گا تو نزدیک ان کا دوستی میں واسطے ان لوگوں کے کہ ایمان لائے ہیں ان لوگوں کو کہ کہتے ہیں تحقیق ہم
ذٰلِكَ بِاَنَّ مِنْهُمْ قِسِّيْسِيْنَ وَرُهْبَانًا وَّاَنَّهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿٨٢﴾
نصاریٰ ہیں یہ اس واسطے ہے کہ بعضے ان میں سے پڑھے ہیں اور عبادت کرنے والے ہیں اور یہ کہ وہ نہیں تکبر کرتے

وَإِذَا سَمِعُوا مَا أُنْزِلَ إِلَى الرَّسُولِ تَرَىٰ أَعْيُنَهُمْ

اور جب سنتے ہیں جو کچھ اتارا گیا ہے طرف رسول کی دیکھتا ہے تو آنکھوں ان کی کو

تَفِيضُ مِنَ الدَّمْعِ مِمَّا عَرَفُوا مِنَ الْحَقِّ ۖ يَقُولُونَ رَبَّنَا

کہ بہتی ہیں آنسوؤں سے اس چیز سے کہ پہچانا ہے انہوں نے حق سے کہتے ہیں اے رب ہمارے

آمَنَّا فَاكْتُبْنَا مَعَ الشَّاهِدِينَ ﴿٨٣﴾ وَمَا لَنَا لَا نُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَمَا

ایمان لائے ہم پس لکھ ہم کو ساتھ شاہدوں کے اور کیا ہے ہم کو کہ نہ ایمان لاویں ساتھ اللہ کے اور ساتھ

جَاءَنَا مِنَ الْحَقِّ وَنَطْمَعُ أَنْ يُدْخِلَنَا رَبُّنَا مَعَ الْقَوْمِ

اس چیز کے کہ آئی پاس ہمارے حق سے اور طمع رکھتے ہیں ہم یہ کہ داخل کرے ہم کو رب ہمارا ساتھ قوم

الصَّالِحِينَ ﴿٨٤﴾ فَأَثَابَهُمُ اللَّهُ بِمَا قَالُوا جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ

صالحوں کے وك پس ثواب دیا ان کو اللہ نے بدلے اس کے جو کہا تھا انہوں نے بہشتیں چلتی ہیں نیچے

تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا ۚ وَذَٰلِكَ جَزَاءُ الْمُحْسِنِينَ ﴿٨٥﴾

ان کے سے نہریں ہمیشہ رہنے والے بیچ ان کے اور یہ ہے بدلہ نیکی کرنے والوں کا

وَالَّذِينَ كَفَرُوا وَكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ الْجَحِيمِ ﴿٨٦﴾ ع

اور جو لوگ کافر ہوئے اور جھٹلایا نشانیوں ہماری کو یہ لوگ رہنے والے دوزخ کے ہیں

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تُحَرِّمُوا طَيِّبَاتِ مَا أَحَلَّ اللَّهُ لَكُمْ وَلَا

اے لوگو جو ایمان لائے ہو مت حرام کرو پاکیزہ اس چیز کو کہ حلال کیا اللہ نے واسطے تمہارے

تَعْتَدُوا ۚ إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِينَ ﴿٨٧﴾ وَكُلُوا مِمَّا رَزَقَكُمُ

اور مت نکل جاؤ حد سے تحقیق اللہ نہیں دوست رکھتا حد سے نکل جانے والوں کو اور کھاؤ اس چیز سے کہ دیا تم کو

اللَّهُ حَلَالًا طَيِّبًا ۚ وَاتَّقُوا اللَّهَ الَّذِي أَنْتُمْ بِهِ مُؤْمِنُونَ ﴿٨٨﴾

اللہ نے حلال پاکیزہ اور ڈرو اللہ سے وہ جو تم ساتھ اس کے ایمان لانے والے ہو وك

لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللَّهُ بِاللَّغْوِ فِي أَيْمَانِكُمْ وَلَٰكِنْ

نہیں پکڑے گا تم کو اللہ ساتھ بے قصد کے بیچ قسموں تمہاری کے اور لیکن

يُؤَاخِذُكُمْ بِمَا عَقَّدْتُمُ الْأَيْمَانَ ۖ فَكَفَّارَتُهُ إِطْعَامُ

پکڑتا ہے تم کو ساتھ اس چیز کے کہ گرہ باندھی تم نے قسموں کی پس کفارہ اس کا کھلانا دینا

عَشَرَةِ مَسَاكِينَ مِنْ أَوْسَطِ مَا تُطْعِمُونَ أَهْلِيكُمْ أَوْ

دس فقیروں کا درمیان سے اس چیز کے کہ کھلاتے ہو تم لوگوں اپنوں کو یا

ربع

وك مکے میں کافروں نے جب مسلمانوں پر ظلم کیا تو حضرت نے اذن دیا کہ اور ملک میں نکل جاؤ قریب اسّی آدمی مسلمان بعضے تنہا بعضے گھر سمیت ملک حبشہ میں جا رہے وہاں کا بادشاہ خوب منصف تھا پھر مکے کے کافروں نے اس کو بہکایا کہ اس قوم کو رہنے نہ دو کہ حضرت عیسٰی کو غلام کہتے ہیں۔ تب بادشاہ نے مسلمانوں کو بلا کر پوچھا اور قرآن پڑھوا کر سنا وہ اور اس کے علماء بہت روئے اور کہا حضرت عیسٰی کی زبان سے ہم کو اسی کے موافق پہنچا ہے اور ہم کو خبر دی ہے حضرت عیسٰی نے کہ میرے بعد پیش از قیامت ایک اور نبی آئے گا وہ بیشک یہی نبی ہے۔ وہ بادشاہ خفیہ مسلمان ہوا ان کے حق میں یہ آیتیں ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۱۱ / ۹

وك جو چیز شرع میں صاف حلال ہے اس سے پرہیز کرنا برا ہے یہ دو طرح ہوتا ہے ایک یہ کہ زہد کے سبب سے اپنے اوپر تنگ پکڑے یہ رہبانیت ہمارے دین میں پسند نہیں بلکہ تقویٰ چاہیئے کہ جو منع ہو اس کے نزدیک نہ جاوے۔ دوسرے یہ کہ قسم کھا بیٹھا ایک کام پر یہ بھی بہتر نہیں جو کام موافق شرع ہے اس سے قسم نہ کھاوے اور کھا بیٹھا تو توڑے اور کفارہ دے یہ آگے فرمایا۔ ۱۲۔ منہ رح

كِسْوَتُهُمْ اَوْ تَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ ؕ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ ثَلٰثَةِ
پہنانا ان کا یا آزاد کرنا ایک گردن کا پس جو کوئی نہ پاوے پس روزے تین
اَيَّامٍ ؕ ذٰلِكَ كَفَّارَةُ اَيْمَانِكُمْ اِذَا حَلَفْتُمْ ؕ وَاحْفَظُوْٓا اَيْمَانَكُمْ ؕ
دن کے یہ ہے کفارہ قسموں تمہاری کا جب قسم کھاؤ تم اور حفاظت کیا کرو قسموں اپنی کی
كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۸۹﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ
اسی طرح بیان کرتا ہے اللہ واسطے تمہارے نشانیاں اپنی تو کہ تم شکر کرو ف۱ اے لوگو جو
اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ
ایمان لائے ہو سوائے اس کے نہیں کہ شراب اور جوا اور تھان بتوں کے اور تیر فال کے ناپاک ہیں
مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۹۰﴾ اِنَّمَا يُرِيْدُ
کام شیطان کے سے پس بچو اس سے تو کہ تم فلاح پاؤ سوائے اس کے نہیں
الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّوْقِعَ بَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ فِي الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ
کہ ارادہ کرتا ہے شیطان یہ کہ ڈالے درمیان تمہارے عداوت اور بغض بیچ شراب کے اور جوئے کے
وَيَصُدَّكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَعَنِ الصَّلٰوةِ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّنْتَهُوْنَ ﴿۹۱﴾
اور بند کرے تم کو یاد خدا کی سے اور نماز سے پس کیا ہو تم باز رہنے والے ف۲
وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاحْذَرُوْا ۚ فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ
اور فرمانبرداری کرو اللہ کی اور کہا مانو رسول کا اور ڈرو پس اگر پھر جاؤ تم
فَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا عَلٰى رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۹۲﴾ لَيْسَ عَلَى الَّذِيْنَ
پس جانو یہ کہ اوپر پیغمبر ہمارے کے پہنچانا ہے ظاہر نہیں اوپر ان لوگوں کے کہ
اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جُنَاحٌ فِيْمَا طَعِمُوْٓا اِذَا مَا اتَّقَوْا
ایمان لائے اور کام کیے اچھے گناہ بیچ اس چیز کے کہ کھایا انہوں نے جس وقت کہ پرہیزگاری کریں
وَّاٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ثُمَّ اتَّقَوْا وَّاٰمَنُوْا ثُمَّ اتَّقَوْا وَّ
اور ایمان لاویں اور کام کریں اچھے پھر پرہیزگاری کریں اور ایمان لاویں اور پھر پرہیزگاری کریں اور
اَحْسَنُوْا ؕ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۹۳﴾ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَيَبْلُوَنَّكُمُ
احسان کریں اور اللہ دوست رکھتا ہے احسان کرنے والوں کو ف۳ اے لوگو جو ایمان لائے ہو البتہ آزماوے گا تم کو
اللّٰهُ بِشَيْءٍ مِّنَ الصَّيْدِ تَنَالُهٗٓ اَيْدِيْكُمْ وَرِمَاحُكُمْ لِيَعْلَمَ
اللہ ساتھ ایک چیز کے شکار سے کہ پہنچتے ہیں اس کو ہاتھ تمہارے اور نیزے تمہارے تو کہ جانے

ف۱ جس بات پر قصد کر کر قسم کھائے آئندہ کو پھر اس کے خلاف ہوا تو تین بات میں سے ایک کرے جو چاہے یا دس محتاج کو کھلانا یعنی ہر ایک کو اناج دینا دو سیر گیہوں یا چار سیر جو یا ان کو کپڑا دینا جس میں بدن کم کھلا رہے یا ایک بردہ آزاد کرنا۔ ان تینوں میں سے کسی کو مقدور نہ ہو تو تین روزے اور اپنی قسم کو چاہیے تھامنا یعنی تا مقدور قسم نہ کھاوے اور زبان کی یہ عادت نہ کرے۔ ۱۲ منہ

ف۲ شراب جس چیز کا پانی سڑا لیے کہ نشہ لانے لگے وہ تھوڑا اور بہت حرام ہے اور نجس ہے باقی جو چیز نشہ لاوے اور تری نہ ہو وہ نجس نہیں لیکن حرام ہے اور جوا شرط بدنا کسی چیز پر جس میں جیت اور ہار ہو وہ محض حرام ہے اور ایک طرف کی شرط حرام نہیں باقی جو کھیل کہ ان میں شرط بدنی رواج ہے اگر بغیر شرط کھیلے تو جوا نہ ہوا لیکن یہ کہ شیطان اس بہلنے سے روکتا ہے اللہ کی یاد سے اور نماز سے سو ہوا۔ ۱۲ منہ

ع ۱۲ ۲

ف۳ یعنی کفر کی حالت میں اگر حرام چیز کھائی تھی پھر مسلمان ہوا تو ڈر کر اور منع پہنچا تو اس کو مانا ڈر کر چھوڑ دیا پھر آگے نیکی پر ڈر کر دیا ان کے اعمال پر قائم رہا تو ان تینوں سبب کے آگے وہ گناہ نہ رہا۔ ۱۲ منہ

اللّٰهُ مَنْ يَّخَافُهٗ بِالْغَيْبِ ۚ فَمَنِ اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهٗ
اللہ اس شخص کو کہ ڈرتا ہے اس سے بن دیکھے پس جو کوئی حد سے نکل جاوے پیچھے اس کے پس واسطے
عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۹۴﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْتُلُوا الصَّيْدَ وَاَنْتُمْ
اس کے عذاب ہے درد دینے والا ف۱ اے لوگو جو ایمان لائے ہو مت مار ڈالو شکار کو اور تم
حُرُمٌ ؕ وَمَنْ قَتَلَهٗ مِنْكُمْ مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآءٌ مِّثْلُ مَا قَتَلَ مِنَ
احرام میں ہو اور جو کوئی مار ڈالے اس کو تم میں سے جان کر پس بدلا اس کا ہے مانند اس کی جو مارا ہے جان
النَّعَمِ يَحْكُمُ بِهٖ ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ هَدْيًا بٰلِغَ الْكَعْبَةِ اَوْ كَفَّارَةٌ
کے جانوروں سے حکم کریں ساتھ اس کے دو صاحب عدالت ان میں سے قربانی پہنچنے والی کعبہ کی یا کفارہ
طَعَامُ مَسٰكِيْنَ اَوْ عَدْلُ ذٰلِكَ صِيَامًا لِّيَذُوْقَ وَبَالَ اَمْرِهٖ ؕ
کھلانا مسکینوں کا یا برابر اس کے روزے تو کہ چکھے وبال کام اپنے کا
عَفَا اللّٰهُ عَمَّا سَلَفَ ؕ وَمَنْ عَادَ فَيَنْتَقِمُ اللّٰهُ مِنْهُ ؕ وَاللّٰهُ
معاف کیا اللہ نے اس چیز سے کہ گذرا اور جو کوئی پھرے گا پس بدلہ لیوے گا اللہ اس سے اور اللہ
عَزِيْزٌ ذُو انْتِقَامٍ ﴿۹۵﴾ اُحِلَّ لَكُمْ صَيْدُ الْبَحْرِ وَطَعَامُهٗ مَتَاعًا
غالب ہے بدلہ لینے والا ف۲ حلال کیا گیا واسطے تمہارے شکار کرنا دریا کا اور کھانا اس کا فائدہ واسطے
لَّكُمْ وَلِلسَّيَّارَةِ ۚ وَحُرِّمَ عَلَيْكُمْ صَيْدُ الْبَرِّ مَا دُمْتُمْ حُرُمًا ؕ
تمہارے اور واسطے مسافروں کے اور حرام کیا گیا اوپر تمہارے شکار کرنا جنگل کا جب تک کہ رہو تم احرام میں
وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْۤ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۹۶﴾ جَعَلَ اللّٰهُ الْكَعْبَةَ
اور ڈرو اللہ سے وہ جو طرف اس کی اکٹھے کیے جاؤ گے ف۳ کیا اللہ نے کعبہ کو
الْبَيْتَ الْحَرَامَ قِيٰمًا لِّلنَّاسِ وَالشَّهْرَ الْحَرَامَ وَالْهَدْيَ وَ
اس گھر حرمت والے کو باعث قائم رہنے کا واسطے لوگوں کے اور مہینوں حرمت والوں کو اور قربانیاں اور گلے
الْقَلَآئِدَ ؕ ذٰلِكَ لِتَعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي
میں پٹے والیاں یہ کہ جانو تم یہ کہ اللہ جانتا ہے جو کچھ بیچ آسمانوں کے ہے اور جو کچھ
الْاَرْضِ وَاَنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۹۷﴾ اِعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ
بیچ زمین کے ہے اور یہ کہ اللہ ساتھ ہر چیز کے دانا ہے ف۱ جانو تم یہ کہ اللہ سخت
الْعِقَابِ وَاَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۹۸﴾ ؕ مَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا
عذاب والا ہے اور یہ کہ اللہ بخشنے والا مہربان ہے نہیں اوپر پیغمبر کے مگر

ف۱ نیزے کا نام لیا اس میں سب ہتھیار داخل ہوئے پھر یہ جو دو طرح ذکر کیا ہاتھ سے اور ہتھیار سے اس واسطے کہ احرام میں دونوں طرح شکار کو مارنا یکساں ہے دور سے ہتھیار مارا یا ہاتھ سے صحیح وسلامت پکڑ لیا پھر ذبح کیا اور طریق ذبح میں ان دونوں کا فرق ہے دور سے مارا تو جہاں زخم لگ گیا مر گیا حلال ہوا اور سلامت پکڑ لیا تو مواشی کی طرح ذبح کرنا چاہئے۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ مسئلہ یوں ہے کہ اگر احرام میں شکار پکڑے تو فرض ہے کہ چھوڑ دے اور اگر مارے تو اس قدر قیمت کا ایک جانور لے کر مواشی میں سے بکری یا گائے یا اونٹ وہ کعبہ تک پہنچا کر ذبح کرے اور آپ نہ کھاوے یا اس قیمت کا اناج لے کر محتاجوں کو کھلا دے ہر محتاج کو دو سیر گیہوں یا جتنے محتاجوں کو پہنچتا اس قدر روزے رکھے اور قیمت ٹھہرا دیں دو مسلمان معتبر۔ ۱۲ منہ رح

ف۳ احرام میں دریا کا شکار یعنی جو مچھلی پانی سے جدا ہو کر مر گئی اس نے نہیں پکڑی وہ بھی حلال ہے فرمایا کہ یہ تمہارے فائدے کو رخصت دی پھر کوئی نہ سمجھے کہ حج کے طفیل سے حلال ہے فرمایا دیا کہ اور سب مسافروں کے فائدے کو مچھلی اگرچہ تالاب میں ہو وہ بھی شکار دریا ہے۔ یہ حکم شکار کا معلوم ہوا احرام کے اندر اور احرام میں قصد ہے مکے کا اس شہر مکہ اور گرد و پیش میں
(باقی ص۱۵۵ پر)

الْبَلٰغُ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا تَكْتُمُوْنَ ﴿۹۹﴾ قُلْ لَّا يَسْتَوِي
پہنچا دینا اور اللہ جانتا ہے جو ظاہر کرتے ہو تم اور جو چھپاتے ہو تم کہہ نہیں برابر ہوتا
الْخَبِيْثُ وَالطَّيِّبُ وَلَوْ اَعْجَبَكَ كَثْرَةُ الْخَبِيْثِ ۚ فَاتَّقُوا
ناپاک اور پاک اور اگرچہ خوش لگے تجھ کو بہتات ناپاک کی پس ڈرو
اللّٰهَ يٰٓاُولِي الْاَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ ع ۱۳/۲ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ
اللہ سے اے صاحبو عقل کے تاکہ تم فلاح پاؤ ف۱ اے لوگو جو
اٰمَنُوْا لَا تَسْـَٔلُوْا عَنْ اَشْيَآءَ اِنْ تُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ ۚ وَاِنْ
ایمان لائے ہو مت پوچھ کرو ان چیزوں سے کہ اگر ظاہر کی جاویں واسطے تمہارے ناخوش کریں تم کو اور اگر
تَسْـَٔلُوْا عَنْهَا حِيْنَ يُنَزَّلُ الْقُرْاٰنُ تُبْدَ لَكُمْ ۭ عَفَا اللّٰهُ عَنْهَا ۭ
سوال کرو گے ان سے جب کہ اتارا جاتا ہے قرآن ظاہر کیا جاوے گا واسطے تمہارے۔ معاف کیا اللہ نے ان سے
وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿۱۰۱﴾ قَدْ سَاَلَهَا قَوْمٌ مِّنْ قَبْلِكُمْ ثُمَّ اَصْبَحُوْا بِهَا
اور اللہ بخشنے والا تحمل والا ہے تحقیق پوچھ تھا ان کو ایک قوم نے پہلے تم سے پھر ہو گئے ساتھ اس کے
كٰفِرِيْنَ ﴿۱۰۲﴾ مَا جَعَلَ اللّٰهُ مِنْۢ بَحِيْرَةٍ وَّلَا سَآئِبَةٍ وَّلَا وَصِيْلَةٍ وَّلَا
کافر ف۲ نہیں حرام مقرر کیے اللہ نے کان پھٹے اور نہ سانڈھ اور نہ اونٹنی سے اونٹنی ملنے والی اور نہ
حَامٍ ۙ وَّلٰكِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ۭ وَاَكْثَرُهُمْ
دس بچے جننے والا اونٹ اور لیکن وہ لوگ کہ کافر ہیں باندھ لیتے ہیں اوپر اللہ کے جھوٹ اور بہت ان کے
لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۱۰۳﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا اِلٰى مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَاِلَى
نہیں سمجھتے ف۳ اور جب کہا جاتا ہے واسطے ان کے آؤ طرف اس چیز کے کہ اتاری اللہ نے اور طرف
الرَّسُوْلِ قَالُوْا حَسْبُنَا مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا ۭ اَوَلَوْ كَانَ
رسول کے کہتے ہیں کفایت ہے ہم کو کہ پایا ہم نے اوپر اس کے باپوں اپنوں کو کیا اگرچہ تھے
اٰبَآؤُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ شَيْـًٔا وَّلَا يَهْتَدُوْنَ ﴿۱۰۴﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
باپ ان کے نہ جانتے کچھ اور نہ راہ پاتے ف۴ اے لوگو جو ایمان لائے ہو
عَلَيْكُمْ اَنْفُسَكُمْ ۚ لَا يَضُرُّكُمْ مَّنْ ضَلَّ اِذَا اهْتَدَيْتُمْ ۭ
اپنے ذمے پر لو جانوں اپنیوں کو یعنی قائم رہو احکام الٰہی پر نہ ضرر کریگا تم کو جو کوئی گمراہ ہو جاوے جب راہ پاؤ تم
اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۰۵﴾
طرف خدا کی ہے پھر جانا تمہارا سب کا پس خبر دے گا تم کو ساتھ اس کے جو تھے تم کرتے ف۵

ف۱ یعنی موافق حکم شرع
جو ہاتھ لگے وہ پاک ہے
تھوڑا بھی بہتر ہے اور
خلافِ شرع جو ہاتھ
لگے وہ ناپاک ہے۔
اس کی بہتات نہ نظر
نہ کرے بکرے کا
گوشت ایک سیر
بہتر ہے خنزیر کے
من بھر سے ۱۲ منہ
ف۲ یعنی آپ سے نہ
پوچھو کہ یہ چیز روا ہے یا
نہیں یہ کام کریں یا نہ
کریں بلکہ جو فرمایا اس پر
عمل کرو اور جو نہ فرمایا اس
کو معاف جانو۔ اس میں
دین آسان رہے اور جو
ہر بات کا جواب آوے
تو دین تنگ ہو جاوے
پھر عمل نہ کر سکو جیسے
اگلے نہ کر سکے۔ پھر کفر کی
رسمیں بتائیں کہ پوچھنے
کی حاجت نہیں جو اللہ
نے نہ فرمایا وہ بے اصل
ہے اور اسی طرح بے
فائدہ باتیں پوچھنی کسی
نے پوچھا میرا باپ کون
تھا یا میری عورت گھر
میں کس طرح ہے اگر
پیغمبر جواب دے تو شاید
برا جواب آوے اور پشیمان
ہو۔ ۱۲ منہ
ف۳ یہ کفر کی رسمیں تھیں
کہ مواشی میں کوئی بچہ
نیاز رکھتے بت کی تو اس
کا کان پھاڑ دیتے نشان
کو اور اس کو بحیرہ کہتے
اور کوئی جانور بت کے
نام پر آزاد کرتے اس کو
اس کے اختیار پر چھوڑ
دیتے وہ سائبہ تھا اور
بعض شخص نے ٹھہرایا
کہ جو بچہ نر ہو وہ بت
کی نیاز ذبح کریں اور
(باقی بر صفحہ ۱۵۳)

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا شَهَادَةُ بَيْنِكُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ
اے لوگو جو ایمان لائے ہو گواہی درمیان تمہارے جب حاضر ہو ایک کسی کو تم میں سے موت
حِيْنَ الْوَصِيَّةِ اثْنٰنِ ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ اَوْ اٰخَرٰنِ مِنْ غَيْرِكُمْ
وقت وصیت کے دو شخص ہیں صاحب اعتبار تم میں سے یا اور دو سوا تمہارے
اِنْ اَنْتُمْ ضَرَبْتُمْ فِى الْاَرْضِ فَاَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةُ الْمَوْتِ ؕ
اگر تم چلتے ہو بیچ زمین کے پس پہنچے تم کو مصیبت موت کی
تَحْبِسُوْنَهُمَا مِنْۢ بَعْدِ الصَّلٰوةِ فَيُقْسِمٰنِ بِاللّٰهِ اِنِ ارْتَبْتُمْ
بند رکھو ان دونوں کو پیچھے نماز کے یعنی نماز عصر کے پس قسم کھاویں دونو ساتھ اللہ کے اگر شک میں پڑو تم
لَا نَشْتَرِىْ بِهٖ ثَمَنًا وَّلَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى ۙ وَلَا نَكْتُمُ شَهَادَةَ ۙ اللّٰهِ اِنَّاۤ
نہ مول لیویں گے ہم بدلے اس قسم کے کچھ مول اور اگرچہ ہو صاحب قرابت اور نہ چھپاویں گے ہم گواہی اللہ کی تحقیق
اِذًا لَّمِنَ الْاٰثِمِيْنَ ﴿۱۰۶﴾ فَاِنْ عُثِرَ عَلٰۤى اَنَّهُمَا اسْتَحَقَّاۤ اِثْمًا فَاٰخَرٰنِ
ہم اس وقت البتہ گنہگاروں سے ہیں ف۱ پس اگر خبر ہوئی اوپر اس بات کے کہ ان دونو نے حق ثابت کیا ہے گناہ سے
يَقُوْمٰنِ مَقَامَهُمَا مِنَ الَّذِيْنَ اسْتَحَقَّ عَلَيْهِمُ الْاَوْلَيٰنِ
پس اور دو شخص کھڑے ہونگے جگہ ان کی ان لوگوں میں سے کہ حق ثابت کیا ہے اوپر ان کے انہوں نے جو نزدیک اس کے تھے
فَيُقْسِمٰنِ بِاللّٰهِ لَشَهَادَتُنَاۤ اَحَقُّ مِنْ شَهَادَتِهِمَا وَمَا اعْتَدَيْنَاۤ ۖ
پس قسمیں کھاویں ساتھ اللہ کے کہ البتہ گواہی ہماری بہت سچی ہے گواہی ان دونوں کی سے اور نہیں حد سے نکل گئے ہیں ہم
اِنَّاۤ اِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۰۷﴾ ذٰلِكَ اَدْنٰۤى اَنْ يَّاْتُوْا بِالشَّهَادَةِ
تحقیق ہم اس وقت البتہ ظالموں سے ہیں یعنی مرنے وقت یہ بہت نزدیک ہے اس سے کہ لے آویں گواہی اوپر
عَلٰى وَجْهِهَاۤ اَوْ يَخَافُوْۤا اَنْ تُرَدَّ اَيْمَانٌۢ بَعْدَ اَيْمَانِهِمْ ؕ
طرح اس کی کے یا ڈریں یہ کہ پھیری جاویں گی قسمیں پیچھے قسموں ان کی کے
وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاسْمَعُوْا ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۱۰۸﴾ ع
اور ڈرو اللہ سے اور سنو اور اللہ نہیں ہدایت کرتا قوم فاسقوں کو ف۲
يَوْمَ يَجْمَعُ اللّٰهُ الرُّسُلَ فَيَقُوْلُ مَاذَاۤ اُجِبْتُمْ ؕ قَالُوْا لَا
جس دن اکٹھا کرے گا اللہ پیغمبروں کو پس کہے گا کیا جواب دیئے گئے تھے تم کہیں گے نہیں
عِلْمَ لَنَا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ﴿۱۰۹﴾ اِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسَى
علم ہم کو تحقیق تو ہی ہے جاننے والا غیبوں کا ف۳ جس وقت کہ کہے گا اللہ اے عیسیٰ

ف۱ یعنی مسلمان مرتے وقت کسی کو اپنے مال کا کام حوالے کرے تو بہتر ہے کہ دو مسلمان معتبر کو کرے پھر اگر وارثوں کو شبہ پڑے کہ ان شخصوں نے کچھ مال چھپایا اور وارث دعویٰ کریں اور شاہد نہیں تو دونوں شخص قسم کھاویں کہ ہم نے نہیں چھپایا۔ اگر سفر میں لگا مرنے وہاں مسلمان پیدا نہ ہوئے تو وہ کافر بھی روا ہیں اور قسم دیں بعد از نماز عصر اس وقت کی دعا نیک و بد زیادہ قبول ہے شاید ڈر کر جھوٹی قسم نہ کھاویں ۱۲ منہ رح

ف۲ یعنی وارثوں کو شبہ پڑے تو قسم دینے کا حکم رکھا اس واسطے کہ قسم سے ڈر کر آپ ہی جھوٹ نہ ظاہر کریں پھر اگر ان کی بات جھوٹ نکلے تو وارث قسم کھاویں یہ اس واسطے کہ وہ قسم میں دغا نہ کریں جانیں کہ آخر ہماری قسم الٹی پڑیں گی۔ فائدہ اس جگہ شہادت فرمایا ہے اظہار کو مدعی اظہار کرے یا مدعی علیہ جیسے اقرار کو کہتے ہیں اپنی جان پر شہادت دی۔ فائدہ حضرت کے وقت ایک مسلمان تجارت کو گیا راہ میں مرنے لگا قافلہ میں سے دو نصرانیوں کو اپنا مال سپرد کیا کہ میرے وارثوں کو دیجیو جب وہ لا کر دینے لگے وارثوں نے ایک کٹورہ اس میں نہ دیکھا وہ سونے کا تھا منقش اس کا دعویٰ کیا وہ دونوں قسم کھا گئے کہ ہم کو یہی دیا تھا پھر وارثوں نے وہ کٹورہ (باقی صفحہ ۱۵۰ پر)

ع ۱۴ ۸ ۱۲

ابْنَ مَرْيَمَ اذْكُرْ نِعْمَتِي عَلَيْكَ وَعَلَىٰ وَالِدَتِكَ إِذْ أَيَّدتُّكَ
بیٹے مریم کے یاد کر نعمت میری اوپر اپنے اور اوپر ماں اپنی کے جس وقت کہ قوت دی
بِرُوحِ الْقُدُسِ تُكَلِّمُ النَّاسَ فِي الْمَهْدِ وَكَهْلًا ۖ وَإِذْ
میں نے تجھ کو ساتھ جان پاک کے باتیں کرتا تھا تو لوگوں سے بیچ جھولے کے اور ادھیڑ اور جس
عَلَّمْتُكَ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَالتَّوْرَاةَ وَالْإِنجِيلَ ۖ وَإِذْ
وقت کہ سکھائی میں نے تجھ کو کتاب اور حکمت اور توریت اور انجیل اور جس
تَخْلُقُ مِنَ الطِّينِ كَهَيْئَةِ الطَّيْرِ بِإِذْنِي فَتَنفُخُ فِيهَا فَتَكُونُ
وقت بناتا تھا تو مٹی سے جیسے صورت جانور کی ساتھ حکم میرے کے پس پھونکتا تھا بیچ اسکے پس ہوجاتا
طَيْرًا بِإِذْنِي ۖ وَتُبْرِئُ الْأَكْمَهَ وَالْأَبْرَصَ بِإِذْنِي ۖ وَإِذْ
تھا پرندہ ساتھ حکم میرے کے اور چنگا کرتا تھا مادر زاد اندھوں کو اور سفید داغ والوں کو ساتھ حکم میرے کے اور جس وقت
تُخْرِجُ الْمَوْتَىٰ بِإِذْنِي ۖ وَإِذْ كَفَفْتُ بَنِي إِسْرَائِيلَ عَنكَ
نکالتا تھا تو مردوں کو ساتھ حکم میرے کے اور جس وقت کہ بند کیا میں نے بنی اسرائیل کو تجھ سے جب
إِذْ جِئْتَهُم بِالْبَيِّنَاتِ فَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْهُمْ إِنْ هَٰذَا إِلَّا
لایا تھا تو ان کے پاس دلیلیں پس کہا ان لوگوں نے جو کافر تھے ان میں سے نہیں یہ مگر
سِحْرٌ مُّبِينٌ ﴿١١٠﴾ وَإِذْ أَوْحَيْتُ إِلَى الْحَوَارِيِّينَ أَنْ آمِنُوا بِي
جادو ظاہر وا اور جس وقت وحی بھیجی میں نے طرف حواریوں کے یہ کہ ایمان لاؤ ساتھ میرے
وَبِرَسُولِي قَالُوا آمَنَّا وَاشْهَدْ بِأَنَّنَا مُسْلِمُونَ ﴿١١١﴾ إِذْ قَالَ
اور ساتھ پیغمبر میرے کے کہا انھوں نے ایمان لائے ہم اور شاہد رہ تو ساتھ اس کے کہ ہم مسلمان ہیں جس وقت کہا
الْحَوَارِيُّونَ يَا عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ هَلْ يَسْتَطِيعُ رَبُّكَ أَن يُنَزِّلَ
حواریوں نے اے عیسیٰ بیٹے مریم کے آیا کر سکتا ہے پروردگار تیرا یہ کہ اتارے
عَلَيْنَا مَائِدَةً مِّنَ السَّمَاءِ ۖ قَالَ اتَّقُوا اللَّهَ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ ﴿١١٢﴾
اوپر ہمارے خوان آسمان سے کہا ڈرو اللہ سے اگر ہو تم ایمان والے و۲
قَالُوا نُرِيدُ أَن نَّأْكُلَ مِنْهَا وَتَطْمَئِنَّ قُلُوبُنَا وَنَعْلَمَ أَن قَدْ
کہا انہوں نے ارادہ کرتے ہیں ہم یہ کہ کھاویں اس میں سے اور آرام پکڑیں دل ہمارے اور جانیں ہم یہ کہ تحقیق
صَدَقْتَنَا وَنَكُونَ عَلَيْهَا مِنَ الشَّاهِدِينَ ﴿١١٣﴾ قَالَ عِيسَى
سچ کہا تم نے ہم سے اور ہوویں ہم اوپر اس کے گواہوں سے و۳ کہا عیسیٰ

وا بنی اسرائیل کو روکا تجھ سے یعنی قتل کرنے نہ دیا۔ ۱۲۔منہ رح
و۲ ہو سکے یعنی کہ ہمارے واسطے تمہاری دعا سے اس قدر خرق عادات کرے یا نہ کرے فرمایا کہ ڈرو اللہ سے یعنی بندہ کو چاہیئے اللہ کو نہ آزماوے کہ میرا کہا مانتا ہے یا نہیں اگرچہ خداوند بہتیری مہربانی کرے۔ ۱۲۔منہ رح
و۳ یعنی برکت کی امید پر مانگتے ہیں اور معجزہ ہمیشہ مشہور رہے آزمانے کو نہیں۔ ۱۲۔منہ رح

(صفحہ ۱۴۹ سے آگے)
سنا ہے پس پایا پوچھا تو معلوم ہو چاندی کا تھا سونے کا ملمع کہ ان نصرانیوں نے بیچا ان پر ثابت کیا تو کہنے لگے کہ میت نے زندگی میں ہمارے ہاتھ بیچا وقیمت سے پکا تھا پھر وارثوں میں جو دو شخص اس میت کے زیادہ قریب تھے سب کی طرف سے قسم کھا گئے کہ ہم کو بیچنا معلوم نہیں اور میت کے ہاتھ کی فہرست بھی تھی اس مال میں سے کٹورہ اس میں داخل تھا آخر نصرانیوں سے پھیر لیا۔ ۱۲۔منہ رح
و۳ یہ اللہ صاحب پوچھے گا کافروں کے سنانے کو کہ میں نے تم کو جنکی طرف بھیجا تھا انہوں نے قبول کیا یا نہ کیا اور پیغمبر حوالہ رکھیں گے اللہ کے علم پر کہ ہم کو دل کی خبر نہیں ظاہر کی ہے یہ ان کو سنایا جو مغرور ہیں پیغمبروں کی شفاعت پر تا معلوم کریں کہ اللہ کے آگے کوئی کسی کے دل پر گواہی نہیں دیتا اور کوئی کسی کی شفاعت نہیں کرتا۔ ۱۲۔منہ رح

ابْنُ مَرْيَمَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآىِٕدَةً مِّنَ السَّمَآءِ
بیٹے مریم کے نے یا اللہ اے پروردگار ہمارے اتار اوپر ہمارے خوان آسمان سے

تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ
ہووے واسطے ہمارے عید اوّل ہمارے کو اور آخر ہمارے کو اور نشانی تیری طرف سے اور رزق دے ہم کو اور تو

خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿۱۱۴﴾ قَالَ اللّٰهُ اِنِّىْ مُنَزِّلُهَا عَلَيْكُمْ فَمَنْ يَّكْفُرْ بَعْدُ
بہتر رزق دینے والا ہے ف۱ کہا اللہ نے تحقیق میں اتارنے والا ہوں اس کو اوپر تمہارے پس جو کوئی کفر کرے

مِنْكُمْ فَاِنِّىْٓ اُعَذِّبُهٗ عَذَابًا لَّآ اُعَذِّبُهٗٓ اَحَدًا مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۱۵﴾ ع
پیچھے اس کے تم میں سے پس تحقیق میں عذاب کرونگا اس کو وہ عذاب کہ نہ عذاب کرونگا میں وہ کسی کو عالموں سے ف۲

وَاِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ ءَاَنْتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُوْنِىْ
اور جب کہے گا اللہ اے عیسیٰ بیٹے مریم کے کیا تو نے کہا تھا لوگوں کو پکڑو مجھ کو

وَاُمِّىَ اِلٰهَيْنِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ قَالَ سُبْحٰنَكَ مَا يَكُوْنُ لِىْٓ اَنْ
اور ماں میری کو دو معبود ورے اللہ سے کہے گا پاکی ہے تجھ کو نہیں ہے واسطے میرے یہ کہ

اَقُوْلَ مَا لَيْسَ لِىْ ۗ بِحَقٍّ ؕ اِنْ كُنْتُ قُلْتُهٗ فَقَدْ عَلِمْتَهٗ ؕ تَعْلَمُ
کہوں میں وہ چیز کہ نہیں واسطے میرے حق اگر میں نے کہا ہوگا یہ ان کو پس تحقیق جانتا ہوگا تو اس کو جانتا ہے تو

مَا فِىْ نَفْسِىْ وَلَآ اَعْلَمُ مَا فِىْ نَفْسِكَ ؕ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ﴿۱۱۶﴾
جو کچھ بیچ جی میرے کے ہے اور نہیں جانتا میں جو کچھ بیچ جی تیرے کے ہے تحقیق تو ہی جاننے والا ہے غیبوں کا

مَا قُلْتُ لَهُمْ اِلَّا مَآ اَمَرْتَنِىْ بِهٖٓ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّىْ وَرَبَّكُمْ ۚ
نہیں کہا میں نے واسطے ان کے مگر جو کچھ حکم کیا تھا تو نے مجھ کو ساتھ اس کے یہ کہ عبادت کرو اللہ کو پروردگار میرے کو اور پروردگار اپنے

وَكُنْتُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا مَّا دُمْتُ فِيْهِمْ ۚ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِىْ كُنْتَ
کو اور تھا میں اوپر ان کے شاہد جب تک رہا میں بیچ ان کے پس جب قبض کیا تو نے مجھ کو تھا

اَنْتَ الرَّقِيْبَ عَلَيْهِمْ ؕ وَاَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ شَهِيْدٌ ﴿۱۱۷﴾ اِنْ
تو ہی نگہبان اوپر ان کے اور تو اوپر ہر چیز کے گواہ ہے اگر

تُعَذِّبْهُمْ فَاِنَّهُمْ عِبَادُكَ ۚ وَاِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَاِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ
عذاب کرے گا تو ان کو پس وہ بندے تیرے ہیں اور اگر بخش دے تو ان کو پس تحقیق تو ہی ہے غالب

الْحَكِيْمُ ﴿۱۱۸﴾ قَالَ اللّٰهُ هٰذَا يَوْمُ يَنْفَعُ الصّٰدِقِيْنَ صِدْقُهُمْ ؕ
حکمت والا کہے گا اللہ یہ دن ہے کہ فائدہ دیوے گا سچوں کو سچ ان کا

ف۱ کہتے ہیں وہ خوان اترا یکشنبہ کو وہ نصاریٰ کی عید ہے جیسے ہم کو روز جمعہ۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ بعضے کہتے ہیں وہ خوان اترا چالیس روز تک پھر بعضوں نے ناشکری کی یعنی حکم ہوا تھا کہ فقیر اور مریض کھاویں محفوظ اور چنگے بھی لگے کھانے پھر قریب اسی آدمی سؤر اور بندر ہوگئے یہ عذاب پہلے یہود میں ہوا تھا پیچھے کسی کو نہیں ہوا اور بعضے کہتے ہیں نہ اترا یہ تہدید سن کر مانگنے والے ڈر گئے نہ مانگا لیکن پیغمبر کی دعا عبث نہیں اور اس کلام میں نقل کرنا بے حکمت نہیں شاید اس دعا کا یہ اثر ہے کہ حضرت عیسیٰ کی امت میں آسودگی مال سے ہمیشہ رہی اور جو کوئی انہیں ناشکری کرے یعنی دل کے چین سے عبادت میں نہ لگے بلکہ گناہ میں خرچ کرے تو شاید آخرت میں سب سے زیادہ عذاب پاوے اس میں مسلمان کو عبرت ہے کہ اپنا مدعا خرق عادت کی راہ سے نہ چاہے کہ پھر اس کی شکر گذاری بہت مشکل ہے اسباب ظاہری پر قناعت کرے تو بہتر ہے۔ اس قصہ میں بھی ثابت ہوا کہ حق تعالیٰ کے آگے پیش نہیں جاتی۔ ۱۲ منہ رح

ع ۱۵ ۷ ۵

لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْهَآ
واسطے ان کے بہشتیں ہیں چلتی ہیں نیچے ان کے سے نہریں ہمیشہ رہیں گے بیچ ان کے

اَبَدًا ؕ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَ رَضُوْا عَنْهُ ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ
ہمیشہ راضی ہوا اللہ اُن سے اور راضی ہوئے وہ اس سے یہی ہے مراد پانا

الْعَظِیْمُ ﴿۱۱۹﴾ لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ مَا فِیْهِنَّ ؕ
بڑا واسطے اللہ کے ہے بادشاہی آسمانوں کی اور زمین کی اور جو کچھ بیچ اُن کے ہے

وَ هُوَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۱۲۰﴾ ع
اور وہ اوپر ہر چیز کے قادر ہے

سُوْرَةُ الْاَنْعَامِ مَكِّیَّةٌ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ | اٰیاتها ۱۶۵ رکوعاتها ۲۰

سورہ انعام مکہ میں نازل ہوئی اس میں ایک سو شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے پینسٹھ آیتیں اور بیس رکوع ہیں

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ وَ جَعَلَ الظُّلُمٰتِ
سب تعریف واسطے اللہ کے ہے جس نے پیدا کیا آسمانوں کو اور زمین کو اور پیدا کیا اندھیرا

وَ النُّوْرَ ؕ۬ ثُمَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ یَعْدِلُوْنَ ﴿۱﴾ هُوَ الَّذِیْ
اور اجالا پھر وہ لوگ کہ کافر ہوئے ساتھ پروردگار اپنے کے کسی کو برابر کرتے ہیں ف۱ وہی ہے جس نے

خَلَقَكُمْ مِّنْ طِیْنٍ ثُمَّ قَضٰۤى اَجَلًا ؕ وَ اَجَلٌ مُّسَمًّى عِنْدَهٗ
پیدا کیا تم کو مٹی سے پھر مقرر کی اجل اور ایک اجل مقرر کی ہوئی ہے نزدیک اس

ثُمَّ اَنْتُمْ تَمْتَرُوْنَ ﴿۲﴾ وَ هُوَ اللّٰهُ فِی السَّمٰوٰتِ وَ فِی الْاَرْضِ ؕ
کے یعنی قیامت پھر تم شک کرتے ہو ف۲ اور وہی ہے اللہ بیچ آسمانوں کے اور بیچ زمین کے

یَعْلَمُ سِرَّكُمْ وَ جَهْرَكُمْ وَ یَعْلَمُ مَا تَكْسِبُوْنَ ﴿۳﴾ وَ مَا تَاْتِیْهِمْ
جانتا ہے پوشیدہ بولنا تمہارا اور پکار کر بولنا تمہارا اور جانتا ہے جو کچھ کماتے ہو تم اور نہیں آتی ان کے پاس

مِّنْ اٰیَةٍ مِّنْ اٰیٰتِ رَبِّهِمْ اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِیْنَ ﴿۴﴾ فَقَدْ
کوئی نشانی نشانیوں پروردگار ان کے سے مگر ہوتے ہیں اس سے منہ پھیرنے والے پس تحقیق

كَذَّبُوْا بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ ؕ فَسَوْفَ یَاْتِیْهِمْ اَنْۢبٰٓؤُا مَا
جھٹلایا انہوں نے حق کو جب آیا ان کے پاس پس البتہ آویں گی ان کے پاس خبریں اس چیز

كَانُوْا بِهٖ یَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۵﴾ اَلَمْ یَرَوْا كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ
کی کہ تھے ساتھ اس کے ٹھٹھا کرتے کیا نہ دیکھا انہوں نے کتنے ہلاک کیے ہیں ہم نے پہلے اُن سے

ع ۵ / ۱۶ / ۶

ف۱ اندھیرا اجالا یہی رات دن ہے اور اشارہ میں راہ غلط کو اندھیرا کہتے ہیں اور راہ صحیح کو اجالا سو راہ صحیح ایک ہے اور اس کے سوا سب غلط ہیں وہ بہت ہیں۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ وعدہ یعنی فنا کا وقت سو ایک اجل ہے ہر شخص کی وہ نہیں جانتا پر فرشتے جانتے ہیں اور ایک اجل ہے سب خلق کی سو کوئی نہیں جانتا اس اجل سے قیاس کر لیا اس اجل کو اور شک نہ لائے۔ ۱۲ منہ رح

مِّنْ قَرْنٍ مَّكَّنّٰهُمْ فِي الْاَرْضِ مَا لَمْ نُمَكِّنْ لَّكُمْ وَاَرْسَلْنَا السَّمَآءَ
قرنوں سے مقدور دیا تھا ہم نے ان کو بیچ زمین کے جو کچھ کہ مقدور نہ دیا تھا تم کو اور بھیجا ہم نے یعنی مینہ آسمان سے

عَلَيْهِمْ مِّدْرَارًا ۪ وَّجَعَلْنَا الْاَنْهٰرَ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمْ
اوپر ان کے برسنے والا اور کیں ہم نے نہریں چلتی ہیں نیچے ان کے سے

فَاَهْلَكْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ وَاَنْشَاْنَا مِنْ بَعْدِهِمْ قَرْنًا اٰخَرِيْنَ ﴿۶﴾
پس ہلاک کیا ہم نے ان کو ساتھ گناہوں ان کے کے اور پیدا کیے ہم نے پیچھے ان کے قرن یعنی مردمان دیگر

وَلَوْ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ كِتٰبًا فِيْ قِرْطَاسٍ فَلَمَسُوْهُ بِاَيْدِيْهِمْ لَقَالَ
اور اگر اتارتے ہم اوپر تیرے کتاب یعنی لکھا ہوا بیچ کاغذ کے پس ٹٹولتے اس کو ساتھ ہاتھوں اپنے کے البتہ کہتے

الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۷﴾ وَقَالُوْا لَوْلَآ
وہ لوگ کہ کافر ہوئے ہیں نہیں یہ مگر جادو ظاہر ف۱ اور کہا انہوں نے کیوں نہ

اُنْزِلَ عَلَيْهِ مَلَكٌ ؕ وَلَوْ اَنْزَلْنَا مَلَكًا لَّقُضِيَ الْاَمْرُ ثُمَّ لَا
اتارا گیا اوپر اس کے فرشتہ اور اگر اتارتے ہم فرشتہ البتہ فیصل کیا جاتا کام ان کا پھر لیکن

يُنْظَرُوْنَ ﴿۸﴾ وَلَوْ جَعَلْنٰهُ مَلَكًا لَّجَعَلْنٰهُ رَجُلًا وَّلَلَبَسْنَا عَلَيْهِمْ
ڈھیل دیے جاتے ف۲ اور اگر کرتے ہم اس کو فرشتہ البتہ کرتے ہم اس کو بصورت مرد کے اور البتہ شبہ ڈالتے ہم اوپر

مَّا يَلْبِسُوْنَ ﴿۹﴾ وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَحَاقَ
ان کے جو شبہ کرتے ہیں اب اور البتہ تحقیق ٹھٹھا کیا گیا ساتھ پیغمبروں کے پہلے تجھ سے پس گھیر لیا

بِالَّذِيْنَ سَخِرُوْا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۱۰﴾ ع قُلْ
ان لوگوں کو کہ ٹھٹھا کرتے تھے ان میں سے اس چیز نے کہ تھے ساتھ اس کے ٹھٹھا کرتے کہہ کہ

سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ ثُمَّ انْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ
سیر کرو بیچ زمین کے پھر دیکھو کیوں کر ہوا آخر کام

الْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۱۱﴾ قُلْ لِّمَنْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ قُلْ
جھٹلانے والوں کا کہہ واسطے کس کے ہے جو کچھ بیچ آسمانوں کے اور زمین کے ہے کہہ واسطے

لِّلّٰهِ ؕ كَتَبَ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ؕ لَيَجْمَعَنَّكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ
اللہ کے ہے لکھی ہے اس نے اوپر ذات اپنی کے مہربانی البتہ اکٹھا کرے گا تم کو طرف دن قیامت کے

لَا رَيْبَ فِيْهِ ؕ اَلَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۲﴾
نہیں شک بیچ اس کے جنہوں نے ٹوٹا دیا جانوں اپنی کو پس وہ نہیں ایمان لاتے

ف۱ یعنی جس کی قسمت میں ہدایت نہیں اس کا شبہ کبھی نہیں مٹتا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ کہتے تھے کہ ہمارے دیکھتے فرشتہ اترے سو جب آدمی فرشتوں کو دیکھیں تو عالم غیب ظاہر ہو وے پھر عمل کی جزا بھی غیب سے ظاہر ہیں آنے لگے۔ ۱۲۔ منہ رح

(صفحہ ۱۴۸ سے آگے)
جو مادہ ہو ہیں رکھوں پھر اگر نر و مادہ سے ہوتے تو نر بھی آپ رکھتا مادہ کے ساتھ۔ یہ وصیلہ تھا اور جس اونٹ کی پشت سے دس بچے پورے ہوتے لائق سواری کے اور بوجھ کے اس باپ کو لادنا موقوف کرتے اور چارے پانی پر سے نہ ہانکتے وہ حامی تھا۔ یہ سب غدد رسمیں ڈال کر اس کو حکم شرعی سمجھتے تھے۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۱۰ / ۷

ف۳ یعنی باپ کا احوال معلوم ہو کر حق کا تابع تھا اور صاحب علم تھا تو اس کی راہ پکڑے نہیں تو عبث ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ یعنی ان مسئلوں کو تم نے جانا۔ تم ان پر عمل کرو اور جو کوئی اصل دین ہی نہیں مانتا اس کو مسئلے بتانا کیا حاصل۔ اول دین سمجھائے اگر وہ مانے تب مسئلہ بتلائے۔ ۱۲۔ منہ رح

وَلَهُ مَا سَكَنَ فِي الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ۚ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ﴿١٣﴾

اور واسطے اس کے ہے جو کچھ بستا ہے بیچ رات کے اور دن کے اور وہ ہے سننے والا جاننے والا

قُلْ أَغَيْرَ اللّٰهِ أَتَّخِذُ وَلِيًّا فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَهُوَ

کہہ کیا سوا خدا کے پکڑوں میں دوست وہ جو پیدا کرنے والا آسمانوں اور زمین کا ہے اور وہی

يُطْعِمُ وَلَا يُطْعَمُ ۗ قُلْ إِنِّي أُمِرْتُ أَنْ أَكُونَ أَوَّلَ مَنْ

کھلاتا ہے اور نہیں کھلایا جاتا کہہ تحقیق میں حکم کیا گیا ہوں یہ کہ ہوں میں اوّل اس شخص کا جو

أَسْلَمَ وَلَا تَكُونَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ﴿١٤﴾ قُلْ إِنِّي أَخَافُ إِنْ

مسلمان ہوا ہے اور ہرگز مت ہو تو شریک لانے والوں سے کہہ تحقیق میں ڈرتا ہوں اگر

عَصَيْتُ رَبِّي عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ ﴿١٥﴾ مَنْ يُصْرَفْ عَنْهُ

نافرمانی کروں پروردگار اپنے کی عذاب دن بڑے کے سے جو شخص کہ پھیرا جاوے عذاب

يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمَهُ ۚ وَذٰلِكَ الْفَوْزُ الْمُبِينُ ﴿١٦﴾ وَإِنْ

اس سے اس دن پس تحقیق مہربانی کی اس پر اور یہ ہے مراد پانا ظاہر اور اگر

يَمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهُ إِلَّا هُوَ ۖ وَإِنْ يَمْسَسْكَ

لگا دیوے تجھ کو اللہ ضرر پس نہیں کھولنے والا اس کو مگر وہی اور اگر لگا دیوے تجھ کو

بِخَيْرٍ فَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿١٧﴾ وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهِ ۚ

بھلائی پس وہ اوپر ہر چیز کے قادر ہے ف١ اور وہی غالب ہے اوپر بندوں اپنوں کے

وَهُوَ الْحَكِيمُ الْخَبِيرُ ﴿١٨﴾ قُلْ أَيُّ شَيْءٍ أَكْبَرُ شَهَادَةً ۖ قُلِ

اور وہ ہے حکمت والا خبردار کہہ کون چیز ہے بڑی گواہی میں کہہ اللہ

اللّٰهُ ﷻ شَهِيدٌ بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ ۚ وَأُوحِيَ إِلَيَّ هٰذَا الْقُرْاٰنُ لِأُنْذِرَكُمْ

ہے گواہ درمیان میرے اور درمیان تمہارے اور وحی کیا گیا ہے طرف میری یہ قرآن تاکہ ڈراؤں میں

بِهِ وَمَنْ بَلَغَ ۚ أَئِنَّكُمْ لَتَشْهَدُونَ أَنَّ مَعَ اللّٰهِ اٰلِهَةً أُخْرٰى ۚ

تم کو ساتھ اس کے اور جس کو پہنچے کیا تم گواہی دیتے ہو یہ کہ ساتھ اللہ کے معبود اور ہیں

قُلْ لَا أَشْهَدُ ۚ قُلْ إِنَّمَا هُوَ إِلٰهٌ وَاحِدٌ وَإِنَّنِي بَرِيءٌ مِمَّا

کہہ میں نہیں گواہی دیتا کہہ سوائے اس کے نہیں کہ وہ معبود اکیلا ہے اور تحقیق میں بیزار ہوں اس چیز سے

تُشْرِكُونَ ﴿١٩﴾ الَّذِينَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَعْرِفُونَهُ كَمَا يَعْرِفُونَ

کہ شریک لاتے ہو تم ف٢ وہ جن کو دی ہے ہم نے ان کو کتاب پہچانتے ہیں اس کو جیسا پہچانتے ہیں

ف١ معلوم ہوا کہ بھلائی پہنچایا چاہتا ہے۔ ١٢ منہ

ف٢ یہاں گواہی فرمایا قسم کو یعنی میں قسم کھاتا ہوں اللہ کی اس سے زیادہ کون قسم ہوگی۔ ١٢ منہ

وقف لازم بالاختلاف

ع ۲ ۸

أَبْنَاءَهُمُ ۘ الَّذِينَ خَسِرُوا أَنفُسَهُمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ﴿٢٠﴾ ع

بیٹوں اپنوں کو جنہوں نے ٹوٹا دیا جانوں اپنی کو پس وہی نہیں ایمان لاتے

وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا أَوْ كَذَّبَ بِآيَاتِهِ ۗ

اور کون ہے بہت ظالم اس شخص سے کہ باندھ لیوے اوپر اللہ کے جھوٹ یا جھٹلاوے نشانیوں اس کی کو

إِنَّهُ لَا يُفْلِحُ الظَّالِمُونَ ﴿٢١﴾ وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيعًا ثُمَّ

تحقیق نہیں چھٹکارا پاتے ظالم ف۱ اور جس دن کہ اکٹھا کریں گے ہم ان سب کو پھر کہیں گے

نَقُولُ لِلَّذِينَ أَشْرَكُوا أَيْنَ شُرَكَاؤُكُمُ الَّذِينَ كُنتُمْ

ہم واسطے ان لوگوں کے جو شریک لاتے تھے کہاں ہیں شریک تمہارے جن کو تم تھے

تَزْعُمُونَ ﴿٢٢﴾ ثُمَّ لَمْ تَكُن فِتْنَتُهُمْ إِلَّا أَن قَالُوا وَاللَّهِ رَبِّنَا

دعوے کرتے پھر نہیں ہوگا بہانہ ان کا مگر یہ کہ کہیں گے قسم ہے اللہ پروردگار ہمارے

مَا كُنَّا مُشْرِكِينَ ﴿٢٣﴾ انظُرْ كَيْفَ كَذَبُوا عَلَىٰ أَنفُسِهِمْ

کی نہ تھے ہم شریک لانے والے دیکھ کیوں کر جھوٹ بولا انہوں نے اوپر جانوں اپنی کے

وَضَلَّ عَنْهُم مَّا كَانُوا يَفْتَرُونَ ﴿٢٤﴾ وَمِنْهُم مَّن يَسْتَمِعُ

اور کھویا گیا ان سے جو تھے باندھ لیتے جھوٹ اور بعض ان میں سے وہ ہے کان دھرتا ہے

إِلَيْكَ ۖ وَجَعَلْنَا عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ أَكِنَّةً أَن يَفْقَهُوهُ وَفِي آذَانِهِمْ

طرف تیری اور کیے ہیں ہم نے اوپر دلوں ان کے کے پردے اس سے کہ سمجھیں اس کو اور بیچ کانوں ان کے

وَقْرًا ۚ وَإِن يَرَوْا كُلَّ آيَةٍ لَّا يُؤْمِنُوا بِهَا ۚ حَتَّىٰ إِذَا جَاءُوكَ

کے بوجھ اور اگر دیکھیں سب نشانیاں نہ ایمان لاویں ساتھ ان کے یہاں تک کہ جب آویں تیرے پاس

يُجَادِلُونَكَ يَقُولُ الَّذِينَ كَفَرُوا إِنْ هَٰذَا إِلَّا أَسَاطِيرُ

جھگڑتے تجھ سے کہتے ہیں وہ لوگ جو کافر ہوئے نہیں یہ مگر کہانیاں

الْأَوَّلِينَ ﴿٢٥﴾ وَهُمْ يَنْهَوْنَ عَنْهُ وَيَنْأَوْنَ عَنْهُ ۖ وَإِن يُهْلِكُونَ

پہلوں کی اور وہ منع بھی کرتے ہیں اس سے اور دور بھی رہتے ہیں اس سے اور نہیں ہلاک کرتے

إِلَّا أَنفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُونَ ﴿٢٦﴾ وَلَوْ تَرَىٰ إِذْ وُقِفُوا عَلَى

مگر جانوں اپنی کو اور نہیں سمجھتے اور کاش کہ دیکھے تو جس وقت کہ کھڑے کیے جاویں گے

النَّارِ فَقَالُوا يَا لَيْتَنَا نُرَدُّ وَلَا نُكَذِّبَ بِآيَاتِ رَبِّنَا

اوپر آگ کے پس کہیں گے اے کاش کہ ہم پھیرے جاویں اور نہ جھٹلاویں نشانیوں رب اپنے کی کو

ف۱ یعنی اگر میں نے جھوٹ باندھا مجھ سے بدتر کوئی نہیں اور اگر میں نے سچ پہنچایا پھر تم نے جھٹلایا تو تم سے گنا ہگار کوئی نہیں پھر اپنا فکر کرو۔ ۱۲۔منہ رح

(صفحہ سے آگے،) ہمیشہ شکار مارنا حرام ہے بلکہ شکار کو ڈرانا، اور بھگانا بھی۔ ۱۲۔منہ رح

ف۲ عرب کا ملک بے حاکم تھا ہمیشہ اس میں جنگ و فتنہ رہتا۔ مگر بزرگی کعبہ ان پر ثابت تھی۔ ماہِ حرام میں امن ہوتا اس میں ہر کوئی سفر کرتا اپنا مطلب حاصل کر لاتا اور قربانی کے ساتھ قافلہ گذر جاتا اس طرح گذران چلتی تھی۔ ۱۲۔منہ رح

وَنَكُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ﴿۲۷﴾ بَلْ بَدَا لَهُم مَّا كَانُوا يُخْفُونَ
اور ہوویں ہم ایمان والوں سے بلکہ ظاہر ہو گیا واسطے ان کے جو کچھ کہ تھے چھپاتے

مِن قَبْلُ ۖ وَلَوْ رُدُّوا لَعَادُوا لِمَا نُهُوا عَنْهُ وَإِنَّهُمْ لَكَاذِبُونَ ﴿۲۸﴾
پہلے اس سے اور اگر پھیرے جاویں البتہ پھر جاویں طرف اس چیز کی منع کئے گئے ہیں اس سے اور تحقیق وہ البتہ جھوٹے ہیں

وَقَالُوا إِنْ هِيَ إِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوثِينَ ﴿۲۹﴾
اور کہا انہوں نے نہیں یہ مگر زندگانی ہماری دنیا کی اور نہیں ہم اٹھائے جانے والے

وَلَوْ تَرَىٰ إِذْ وُقِفُوا عَلَىٰ رَبِّهِمْ ۚ قَالَ أَلَيْسَ هَٰذَا بِالْحَقِّ ۚ
اور کاش کہ دیکھے تو جس وقت کہ کھڑے کیے جاویں گے اوپر رب اپنے کے کہے گا کیا نہیں یہ حق

قَالُوا بَلَىٰ وَرَبِّنَا ۚ قَالَ فَذُوقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنتُمْ تَكْفُرُونَ ﴿۳۰﴾ ع
کہیں گے البتہ ہے قسم پروردگار ہمارے کی پس چکھو عذاب بدلے اس چیز کے جو تھے تم کفر کرتے

قَدْ خَسِرَ الَّذِينَ كَذَّبُوا بِلِقَاءِ اللَّهِ ۖ حَتَّىٰ إِذَا جَاءَتْهُمُ
تحقیق ٹوٹا پایا ان لوگوں نے کہ جھٹلایا ملاقات اللہ کی کو یہاں تک کہ جب آوے گی ان کے پاس

السَّاعَةُ بَغْتَةً قَالُوا يَا حَسْرَتَنَا عَلَىٰ مَا فَرَّطْنَا فِيهَا وَهُمْ
قیامت ناگہاں کہیں گے اے افسوس ہم کو اوپر اس کے کہ تقصیر کی ہم نے بیچ اس کے اور وہ

يَحْمِلُونَ أَوْزَارَهُمْ عَلَىٰ ظُهُورِهِمْ ۚ أَلَا سَاءَ مَا يَزِرُونَ ﴿۳۱﴾
اٹھاویں گے بوجھ اپنے اوپر پیٹھوں اپنی کے خبردار ہو برا ہے جو کچھ بوجھ اٹھاتے ہیں

وَمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا إِلَّا لَعِبٌ وَلَهْوٌ ۖ وَلَلدَّارُ الْآخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِينَ
اور نہیں زندگانی دنیا کی مگر کھیل اور مشغولہ اور البتہ گھر آخرت کا بہتر ہے واسطے ان لوگوں کے

يَتَّقُونَ ۗ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ﴿۳۲﴾ قَدْ نَعْلَمُ إِنَّهُ لَيَحْزُنُكَ الَّذِي يَقُولُونَ
کہ پرہیزگاری کرتے ہیں کیا پس نہیں سمجھتے ہو تم تحقیق جانتے ہیں ہم تحقیق البتہ وہ غمگین کرتا ہے تجھ کو جو کچھ کہ کہتے ہیں

فَإِنَّهُمْ لَا يُكَذِّبُونَكَ وَلَٰكِنَّ الظَّالِمِينَ بِآيَاتِ اللَّهِ يَجْحَدُونَ ﴿۳۳﴾
پس تحقیق وہ نہیں جھٹلاتے تجھ کو اور لیکن ظالم نشانیوں اللہ کی کو انکار کرتے ہیں

وَلَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ مِّن قَبْلِكَ فَصَبَرُوا عَلَىٰ مَا كُذِّبُوا
اور البتہ تحقیق جھٹلائے گئے پیغمبر پہلے تجھ سے پس صبر کیا انہوں نے اوپر اس کے کہ جھٹلائے گئے

وَأُوذُوا حَتَّىٰ أَتَاهُمْ نَصْرُنَا ۚ وَلَا مُبَدِّلَ لِكَلِمَاتِ اللَّهِ ۚ
اور ایذا دیئے گئے یہاں تک کہ آئی ان کے پاس مدد ہماری اور نہیں کوئی بدلنے والا باتوں اللہ کی کو

ع ۳ / ۱۰ / ۹

ف۱ یعنی دوزخ کے کنارے پر پہنچ کر حکم ہوگا کہ مقصود تو کافر کو توقع پڑے گی کہ شاید ہم کو پھر دنیا میں بھیجیں تو اب کی بار کفر نہ کریں۔ ایمان لاویں سو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اس واسطے ان کو نہیں ٹھہرایا بلکہ اس تدبیر سے ان کے منہ اقرار کروایا کہ ہم نے کفر کیا تھا حالانکہ پہلے منکر ہوئے تھے کہ ہم شریک نہ کرتے تھے اور پھر بھیجنا ان کو عبث ہے۔ ۱۲ منہ رح

وَلَقَدْ جَآءَكَ مِنْ نَّبَإِي الْمُرْسَلِيْنَ (۳۴) وَاِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكَ
اور البتہ تحقیق آئی ہیں تیرے پاس بعضی خبریں پیغمبروں کی اور اگر گراں ہوا ہے اوپر تیرے

اِعْرَاضُهُمْ فَاِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ تَبْتَغِيَ نَفَقًا فِي الْاَرْضِ اَوْ
منہ پھیرنا ان کا پس اگر سکے تو یہ کہ ڈھونڈے سرنگ بیچ زمین کے یا

سُلَّمًا فِي السَّمَآءِ فَتَاْتِيَهُمْ بِاٰيَةٍ ۭ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَمَعَهُمْ عَلَى
سیڑھی بیچ آسمان کے پس لے آوے تو ان کے پاس کوئی نشانی اور اگر چاہتا اللہ البتہ اکٹھا کرتا ان کو اوپر

الْهُدٰى فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ (۳۵) اِنَّمَا يَسْتَجِيْبُ الَّذِيْنَ
ہدایت کے پس ہرگز مت ہو جاہلوں سے ف۱ سوائے اس کے نہیں کہ قبول کرتے ہیں وہ لوگ

يَسْمَعُوْنَ ۭ وَالْمَوْتٰى يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ ثُمَّ اِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ (۳۶) وَقَالُوْا لَوْلَا
جو سنتے ہیں اور مردے جِلا دے گا ان کو اللہ پھر طرف اسی کی پھیرے جاویں گے ف۲ اور کہا انہوں نے کیوں

نُزِّلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۭ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ قَادِرٌ عَلٰٓى اَنْ يُّنَزِّلَ
نہیں اُتاری جاتی اوپر ان کے نشانی رب اس کے سے کہہ تحقیق اللہ قادر ہے اوپر اس کے کہ اتارے نشانی

اٰيَةً وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ (۳۷) وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي
اور لیکن اکثر ان کے نہیں جانتے اور نہیں کوئی چلنے والا بیچ

الْاَرْضِ وَلَا طٰۗىِٕرٍ يَّطِيْرُ بِجَنَاحَيْهِ اِلَّآ اُمَمٌ اَمْثَالُكُمْ ۭ مَا
زمین کے اور نہ کوئی پرندہ کہ اڑے ساتھ دو بازو اپنے کے مگر اُمتیں ہیں مانند تمہاری نہیں

فَرَّطْنَا فِي الْكِتٰبِ مِنْ شَيْءٍ ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمْ يُحْشَرُوْنَ (۳۸)
کم کیا ہم نے بیچ کتاب کے کچھ چیز پھر طرف پروردگار اپنے کے اکٹھے کیے جاویں گے

وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا صُمٌّ وَّبُكْمٌ فِي الظُّلُمٰتِ ۭ مَنْ يَّشَاِ
اور جن لوگوں نے جھٹلایا نشانیوں ہماری کو بہرے ہیں اور گونگے ہیں بیچ اندھیروں کے جس کو چاہتا ہے

اللّٰهُ يُضْلِلْهُ ۭ وَمَنْ يَّشَاْ يَجْعَلْهُ عَلٰي صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ (۳۹) قُلْ
اللہ گمراہ کرتا ہے اس کو اور جس کو چاہتا ہے کرتا ہے اس کو اوپر سیدھی راہ کے ف۳ کہہ

اَرَءَيْتَكُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُ اللّٰهِ اَوْ اَتَتْكُمُ السَّاعَةُ اَغَيْرَ
کیا دیکھا ہے تم نے اپنے تئیں اگر آوے تمہارے پاس عذاب اللہ کا یا آوے تم کو قیامت کیا غیر

اللّٰهِ تَدْعُوْنَ ۚ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ (۴۰) بَلْ اِيَّاهُ تَدْعُوْنَ
خدا کے کو پکارو گے تم اگر ہو تم سچے بلکہ اسی کو پکارو گے تم

وقف غفران / وقف منزل عند المتقدمین / النصف علی البعض یسمعون

ف۱ کافر مانگتے تھے کہ یہ نبی ہے تو اس کے ساتھ ہمیشہ ایک نشانی رہے کہ ہر کوئی دیکھے اور یقین لاوے۔ سو شاید حضرت کا دل بھی چاہا ہو اس واسطے تربیت فرمائی کہ اللہ کے تابع رہو اس کو منظور ہوتا تو بن نشانی سب کے دل پھیر لاتا ایمان پر۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی سب سے توقع نہ رکھو کہ مانیں جن کے دل میں اللہ نے کان نہیں دیئے وہ سنتے نہیں تو کس طرح مانیں مگر یہ کافر کہ مثال مردے کے ہیں قیامت میں دیکھ کر یقین کریں گے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی اللہ کی قدرت کی نشانیاں سب جہان میں ہیں ہر قسم کے جانوروں کا کارخانہ ایک قاعدے پر باندھا ہے انسان کا بھی ایک قاعدہ رکھا ہے وہ پیغمبروں کی زبان سے ان کو سکھاتا ہے اگر دھیان کریں تو یہی نشانی بس ہے پیغمبروں کے قول پر لیکن بہرا اور گونگا اندھیرے میں پڑا کیا دیکھے اور کب سمجھے اور یہ جو فرمایا [illegible] نہیں ہم نے لکھنے میں کوئی چیز یعنی لوح محفوظ۔ ۱۲۔ منہ رح

فَيَكْشِفُ مَا تَدْعُونَ إِلَيْهِ إِنْ شَآءَ وَتَنْسَوْنَ مَا تُشْرِكُونَ ﴿٤١﴾ ع ١٠
پس کھول دے گا جو کچھ کہ بلاتے ہو طرف اس کی اگر چاہے اور بھول جاؤ گے جو کچھ شریک مقرر کرتے تھے

وَلَقَدْ أَرْسَلْنَآ إِلَىٰٓ أُمَمٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَأَخَذْنٰهُمْ بِالْبَأْسَآءِ
اور تحقیق بھیجا ہم نے طرف امتوں کی پہلے تجھ سے یعنی پیغمبر پس پکڑا ہم نے ان کو ساتھ فقر کے

وَالضَّرَّآءِ لَعَلَّهُمْ يَتَضَرَّعُونَ ﴿٤٢﴾ فَلَوْلَآ إِذْ جَآءَهُمْ بَأْسُنَا
اور مرض کے تو کہ وہ عاجزی کریں پس کیوں نہ جس وقت آیا ان کے پاس عذاب ہمارا

تَضَرَّعُوا وَلٰكِنْ قَسَتْ قُلُوبُهُمْ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ مَا
عاجزی کی اور لیکن سخت ہو گئے دل ان کے اور زینت دی واسطے ان کے شیطان نے

كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿٤٣﴾ فَلَمَّا نَسُوا مَا ذُكِّرُوا بِهِ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ
جو کچھ تھے کرتے پس جب بھول گئے جو کچھ کہ نصیحت کیے گئے تھے ساتھ اس کے کھول دیئے ہم نے

أَبْوَابَ كُلِّ شَيْءٍ حَتّٰىٓ إِذَا فَرِحُوا بِمَآ أُوتُوٓا أَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً
اوپر ان کے دروازے ہر چیز کے یہاں تک کہ جب خوش ہوئے ساتھ اس چیز کے کہ دیئے گئے پکڑا ہم نے ان کو

فَإِذَا هُمْ مُّبْلِسُونَ ﴿٤٤﴾ فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِينَ ظَلَمُوا ط
یکبارگی پس ناگہاں وہ ناامید تھے ف۱ پس کاٹی گئی جڑ اس قوم کی کہ جو ظلم کرتے تھے

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِينَ ﴿٤٥﴾ قُلْ أَرَءَيْتُمْ إِنْ أَخَذَ اللّٰهُ
اور سب تعریف واسطے اللہ کے ہے پروردگار عالموں کا کہہ کیا دیکھا تم نے اگر لے لے اللہ

سَمْعَكُمْ وَأَبْصَارَكُمْ وَخَتَمَ عَلٰى قُلُوبِكُمْ مَّنْ إِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ
شنوائی تمہاری اور بینائی تمہاری اور مُہر کر دے اوپر دلوں تمہارے کے کونسا معبود ہے سوائے خدا کے

يَأْتِيكُمْ بِهِ ط انْظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ ثُمَّ هُمْ يَصْدِفُونَ ﴿٤٦﴾
کہ لا دیوے تم کو وہ دیکھ کیوں کر طرح طرح سے بیان کرتے ہیں ہم نشانیاں پھر وہ پھر رہتے ہیں ف۲

قُلْ أَرَءَيْتَكُمْ إِنْ أَتٰىكُمْ عَذَابُ اللّٰهِ بَغْتَةً أَوْ جَهْرَةً هَلْ
کہہ کیا دیکھا تم نے اگر آوے تم کو عذاب اللہ کا یکبارگی یا آشکارا کیا

يُهْلَكُ إِلَّا الْقَوْمُ الظّٰلِمُونَ ﴿٤٧﴾ وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِينَ إِلَّا
ہلاک کیے جاویں گے مگر قوم ظالموں کی ف۳ اور نہیں بھیجتے ہم پیغمبروں کو مگر

مُبَشِّرِينَ وَمُنْذِرِينَ ج فَمَنْ اٰمَنَ وَأَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ
بشارت دینے والے اور ڈرانے والے پس جو کوئی ایمان لاوے اور اصلاح کرے پس نہیں ڈر اوپر

ف۱ یعنی گنہگار کو اللہ تعالیٰ تھوڑا سا پکڑتا ہے اگر وہ گڑگڑایا اور توبہ کی تو بچ گیا اور اگر اتنی پکڑ نہ مانی تو پھر بھلاوا دیا اور خوبی کے دروازے کھولے جب خوب گناہ میں غرق ہوا تو بے خبر پکڑا گیا۔ یہ ارشاد ہے کہ آدمی کو گناہ پر تنبیہ پہنچے تو شتاب توبہ کرے۔ یہ راہ نہ دیکھے کہ اس سے زیادہ پہنچے تو یقین کروں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی توبہ کو دیر نہ کرے جو کان اور دل اس وقت ہے شاید پھر نہ ملے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ شاید اس دیر میں عذاب پہنچ جاوے تو اگر توبہ کر چکا ہو اس عذاب سے بچ رہے۔ ۱۲۔ منہ رح

عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۴۸﴾ وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا يَمَسُّهُمُ
ان کے اور نہ وہ غم کھاویں گے اور جن لوگوں نے جھٹلایا نشانیوں ہماری کو لگے گا ان کو

الْعَذَابُ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿۴۹﴾ قُلْ لَّآ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِيْ
عذاب بہ سبب اس کے کہ تھے فسق کرتے کہہ نہیں کہتا میں تم کو نزدیک میرے

خَزَآئِنُ اللّٰهِ وَلَآ اَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَآ اَقُوْلُ لَكُمْ اِنِّيْ مَلَكٌ ۚ
خزانے خدا کے ہیں اور نہ میں جانتا ہوں غیب کو اور نہ کہتا ہوں تم سے کہ میں فرشتہ ہوں

اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ ۗ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ۗ
نہیں پیروی کرتا میں مگر اس چیز کی کہ وحی کی گئی ہے طرف میری کہہ کیا برابر ہوتا ہے اندھا اور آنکھوں والا

اَفَلَا تَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۵۰﴾ ع وَاَنْذِرْ بِهِ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ اَنْ يُّحْشَرُوْٓا
کیا پس نہیں فکر کرتے ف۱ اور ڈرا ساتھ اس کے ان لوگوں کو کہ ڈرتے ہیں اس سے کہ اکٹھے کیے جاویں گے

اِلٰى رَبِّهِمْ لَيْسَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ وَلِيٌّ وَّلَا شَفِيْعٌ لَّعَلَّهُمْ
طرف پروردگار اپنے کی نہیں واسطے ان کے سوائے اس کے کوئی دوست اور نہ شفاعت کرنے والا تو کہ

يَتَّقُوْنَ ﴿۵۱﴾ وَلَا تَطْرُدِ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ
وہ بچیں ف۲ اور مت ہانک دے ان لوگوں کو کہ پکارتے ہیں پروردگار اپنے کو صبح اور

وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ ۭ مَا عَلَيْكَ مِنْ حِسَابِهِمْ مِّنْ
شام چاہتے ہیں منہ اس کا نہیں اوپر تیرے حساب ان کے سے کچھ

شَيْءٍ وَّمَا مِنْ حِسَابِكَ عَلَيْهِمْ مِّنْ شَيْءٍ فَتَطْرُدَهُمْ فَتَكُوْنَ مِنَ
اور نہ حساب تیرے سے اوپر ان کے کچھ پس ہانک دے ان کو پس ہو جاوے

الظّٰلِمِيْنَ ﴿۵۲﴾ وَكَذٰلِكَ فَتَنَّا بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لِّيَقُوْلُوْٓا اَهٰٓؤُلَآءِ
تو ظالموں سے ف۳ اور اسی طرح فتنہ میں ڈالا ہم نے بعضے ان کے کو یعنی آزمایا ہے ساتھ بعض کے تو کہ کہیں کیا یہی ہیں

مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنْۢ بَيْنِنَا ۭ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَعْلَمَ بِالشّٰكِرِيْنَ ﴿۵۳﴾
کہ احسان کیا ہے اللہ نے اوپر ان کے ہم میں سے کیا نہیں اللہ جاننے والا شکر کرنے والوں کو ف۴

وَاِذَا جَآءَكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِنَا فَقُلْ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ كَتَبَ
اور جب آویں تیرے پاس وہ لوگ کہ ایمان لاتے ہیں ساتھ نشانیوں ہماری کے پس کہہ سلامتی ہے اوپر تمہارے لکھی ہے

رَبُّكُمْ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ۙ اَنَّهٗ مَنْ عَمِلَ مِنْكُمْ سُوْٓءًۢا بِجَهَالَةٍ
رب تمہارے نے اوپر ذات اپنی کے رحمت یہ کہ جو کوئی عمل کرے تم میں سے برا ساتھ نادانی کے

ف۱ یعنی پیغمبر آدمی کے سوا کچھ اور نہیں ہو جاتے کہ ان سے محال باتیں طلب کرے ایک اندھے اور دیکھتے کا فرق ہے۔ ۱۲۔منہ رح

ف۲ یعنی یہ سن کر گناہوں سے بچتے رہیں۔ ۱۲۔منہ رح

ع ۵ ۱۱

ف۳ کافروں میں بعضے سرداروں نے حضرت سے کہا کہ تمہاری بات سننے کو دل چاہتا ہے لیکن تمہارے پاس بیٹھتے ہیں رذالے ہم ان کے برابر نہیں بیٹھ سکتے۔ اس پر یہ آیت اتری یعنی خدا کے طالب اگرچہ غریب ہیں انہی کی خاطر مقدم ہے۔ ۱۲۔منہ رح

ف۴ یعنی دولتمندوں کو غریبوں سے آزمایا ہے کہ ان کو ذلیل دیکھتے ہیں اور تعجب کرتے ہیں کہ یہ کیا لائق ہیں اللہ کے فضل کے اور اللہ ان کے دل دیکھتا ہے کہ اللہ کا حق مانتے ہیں۔ ۱۲۔منہ رح

ثُمَّ تَابَ مِنۢ بَعۡدِهٖ وَاَصۡلَحَ فَاَنَّهٗ غَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ ﴿٥٤﴾ وَكَذٰلِكَ

پھر توبہ کرے پیچھے اس کے اور نیکیاں کرے پس تحقیق وہ بخشنے والا مہربان ہے ف۱ اور اسی طرح

ع ٦/٥/١٢ نُفَصِّلُ الۡاٰيٰتِ وَلِتَسۡتَبِيۡنَ سَبِيۡلُ الۡمُجۡرِمِيۡنَ ﴿٥٥﴾ قُلۡ اِنِّىۡ

جدا جدا بیان کرتے ہیں ہم نشانیاں اور تو کہ ظاہر ہو جاوے راہ گنہگاروں کی کہہ تحقیق میں

نُهِيۡتُ اَنۡ اَعۡبُدَ الَّذِيۡنَ تَدۡعُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ ؕ قُلْ لَّاۤ اَتَّبِعُ

منع کیا گیا ہوں اس سے کہ عبادت کروں انکی کہ پکارتے ہو تم سوائے خدا کے کہہ نہیں پیروی کرتا

اَهۡوَآءَكُمۡ ۙ قَدۡ ضَلَلۡتُ اِذًا وَّمَاۤ اَنَا مِنَ الۡمُهۡتَدِيۡنَ ﴿٥٦﴾ قُلۡ

میں خواہشوں تمہاری کی تحقیق گمراہ ہو جاؤں میں اس وقت اور نہ ہوں میں راہ پانے والوں سے کہہ

اِنِّىۡ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنۡ رَّبِّىۡ وَكَذَّبۡتُمۡ بِهٖ ؕ مَا عِنۡدِىۡ مَا تَسۡتَعۡجِلُوۡنَ

تحقیق میں اوپر دلیل روشن کے ہوں پروردگار اپنے کی طرف سے اور جھٹلایا تم نے اس کو نہیں میرے پاس وہ جو جلدی

بِهٖ ؕ اِنِ الۡحُكۡمُ اِلَّا لِلّٰهِ ؕ يَقُصُّ الۡحَقَّ وَهُوَ خَيۡرُ الۡفٰصِلِيۡنَ ﴿٥٧﴾

کرتے ہو ساتھ اس کے نہیں حکم مگر واسطے اللہ کے بیان کرتا ہے حق کو اور وہ اچھا فیصل کرنے والا ہے

قُلْ لَّوۡ اَنَّ عِنۡدِىۡ مَا تَسۡتَعۡجِلُوۡنَ بِهٖ لَقُضِىَ الۡاَمۡرُ بَيۡنِىۡ

کہہ اگر تحقیق میرے پاس ہوتی وہ چیز کہ شتاب مانگتے ہو اس کو البتہ فیصل کیا جاتا کام درمیان میرے

وَبَيۡنَكُمۡ ؕ وَاللّٰهُ اَعۡلَمُ بِالظّٰلِمِيۡنَ ﴿٥٨﴾ وَعِنۡدَهٗ مَفَاتِحُ الۡغَيۡبِ لَا

اور درمیان تمہارے اللہ خوب جانتا ہے ظالموں کو اور نزدیک اس کے ہیں کنجیاں غیب کی نہیں

يَعۡلَمُهَاۤ اِلَّا هُوَ ؕ وَيَعۡلَمُ مَا فِى الۡبَرِّ وَالۡبَحۡرِ ؕ وَمَا تَسۡقُطُ مِنۡ

جانتا ان کو مگر وہ اور جانتا ہے جو کچھ بیچ جنگل کے ہے اور دریا کے ہے اور نہیں گرتا کوئی

وَّرَقَةٍ اِلَّا يَعۡلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِىۡ ظُلُمٰتِ الۡاَرۡضِ وَلَا رَطۡبٍ

پات مگر جانتا ہے اس کو اور نہیں گرتا کوئی دانہ بیچ اندھیروں زمین کے اور نہ کوئی تر

وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِىۡ كِتٰبٍ مُّبِيۡنٍ ﴿٥٩﴾ وَهُوَ الَّذِىۡ يَتَوَفّٰٮكُمۡ بِالَّيۡلِ

اور نہ کوئی خشک مگر بیچ کتاب بیان کرنے والی کے ہے ف۲ اور وہی ہے جو قبض کرتا ہے تم کو بیچ رات

وَيَعۡلَمُ مَا جَرَحۡتُمۡ بِالنَّهَارِ ثُمَّ يَبۡعَثُكُمۡ فِيۡهِ لِيُقۡضٰٓى اَجَلٌ

کے اور جانتا ہے جو کماتے ہو تم بیچ دن کے پھر اٹھاتا ہے تم کو بیچ اس کے تو کہ پورا کیا جاوے وقت

ع ٧/٥/١٣ مُّسَمًّى ۚ ثُمَّ اِلَيۡهِ مَرۡجِعُكُمۡ ثُمَّ يُنَبِّئُكُمۡ بِمَا كُنۡتُمۡ تَعۡمَلُوۡنَ ﴿٦٠﴾ ع

مقرر کیا ہوا پھر طرف اس کی پھر جانا ہے تمہارا پھر خبر دے گا تم کو ساتھ اس چیز کے کہ تھے تم کرتے

ف۱ یعنی غریب مسلمانوں کا دل بڑھا اور خوشی سنا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یہ لوح محفوظ ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ وَيُرْسِلُ عَلَيْكُمْ حَفَظَةً ؕ حَتّٰٓى اِذَا
اور وہی ہے غالب اوپر بندوں اپنوں کے اور بھیجتا ہے اوپر تمہارے نگہبان یہاں تک کہ جب
جَآءَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ تَوَفَّتْهُ رُسُلُنَا وَهُمْ لَا يُفَرِّطُوْنَ ﴿۶۱﴾
آتی ہے ایک کو تم میں سے موت قبض کرتے ہیں اس کو بھیجے ہوئے ہمارے اور وہ نہیں کمی کرتے ف۱
ثُمَّ رُدُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ مَوْلٰىهُمُ الْحَقِّ ؕ اَلَا لَهُ الْحُكْمُ ۫ وَهُوَ اَسْرَعُ
پھر پھیرے جاتے ہیں طرف اللہ کی جو کارساز ان کا ہے حق خبردار ہو واسطے اسی کے ہے حکم اور وہ جلد حساب
الْحٰسِبِيْنَ ﴿۶۲﴾ قُلْ مَنْ يُّنَجِّيْكُمْ مِّنْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ
لینے والا ہے ف۲ کہہ کون شخص نجات دیتا ہے تم کو اندھیروں جنگل کے سے اور دریا کے سے
تَدْعُوْنَهٗ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ۚ لَئِنْ اَنْجٰىنَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ
پکارتے ہو تم اس کو عاجزی سے اور چھپا کر اگر نجات دے گا ہم کو اس آفت سے البتہ ہوں گے ہم
مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿۶۳﴾ قُلِ اللّٰهُ يُنَجِّيْكُمْ مِّنْهَا وَمِنْ كُلِّ كَرْبٍ
شکر کرنے والوں سے کہہ اللہ نجات دیتا ہے تم کو اس سے اور ہر سختی سے
ثُمَّ اَنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ ﴿۶۴﴾ قُلْ هُوَ الْقَادِرُ عَلٰٓى اَنْ يَّبْعَثَ عَلَيْكُمْ
پھر تم شریک کرتے ہو کہہ کہ وہ قادر ہے اوپر اس کے کہ بھیجے تم پر
عَذَابًا مِّنْ فَوْقِكُمْ اَوْ مِنْ تَحْتِ اَرْجُلِكُمْ اَوْ يَلْبِسَكُمْ شِيَعًا
عذاب اوپر تمہارے سے یا نیچے پاؤں تمہارے کے سے یا ملا دیوے تم کو گروہیں مختلف
وَّيُذِيْقَ بَعْضَكُمْ بَاْسَ بَعْضٍ ؕ اُنْظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ
کر کر اور چکھاوے بعضے تمہارے کو لڑائی بعض کی دیکھ کیونکر طرح طرح سے بیان کرتے ہیں ہم نشانیاں
لَعَلَّهُمْ يَفْقَهُوْنَ ﴿۶۵﴾ وَكَذَّبَ بِهٖ قَوْمُكَ وَهُوَ الْحَقُّ ؕ قُلْ لَّسْتُ
تو کہ وہ سمجھیں ف۳ اور جھٹلایا اس کو قوم تیری نے اور وہ سچ ہے کہہ نہیں میں
عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ ﴿۶۶﴾ؕ لِكُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ ۫ وَّسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۶۷﴾
اوپر تمہارے داروغہ واسطے ہر خبر کے وقت ہے قرار پکڑنے کا اور البتہ جان لوگے
وَاِذَا رَاَيْتَ الَّذِيْنَ يَخُوْضُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ حَتّٰى
اور جب دیکھے تو ان لوگوں کو کہ جھگڑتے ہیں بیچ نشانیوں ہماری کے پس منہ پھیرلے ان سے یہاں تک
يَخُوْضُوْا فِيْ حَدِيْثٍ غَيْرِهٖ ؕ وَاِمَّا يُنْسِيَنَّكَ الشَّيْطٰنُ فَلَا
کہ بحث کریں بیچ بات کے سوا اس کے اور اگر بھلا دے تجھ کو شیطان پس مت

ف۱ یعنی سوا حکم کے کسی کی خاطر نہیں کرتے ۱۲۔منہ رح

ف۲ یعنی ایک لحظہ میں آدمی کی عمر کی بھلائی برائی واضح کردے۔ ۱۲۔منہ رح

ف۳ قرآن شریف میں اکثر کافروں کو عذاب کا وعدہ دیا۔ یہاں کھول دیا کہ عذاب وہ بھی ہے جو اگلی اُمتوں پر آیا، آسمان سے یا زمین سے اور یہ بھی ہے کہ آدمیوں کو آپس میں لڑا دے اور ایکوں کو قتل یا قید یا ذلیل کرے۔ حضرت نے سمجھ لیا کہ اس اُمت پر یہی ہوگا کہ اکثر عذابِ الیم اور عذابِ مہین اور عذابِ شدید اور عذابِ عظیم انہی باتوں کو فرمایا ہے اور آخرت کا عذاب بھی ہے ان پر جو کافر ہی مرے۔ ۱۲۔منہ رح

تَقْعُدْ بَعْدَ الذِّكْرٰى مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٦٨﴾ وَمَا عَلَى الَّذِيْنَ
بیٹھ پیچھے یاد آنے کے ساتھ قوم ظالموں کے ف۱ اور نہیں اوپر ان لوگوں کے کہ
يَتَّقُوْنَ مِنْ حِسَابِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ وَّلٰكِنْ ذِكْرٰى لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿٦٩﴾
پرہیزگاری کرتے ہیں حساب ان کے سے کچھ اور لیکن نصیحت کرنا ہے تو کہ وہ بچیں ف۲
وَذَرِ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَهُمْ لَعِبًا وَّلَهْوًا وَّغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا
اور چھوڑ دے ان لوگوں کو کہ پکڑتے ہیں دین اپنے کو کھیل اور تماشا اور فریب دیا ہے ان کو زندگانی دنیا کی نے
وَذَكِّرْ بِهٖٓ اَنْ تُبْسَلَ نَفْسٌۢ بِمَا كَسَبَتْ ۖ لَيْسَ لَهَا مِنْ
اور نصیحت کر ساتھ اس کے اس سے کہ ہلاکت میں سونپا جاوے ہر ایک جی بسبب اس چیز کے کہ کمایا ہے نہ ہو واسطے اس کے
دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيٌّ وَّلَا شَفِيْعٌ ۚ وَاِنْ تَعْدِلْ كُلَّ عَدْلٍ لَّا يُؤْخَذْ
سوا اللہ کے دوست اور شفاعت کرنے والا اور اگر بدلہ دیوے سارے بدلے نہ لیا جاوے گا
مِنْهَا ۭ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ اُبْسِلُوْا بِمَا كَسَبُوْا ۚ لَهُمْ شَرَابٌ مِّنْ
اس سے یہی لوگ ہیں کہ سونپے گئے ہلاک میں بسبب اس کے جو کمایا ہے واسطے ان کے پینا ہے گرم
حَمِيْمٍ وَّعَذَابٌ اَلِيْمٌۢ بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ﴿٧٠﴾ قُلْ اَنَدْعُوْا
پانی سے اور عذاب ہے درد دینے والا بسبب اس کے کہ تھے کفر کرتے ف۳ کہہ کیا پکاریں ہم
مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُنَا وَلَا يَضُرُّنَا وَنُرَدُّ عَلٰٓي
سوائے اللہ کے اس چیز کو کہ نہ نفع دے ہم کو اور نہ ضرر دے ہم کو اور کیا پھیرے جاویں ہم
اَعْقَابِنَا بَعْدَ اِذْ هَدٰىنَا اللّٰهُ كَالَّذِي اسْتَهْوَتْهُ الشَّيٰطِيْنُ
اوپر ایڑیوں اپنی کے پیچھے اس وقت کے کہ ہدایت کی ہم کو اللہ نے مانند اس شخص کے کہ ڈال دیا ہے اس کو شیطانوں
فِي الْاَرْضِ حَيْرَانَ ۠ لَهٗٓ اَصْحٰبٌ يَّدْعُوْنَهٗٓ اِلَى الْهُدَى ائْتِنَا ۭ
نے بیچ زمین کے سراسیمہ واسطے اس کے یار ہیں پکارتے ہیں اس کو طرف ہدایت کی کہ چلا آ ہمارے پاس
قُلْ اِنَّ هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى ۭ وَاُمِرْنَا لِنُسْلِمَ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٧١﴾
کہہ تحقیق ہدایت اللہ کی وہی ہے ہدایت اور حکم کیے گئے ہیں ہم یہ کہ مطیع ہوویں واسطے پروردگار عالموں کے
وَاَنْ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّقُوْهُ ۭ وَهُوَ الَّذِيْٓ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿٧٢﴾
اور یہ کہ قائم رکھو نماز کو اور ڈرو اس سے اور وہی ہے وہ شخص کہ طرف اس کی اکٹھے کیے جاؤ گے
وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ۭ وَيَوْمَ
اور وہی ہے وہ شخص جس نے پیدا کیا آسمانوں کو اور زمین کو ساتھ حق کے اور جس دن

ف۱ یعنی جب جاہل دین پر عیب پکڑیں۔ اس مجلس سے سرک جائے اور اگر خطرہ ہو کہ باتوں میں مشغول ہو کر سرکنا بھول جاوے تو سوا نصیحت کے وقت ان میں بیٹھنا ہی موقوف کرے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی کوئی چاہے کہ ایسے جاہلوں کے پاس نصیحت کو بھی نہ بیٹھے۔ فرمایا کہ گر نہ بیٹھے تو اپنے اوپر گناہ نہیں ان کے گمراہ رہنے کا لیکن نصیحت بہتر ہے کہ شاید ان کو ڈر ہو تو نصیحت والا ثواب پاوے۔

ع ۱۰ / ۱۴

ف۳ چھوڑ دے یعنی صحبت نہ رکھ ان سے مگر نصیحت کر دے کہ کوئی بے خبر نہ بگڑ جاوے ۱۲۔ منہ رح

يَقُوْلُ كُنْ فَيَكُوْنُ ۚ قَوْلُهُ الْحَقُّ ؕ وَلَهُ الْمُلْكُ يَوْمَ يُنْفَخُ فِي
کہتا ہے کہ ہو پس ہو جاتا ہے ف۱ بات اسی کی سچ ہے اور واسطے اسی کے ہے بادشاہی جس دن کہ پھونکا جاوے گا
الصُّوْرِ ؕ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ؕ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ ﴿۷۳﴾ وَاِذْ
بیچ صور کے جاننے والا ہے غیب کا اور ظاہر کا اور وہی ہے حکمت والا خبردار ف۲ اور جب
قَالَ اِبْرٰهِيْمُ لِاَبِيْهِ اٰزَرَ اَتَتَّخِذُ اَصْنَامًا اٰلِهَةً ۚ اِنِّيْٓ اَرٰىكَ
کہا ابراہیم نے واسطے باپ اپنے آزر کے کیا پکڑتا ہے تو بتوں کو معبود تحقیق میں دیکھتا ہوں
وَقَوْمَكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۷۴﴾ وَكَذٰلِكَ نُرِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ مَلَكُوْتَ
تجھ کو اور تیری قوم کو بیچ گمراہی ظاہر کے اور اسی طرح دکھاتے تھے ہم ابراہیم کو بادشاہی
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلِيَكُوْنَ مِنَ الْمُوْقِنِيْنَ ﴿۷۵﴾ فَلَمَّا جَنَّ
آسمانوں کی اور زمین کی اور تو کہ ہووے یقین لانے والوں سے ف۳ پس جب ڈھانپ
عَلَيْهِ الَّيْلُ رَاٰ كَوْكَبًا ۚ قَالَ هٰذَا رَبِّيْ ۚ فَلَمَّآ اَفَلَ قَالَ لَآ اُحِبُّ
لیا اس کو رات نے دیکھا ایک تارے کو کہا یہ ہے رب میرا پس جب چھپ گیا کہا نہیں دوست رکھتا میں
الْاٰفِلِيْنَ ﴿۷۶﴾ فَلَمَّا رَاَ الْقَمَرَ بَازِغًا قَالَ هٰذَا رَبِّيْ ۚ فَلَمَّآ اَفَلَ قَالَ
چھپ جانے والوں کو پس جب دیکھا چاند کو روشن کہا یہی ہے پروردگار میرا پس جب چھپ گیا کہا
لَئِنْ لَّمْ يَهْدِنِيْ رَبِّيْ لَاَكُوْنَنَّ مِنَ الْقَوْمِ الضَّآلِّيْنَ ﴿۷۷﴾ فَلَمَّا
اگر نہ ہدایت کرے گا مجھ کو پروردگار میرا البتہ ہو جاؤں گا میں قوم گمراہوں سے پس جب
رَاَ الشَّمْسَ بَازِغَةً قَالَ هٰذَا رَبِّيْ هٰذَآ اَكْبَرُ ۚ فَلَمَّآ اَفَلَتْ
دیکھا سورج کو روشن کہا یہی ہے پروردگار میرا یہ ہے سب سے بڑا پس جب چھپ گیا
قَالَ يٰقَوْمِ اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ﴿۷۸﴾ اِنِّيْ وَجَّهْتُ
کہا اے قوم میری تحقیق میں بیزار ہوں اس چیز سے کہ شریک کرتے ہو تم تحقیق میں نے متوجہ کیا
وَجْهِيَ لِلَّذِيْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِيْفًا وَّمَآ اَنَا مِنَ
منہ اپنے کو واسطے اس کے جس نے پیدا کیا آسمانوں کو اور زمین کو توحید کرنے والا ہو کر اور نہیں میں
الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۷۹﴾ وَحَآجَّهٗ قَوْمُهٗ ؕ قَالَ اَتُحَآجُّوْٓنِّيْ فِي اللّٰهِ
شریک لانے والوں سے ف۵ اور جھگڑا کیا اس سے قوم اس کی نے کہا کیا جھگڑتے ہو تم مجھ سے بیچ اللہ کے
وَقَدْ هَدٰىنِ ؕ وَلَآ اَخَافُ مَا تُشْرِكُوْنَ بِهٖٓ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ
اور تحقیق راہ دکھائی اس نے مجھ کو اور نہیں ڈرتا میں اس چیز سے کہ شریک لاتے ہو ساتھ اس کے مگر یہ کہ چاہے

ف۱ یعنی حشر ۱۲ منہ

ف۲ اور یہ جو فرمایا کہ مسلمان کو چاہیئے کافروں سے کہیں کہ ہم دیوانے کی طرح بہکتے نہیں اس پر آگے قصہ فرمایا حضرت ابراہیم علیہ السلام کا جب اپنے نزدیک معبود برحق پالیا پھر قوم کے بہکائے نہ بہکے۔ ۱۲ منہ

ف۳ حق تعالیٰ کے کلام میں تا کے ساتھ او آتا ہے یعنی اللہ کو یہ کام خود بھی مقصود ہے اور واسطے دوسرے کے بھی مقصود ہے یہ نہیں کہ واسطے بغیر کا ذکر کے۔ مثلاً بندہ تخم ڈالے درخت ہونے کے واسطے اس بغیر درخت نہیں ہو سکتا ہے لیکن درخت بھی مقصود ہے اور اس طرح اگانا بھی مقصود ہے۔ یہی معنی ہیں کہ اللہ کے فعل بے معنی غرض نہیں۔ ۱۲ منہ

ف۴ حضرت ابراہیم لڑکے تھے قوم کو دیکھا کہ خالق آسمان و زمین کا اللہ کو کہتے ہیں اور اپنی حاجت اور مراد کے واسطے کوئی مورتیں پوجتا ہے کوئی تارا چاند سورج جا کہ میں بھی ایک کو اپنا رب ٹھہرا رکھوں مورتوں سے اول ہی ناخوش ہوئے پھر کوئی تارا ٹھہرایا۔ پھر وہ غائب ہوا تو جانا کہ یہ ایک حال پر نہیں کوئی اور ہے اس پر حاکم آپ مستقل ہوتا تو اعلیٰ حال سے ادنیٰ حال میں نہ آتا پھر (باقی ص۱۶۴ پر)

رَبِّي شَيْئًا ۗ وَسِعَ رَبِّي كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ۗ أَفَلَا تَتَذَكَّرُونَ ﴿٨٠﴾ وَكَيْفَ

رب میرا کچھ سما لیا رب میرے نے ہر چیز کو علم میں کیا پس نصیحت نہیں پکڑتے ہو تم اور کیوں کر

أَخَافُ مَا أَشْرَكْتُمْ وَلَا تَخَافُونَ أَنَّكُمْ أَشْرَكْتُم بِاللَّهِ

ڈروں میں اس چیز سے کہ شریک لاتے ہو تم اور نہیں ڈرتے ہو تم یہ کہ تحقیق تم شریک مقرر کرتے ہو تم ساتھ اللہ

مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهِ عَلَيْكُمْ سُلْطَانًا ۚ فَأَيُّ الْفَرِيقَيْنِ أَحَقُّ

کے اس چیز کو کہ نہیں اتاری اللہ نے ساتھ اس کے اوپر تمہارے دلیل پس کونسا دونو فرقوں میں سے بہت لائق ہے

بِالْأَمْنِ ۖ إِن كُنتُمْ تَعْلَمُونَ ﴿٨١﴾ الَّذِينَ آمَنُوا وَلَمْ يَلْبِسُوا

ساتھ امن کے اگر ہو تم جانتے وہ لوگ جو ایمان لائے اور نہیں ملایا انہوں نے

إِيمَانَهُم بِظُلْمٍ أُولَٰئِكَ لَهُمُ الْأَمْنُ وَهُم مُّهْتَدُونَ ﴿٨٢﴾

ایمان اپنے کو ساتھ ظلم کے یہ لوگ واسطے ان کے ہے امن اور وہی راہ پائے ہوئے ہیں

وَتِلْكَ حُجَّتُنَا آتَيْنَاهَا إِبْرَاهِيمَ عَلَىٰ قَوْمِهِ ۚ نَرْفَعُ دَرَجَاتٍ مَّن

اور یہ دلیل ہماری ہے دی تھی ہم نے ابراہیم کو اوپر قوم اس کی کے بلند کرتے ہیں ہم درجوں میں جس کو

نَّشَاءُ ۗ إِنَّ رَبَّكَ حَكِيمٌ عَلِيمٌ ﴿٨٣﴾ وَوَهَبْنَا لَهُ إِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ ۚ

چاہتے ہیں تحقیق رب تیرا حکمت والا علم والا ہے اور دیئے ہم نے واسطے اس کے اسحاق اور یعقوب

كُلًّا هَدَيْنَا ۚ وَنُوحًا هَدَيْنَا مِن قَبْلُ ۖ وَمِن ذُرِّيَّتِهِ دَاوُودَ

ہر ایک کو ہدایت دی ہم نے اور نوح کو ہدایت کی ہم نے پہلے اس سے اور اولاد اس کی میں سے داؤد کو

وَسُلَيْمَانَ وَأَيُّوبَ وَيُوسُفَ وَمُوسَىٰ وَهَارُونَ ۚ وَكَذَٰلِكَ

اور سلیمان کو اور ایوب کو اور یوسف کو اور موسیٰ کو اور ہارون کو اور اسی طرح جزا

نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ ﴿٨٤﴾ وَزَكَرِيَّا وَيَحْيَىٰ وَعِيسَىٰ وَإِلْيَاسَ ۖ

دیتے ہیں ہم احسان کرنے والوں کو اور زکریا کو اور یحییٰ کو اور عیسیٰ کو اور الیاس کو

كُلٌّ مِّنَ الصَّالِحِينَ ﴿٨٥﴾ وَإِسْمَاعِيلَ وَالْيَسَعَ وَيُونُسَ وَلُوطًا ۚ

ہر ایک صالحوں سے تھا اور اسماعیل اور الیسع اور یونس اور لوط کو

وَكُلًّا فَضَّلْنَا عَلَى الْعَالَمِينَ ﴿٨٦﴾ وَمِنْ آبَائِهِمْ وَذُرِّيَّاتِهِمْ

اور ہر ایک کو بزرگی دی ہم نے اوپر عالموں کے اور باپوں ان کے سے اور اولاد ان کی سے

وَإِخْوَانِهِمْ ۖ وَاجْتَبَيْنَاهُمْ وَهَدَيْنَاهُمْ إِلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ﴿٨٧﴾

اور بھائیوں ان کے سے اور پسند کیا ہم نے ان کو اور ہدایت کی ہم نے ان کو طرف راہ سیدھی کے

وقف لازم

ع ۹ ۱۲ ۱۵

(عـ۱۶۳ سے آگے) چاند سورج میں بھی عیب پایا سب کو چھوڑ کر اسی ایک کو پکڑا جس کو سب مانتے ہیں کہ سب سے بڑا ہے اور عقل صحیح چاہیے کہ جب ایک کو مانا اس سے کون سا اچھا کام نہیں ہوسکتا کہ دوسرا درکار ہو۔ ۱۲- منہ رح

ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِىْ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ وَلَوْ
یہ ہے ہدایت اللہ کی راہ دکھاتا ہے ساتھ اس کے جس کو چاہے بندوں اپنوں سے اور اگر
اَشْرَكُوْا لَحَبِطَ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۸۸﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ
شریک کرتے البتہ کھوئے جاتے ان سے جو کچھ کہ تھے وہ عمل کرتے یہ لوگ ہیں وہ جو
اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ ۚ فَاِنْ يَّكْفُرْ بِهَا هٰٓؤُلَآءِ فَقَدْ
دی ہم نے ان کو کتاب اور حکم اور نبوّت پس اگر کفر کریں ساتھ اس کے یہ لوگ پس
وَكَّلْنَا بِهَا قَوْمًا لَّيْسُوْا بِهَا بِكٰفِرِيْنَ ﴿۸۹﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ هَدَى
تحقیق مقرر کیا ہے ہم نے ساتھ اس کے اس قوم کو کہ نہیں ہیں ساتھ اس کے کفر کرنے والے یہ لوگ ہیں جن کو ہدایت کی
اللّٰهُ فَبِهُدٰىهُمُ اقْتَدِهْ ؕ قُلْ لَّآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا ؕ اِنْ هُوَ
اللہ نے پس ساتھ ہدایت ان کی کے پیروی کر تو کہہ کہ نہیں سوال کرتا میں تم سے اوپر اس کے بدلہ نہیں یہ
ع ۱۰/۸/۱۶ اِلَّا ذِكْرٰى لِلْعٰلَمِيْنَ ﴿۹۰﴾ وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖٓ اِذْ قَالُوْا مَآ
مگر نصیحت واسطے عالموں کے اور نہ قدر کی اللہ کی حق قدر اس کے کا جس وقت کہا انہوں
اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى بَشَرٍ مِّنْ شَىْءٍ ؕ قُلْ مَنْ اَنْزَلَ الْكِتٰبَ الَّذِىْ
نے نہیں اتارا اللہ نے اوپر کسی آدمی کے کچھ کہہ کس نے اتارا ہے کتاب کو وہ جو
جَآءَ بِهٖ مُوْسٰى نُوْرًا وَّهُدًى لِّلنَّاسِ تَجْعَلُوْنَهٗ قَرَاطِيْسَ تُبْدُوْنَهَا
لایا تھا اس کو موسیٰ روشنی اور ہدایت واسطے لوگوں کے کرتے ہو تم اس کو ورق ورق ظاہر کرتے ہو تم
وَتُخْفُوْنَ كَثِيْرًا ۚ وَعُلِّمْتُمْ مَّا لَمْ تَعْلَمُوْٓا اَنْتُمْ وَلَآ اٰبَآؤُكُمْ ؕ
اس کو اور چھپاتے ہو بہت اور سکھائے گئے ہو وہ جو کہ نہ جانتے تھے تم اور نہ باپ تمہارے
قُلِ اللّٰهُ ۙ ثُمَّ ذَرْهُمْ فِىْ خَوْضِهِمْ يَلْعَبُوْنَ ﴿۹۱﴾ وَهٰذَا كِتٰبٌ
کہہ اللہ نے پھر چھوڑ دے ان کو بیچ بحث اپنی کے کھیلتے اور یہ کتاب ہے
اَنْزَلْنٰهُ مُبٰرَكٌ مُّصَدِّقُ الَّذِىْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَلِتُنْذِرَ اُمَّ
اتارا ہے ہم نے اس کو برکت والی سچا کرنے والی اس چیز کو کہ آگے اس کے ہے اور تو کہ ڈرا دے تو مکّے
الْقُرٰى وَمَنْ حَوْلَهَا ؕ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ يُؤْمِنُوْنَ
والوں کو اور ان کو کہ گرد اس کے ہیں اور جو لوگ کہ ایمان لاتے ہیں ساتھ آخرت کے ایمان لاتے ہیں
بِهٖ وَهُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ﴿۹۲﴾ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ
ساتھ اس کے اور وہ اوپر نماز اپنی کے محافظت کرتے ہیں ف۱ اور کون ہے بہت ظالم اس شخص سے

ف۱ ام القریٰ نام ہے مکّے کا اس کے معنی بستیوں کی جڑ یا اس واسطے کہ تمام عرب کا مرجع تھا یا کہتے ہیں کہ پانی میں سے زمین اوّل یہی کھلی تھی اور آس پاس سے مراد عرب ہے جب تک انہی پہ حکم تھا یا سارا جہان ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

افْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا أَوْ قَالَ أُوحِيَ إِلَيَّ وَلَمْ يُوحَ إِلَيْهِ شَيْءٌ

کہ باندھ لیتا ہے اوپر اللہ کے جھوٹ یا کہتا ہے وحی کی گئی طرف میری اور نہ وحی کی گئی تھی طرف اس کی کچھ

وَمَنْ قَالَ سَأُنْزِلُ مِثْلَ مَا أَنْزَلَ اللَّهُ ۗ وَلَوْ تَرَىٰ إِذِ الظَّالِمُونَ

اور جو کہتا ہے نازل کروں گا میں بھی مانند اس چیز کے کہ نازل کی ہے اللہ نے اور کاش کہ دیکھے تو جس وقت کہ ظالم

فِي غَمَرَاتِ الْمَوْتِ وَالْمَلَائِكَةُ بَاسِطُو أَيْدِيهِمْ ۚ أَخْرِجُوا

بیچ شدتوں موت کے اور فرشتے کھول رہے ہیں ہاتھ اپنے نکالو

أَنْفُسَكُمُ ۖ الْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُونِ بِمَا كُنْتُمْ تَقُولُونَ

جانوں اپنی کو آج کے دن بدلہ دیئے جاؤ گے تم عذاب رسوائی کا بسبب اس کے کہ تھے تم کہتے

عَلَى اللَّهِ غَيْرَ الْحَقِّ وَكُنْتُمْ عَنْ آيَاتِهِ تَسْتَكْبِرُونَ ﴿٩٣﴾

اوپر اللہ کے سوائے حق کے اور تھے تم نشانیوں اس کی سے تکبر کرتے

وَلَقَدْ جِئْتُمُونَا فُرَادَىٰ كَمَا خَلَقْنَاكُمْ أَوَّلَ مَرَّةٍ وَتَرَكْتُمْ مَا

اور البتہ تحقیق آئے تم ہمارے پاس اکیلے جیسا پیدا کیا تھا ہم نے تم کو پہلی بار اور چھوڑ دیا تم نے جو دیا تھا

خَوَّلْنَاكُمْ وَرَاءَ ظُهُورِكُمْ ۖ وَمَا نَرَىٰ مَعَكُمْ شُفَعَاءَكُمُ الَّذِينَ

ہم نے تم کو پیچھے پیٹھ اپنی کے اور نہیں دیکھتے ہم ساتھ تمہارے شفاعت کرنے والوں تمہاروں کو

زَعَمْتُمْ أَنَّهُمْ فِيكُمْ شُرَكَاءُ ۚ لَقَدْ تَقَطَّعَ بَيْنَكُمْ وَضَلَّ

جن کو دعوے کرتے تھے تم یہ کہ وہ بیچ تمہارے شریک ہیں البتہ تحقیق کٹ گیا علاقہ تمہارا اور کھویا گیا تم سے

عَنْكُمْ مَا كُنْتُمْ تَزْعُمُونَ ﴿٩٤﴾ إِنَّ اللَّهَ فَالِقُ الْحَبِّ وَالنَّوَىٰ ۖ ع ۱۱ / ۱۷

جو کچھ تھے تم دعوے کرتے تحقیق اللہ پھاڑنے والا ہے دانوں کا اور گٹھلیوں کا

يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَمُخْرِجُ الْمَيِّتِ مِنَ الْحَيِّ ۚ ذَٰلِكُمُ

نکالتا ہے زندے کو مردے سے اور نکالنے والا ہے مردے کو زندہ سے یہی ہے

اللَّهُ ۖ فَأَنَّىٰ تُؤْفَكُونَ ﴿٩٥﴾ فَالِقُ الْإِصْبَاحِ وَجَعَلَ اللَّيْلَ سَكَنًا

اللہ پس کہاں سے پھیرے جاتے ہو پھاڑنے والا ہے صبح کا اور کیا ہے رات کو آرام

وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ حُسْبَانًا ۚ ذَٰلِكَ تَقْدِيرُ الْعَزِيزِ الْعَلِيمِ ﴿٩٦﴾

اور سورج اور چاند کو گرد پھرنے والے یہ ہے اندازہ غالب علم والے کا

وَهُوَ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ النُّجُومَ لِتَهْتَدُوا بِهَا فِي ظُلُمَاتِ الْبَرِّ

اور وہ ہے جس نے کیا ہے واسطے تمہارے تاروں کو تو کہ راہ پاؤ تم ساتھ ان کے بیچ اندھیروں جنگل کے

وَالْبَحْرِ ؕ قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿۹۷﴾ وَهُوَ الَّذِيْٓ
اور دریا کے تحقیق مفصل بیان کیں ہم نے نشانیاں واسطے اس قوم کے کہ جانتے ہیں اور وہی ہے جس نے
اَنْشَاَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ فَمُسْتَقَرٌّ وَّمُسْتَوْدَعٌ ؕ قَدْ
پیدا کیا تم کو جان ایک سے پس واسطے تمہارے جگہ رہنے کی ہے اور جگہ سونپنے کی تحقیق
فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّفْقَهُوْنَ ﴿۹۸﴾ وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنَ
بیان کیں ہم نے نشانیاں واسطے اس قوم کے کہ سمجھتے ہیں ف۱ اور وہ ہے جس نے اتارا
السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ نَبَاتَ كُلِّ شَيْءٍ فَاَخْرَجْنَا مِنْهُ خَضِرًا
آسمان سے پانی پس نکالیں ہم نے ساتھ اس کے بوٹیاں ہر چیز کی پس نکالا ہم نے اس سے سبزہ
نُّخْرِجُ مِنْهُ حَبًّا مُّتَرَاكِبًا ۚ وَمِنَ النَّخْلِ مِنْ طَلْعِهَا قِنْوَانٌ
نکالتے ہیں ہم اس میں سے دانے ایک پر ایک چڑھا ہوا اور کھجور میں سے گابھے اس کے سے خوشے ہیں
دَانِيَةٌ وَّجَنّٰتٍ مِّنْ اَعْنَابٍ وَّالزَّيْتُوْنَ وَالرُّمَّانَ مُشْتَبِهًا
جھکے ہوئے اور نکالتے ہیں باغ انگوروں کے اور زیتون اور انار کے یکساں
وَّغَيْرَ مُتَشَابِهٍ ؕ اُنْظُرُوْٓا اِلٰى ثَمَرِهٖٓ اِذَآ اَثْمَرَ وَيَنْعِهٖ ؕ اِنَّ فِيْ
اور غیر یکساں دیکھو طرف پھل اس کے کی جب پھل لاوے اور طرف پکنے اس کے کی تحقیق بیچ
ذٰلِكُمْ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۹۹﴾ وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ الْجِنَّ
اس کے البتہ نشانیاں ہیں واسطے اس قوم کے کہ ایمان لاتے ہیں اور مقرر کرتے ہیں واسطے اللہ کے شریک جنوں کو
وَخَلَقَهُمْ وَخَرَقُوْا لَهٗ بَنِيْنَ وَبَنٰتٍۭ بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى
اور حالانکہ پیدا کیا ہے ان کو اور باندھ لیے ہیں واسطے اس کے بیٹے اور بیٹیاں بغیر علم کے پاک ہے وہ اور بلند ہے
عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ع بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ اَنّٰى يَكُوْنُ لَهٗ ۱۲ ع ۶ ۱۸
اس چیز سے کہ صفت بیان کرتے ہیں اس کی، پیدا کرنے والا آسمانوں کا اور زمین کا کیوں کر ہو واسطے اس کے
وَلَدٌ وَّلَمْ تَكُنْ لَّهٗ صَاحِبَةٌ ؕ وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ ۚ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ
اولاد اور نہ تھی واسطے اس کے جورو اور پیدا کیا ہر چیز کو اور وہ ساتھ ہر چیز کے
عَلِيْمٌ ﴿۱۰۱﴾ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ فَاعْبُدُوْهُ
جاننے والا ہے یہی ہے اللہ پروردگار تمہارا نہیں کوئی معبود مگر وہ پیدا کرنے والا ہر چیز کا پس عبادت کرو اس کی
وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ ﴿۱۰۲﴾ لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ ۫ وَهُوَ يُدْرِكُ
اور وہ اوپر ہر چیز کے کارساز ہے نہیں پاتیں اس کو نظریں اور وہ پاتا ہے سب

ف۱ اوّل سپرد ہوتا ہے ماں کے پیٹ میں کہ آہستہ آہستہ دنیا کے اثر پیدا کرے۔ پھر آکر ٹھہرتا ہے دنیا میں پھر سپرد ہوگا قبر میں کہ آہستہ آہستہ اثر آخرت کے پیدا کرے پھر جا ٹھہرے گا جنت میں یا دوزخ میں۔ ۱۲ منہ رح

الْاَبْصَارَ ۚ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ﴿١٠٣﴾ قَدْ جَآءَكُمْ بَصَآئِرُ مِنْ
نظروں کو اور وہی ہے باریک دیکھنے والا خبردار ف۱ تحقیق آئی ہیں تمہارے پاس دلیلیں

رَّبِّكُمْ ۚ فَمَنْ اَبْصَرَ فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ عَمِیَ فَعَلَیْهَا ؕ وَمَآ اَنَا
پروردگار تمہارے سے پس جس نے دیکھ لیا پس واسطے جان اپنی کے اور جو کوئی اندھا ہوا پس واسطے جان اس کی کے اور

عَلَیْكُمْ بِحَفِیْظٍ ﴿١٠٤﴾ وَكَذٰلِكَ نُصَرِّفُ الْاٰیٰتِ وَلِیَقُوْلُوْا دَرَسْتَ
نہیں ہیں تم پر نگہبان اور اسی طرح بیان کرتے ہیں ہم نشانیاں اور تو کہ کہیں وہ پڑھ کہ لیا تو نے

وَلِنُبَیِّنَهٗ لِقَوْمٍ یَّعْلَمُوْنَ ﴿١٠٥﴾ اِتَّبِعْ مَآ اُوْحِیَ اِلَیْكَ مِنْ
اور تو کہ بیان کریں ہم اس کو واسطے اس قوم کے کہ جانتے ہیں پیروی کر اس چیز کی کہ وحی کی گئی ہے طرف تیری

رَّبِّكَ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِیْنَ ﴿١٠٦﴾ وَلَوْ شَآءَ
رب تیرے سے نہیں کوئی معبود مگر وہ اور منہ پھیر لے شرک کرنے والوں سے اور اگر چاہتا

اللّٰهُ مَآ اَشْرَكُوْا ؕ وَمَا جَعَلْنٰكَ عَلَیْهِمْ حَفِیْظًا ۚ وَمَآ اَنْتَ عَلَیْهِمْ
اللہ نہ شرک کرتے اور نہیں کیا ہم نے تجھ کو اوپر ان کے نگہبان اور نہیں ہے تو اوپر ان

بِوَكِیْلٍ ﴿١٠٧﴾ وَلَا تَسُبُّوا الَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَیَسُبُّوا
کے داروغہ اور مت برا کہو ان لوگوں کو کہ پکارتے ہیں سوائے خدا کے پس برا کہنے لگیں گے

اللّٰهَ عَدْوًۢا بِغَیْرِ عِلْمٍ ؕ كَذٰلِكَ زَیَّنَّا لِكُلِّ اُمَّةٍ عَمَلَهُمْ ۠ ثُمَّ اِلٰی
وہ خدا کو زیادتی سے بے سمجھے اسی طرح زینت دی ہم نے واسطے ہر ایک فرقے کے عمل ان کے کو پھر طرف

رَبِّهِمْ مَّرْجِعُهُمْ فَیُنَبِّئُهُمْ بِمَا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ﴿١٠٨﴾ وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ
پروردگار ان کے کی ہے پھر جانا ان کا پس خبر دے گا ان کو ساتھ اس چیز کے کہ تھے عمل کرتے اور قسم کھائی تھی انہوں نے

جَهْدَ اَیْمَانِهِمْ لَئِنْ جَآءَتْهُمْ اٰیَةٌ لَّیُؤْمِنُنَّ بِهَا ؕ قُلْ اِنَّمَا
ساتھ اللہ کے سخت قسموں اپنی کی البتہ اگر آوے گی ان کے پاس کوئی نشانی البتہ ایمان لاویں گے وہ ساتھ اس کے کہہ سوائے

الْاٰیٰتُ عِنْدَ اللّٰهِ وَمَا یُشْعِرُكُمْ ۙ اَنَّهَآ اِذَا جَآءَتْ لَا یُؤْمِنُوْنَ ﴿١٠٩﴾
اس کے نہیں کہ نشانیاں نزدیک اللہ کے ہیں اور کیا چیز معلوم کرواتی ہے تم کو یہ کہ جب آوے گی نہیں ایمان لاویں گے

وَنُقَلِّبُ اَفْـِٕدَتَهُمْ وَاَبْصَارَهُمْ كَمَا لَمْ یُؤْمِنُوْا بِهٖۤ اَوَّلَ
اور پھیر دیں گے ہم دلوں ان کے کو اور نظروں ان کی کو جیسا کہ نہ ایمان لائے تھے ساتھ اس کے

مَرَّةٍ وَّنَذَرُهُمْ فِیْ طُغْیَانِهِمْ یَعْمَهُوْنَ ﴿١١٠﴾ ع ١٣/١٠/١٩
پہلی بار اور چھوڑ دیں گے ہم ان کو بیچ سرکشی ان کی کے بہکتے ف۲

ف۱ یعنی آنکھ میں یہ قوت نہیں کہ اس کو دیکھ لے مگر جو وہ آپ کو دکھاوے اس واسطے کہ لطیف ہے۔ ۱۲- منہ رح

ف۲ یعنی جن کو اللہ ہدایت دینا ہے اوّل ہی حق سن کر انصاف سے قبول کرتے ہیں اور جس نے پہلے ہی ضد کی اگر نشانی بھی دیکھے تو کچھ حیلہ بتا گے فرعون ان نشانیوں پر ایمان نہ لایا۔ ۱۲- منہ رح

وَلَوْ اَنَّنَا نَزَّلْنَآ اِلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةَ وَكَلَّمَهُمُ الْمَوْتٰى
اور اگر ہم اتارتے طرف ان کی فرشتے اور بولتے ان سے مُردے
وَحَشَرْنَا عَلَيْهِمْ كُلَّ شَيْءٍ قُبُلًا مَّا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْٓا اِلَّآ اَنْ
اور اکٹھا کر لاتے ہم اُوپر ان کے ہر چیز کو مقابل۔ نہ ہوتا کہ ایمان لاویں مگر یہ کہ
يَّشَآءَ اللّٰهُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ يَجْهَلُوْنَ ﴿۱۱۱﴾ وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا
چاہے اللہ اور لیکن اکثر ان کے جاہل ہیں اور اسی طرح سے کیئے ہم نے
لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا شَيٰطِيْنَ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ يُوْحِيْ بَعْضُهُمْ
واسطے ہر ایک نبی کے دشمن شیطان آدمیوں کے اور جنوں کے۔ جی میں ڈالتے ہیں بعضے اُن کی
اِلٰى بَعْضٍ زُخْرُفَ الْقَوْلِ غُرُوْرًا ۭ وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ مَا فَعَلُوْهُ
طرف بعض کے ملمع کی ہوئی بات فریب دینے کو اور اگر چاہتا پروردگار تیرا نہ کرتے اس کو
فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُوْنَ ﴿۱۱۲﴾ وَلِتَصْغٰٓى اِلَيْهِ اَفْـِٕدَةُ الَّذِيْنَ
پس چھوڑ دے ان کو اور جو کچھ باندھ لیتے ہیں اور تو کہ جھکیں طرف اس کی دل ان لوگوں کے
لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ وَلِيَرْضَوْهُ وَلِيَقْتَرِفُوْا مَا هُمْ
کہ نہ ایمان لائے ساتھ آخرت کے اور تو کہ پسند کریں اس کو تو کہ کرلیویں جو کچھ کہ وہ
مُّقْتَرِفُوْنَ ﴿۱۱۳﴾ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْتَغِيْ حَكَمًا وَّهُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ
کرنے والے ہیں ؎۱ کیا پس غیر خدا کے چاہوں میں حکم کرنے والا اور وہ ہے جس نے اتاری ہے
اِلَيْكُمُ الْكِتٰبَ مُفَصَّلًا ۭ وَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَعْلَمُوْنَ
طرف تمہاری کتاب مفصّل اور جو لوگ کہ دی ہم نے اُن کو کتاب جانتے ہیں
اَنَّهٗ مُنَزَّلٌ مِّنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ﴿۱۱۴﴾
یہ کہ وہ اتاری ہوئی ہے رب تیرے کی طرف سے ساتھ حق کے پس مت ہو شک لانے والوں سے
وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ صِدْقًا وَّعَدْلًا ۭ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ ۚ
اور پوری ہوئی بات رب تیرے کی راستی میں اور انصاف میں نہیں کوئی بدلنے والا بات اس کی کو
وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۱۱۵﴾ وَاِنْ تُطِعْ اَكْثَرَ مَنْ فِي الْاَرْضِ
اور وہ ہے سننے والا جاننے والا اور اگر کہا مانے گا تو اکثر ان لوگوں کا کہ بیچ زمین کے ہیں
يُضِلُّوْكَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَاِنْ
گمراہ کردیں گے تجھ کو راہ خدا کی سے نہیں پیروی کرتے ہیں مگر گمان کی اور نہیں

؎۱ یہ کئی آیتیں اس پر اتریں کہ کافر کہنے لگے مسلمان اپنا مارا کھاتے ہیں اور اللہ کا مارا نہیں کھاتے فرمایا کہ ایسے فریب کی باتیں ملمع شیطان سکھاتے ہیں انسانوں کو شبہ ڈالنے کو عقل کا حکم نہیں۔ حکم اللہ کا ہے آگے کھول کر سمجھا دیا کہ مارنے والا سب کا اللہ ہے لیکن اس کے نام کو برکت ہے جو اس کے نام پر ذبح ہوا سو حلال ہے جو بغیر اس کے مرگیا سو مردار۔ ۱۲ منہ رح

هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ﴿١١٦﴾ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ مَنْ يَّضِلُّ عَنْ
وہ مگر اٹکل کرتے تحقیق پروردگار تیرا وہی خوب جانتا ہے اس شخص کو کہ گمراہ ہو رہا ہے
سَبِيْلِهٖ ۚ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ﴿١١٧﴾ فَكُلُوْا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ
راہ اس کی سے اور وہی خوب جانتا ہے راہ پانے والوں کو پس کھاؤ اس چیز سے کہ یاد کیا گیا ہے نام
اللّٰهِ عَلَيْهِ اِنْ كُنْتُمْ بِاٰيٰتِهٖ مُؤْمِنِيْنَ ﴿١١٨﴾ وَمَا لَكُمْ اَلَّا تَاْكُلُوْا
اللہ کا اوپر اس کے اگر ہو تم ساتھ نشانیوں اس کی کے ایمان لاتے اور کیا ہے واسطے تمہارے یہ کہ نہ کھاؤ
مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَقَدْ فَصَّلَ لَكُمْ مَّا حَرَّمَ عَلَيْكُمْ
اس چیز سے کہ یاد کیا گیا ہے نام اللہ کا اوپر اس کے در تحقیق مفصل بیان کیا گیا ہے واسطے تمہارے جو کچھ حرام کیا ہے اوپر
اِلَّا مَا اضْطُرِرْتُمْ اِلَيْهِ ۭ وَاِنَّ كَثِيْرًا لَّيُضِلُّوْنَ بِاَهْوَاۗىِٕهِمْ
تمہارے مگر جو ناچار ہو تم طرف اس کی اور تحقیق بہت لوگ البتہ گمراہ کرتے ہیں ساتھ خواہشوں اپنی کے
بِغَيْرِ عِلْمٍ ۭ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِالْمُعْتَدِيْنَ ﴿١١٩﴾ وَذَرُوْا
بغیر علم کے تحقیق پروردگار تیرا وہی خوب جانتا ہے حد سے نکل جانے والوں کو اور چھوڑ دو
ظَاهِرَ الْاِثْمِ وَبَاطِنَهٗ ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْسِبُوْنَ الْاِثْمَ
ظاہر گناہ کا اور باطن اس کا تحقیق وہ لوگ کہ کرتے ہیں گناہ البتہ
سَيُجْزَوْنَ بِمَا كَانُوْا يَقْتَرِفُوْنَ ﴿١٢٠﴾ وَلَا تَاْكُلُوْا مِمَّا لَمْ
جزا دیئے جاویں گے ساتھ اس چیز کے کہ تھے کرتے ف۱ اور مت کھاؤ اس چیز سے کہ نہیں
يُذْكَرِ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَاِنَّهٗ لَفِسْقٌ ۭ وَاِنَّ الشَّيٰطِيْنَ
یاد کیا گیا نام اللہ کا اوپر اس کے اور تحقیق وہ البتہ فسق ہے اور تحقیق شیاطین البتہ
لَيُوْحُوْنَ اِلٰٓى اَوْلِيٰۗـــِٕــهِمْ لِيُجَادِلُوْكُمْ ۚ وَاِنْ اَطَعْتُمُوْهُمْ
وسوسہ ڈالتے ہیں طرف دوستوں اپنے کی تو کہ جھگڑیں تم سے اور اگر تم نے کہا مانا اُن کا
اِنَّكُمْ لَمُشْرِكُوْنَ ﴿١٢١﴾ ع اَوَمَنْ كَانَ مَيْتًا فَاَحْيَيْنٰهُ وَجَعَلْنَا ع ۱۴ ۱۱ ۱
تحقیق تم ہی البتہ مشرک ہو ف۲ کیا جو شخص کہ تھا مُردہ پس جلایا ہم نے اس کو اور کی ہم نے
لَهٗ نُوْرًا يَّمْشِيْ بِهٖ فِي النَّاسِ كَمَنْ مَّثَلُهٗ فِي الظُّلُمٰتِ
واسطے اس کے روشنی چلتا ہے ساتھ اس کے بیچ لوگوں کے مانند اس شخص کی کہ صفت اس کی یہ ہے بیچ اندھیروں
لَيْسَ بِخَارِجٍ مِّنْهَا ۭ كَذٰلِكَ زُيِّنَ لِلْكٰفِرِيْنَ مَا كَانُوْا
کے نہیں نکلنے والا اس سے اسی طرح سے زینت دیا گیا ہے واسطے کافروں کے جو کچھ کہ تھے

ف۱ یعنی کافروں کے بہکانے پر نہ ظاہر میں عمل کرو نہ دل میں شبہ رکھو۔ ۱۲۔منہ رح

ف۲ یعنی شرک فقط یہی نہیں کہ کسی کو سوائے خدا کے پوجے بلکہ شرک حکم میں ہے کہ اور کا مطیع ہووے ۱۲۔منہ رح

يَعْمَلُونَ ﴿۱۲۲﴾ وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا فِي كُلِّ قَرْيَةٍ أَكٰبِرَ مُجْرِمِيهَا

وہ کرتے ف۱ اور اسی طرح کیئے ہم نے بیچ ہر بستی کے بڑے گناہ گار ان کے

لِيَمْكُرُوا فِيهَا ۖ وَمَا يَمْكُرُونَ إِلَّا بِأَنْفُسِهِمْ وَمَا

تا کہ مکر کریں بیچ اس کے اور نہیں مکر کرتے مگر ساتھ جانوں اپنی کے اور نہیں

يَشْعُرُونَ ﴿۱۲۳﴾ وَإِذَا جَاءَتْهُمْ آيَةٌ قَالُوا لَنْ نُؤْمِنَ حَتّٰى نُؤْتٰى

سمجھتے ف۲ اور جس وقت آتی ہے ان کے پاس کوئی نشانی کہتے ہیں ہرگز نہ ایمان لاویں گے ہم یہاں تک کہ

مِثْلَ مَا أُوتِيَ رُسُلُ اللّٰهِ ۘ اللّٰهُ أَعْلَمُ حَيْثُ يَجْعَلُ رِسَالَتَهُ ۗ

دیئے جاویں ہم مانند اس کی جو دیئے گئے ہیں پیغمبر خدا کے اللہ خوب جانتا ہے کہ کس جگہ رکھے پیغمبری اپنی کو

سَيُصِيبُ الَّذِينَ أَجْرَمُوا صَغَارٌ عِنْدَ اللّٰهِ وَعَذَابٌ شَدِيدٌ

البتہ پہنچے گی ان لوگوں کو کہ گناہ کرتے ہیں ذلت نزدیک اللہ کے سے اور عذاب سخت

بِمَا كَانُوا يَمْكُرُونَ ﴿۱۲۴﴾ فَمَنْ يُرِدِ اللّٰهُ أَنْ يَهْدِيَهُ يَشْرَحْ

بسبب اس کے کہ تھے مکر کرتے۔ پس جس کو ارادہ کرتا ہے اللہ یہ کہ ہدایت کرے اس کو کھول دیتا ہے

صَدْرَهُ لِلْإِسْلَامِ ۖ وَمَنْ يُرِدْ أَنْ يُضِلَّهُ يَجْعَلْ صَدْرَهُ

سینہ اس کا واسطے مسلمانی کے اور جس کو ارادہ کرتا ہے یہ کہ گمراہ کرے اس کو کرتا ہے سینہ اس کے کو

ضَيِّقًا حَرَجًا كَأَنَّمَا يَصَّعَّدُ فِي السَّمَاءِ ۚ كَذٰلِكَ يَجْعَلُ اللّٰهُ

تنگ بند گویا کہ زور سے چڑھتا ہے بیچ آسمان کے اسی طرح کرتا ہے اللہ

الرِّجْسَ عَلَى الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ ﴿۱۲۵﴾ وَهٰذَا صِرَاطُ رَبِّكَ

ناپاکی اوپر ان لوگوں کے کہ نہیں ایمان لاتے ف۳ اور یہ ہے راہ پروردگار تیرے کی

مُسْتَقِيمًا ۗ قَدْ فَصَّلْنَا الْآيٰتِ لِقَوْمٍ يَذَّكَّرُونَ ﴿۱۲۶﴾ لَهُمْ دَارُ

سیدھی تحقیق مفصل بیان کیں ہم نے نشانیاں واسطے اس قوم کے کہ نصیحت پکڑتے ہیں ف۴ واسطے ان

السَّلٰمِ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَهُوَ وَلِيُّهُمْ بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿۱۲۷﴾

کے ہے گھر سلامتی کا نزدیک رب اپنے کے اور وہ دوست ہے ان کا بسبب اس کے کہ تھے کرتے

وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيعًا ۚ يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ قَدِ اسْتَكْثَرْتُمْ

اور جس دن اکٹھا کرے گا ان کو سب کو اے جماعت جنوں کی تحقیق بہت لے لیئے ہیں تم نے

مِنَ الْإِنْسِ ۖ وَقَالَ أَوْلِيَاؤُهُمْ مِنَ الْإِنْسِ رَبَّنَا اسْتَمْتَعَ بَعْضُنَا

انسانوں میں سے اور کہا دوستوں ان کے نے آدمیوں میں سے اے رب ہمارے فائدہ اٹھایا بعضے ہمارے

ف۱ اوپر ذکر تھا مردے کا یہاں کافر پر وہی مثال فرمائی یعنی اوّل جہل میں سب مردے تھے پھر جس کو ایمان ملا وہ زندہ ہوا اور روشنی پائی کہ اس کے منہ پر سب لوگ دیکھتے ہیں روشنی ایمان کی اور جس کو ایمان نہ ملا، وہ اندھیروں میں پڑا رہا۔ ۱۲۔منہ رح

ف۲ یعنی کافروں کے سردار ہمیشہ حیلے نکالتے ہیں تا عوام الناس پیغمبر کے مطیع نہ ہو جاویں جیسے فرعون نے معجزہ دیکھا تو حیلہ نکالا کہ سحر کے زور سے سلطنت لیا چاہتا ہے۔ ۱۲۔منہ رح

ف۳ اور فرمایا تھا کہ کافر قسمیں کھاتے ہیں کہ ایک آیت دیکھیں تو البتہ یقین لاویں اور اب فرمایا کہ ہم نہ دیں گے ایمان تو کیونکر لاویں گے بیچ میں مردہ حلال کرنے کے حیلے نقل کیے اب اس بات کا جواب فرمایا کہ جس کی عقل اس طرف چلے کہ اپنی بات نہ چھوڑے جو دلیل دیکھے کچھ حیلہ بنا لے وہ نشان ہے گمراہی کا اور جس کی عقل چلے انصاف پر اور حکمبرداری پر وہ نشان ہدایت ہے ان لوگوں میں نشان ہیں گمراہی کے ان کو کوئی آیت اثر نہ کرے گی ۱۲۔منہ رح

ف۴ یعنی حکمبرداری اور عقل کو دخل نہ دینا سیدھی راہ ہے۔ ۱۲۔منہ رح

بِبَعْضٍ وَّبَلَغْنَآ اَجَلَنَا الَّذِيْٓ اَجَّلْتَ لَنَا ۭ قَالَ النَّارُ مَثْوٰىكُمْ
نے بعضوں ان کے سے اور پہنچے ہم وعدے اپنے کو جو مقرر کیا تھا تو نے واسطے ہمارے کہے گا آگ ہے ٹھکانا تمہارا ہمیشہ
خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اِلَّا مَا شَاۗءَ اللّٰهُ ۭ اِنَّ رَبَّكَ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۲۸﴾
رہو گے بیچ اس کے مگر جو چاہے اللہ نے تحقیق پروردگار تیرا حکمت والا جاننے والا ہے ف۱

۱۵ ع ۸ ۲ وَكَذٰلِكَ نُوَلِّيْ بَعْضَ الظّٰلِمِيْنَ بَعْضًۢا بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۱۲۹﴾ ع
اور اسی طرح دوست کر دیتے ہیں ہم بعض ظالموں کو بعض کا بسبب اس کے کہ تھے کماتے

يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اَلَمْ يَاْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ يَقُصُّوْنَ
اے جماعت جنوں کی اور آدمیوں کی کیا نہ آئے تھے تمہارے پاس پیغمبر تمہیں میں سے بیان کرتے تھے اوپر
عَلَيْكُمْ اٰيٰتِيْ وَيُنْذِرُوْنَكُمْ لِقَاۗءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ۭ قَالُوْا شَهِدْنَا
تمہارے نشانیاں میری اور ڈراتے تھے تم کو ملاقات اس دن تمہارے کے سے یہ کہا انہوں نے گواہی دی ہم نے
عَلٰٓي اَنْفُسِنَا وَغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَشَهِدُوْا عَلٰٓي اَنْفُسِهِمْ
اوپر جانوں اپنی کے اور فریب دیا تھا ان کو زندگانی دنیا کی نے اور گواہی دی انہوں نے اوپر جانوں اپنی
اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰفِرِيْنَ ﴿۱۳۰﴾ ذٰلِكَ اَنْ لَّمْ يَكُنْ رَّبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرٰي
کے یہ کہ تھے وہ کافر ف۲ یہ اس واسطے کہ نہیں ہے پروردگار تیرا ہلاک کرنے والا بستیوں
بِظُلْمٍ وَّاَهْلُهَا غٰفِلُوْنَ ﴿۱۳۱﴾ وَلِكُلٍّ دَرَجٰتٌ مِّمَّا عَمِلُوْا ۭ وَمَا
کو ساتھ ظلم کے اور لوگ اس کے غافل ہوں اور واسطے ہر ایک کے درجے ہیں اس چیز سے کہ کیا ہے انہوں
رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۳۲﴾ وَرَبُّكَ الْغَنِيُّ ذُو الرَّحْمَةِ ۭ
نے اور نہیں پروردگار تیرا غافل اس چیز سے کہ کرتے ہیں اور پروردگار تیرا بے پرواہ ہے مہربانی والا
اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ وَيَسْتَخْلِفْ مِنْۢ بَعْدِكُمْ مَّا يَشَاۗءُ
اگر چاہے لے جاوے تم کو اور جگہ پر بٹھاوے پیچھے تمہارے جو کچھ چاہے
كَمَآ اَنْشَاَكُمْ مِّنْ ذُرِّيَّةِ قَوْمٍ اٰخَرِيْنَ ﴿۱۳۳﴾ ط اِنَّ مَا
جیسا پیدا کیا تم کو اولاد قوم اور سے تحقیق جو کچھ
تُوْعَدُوْنَ لَاٰتٍ ۙ وَّمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ﴿۱۳۴﴾ قُلْ يٰقَوْمِ اعْمَلُوْا
وعدہ دیئے جاتے ہو تم البتہ آنے والا ہے اور نہیں تم عاجز کرنے والے کہہ اے قوم میری عمل کرو
عَلٰي مَكَانَتِكُمْ اِنِّىْ عَامِلٌ ۚ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ مَنْ تَكُوْنُ
اوپر اپنی جگہ کے تحقیق میں بھی عمل کرنے والا ہوں پس البتہ جانو گے تم کون شخص ہے کہ ہوگا واسطے

ف۱ دنیا میں انسان بت پوجتے ہیں فی الحقیقت جن ہیں اس خیال پر کہ وہ ہماری حاجت دیں گے ان کو نیازیں چڑھاتے ہیں جب آخرت میں وہ جن اور انسان برابر پکڑے جاویں گے تب یوں عرض کریں گے کہ ہم نے پوجا نہیں لیکن آپس کی کارروائی کرلی اور یہ جو فرمایا کہ آگ میں رہا کریں مگر جو چاہے اللہ اس واسطے کہ اگر عذاب دوزخ دائم ہے تو اسی کے چاہنے سے ہے وہ چاہے تو موقوف کرے لیکن ایک چیز چاہ چکا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ اس سورہ میں اوپر مذکور ہوا کہ اول کافر اپنے کفر کا انکار کریں گے پھر حق تعالےٰ تدبیر سے ان کو قائل کریگا۔ ۱۲۔ منہ رح

12

لَهٗ عَاقِبَةُ الدَّارِ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۱۳۵﴾ وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ مِمَّا
اس کے آخر اس گھر کا تحقیق نہیں فلاح پانے کے ظالم اور کیا انہوں نے واسطے اللہ کے
ذَرَاَ مِنَ الْحَرْثِ وَالْاَنْعَامِ نَصِيْبًا فَقَالُوْا هٰذَا لِلّٰهِ بِزَعْمِهِمْ
اس چیز سے کہ پیدا کیا ہے کھیتوں سے اور جانوروں سے ایک حصّہ پس کہا انہوں نے یہ واسطے اللہ کے ہے
وَهٰذَا لِشُرَكَآئِنَا ۚ فَمَا كَانَ لِشُرَكَآئِهِمْ فَلَا يَصِلُ اِلَى اللّٰهِ ۚ
ساتھ گمان اپنے کے اور یہ واسطے شریکوں ہمارے کے پس جو کچھ ہو واسطے شریکوں ان کے کے پس نہیں پہنچتا طرف اللہ کی
وَمَا كَانَ لِلّٰهِ فَهُوَ يَصِلُ اِلٰى شُرَكَآئِهِمْ ؕ سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ﴿۱۳۶﴾
اور جو کچھ ہو واسطے اللہ کے پس وہ پہنچتا ہے طرف شریکوں ان کے کے بُرا ہے جو کچھ حکم کرتے ہیں ف۱
وَكَذٰلِكَ زَيَّنَ لِكَثِيْرٍ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ قَتْلَ اَوْلَادِهِمْ
اور اسی طرح زینت دی ہے واسطے بہتوں کے مشرکوں سے مار ڈالنا اولاد ان کی کا
شُرَكَآؤُهُمْ لِيُرْدُوْهُمْ وَلِيَلْبِسُوْا عَلَيْهِمْ دِيْنَهُمْ ؕ وَلَوْ
شریکوں ان کے نے تو ہلاک کریں ان کو اور تو کہ ملا دیویں اوپر ان کے دین ان کا اور اگر
شَآءَ اللّٰهُ مَا فَعَلُوْهُ فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُوْنَ ﴿۱۳۷﴾ وَقَالُوْا هٰذِهٖۤ
چاہتا اللہ نہ کرتے یہ پس چھوڑ دے ان کو اور جو کچھ باندھ لیتے ہیں اور کہا انہوں نے یہ
اَنْعَامٌ وَّحَرْثٌ حِجْرٌ ۖ لَّا يَطْعَمُهَآ اِلَّا مَنْ نَّشَآءُ بِزَعْمِهِمْ
جانور ہیں اور کھیتی ہے اچھوتی نہیں کھاتا اس کو مگر جس کو چاہیں ہم ساتھ گمان اپنے کے
وَاَنْعَامٌ حُرِّمَتْ ظُهُوْرُهَا وَاَنْعَامٌ لَّا يَذْكُرُوْنَ اسْمَ اللّٰهِ
اور جانور ہیں کہ حرام کی گئی ہیں پیٹھیں ان کی اور جانور ہیں کہ نہیں یاد کرتے نام اللہ کا
عَلَيْهَا افْتِرَآءً عَلَيْهِ ؕ سَيَجْزِيْهِمْ بِمَا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۱۳۸﴾
اوپر ان کے جھوٹ باندھ کر اوپر اس کے البتہ بدلہ دے گا ان کو بدلے اس چیز کے کہ تھے باندھ لیتے
وَقَالُوْا مَا فِيْ بُطُوْنِ هٰذِهِ الْاَنْعَامِ خَالِصَةٌ لِّذُكُوْرِنَا
اور کہا انہوں نے جو کچھ بیچ پیٹوں ان جانوروں کے ہے خالص ہے واسطے مردوں ہمارے
وَمُحَرَّمٌ عَلٰۤى اَزْوَاجِنَا ۚ وَاِنْ يَّكُنْ مَّيْتَةً فَهُمْ فِيْهِ شُرَكَآءُ ؕ
کے اور حرام ہے اوپر بی بیوں ہماری کے اور اگر ہووے مردہ پس وہ بیچ اس کے شریک ہیں
سَيَجْزِيْهِمْ وَصْفَهُمْ ؕ اِنَّهٗ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۳۹﴾ قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ
البتہ جزا دے گا ان کو کہنے ان کے کی تحقیق وہ ہے حکمت والا جاننے والا ف۲ تحقیق ٹوٹا پایا ان لوگوں نے کہ

ف۱ کافر اپنی کھیتی میں سے اور مواشی کے بچوں میں سے اللہ کی نیاز نکالتے اور بتوں کی بھی نیاز نکالتے پھر بعض جانور اللہ کے نام کا بہتر دیکھا بتوں کی طرف بدل دیا اور بتوں کی طرف کا اللہ کی طرف نہ کرتے اس سے زیادہ ڈرتے اب جاننا چاہیئے کہ اللہ کی نیاز دینی یہ کہ اس کی راہ میں جن کو دلوادے ان کو دینا اس کا فائدہ اس کو نہیں پہنچتا مگر اس کی حکمبرداری ہوئی اور چیز سے فقیر کو فائدہ اور ثواب سے فائدہ دینے والے کو پھر جو کسی بزرگ کے واسطے کچھ دے اگر اسی وضع پر دے تو شرک ہے جس پر اللہ نے الزام دیا مگر اس بزرگ کو اپنی جگہ ٹھہراوے کہ اس کی طرف سے اللہ کی راہ میں جن کو کہا ان کو دے تو حکمبرداری اللہ کی اور چیز فقیر کو اور ثواب اس شخص کے بدلے اس بزرگ کو یا اس کو فقیر کی جگہ ٹھہراوے کہ چیز اس کی کر دے پھر اس کی چیز لوگوں کے کام آئی تو اس کو ثواب ہوا یہ صورت مشکوک ہے پہلی صورت بے شک ہے۔ ۱۲ منہ
ف۲ ایک یہ مسئلہ بھی بنایا تھا کہ جانور ذبح کیا اس کے پیٹ میں سے بچہ نکلا اگر زندہ نکلے تو مرد کھاویں اور عورتیں نہ کھاویں اور مردہ نکلے تو سب کھاویں بے سند مسئلہ بنانا سخت گناہ ہے اس پر ان کو الزام دیا ہمارے دین میں مرد اور عورت (باقی صفحہ ۱ پر)

قَتَلُوْٓا اَوْلَادَهُمْ سَفَهًۢا بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّحَرَّمُوْا مَا رَزَقَهُمُ
مار ڈالا اولاد اپنی کو بے وقوفی سے بغیر علم کے اور حرام کیا اس چیز کو کہ دیا تھا ان کو

اللّٰهُ افْتِرَآءً عَلَى اللّٰهِ ۭ قَدْ ضَلُّوْا وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ﴿١٤٠﴾ ع ١٦/١١/٣
اللہ نے جھوٹ باندھ کر اوپر اللہ کے تحقیق گمراہ ہوئے اور نہ ہوئے راہ پانے والے وا

وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَ جَنّٰتٍ مَّعْرُوْشٰتٍ وَّغَيْرَ مَعْرُوْشٰتٍ
اور وہ وہی ہے جس نے پیدا کیے باغ ٹٹیوں پر چڑھائے اور بغیر چڑھائے ہوئے

وَّالنَّخْلَ وَالزَّرْعَ مُخْتَلِفًا اُكُلُهٗ وَالزَّيْتُوْنَ وَالرُّمَّانَ مُتَشَابِهًا
اور کھجوریں اور کھیتیاں مختلف ہیں کھانے کی چیزیں ان میں کی اور زیتون اور انار یکساں

وَّغَيْرَ مُتَشَابِهٍ ۭ كُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖٓ اِذَآ اَثْمَرَ وَاٰتُوْا حَقَّهٗ يَوْمَ
اور غیر یکساں کھاؤ پھل اس کے سے جبکہ پھل لاوے اور دو حق اس کا دن

حَصَادِهٖ ڮ وَلَا تُسْرِفُوْا ۭ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿١٤١﴾ وَمِنَ
کاٹنے اس کے کے اور مت بے جا خرچ کرو تحقیق وہ نہیں دوست رکھتا بے جا خرچ کرنے والوں کو وٗ اور پیدا کیے

الْاَنْعَامِ حَمُوْلَةً وَّفَرْشًا ۭ كُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ وَلَا
جانوروں میں سے بوجھ اٹھانے والے اور زمین کو لگے ہوئے کھاؤ اس چیز سے کہ رزق دیا ہے تم کو اللہ نے اور مت

تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ۭ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿١٤٢﴾
پیروی کرو قدموں شیطان کی تحقیق وہ واسطے تمہارے دشمن ہے ظاہر وٓ۳

ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ ۚ مِنَ الضَّاْنِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْمَعْزِ اثْنَيْنِ ۭ قُلْ
آٹھ جوڑے بھیڑ میں سے دو اور بکری میں سے دو کہہ کیا

ءٰۗالذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ اَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ اَرْحَامُ
دو نروں کو حرام کیا ہے یا دو مادہ کو یا اس کو جو گھیر لیا ہے اوپر اس کے بچے دان

الْاُنْثَيَيْنِ ۭ نَبِّـُٔوْنِيْ بِعِلْمٍ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿١٤٣﴾ وَمِنَ
ان دو مادہ کے نے خبر دو مجھ کو ساتھ علم کے اگر ہو تم سچے اور

الْاِبِلِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْبَقَرِ اثْنَيْنِ ۭ قُلْ ءٰۗالذَّكَرَيْنِ
اونٹ میں سے دو اور گائے سے دو کہہ کیا دو نروں کو

حَرَّمَ اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ اَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ اَرْحَامُ الْاُنْثَيَيْنِ ۭ
حرام کیا ہے یا دو مادہ کو یا جس کو گھیر لیا ہے اوپر اس کے بچہ دان ان دو مادہ کے نے

(مشۃ اسے آگے) کا کچھ فرق نہیں اگر زندہ نکلے تو ذبح کر کر حلال ہے اور بغیر ذبح مردار اور اگر مردہ نکلے اور معلوم ہو کہ جان پڑی تھی تو امام اعظمؒ کے نزدیک حلال نہیں۔ ۱۲۔منہ

وا بیٹیوں کا مارنا روا رکھتے تھے اور یہ سخت وبال ہے۔ ۱۲۔منہ

وٗ اس کا حق دو۔ جس دن کٹے یعنی زکوٰۃ اور مال کی زکوٰۃ ہے برس کے بعد اور اس کی زکوٰۃ اسی دن ہے جس دن ہاتھ لگے جو زمین اپنے ملک میں ہو اس کے محصول میں حق اللہ کا ہے۔ اگر پانی دیئے سے ہو تو بیسواں حصہ اور اگر بن پانی دیئے ہو تو دسواں حصہ۔ ۱۲۔منہ

وٓ۳ لدنے والے اونٹ اور بیل اور دنبے بکری اور بھیڑ۔ ۱۲۔منہ

أَمْ كُنْتُمْ شُهَدَآءَ إِذْ وَصّٰكُمُ اللّٰهُ بِهٰذَا فَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ
کیا تھے تم گواہ جس وقت کہ حکم کیا تم کو اللہ نے ساتھ اس کے پس کون شخص بہت ظالم ہے اس

افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا لِّيُضِلَّ النَّاسَ بِغَيْرِ عِلْمٍ إِنَّ اللّٰهَ لَا
شخص سے کہ باندھ لیوے اوپر اللہ کے جھوٹ تو کہ گمراہ کرے لوگوں کو بغیر علم کے تحقیق اللہ نہیں

يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِينَ ﴿١٤٤﴾ قُلْ لَّآ أَجِدُ فِي مَآ أُوحِيَ إِلَيَّ ١٧ ع ٢
راہ دکھاتا قوم ظالموں کو کہہ نہیں پاتا میں بیچ اس چیز کے کہ وحی کی گئی ہے طرف میری

مُحَرَّمًا عَلٰى طَاعِمٍ يَّطْعَمُهٗٓ إِلَّآ أَنْ يَّكُونَ مَيْتَةً أَوْ
حرام کیا گیا اوپر کسی کھانے والے کے کہ کھاوے اس کو مگر یہ کہ ہو مردار یا

دَمًا مَّسْفُوحًا أَوْ لَحْمَ خِنْزِيرٍ فَإِنَّهٗ رِجْسٌ أَوْ فِسْقًا
لہو ڈالا ہوا رگوں میں سے یا گوشت سؤر کا پس تحقیق وہ ناپاک ہے یا فسق ہے کہ

أُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَإِنَّ
نام لیا گیا ہو واسطے غیر اللہ کے ساتھ اس کے پس جو کوئی بے بس ہو نہ جھپٹنے والا اور نہ زیادہ حاجت سے کھانے والا

رَبَّكَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿١٤٥﴾ وَعَلَى الَّذِينَ هَادُوا حَرَّمْنَا كُلَّ ذِي ظُفُرٍ
پس تحقیق پروردگار تیرا بخشنے والا مہربان ہے ف١ اور اوپر ان لوگوں کے کہ یہودی ہوئے حرام کیا ہم نے ہر ناخن والا جانور

وَمِنَ الْبَقَرِ وَالْغَنَمِ حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ شُحُومَهُمَآ إِلَّا مَا حَمَلَتْ
اور گائے سے اور بھیڑ بکری سے حرام کیں ہم نے اوپر ان کے چربیاں ان کی مگر جو اٹھا رہی ہو

ظُهُورُهُمَآ أَوِ الْحَوَايَآ أَوْ مَا اخْتَلَطَ بِعَظْمٍ ذٰلِكَ جَزَيْنٰهُمْ
پیٹھ ان کی یا انتڑیاں یا جو لپٹ رہا ہو ساتھ ہڈی کے یہ ہے بدلہ دیا ہم نے

بِبَغْيِهِمْ وَإِنَّا لَصٰدِقُونَ ﴿١٤٦﴾ فَإِنْ كَذَّبُوكَ فَقُلْ رَّبُّكُمْ ذُو
ان کو بسبب سرکشی ان کی کے اور تحقیق ہم سچے ہیں ف٢ پس اگر جھٹلاویں تجھ کو پس کہہ پروردگار تمہارا

رَحْمَةٍ وَّاسِعَةٍ وَلَا يُرَدُّ بَأْسُهٗ عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِينَ ﴿١٤٧﴾
صاحب رحمت کشادہ کا ہے اور نہیں پھیرا جاتا عذاب اس کا قوم گنہگاروں سے ف٣

سَيَقُولُ الَّذِينَ أَشْرَكُوا لَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَآ أَشْرَكْنَا وَلَآ آبَآؤُنَا
البتہ کہیں گے وہ لوگ جو شریک لاتے ہیں اگر چاہتا اللہ نہ شریک کرتے ہم اور نہ باپ ہمارے

وَلَا حَرَّمْنَا مِنْ شَيْءٍ كَذٰلِكَ كَذَّبَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ
اور نہ حرام کرتے ہم کچھ اسی طرح جھٹلایا ان لوگوں نے کہ پہلے ان سے تھے

ف١ یعنی جو جانور کھانے دستور ہیں ان میں سے یہی حرام ہیں۔ ١٢۔منہ

ف٢ مواشی میں سے ناخن دار یعنی اونٹ ان پر حرام تھا۔ سو ان کی بے حکمیوں سے ان پر سخت پکڑا تھا اصل یہ چیزیں حرام نہیں۔ ١٢۔منہ

ف٣ یعنی رحمت کی سمائی سے اب تک تم بچے ہو لیکن نہ جانو کہ عذاب پھر گیا۔ ١٢۔منہ

حَتّٰى ذَاقُوْا بَاْسَنَا ؕ قُلْ هَلْ عِنْدَكُمْ مِّنْ عِلْمٍ فَتُخْرِجُوْهُ
یہاں تک کہ چکھا انہوں نے عذاب ہمارا کہہ کیا ہے تمہارے پاس کچھ علم پس نکالو گے تم اس کو واسطے
لَنَا ؕ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَاِنْ اَنْتُمْ اِلَّا تَخْرُصُوْنَ ﴿١٤٨﴾
ہمارے نہیں پیروی کرتے تم مگر گمان کی اور نہیں تم مگر اٹکل کرتے ف۱
قُلْ فَلِلّٰهِ الْحُجَّةُ الْبَالِغَةُ ۚ فَلَوْ شَآءَ لَهَدٰىكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿١٤٩﴾
کہہ پس واسطے اللہ کے ہے دلیل پہنچی ہوئی پس اگر چاہتا ہدایت کرتا تم کو سب کو ف۲
قُلْ هَلُمَّ شُهَدَآءَكُمُ الَّذِيْنَ يَشْهَدُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ
کہہ لے آؤ گواہوں اپنوں کو وہ جو گواہی دیتے ہیں یہ کہ اللہ نے حرام کیا ہے
هٰذَا ۚ فَاِنْ شَهِدُوْا فَلَا تَشْهَدْ مَعَهُمْ ۚ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَ
یہ پس اگر گواہی دیویں پس مت گواہی دے تو ساتھ ان کے اور مت پیروی کر خواہشوں
الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَالَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ
ان لوگوں کی کہ جھٹلایا نشانیوں ہماری کو اور ان کی کہ نہیں ایمان لاتے ساتھ آخرت کے
وَهُمْ بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُوْنَ ﴿١٥٠﴾ ع قُلْ تَعَالَوْا اَتْلُ مَا حَرَّمَ رَبُّكُمْ
اور وہ ساتھ پروردگار اپنے کے شریک لاتے ہیں کہہ آؤ پڑھوں میں اوپر تمہارے جو حرام کیا ہے رب تمہارے
عَلَيْكُمْ اَلَّا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْـًٔا وَّبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا ۚ وَلَا
نے اوپر تمہارے یہ کہ نہ شریک لاؤ ساتھ اس کے کچھ اور ساتھ ماں باپ کے احسان کرنا اور مت
تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ مِّنْ اِمْلَاقٍ ؕ نَحْنُ نَرْزُقُكُمْ وَاِيَّاهُمْ ۚ
مار ڈالو اولاد اپنی کو ڈر افلاس کے سے ہم روزی دیتے ہیں تم کو اور ان کو
وَلَا تَقْرَبُوا الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ ۚ وَلَا
اور مت نزدیک جاؤ بے حیائیوں کے جو کچھ ظاہر ہے اس میں سے اور جو کچھ کہ چھپا ہے اور مت
تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ ؕ ذٰلِكُمْ
مار ڈالو اس جی کو کہ حرام کیا ہے اللہ نے مگر ساتھ حق کے یہ بات
وَصّٰىكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿١٥١﴾ وَلَا تَقْرَبُوْا مَالَ الْيَتِيْمِ
نصیحت کرتا ہے تم کو ساتھ اس کے تو کہ تم سمجھو اور مت نزدیک جاؤ مال یتیم کے
اِلَّا بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ حَتّٰى يَبْلُغَ اَشُدَّهٗ ۚ وَاَوْفُوا الْكَيْلَ
مگر ساتھ اس طرح کے کہ وہ بہت اچھی ہے یہاں تک کہ پہنچے جوانی اپنی کو اور پورا کرو ماپ

ف۱ کافروں کا شبہ ہے کہ اگر ہمارے کام اللہ کو پسند نہ ہوتے تو ہم کو کرنے نہ دیتا اس کا جواب فرمایا کہ اگلوں کو گناہ پر کیوں پکڑا۔ معلوم ہوا کہ وہ بھی ایک مدت ناپسند کام کرتے تھے اور اللہ نہ پکڑتا تھا آخر پکڑا۔ ۱۲ منہ ح

ع ۱۸ ۶ ۵

ف۲ یہ تمہاری غلطی ثابت ہو چکی کہ دلیل نہیں رکھتے تو بھی جو نہ مانے تو علامت ہے کہ تمہاری قسمت میں ہدایت نہیں رکھی۔ ۱۲ منہ ح

وَالْمِيْزَانَ بِالْقِسْطِ ۚ لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ۚ وَاِذَا

اور تول ساتھ انصاف کے نہیں تکلیف دیتے ہم کسی جی کو مگر موافق طاقت اس کی کے اور جب

قُلْتُمْ فَاعْدِلُوْا وَلَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى ۚ وَبِعَهْدِ اللّٰهِ اَوْفُوْا ؕ

بات کہو پس انصاف کرو اور اگر ہو صاحب قرابت اور ساتھ عہد اللہ کے وفا کرو

ذٰلِكُمْ وَصّٰىكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ۝١٥٢ وَاَنَّ هٰذَا صِرَاطِيْ

یہ بات نصیحت کرتا ہے تم کو ساتھ اس کے تو کہ تم نصیحت پکڑو اور یہ کہ یہ راہ میری سیدھی ہے

مُسْتَقِيْمًا فَاتَّبِعُوْهُ ۚ وَلَا تَتَّبِعُوا السُّبُلَ فَتَفَرَّقَ بِكُمْ

یعنی متابعت پیغمبروں کی پس پیروی کرو اس کی اور مت پیروی کرو اور راہوں کی پس متفرق کر دیں گے تم کو

عَنْ سَبِيْلِهٖ ؕ ذٰلِكُمْ وَصّٰىكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ۝١٥٣ ثُمَّ

راہ اس کی سے یہ بات ہے نصیحت کرتا ہے تم کو ساتھ اس کے تو کہ تم بچو پھر دی تھی

اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ تَمَامًا عَلَى الَّذِيْٓ اَحْسَنَ وَتَفْصِيْلًا [1]

ہم نے موسیٰ کو کتاب پورا کرنا نعمت کا اوپر اس شخص کے کہ نیکی کرتا ہے اور تفصیل کرنا

لِّكُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً لَّعَلَّهُمْ بِلِقَآءِ رَبِّهِمْ

واسطے ہر چیز کے اور ہدایت اور رحمت تو کہ وہ ساتھ ملاقات پروردگار اپنے کے

١٩ ع ٦ يُؤْمِنُوْنَ ۝١٥٤ وَهٰذَا كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ مُبٰرَكٌ فَاتَّبِعُوْهُ وَاتَّقُوْا

ایمان لادیں [1] اور یہ کتاب ہے اتاری ہے ہم نے اس کو برکت والی پس پیروی کرو اس کی اور پرہیزگاری کرو

لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۝١٥٥ اَنْ تَقُوْلُوْٓا اِنَّمَآ اُنْزِلَ الْكِتٰبُ عَلٰى

تو کہ تم رحم کیے جاؤ ایسا نہ ہو کہ کہو تم سوائے اس کے نہیں کہ اتاری گئی تھی کتاب اوپر

طَآئِفَتَيْنِ مِنْ قَبْلِنَا ۠ وَاِنْ كُنَّا عَنْ دِرَاسَتِهِمْ

دو جماعت کے پہلے ہم سے اور تحقیق تھے ہم پڑھنے ان کے سے

لَغٰفِلِيْنَ ۝١٥٦ اَوْ تَقُوْلُوْا لَوْ اَنَّآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا الْكِتٰبُ لَكُنَّآ

البتہ غافل [2] یا کہو تم اگر اتاری جاتی اوپر ہمارے کتاب البتہ ہوتے ہم

اَهْدٰى مِنْهُمْ ۚ فَقَدْ جَآءَكُمْ بَيِّنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَهُدًى

راہ پانے والے ان سے پس محقیق آئی ہے تمہارے پاس دلیل پروردگار تمہارے سے اور ہدایت

وَّرَحْمَةٌ ۚ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَصَدَفَ

اور مہربانی پس کون ہے بہت ظالم اس شخص سے کہ جھٹلادے نشانیوں اللہ کی کو اور پھر رہے

[1] اس سے معلوم ہوا کہ پہلے حکم ہمیشہ سے جاری رہے۔ پیچھے توریت اتری تو شرع اور مفصل ہوئی۔ ١٢ منہ رح

[2] یعنی یہ کتاب اتاری کہ تم کو عذر کی جگہ باقی نہ رہے۔ ١٢ منہ رح

عَنْهَا ۭ سَنَجْزِي الَّذِيْنَ يَصْدِفُوْنَ عَنْ اٰيٰتِنَا سُوْۗءَ الْعَذَابِ
ان سے البتہ جزا دیں گے ہم ان لوگوں کو جو پھر رہتے ہیں نشانیوں ہماری سے برا عذاب

بِمَا كَانُوْا يَصْدِفُوْنَ ۝۱۵۷ هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ تَاْتِيَهُمُ الْمَلٰۗىِٕكَةُ
بسبب اس کے کہ تھے پھر رہتے ف۱ نہیں انتظار کرتے مگر یہ کہ آویں ان کے پاس فرشتے

اَوْ يَاْتِيَ رَبُّكَ اَوْ يَاْتِيَ بَعْضُ اٰيٰتِ رَبِّكَ ۭ يَوْمَ يَاْتِيْ بَعْضُ
یا آوے حکم پروردگار تیرے کا یا آویں بعضی نشانیاں پروردگار تیرے کی جس دن آویں گی بعض

اٰيٰتِ رَبِّكَ لَا يَنْفَعُ نَفْسًا اِيْمَانُهَا لَمْ تَكُنْ اٰمَنَتْ مِنْ
نشانیاں رب تیرے کی نہ نفع دے گا کسی جی کو ایمان اس کا کہ نہ تھا ایمان لایا پہلے

قَبْلُ اَوْ كَسَبَتْ فِيْٓ اِيْمَانِهَا خَيْرًا ۭ قُلِ انْتَظِرُوْٓا اِنَّا
اس سے یا نہ کمایا تھا بیچ ایمان اپنے کے بھلائی کو کہہ منتظر رہو تحقیق

مُنْتَظِرُوْنَ ۝۱۵۸ اِنَّ الَّذِيْنَ فَرَّقُوْا دِيْنَهُمْ وَكَانُوْا شِيَعًا
ہم بھی منتظر ہیں ف۲ تحقیق جن لوگوں نے ٹکڑے ٹکڑے کیا دین اپنے کو اور ہو گئے گروہ گروہ

لَّسْتَ مِنْهُمْ فِيْ شَيْءٍ ۭ اِنَّمَآ اَمْرُهُمْ اِلَى اللّٰهِ ثُمَّ يُنَبِّئُهُمْ
نہیں تو ان میں سے بیچ کسی چیز کے سوائے اس کے نہیں کہ حکم ان کا طرف اللہ کے ہے پھر خبر دیگا ان کو

بِمَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ۝۱۵۹ مَنْ جَاۗءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا ۚ
ساتھ اس چیز کے کہ تھے کرتے ف۳ جو کوئی لاوے بھلائی پس واسطے اس کے ہے دس برابر

وَمَنْ جَاۗءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزٰٓى اِلَّا مِثْلَهَا وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۝۱۶۰
اس کے اور جو کوئی لاوے برائی پس نہیں بدلہ دیا جاویگا مگر مانند اس کی اور وہ نہیں ظلم کیے جاویں گے

قُلْ اِنَّنِيْ هَدٰىنِيْ رَبِّيْٓ اِلٰي صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ڬ دِيْنًا قِيَمًا
کہہ تحقیق ہدایت کی مجھ کو رب میرے نے طرف راہ سیدھی کے دین استوار

مِّلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ۚ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝۱۶۱ قُلْ
دین ابراہیم حنیف کا اور نہ تھا شریک لانے والوں سے کہہ

اِنَّ صَلَاتِيْ وَنُسُكِيْ وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِيْ لِلّٰهِ رَبِّ
تحقیق نماز میری اور عبادتیں میری اور زندگی میری اور موت میری واسطے اللہ پروردگار

الْعٰلَمِيْنَ ۝۱۶۲ لَا شَرِيْكَ لَهٗ ۚ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا اَوَّلُ
عالموں کے ہے نہیں شریک واسطے اس کے اور ساتھ اسی کے حکم کیا گیا ہوں میں اور میں اول

ف۱ یعنی پہلی اُمتوں کا حال سُن کر شاید تم کو ہوس آتی ہو تم کو بھی ملی ویسی کتاب۔ ۱۲- منہ

ف۲ یعنی اللہ کی طرف سے جو حد تھی ہدایت کی سو آچکی ہے اور شرع اور کتاب۔ تب بھی نہیں مانتے تو اب منتظر ہیں کہ اللہ آپ آوے یا قیامت کے نشان دیکھیں تب یقیں کریں۔ سو جب قیامت کا نشان آوے گا یعنی آفتاب مغرب سے نکلے گا تب کافر کا ایمان اور عاصی کی توبہ قبول نہ ہوگی۔ ۱۲- منہ

ف۳ یعنی توریت والوں نے کئی راہیں نکالیں تو ان میں تحقیقات نہ کرکہ صحیح کون اور غلط کون اپنی راہ صحیح پر قائم رہ دین میں جو باتیں یقین لانے کی ہیں ان میں فرق نہ چاہیئے اور جو کرنے کی ہیں اس کے طریقے کئی ہوں تو برا نہیں۔ ۱۲- منہ

الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۱۶۳﴾ قُلْ اَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْغِيْ رَبًّا وَّهُوَ رَبُّ كُلِّ

مسلمانوں کا ہوں کہہ کیا سوائے خدا کے ڈھونڈوں میں پروردگار اور وہ پروردگار ہر

شَيْءٍ ۭ وَلَا تَكْسِبُ كُلُّ نَفْسٍ اِلَّا عَلَيْهَا ۚ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ

چیز کا ہے اور نہیں کماتا کوئی جی مگر اوپر اپنے اور نہیں بوجھ اٹھاتا کوئی بوجھ اٹھانے

وِّزْرَ اُخْرٰي ۚ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ مَّرْجِعُكُمْ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا

والا بوجھ دوسرے کا پھر طرف پروردگار تمہارے کے ہے پھر جانا تمہارا پس خبر دے گا تم کو ساتھ اس چیز

كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿۱۶۴﴾ وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَكُمْ خَلٰٓئِفَ

کے کہ تھے تم بیچ اس کے اختلاف کرتے اور وہ ہے جس نے کیا تم کو جائے نشین

الْاَرْضِ وَرَفَعَ بَعْضَكُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجٰتٍ لِّيَبْلُوَكُمْ

زمین کا اور بلند کیا بعض تمہارے کو اوپر بعض کے درجے میں تو کہ آزماوے تم کو

فِيْ مَآ اٰتٰىكُمْ ۭ اِنَّ رَبَّكَ سَرِيْعُ الْعِقَابِ ۡ ۖ وَاِنَّهٗ

بیچ اس چیز کے کہ دیا ہے تم کو تحقیق رب تیرا جلد عذاب کرنے والا ہے اور تحقیق

لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۶۵﴾ ع

وہ البتہ بخشنے والا مہربان ہے

ع ۲۰ / ۱۱ / ۷ النصف

سُوْرَةُ الْاَعْرَافِ مَكِّيَّةٌ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰيَاتُهَا ۲۰۶ رُكُوْعَاتُهَا ۲۴

سورۂ اعراف مکہ میں نازل ہوئی اس میں دو سو چھ آیتیں اور چوبیس رکوع ہیں — شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے

الٓمّٓصٓ ﴿۱﴾ كِتٰبٌ اُنْزِلَ اِلَيْكَ فَلَا يَكُنْ فِيْ صَدْرِكَ حَرَجٌ

کتاب ہے کہ اتاری گئی ہے طرف تیری پس نہ ہووے بیچ سینے تیرے کے تنگی

مِّنْهُ لِتُنْذِرَ بِهٖ وَذِكْرٰي لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۲﴾ اِتَّبِعُوْا مَآ اُنْزِلَ

اس سے تو کہ ڈراوے تو ساتھ اس کے اور نصیحت واسطے ایمان والوں کے پیروی کرو اس چیز کی کہ اتاری

اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَلَا تَتَّبِعُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَاۗءَ ۭ قَلِيْلًا

گئی طرف تمہاری پروردگار تمہارے سے اور مت پیروی کرو سوائے اس کے دوستوں کی تھوڑی

مَّا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۳﴾ وَكَمْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا فَجَاۗءَهَا بَاْسُنَا

سی نصیحت پکڑتے ہیں اور بہت بستیاں ہیں کہ ہلاک کیا ہم نے ان کو پس آیا ان کے پاس عذاب

بَيَاتًا اَوْ هُمْ قَاۗىِٕلُوْنَ ﴿۴﴾ فَمَا كَانَ دَعْوٰىهُمْ اِذْ جَاۗءَهُمْ

ہمارا رات کو سوتے یا وہ دوپہر کو سوتے تھے پس نہ تھا پکارنا ان کا جب آیا ان کے پاس عذاب

بَأْسُنَآ اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ۝۵ فَلَنَسْئَلَنَّ الَّذِيْنَ
ہمارا مگر یہ کہ کہنے لگے تحقیق ہم ہی تھے ظالم پس البتہ سوال کریں گے ہم ان لوگوں

اُرْسِلَ اِلَيْهِمْ وَلَنَسْئَلَنَّ الْمُرْسَلِيْنَ ۝۶ فَلَنَقُصَّنَّ عَلَيْهِمْ
سے کہ بھیجا گیا ہے طرف ان کی اور البتہ سوال کریں گے ہم بھیجے گیوں سے پس البتہ بیان کریں گے ہم اوپر ان

بِعِلْمٍ وَّمَا كُنَّا غَآئِبِيْنَ ۝۷ وَالْوَزْنُ يَوْمَئِذِ الْحَقُّ فَمَنْ
کے ساتھ علم کے اور نہ تھے ہم غائب اور تولنا اس دن حق ہے پس جو کوئی

ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝۸ وَمَنْ خَفَّتْ
بھاری ہوئی تول اس کی پس یہ لوگ وہ ہیں فلاح پانے والے اور جو کوئی کہ ہلکی ہوئی

مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ بِمَا كَانُوْا
تول اس کی پس یہ لوگ ہیں جنہوں نے ٹوٹا دیا جانوں اپنی کو بسبب اس کے کہ تھے

بِاٰيٰتِنَا يَظْلِمُوْنَ ۝۹ وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِى الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ
ساتھ نشانیوں ہماری کے ظلم کرتے ۱ اور تحقیق قدرت دی ہم نے تجھ کو بیچ زمین کے اور کیں ہم نے واسطے

فِيْهَا مَعَايِشَ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝۱۰ ع وَلَقَدْ خَلَقْنٰكُمْ ثُمَّ
تمہارے بیچ اس کے معیشتیں تھوڑا سا شکر کرتے ہو اور البتہ تحقیق پیدا کیا ہم نے تم کو

صَوَّرْنٰكُمْ ثُمَّ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ ۖ فَسَجَدُوْٓا
پھر صورتیں بنائیں ہم نے تمہاری پھر کہا ہم نے واسطے فرشتوں کے سجدہ کرو آدم کو پس سجدہ کیا انہوں نے

اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ لَمْ يَكُنْ مِّنَ السّٰجِدِيْنَ ۝۱۱ قَالَ مَا مَنَعَكَ
مگر ابلیس نہیں ہوا سجدہ کرنے والوں سے کہا کس چیز نے منع کیا تجھ کو

اَلَّا تَسْجُدَ اِذْ اَمَرْتُكَ ؕ قَالَ اَنَا خَيْرٌ مِّنْهُ ۚ خَلَقْتَنِىْ مِنْ
کہ نہ سجدہ کیا تو نے جب حکم کیا میں نے تجھ کو کہا میں بہتر ہوں اس سے پیدا کیا تو نے مجھ کو

نَّارٍ وَّخَلَقْتَهٗ مِنْ طِيْنٍ ۝۱۲ قَالَ فَاهْبِطْ مِنْهَا فَمَا يَكُوْنُ
آگ سے اور پیدا کیا اس کو مٹی سے کہا پس اتر اس میں سے پس نہیں لائق واسطے

لَكَ اَنْ تَتَكَبَّرَ فِيْهَا فَاخْرُجْ اِنَّكَ مِنَ الصّٰغِرِيْنَ ۝۱۳
تیرے یہ کہ تکبر کرے تو بیچ اس کے پس نکل تو تحقیق تو ذلیلوں میں سے ہے

قَالَ اَنْظِرْنِىْٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ۝۱۴ قَالَ اِنَّكَ مِنَ
کہا ڈھیل دے تو مجھ کو اس دن تک کہ قبروں سے اٹھائے جاویں کہا تحقیق تو

۱ ہر شخص کے عمل لکھے جاتے ہیں موافق وزن کے وہی کام ہے کہ صدق سے اور محبت سے موافق حکم کیا اور برمحل کیا تو اس کا وزن بڑھ گیا اور دکھاوے کو یا ریس کو کیا یا موافق حکم نہ کیا یا ٹھکانے پر نہ کیا تو وزن گھٹ گیا۔ آخرت میں وہ کاغذ تولیں گے جس کے نیک کام بھاری ہوئے تو بُرے کام بخشے گئے اور ہلکے ہوئے تو پکڑا گیا۔ ۱۲۔ منہ ح

ع ۱ / ۱۰ / ۸

الْمُنْظَرِيْنَ ۝۱۵ قَالَ فَبِمَآ اَغْوَيْتَنِيْ لَاَقْعُدَنَّ لَهُمْ صِرَاطَكَ
ڈھیل دیئے گیوں سے ہے کہا پس قسم ہے اس کی کہ گمراہ کیا تو نے مجھ کو البتہ بیٹھوں گا میں واسطے ان کے راہ تیری

الْمُسْتَقِيْمَ ۝۱۶ ثُمَّ لَاٰتِيَنَّهُمْ مِّنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ
سیدھی پر ف۱ پھر البتہ آؤں گا میں پاس ان کے آگے ان کے سے اور پیچھے ان کے سے

وَعَنْ اَيْمَانِهِمْ وَعَنْ شَمَآئِلِهِمْ ۭ وَلَا تَجِدُ اَكْثَرَهُمْ
اور داہنے ان کے سے اور بائیں اُن کے سے اور نہیں پاوے گا تو اکثر ان کے کو

شٰكِرِيْنَ ۝۱۷ قَالَ اخْرُجْ مِنْهَا مَذْءُوْمًا مَّدْحُوْرًا ۭ لَمَنْ
شکر کرنے والے کہا نکل اس سے بُرے حال سے راندہ ہوا البتہ جو کوئی

تَبِعَكَ مِنْهُمْ لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنْكُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝۱۸ وَيٰٓاٰدَمُ
پیروی کرے گا تیری ان میں سے البتہ بھروں میں دوزخ کو تم سب سے اور اے آدم

اسْكُنْ اَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ فَكُلَا مِنْ حَيْثُ شِئْتُمَا
رہ تو اور جورو تیری بہشت میں پس کھاؤ جہاں سے چاہو تم

وَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُوْنَا مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝۱۹ فَوَسْوَسَ
اور مت نزدیک جاؤ اس درخت کے پس ہو جاؤ گے ظالموں سے پس وسوسہ دیا

لَهُمَا الشَّيْطٰنُ لِيُبْدِيَ لَهُمَا مَا وٗرِيَ عَنْهُمَا مِنْ سَوْاٰتِهِمَا
ان دونوں کو شیطان نے تو کہ ظاہر کر دیوے واسطے ان کے جو کچھ کہ چھپایا گیا تھا ان سے شرمگاہوں ان کی سے

وَقَالَ مَا نَهٰكُمَا رَبُّكُمَا عَنْ هٰذِهِ الشَّجَرَةِ اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَا
اور کہا نہ منع کیا تم کو پروردگار تمہارے نے اس درخت سے مگر اس خطرہ سے

مَلَكَيْنِ اَوْ تَكُوْنَا مِنَ الْخٰلِدِيْنَ ۝۲۰ وَقَاسَمَهُمَآ اِنِّىْ لَكُمَا
چاہے تو ہے دوست ہمارا پس بخش ہم کو اور رحم کر ہم کو اور تو بہتر بخشنے والا ہے ۲

وَاكْتُبْ لَنَا فِىْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِى الْاٰخِرَةِ اِنَّا
اور لکھ واسطے ہمارے بیچ اس دنیا کے نیکی اور بیچ آخرت کے تحقیق

هُدْنَآ اِلَيْكَ ۚ قَالَ عَذَابِىْٓ اُصِيْبُ بِهٖ مَنْ اَشَآءُ ۚ وَرَحْمَتِىْ
ہم نے توبہ کی طرف تیری کہا عذاب میرا پہنچاتا ہوں میں اس کو جس کو چاہوں اور رحمت میری نے

وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ ۚ فَسَاَكْتُبُهَا لِلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ وَيُؤْتُوْنَ
سما لیا ہر چیز کو پس البتہ لکھوں گا میں اس کو واسطے ان لوگوں کے کہ پرہیزگاری کرتے ہیں اور دیتے

الزَّكٰوةَ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيٰتِنَا يُؤْمِنُوْنَ ۝۱۵۶ اَلَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ
ہیں زکوٰۃ اور جو لوگ کہ وہ ساتھ نشانیوں ہماری کے ایمان لاتے ہیں ۳ وہ لوگ جو پیروی کرتے ہیں

الرَّسُوْلَ النَّبِىَّ الْاُمِّىَّ الَّذِىْ يَجِدُوْنَهٗ مَكْتُوْبًا عِنْدَهُمْ
رسول کی جو نبی ہے اَن پڑھا وہ جو پاتے ہیں اس کو لکھا ہوا نزدیک اپنے

فِى التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ ۫ يَاْمُرُهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهٰىهُمْ
بیچ توریت کے اور انجیل کے حکم کرتا ہے ان کو ساتھ بھلائی کے اور منع کرتا ہے

عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبٰتِ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ
ان کو نامعقول چیز سے اور حلال کرتا ہے واسطے ان کے پاکیزہ چیزیں اور حرام کرتا ہے اوپر ان کے

۱ حضرت موسیٰ اپنے ساتھ لے گئے ستر آدمی سردار قوم کے جب حق تعالے نے کلام کیا سن کر کہنے لگے ہم جب تک نہ دیکھیں ہم کو یقین نہیں اس سے ان پر بجلی گری اور کانپ کر مر گئے۔ حضرت موسیٰ نے اس طرح دعا کی آپ کو شامل کر کر۔ تب بخشے گئے پھر زندہ ہوئے یہ شاید بچھڑا پوجنے سے پہلے تھا یا شاید پیچھے تھا۔ ۱۲۔ منہ رح

۲ ۱۲۔ منہ رح

۳ شاید حضرت موسیٰ نے اپنی امت کے حق میں دنیا اور آخرت کی نیکی جو مانگی مراد یہ تھی کہ سب امتوں پر مقدم رہیں اور دنیا اور آخرت میں فرمایا کہ میرا عذاب اور رحمت کسی فرقے پر مخصوص نہیں سو عذاب تو اسی پر ہے جس کو اللہ چاہے اور رحمت سب کو شامل ہے لیکن وہ رحمت خاص لکھی ہے ان کے نصیب میں جو اللہ کی ساری باتیں یقین کریں گے۔ یعنی آخری امت کہ سب کتابوں پر ایمان لاویں گے سو حضرت موسےٰ کی امت میں سے جو کوئی آخری کتاب پر یقین لائے وہ پہنچے اس نعمت کو اور حضرت موسیٰ کی دعا اُن کو لگی۔ ۱۲۔ منہ رح

الْخَبٰٓئِثَ وَيَضَعُ عَنْهُمْ اِصْرَهُمْ وَالْاَغْلٰلَ الَّتِىْ كَانَتْ عَلَيْهِمْ ؕ
ناپاک چیزیں اور اتار رکھتا ہے ان سے بوجھ ان کے اور طوق جو تھے اوپر ان کے
فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِهٖ وَعَزَّرُوْهُ وَنَصَرُوْهُ وَاتَّبَعُوا النُّوْرَ الَّذِىْٓ
پس جو لوگ کہ ایمان لائے ساتھ اس کے اور قوت دی اس کو اور مدد کی اس کی اور پیروی کی اس نور کی کہ
19 ع ۶ 9 اُنْزِلَ مَعَهٗٓ ۙ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۵۷﴾ ع قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّىْ
اتارا گیا ہے ساتھ اس کے یہ لوگ وہ ہیں فلاح پانے والے ف۱ کہہ اے لوگو تحقیق
رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ جَمِيْعَاِ ۨ الَّذِىْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ
میں پیغمبر ہوں اللہ کا طرف تمہاری سب کی وہ جو واسطے اس کے ہے بادشاہی آسمانوں کی اور
الْاَرْضِ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحْىٖ وَيُمِيْتُ ۖ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ النَّبِىِّ
زمین کی نہیں کوئی معبود مگر وہ زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے پس ایمان لاؤ ساتھ اللہ کے اور رسول اس کے کے جو نبی
الْاُمِّىِّ الَّذِىْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَكَلِمٰتِهٖ وَاتَّبِعُوْهُ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿۱۵۸﴾
ہے ان پڑھا وہ جو ایمان لاتا ہے ساتھ اللہ کے اور باتوں اس کی کے اور پیروی کرو اس کی تو کہ تم راہ پاؤ
وَمِنْ قَوْمِ مُوْسٰٓى اُمَّةٌ يَّهْدُوْنَ بِالْحَقِّ وَبِهٖ يَعْدِلُوْنَ ﴿۱۵۹﴾
اور قوم موسیٰ کی سے ایک جماعت ہے کہ ہدایت کرتی ہے ساتھ حق کے اور ساتھ اس کے عدل کرتے ہیں ف۲
وَقَطَّعْنٰهُمُ اثْنَتَىْ عَشْرَةَ اَسْبَاطًا اُمَمًا ؕ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى
اور کاٹے ہم نے ان میں سے بارہ قبیلے بڑی بڑی جماعتیں اور وحی کی ہم نے طرف
مُوْسٰٓى اِذِ اسْتَسْقٰىهُ قَوْمُهٗٓ اَنِ اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ۚ
موسیٰ کی جب پانی مانگا اس سے قوم اس کی نے یہ کہ مار ساتھ عصا اپنے کے پتھر کو
فَانْۢبَجَسَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ؕ قَدْ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ
پس پھوٹے اس میں سے بارہ چشمے تحقیق جان لیا ہر شخص نے
مَّشْرَبَهُمْ ؕ وَظَلَّلْنَا عَلَيْهِمُ الْغَمَامَ وَاَنْزَلْنَا عَلَيْهِمُ الْمَنَّ
گھاٹ اپنا اور سائبان کیا ہم نے اوپر ان کے بادل کا اور اتارا ہم نے اوپر ان کے من
وَالسَّلْوٰى ؕ كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ ؕ وَمَا ظَلَمُوْنَا
اور سلویٰ کھاؤ پاکیزہ اس چیز سے کہ دیا ہم نے تم کو اور نہ ظلم کیا انہوں نے ہم
وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۶۰﴾ وَاِذْ قِيْلَ لَهُمُ اسْكُنُوْا
پر اور لیکن تھے جانوں اپنی کو ظلم کرتے اور جب کہا گیا واسطے ان کے رہو تم

ف۱ حضرت کو پہلی کتابوں میں نبی امی بتایا تھا۔ دو معنوں سے ایک تو بن پڑھے تھے اور دوسرے ام القریٰ سے پیدا ہوئے یعنی مکے سے اور یہود پر سخت احکام تھے۔ اور کھانے کی چیزوں میں تنگی تھی۔ اس دین میں وہ سب آسان ہوئے۔ اسی کو بوجھ اور پھانسی فرمایا اور نور سے مراد قرآن اور شریعت ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ وہی لوگ تھے کہ جب حضرت پہنچے تو ایمان لائے جیسے عبداللہ ابن سلام۔ ۱۲۔ منہ رح

هٰذِهِ الْقَرْيَةَ وَكُلُوْا مِنْهَا حَيْثُ شِئْتُمْ وَقُوْلُوْا حِطَّةٌ
اس بستی میں اور کھاؤ اس میں سے جہاں چاہو تم اور کہو جھاڑ تو گناہ ہمارے
وَّادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا نَّغْفِرْ لَكُمْ خَطِيْٓـٰٔتِكُمْ ؕ سَنَزِيْدُ
اور داخل ہو دروازے میں سجدہ کرتے ہوئے بخش دیں گے ہم خطائیں تمہاری البتہ زیادہ دیں گے ہم
الْمُحْسِنِيْنَ (۱۶۱) فَبَدَّلَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ قَوْلًا غَيْرَ الَّذِيْ
احسان کرنے والوں کو ف۱ پس بدل ڈالا جنہوں نے ظلم کیا تھا ان میں سے بات کو سوائے اس کے
قِيْلَ لَهُمْ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِجْزًا مِّنَ السَّمَآءِ بِمَا كَانُوْا
جو کہی گئی تھی واسطے انکے پس بھیجا ہم نے اوپر ان کے عذاب آسمان سے بسبب اس چیز کے کہ
يَظْلِمُوْنَ (۱۶۲) ع وَسْـَٔلْهُمْ عَنِ الْقَرْيَةِ الَّتِيْ كَانَتْ حَاضِرَةَ
تھے ظلم کرتے اور سوال کر ان کو بستی سے جو تھی اوپر کنارے
الْبَحْرِ ۘ اِذْ يَعْدُوْنَ فِي السَّبْتِ اِذْ تَاْتِيْهِمْ حِيْتَانُهُمْ يَوْمَ
دریا کے جب تعدی کرتے تھے بیچ ہفتے کے جب آتی تھیں ان کے پاس مچھلیاں ان کی جس دن
سَبْتِهِمْ شُرَّعًا وَّيَوْمَ لَا يَسْبِتُوْنَ ۙ لَا تَاْتِيْهِمْ ۛ كَذٰلِكَ ۛ
ہفتہ کرتے تھے ظاہر اور جس دن نہ ہفتہ کرتے تھے نہ آتی تھیں ان کے پاس اسی طرح
نَبْلُوْهُمْ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ (۱۶۳) وَاِذْ قَالَتْ اُمَّةٌ مِّنْهُمْ
آزمائش کرتے تھے ہم ان کی بسبب اس کے کہ تھے فسق کرتے ف۲ اور جب کہا ایک جماعت نے ان میں سے کہ کیوں
لِمَ تَعِظُوْنَ قَوْمًا ۙ اللّٰهُ مُهْلِكُهُمْ اَوْ مُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا
نصیحت کرتے ہو اس قوم کو کہ اللہ ہلاک کرنے والا ہے ان کو یا عذاب کرنے والا ہے ان کو عذاب
شَدِيْدًا ؕ قَالُوْا مَعْذِرَةً اِلٰى رَبِّكُمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ (۱۶۴) فَلَمَّا
سخت کہا انہوں نے واسطے عذر کرنے کے طرف رب تمہارے کی اور شاید کہ وہ بچیں ف۳ پس جب
نَسُوْا مَا ذُكِّرُوْا بِهٖٓ اَنْجَيْنَا الَّذِيْنَ يَنْهَوْنَ عَنِ السُّوْٓءِ وَ
بھول گئے جو کچھ نصیحت کیے گئے تھے ساتھ اس کے نجات دی ہم نے ان لوگوں کو کہ منع کرتے تھے برائی سے اور
اَخَذْنَا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا بِعَذَابٍۭ بَـِٔيْسٍۭ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ (۱۶۵)
پکڑا ہم نے ان کو جو ظلم کرتے تھے ساتھ عذاب برے کے بسبب اس کے کہ تھے فسق کرتے
فَلَمَّا عَتَوْا عَنْ مَّا نُهُوْا عَنْهُ قُلْنَا لَهُمْ كُوْنُوْا قِرَدَةً
پس جب سرکشی کی اس چیز سے کہ منع کیے گئے تھے اس سے کہا ہم نے ان کو ہو جاؤ بندر

ف۱ یعنی ابھی ایک شہر فتح ہوا ہے آگے سارا ملک ملے گا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ حضرت داؤد کے عہد میں یہ قصہ ہوا ہے یہود پر ہفتہ کے دن شکار کرنا منع تھا۔ اللہ نے اس شہر والے بے حکم دیکھے۔ لگا آزمانے ہفتے کے دن مچھلیاں اوپر پھریں اور دنوں غائب رہیں ان کا جی نہ رہ سکا۔ آخر ہفتے کو شکار کیا۔ اپنی دانست میں حیلہ کیا کہ کنارہ دریا کے پانی کاٹ لائے کہ مچھلیاں وہاں بند ہو رہیں تو بھی مچھلیاں ہاتھ نہ آئیں ہفتے کی شام کو نکل جاتیں آخر ہفتہ کے دن راہ بھاگنے کی بند کی اتوار کو پکڑ لیا پھر وہ لوگ بندر ہو گئے اس سے معلوم ہوا کہ جس شخص کو حلال روزی نہ ملے اور حرام چاہے تو ملے تو اس کو آزمائش ہے آخر وہ روزی وبال ہوگی اور معلوم ہوا کہ حیلہ اللہ پاس کام نہیں آتا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ ان میں تین فرقے ہوئے ایک شکار کرتے ایک منع کرتے جاتے ایک تھک کر منع کرنا چھوڑ بیٹھے لیکن وہی بہتر تھے جو منع کرتے رہے۔ ۱۲۔ منہ رح

خٰسِئِيْنَ ﴿١٦٦﴾ وَاِذْ تَاَذَّنَ رَبُّكَ لَيَبْعَثَنَّ عَلَيْهِمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ

ذلیل ف۱ اور جب پکار دیا پروردگار تیرے نے البتہ بھیجے گا اوپر ان کے تا روز قیامت

مَنْ يَّسُوْمُهُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ ؕ اِنَّ رَبَّكَ لَسَرِيْعُ الْعِقَابِ ۚۖ

وہ شخص کہ پہنچاوے ان کو برا عذاب تحقیق پروردگار تیرا البتہ جلد عذاب کرنے والا ہے اور

وَاِنَّهٗ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿١٦٧﴾ وَقَطَّعْنٰهُمْ فِى الْاَرْضِ اُمَمًا ۚ مِنْهُمُ

وہ تحقیق البتہ بخشنے والا مہربان ہے ف۲ اور ٹکڑے ٹکڑے کیا ہم نے ان کو بیچ زمین کے جماعتیں بڑی بعضے ان میں

الصّٰلِحُوْنَ وَمِنْهُمْ دُوْنَ ذٰلِكَ ۫ وَبَلَوْنٰهُمْ بِالْحَسَنٰتِ

سے نیک کار ہیں اور بعضے ان میں سے سوائے اس کے یعنی بدکار اور آزمایا ہم نے ان کو ساتھ بھلائیوں کے

وَالسَّيِّاٰتِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿١٦٨﴾ فَخَلَفَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ

اور برائیوں کے تو کہ وہ پھر آویں ف۳ پھر جگہ پر بیٹھے ان کے پیچھے ان سے برے

خَلْفٌ وَّرِثُوا الْكِتٰبَ يَاْخُذُوْنَ عَرَضَ هٰذَا الْاَدْنٰى

جانشین کہ وارث ہوئے کتاب کے لے لیتے ہیں اسباب جو ناقص ہے یعنی حرام

وَيَقُوْلُوْنَ سَيُغْفَرُ لَنَا ۚ وَاِنْ يَّاْتِهِمْ عَرَضٌ مِّثْلُهٗ يَاْخُذُوْهُ ؕ

اور کہتے ہیں البتہ بخشا جاوے گا واسطے ہمارے اور اگر آوے ان کے پاس اسباب مانند اس کی لے لیویں اس کو

اَلَمْ يُؤْخَذْ عَلَيْهِمْ مِّيْثَاقُ الْكِتٰبِ اَنْ لَّا يَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ

کیا نہیں لیا گیا اوپر ان کے عہد کتاب میں یہ کہ نہ بولیں اوپر اللہ کے

اِلَّا الْحَقَّ وَدَرَسُوْا مَا فِيْهِ ؕ وَالدَّارُ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ

مگر سچ اور پڑھا انہوں نے جو کچھ کہ بیچ اس کے ہے اور گھر پچھلا بہتر ہے واسطے ان لوگوں کے کہ

يَتَّقُوْنَ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿١٦٩﴾ وَالَّذِيْنَ يُمَسِّكُوْنَ بِالْكِتٰبِ

پرہیزگاری کرتے ہیں کیا پس نہیں سمجھتے تم ف۴ اور جو لوگ محکم پکڑتے ہیں کتاب کو

وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ ؕ اِنَّا لَا نُضِيْعُ اَجْرَ الْمُصْلِحِيْنَ ﴿١٧٠﴾ وَاِذْ

اور قائم رکھتے ہیں نماز کو تحقیق ہم نہیں ضائع کرتے ثواب نیکی کرنے والوں کا اور جب

نَتَقْنَا الْجَبَلَ فَوْقَهُمْ كَاَنَّهٗ ظُلَّةٌ وَّظَنُّوْٓا اَنَّهٗ وَاقِعٌ ۢ بِهِمْ ۚ

اٹھایا ہم نے پہاڑ کو اوپر ان کے گویا کہ وہ سائبان ہے اور جانا انہوں نے یہ کہ وہ گر پڑے گا ان پر

خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّاذْكُرُوْا مَا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿١٧١﴾ ع

کہا ہم نے لو جو کچھ دیا ہم نے تم کو ساتھ قوت کے اور یاد کرو جو کچھ کہ بیچ اس کے ہے تو کہ تم بچو

ف۱ منع کرنے والوں نے شکار کرنے والوں سے ملنا چھوڑ دیا اور بیچ میں دیوار اٹھائی۔ ایک دن صبح کو اٹھے دوسروں کی آواز نہ سنی۔ دیوار پر سے دیکھا ہر گھر میں بندر وہ آدمی کو پہچان کر اپنے قرابت والوں کے پاؤں پر سر رکھنے لگے اور رونے لگے آخر برے حال سے تین دن میں مر گئے۔ ۱۲۔منہ رح

ف۲ توریت میں فرمایا تھا کہ جب حکم توریت چھوڑ دو گے تو تم پر اور بندے مسلط ہوں گے پھر قیامت تک تم ذلیل رہو گے۔ اب یہود کو کہیں کی حکومت نہیں غیر کی رعیت ہیں۔ ۱۲۔منہ رح

ف۳ یہود کی دولت برہم ہوئی تو آپس کی مخالفت سے ہر طرف نکل گئے اور مذہب مختلف پیدا ہوئے۔ یہ احوال اس امت کو سنایا ہے کہ یہ سب کچھ ان پر بھی ہوگا حدیث میں فرمایا ہے کہ اس امت میں بعضے بندر اور سؤر ہو جاویں گے اللہ گمراہی سے بچا دے۔ ۱۲۔منہ رح

ف۴ پچھلے لوگ رشوت لے کر مسئلے غلط کہنے لگے اور امید رکھنے کہ ہم بخشے جاویں حالانکہ پھر اسی کام کو حاضر ہیں۔ امید بخشنے کی ہے جب باز آویں یہ اسباب زندگی مال دنیا کو فرمایا۔ ۱۲۔منہ رح

ع ٢١ ٩ ١١

وَاِذْ اَخَذَ رَبُّكَ مِنْۢ بَنِيْٓ اٰدَمَ مِنْ ظُهُوْرِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ
اور جب لیا پروردگار تیرے نے بیٹوں آدم کے سے پیٹھوں ان کی سے اولاد ان کی کو
وَاَشْهَدَهُمْ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ قَالُوْا بَلٰى شَهِدْنَا
اور گواہ کیا ان کو اوپر جانوں ان کی کے کیا نہیں ہوں میں رب تمہارا کہا انہوں نے البتہ تو ہے شاہد
اَنْ تَقُوْلُوْا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِنَّا كُنَّا عَنْ هٰذَا غٰفِلِيْنَ ﴿١٧٢﴾ اَوْ
ہوئے ہم ایسا نہ ہو کہ کہو تم دن قیامت کے تحقیق تھے ہم اس سے غافل یا
تَقُوْلُوْٓا اِنَّمَآ اَشْرَكَ اٰبَاۗؤُنَا مِنْ قَبْلُ وَكُنَّا ذُرِّيَّةً مِّنْۢ
کہو سوائے اس کے نہیں کہ شریک کیا تھا باپوں ہمارے نے پہلے اس سے اور تھے ہم اولاد پیچھے
بَعْدِهِمْ ۚ اَفَتُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ الْمُبْطِلُوْنَ ﴿١٧٣﴾ وَكَذٰلِكَ نُفَصِّلُ
ان کے سے کیا پس ہلاک کرتا ہے ہم کو ساتھ اس چیز کے کہ کیا جھوٹوں نے ف۱ اور اسی طرح مفصل بیان کرتے ہیں
الْاٰيٰتِ وَلَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿١٧٤﴾ وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ الَّذِيْٓ
ہم نشانیاں اور تو کہ وہ پھر آویں ف۲ اور پڑھ اوپر ان کے قصہ اس شخص کا کہ دیں ہم نے
اٰتَيْنٰهُ اٰيٰتِنَا فَانْسَلَخَ مِنْهَا فَاَتْبَعَهُ الشَّيْطٰنُ فَكَانَ مِنَ
اس کو نشانیاں اپنی پس نکل گیا ان میں سے پس پیچھے لگایا اس کو شیطان نے پس ہو گیا
الْغٰوِيْنَ ﴿١٧٥﴾ وَلَوْ شِئْنَا لَرَفَعْنٰهُ بِهَا وَلٰكِنَّهٗٓ اَخْلَدَ اِلَى الْاَرْضِ
گمراہوں سے اور اگر چاہتے ہم البتہ بلند کرتے ہم اس کو ساتھ ان کے یعنی نشانیوں کے اور لیکن وہ لگ گیا طرف زمین
وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ ۚ فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ الْكَلْبِ ۚ اِنْ تَحْمِلْ عَلَيْهِ
کی اور پیروی کی خواہش اپنی کی پس مثال اس کی مانند مثال کتے کی ہے اگر بوجھ رکھے تو اوپر اس کے
يَلْهَثْ اَوْ تَتْرُكْهُ يَلْهَثْ ۭ ذٰلِكَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ
زبان لٹکاوے یا چھوڑ دے اس کو زبان لٹکاوے یہ ہے مثال اس قوم کی کہ
كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۚ فَاقْصُصِ الْقَصَصَ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿١٧٦﴾
جھٹلایا نشانیوں ہماری کو پس بیان کر قصے تو کہ وہ فکر کریں ف۳
سَاۗءَ مَثَلَا ۨالْقَوْمُ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاَنْفُسَهُمْ
بری ہے مثال اس قوم کی جنہوں نے جھٹلایا نشانیوں ہماری کو اور جانوں اپنی کو
كَانُوْا يَظْلِمُوْنَ ﴿١٧٧﴾ مَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِيْ ۚ وَمَنْ
تھے ظلم کرتے جس کو راہ دکھاوے اللہ پس وہی راہ پانے والا ہے اور جس کو

ف۱ اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم کی پشت سے ان کی اولاد نکالی سب سے اقرار کروایا اپنی خدائی کا۔ پھر پشت میں داخل کیا۔ اس سے مدعا یہ کہ خدا کے ماننے میں ہر کوئی آپ کفایت ہے۔ باپ کی تقلید نہیں۔ اگر باپ شرک کرے بیٹا چاہیے ایمان لاوے اگر کسی کو شبہ ہو کہ وہ عہد تو یاد نہیں رہا۔ پھر کیا حاصل تو یوں سمجھے کہ اس کا نشان ہر کسی کے دل میں رہا ہے اور ہر زبان پر مشہور رہا ہے کہ سب کا خالق اللہ ہے سارا جہان قائل ہے اور جو کوئی منکر ہے یا شرک کرتا ہے سو اپنی عقل ناقص کے دخل سے پھر آپ ہی جھوٹا ہوتا ہے۔ ۱۲۔ منہ ح

ف۲ یہ قصہ یہود کو سنایا کہ یہ بھی عہد سے پھرے ہیں جیسے مشرک پھرے ہیں۔ ۱۲۔ منہ ح

ف۳ حضرت موسیٰ کا لشکر چلا ایک بادشاہ پر اس کے ملک میں ایک درویش تھا۔ صاحبِ تصرف بادشاہ نے اس سے مدد چاہی اس کو باطن سے منع ہوا۔ پھر بادشاہ نے اس کی عورت کو مال کی طمع دی اس نے اس کو راضی کر کر بھیجا وہاں اپنے اعمال چلتے نہ دیکھے۔ بادشاہ کو حیلہ سکھایا کہ اس لشکر

(باقی ص۲۰۷ پر)

يُّضْلِلْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۱۷۸﴾ وَلَقَدْ ذَرَاْنَا لِجَهَنَّمَ
گمراہ کرے پس یہ لوگ وہی ٹوٹا پانے والے ہیں اور البتہ تحقیق پیدا کیئے ہم نے واسطے

كَثِيْرًا مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ۖ لَهُمْ قُلُوْبٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ بِهَا ۫
دوزخ کے بہت جنوں سے اور آدمیوں سے واسطے ان کے دل ہیں کہ نہیں سمجھتے ساتھ ان کے

وَلَهُمْ اَعْيُنٌ لَّا يُبْصِرُوْنَ بِهَا ۫ وَلَهُمْ اٰذَانٌ لَّا يَسْمَعُوْنَ
اور واسطے ان کے آنکھیں ہیں کہ نہیں دیکھتے ساتھ ان کے اور واسطے ان کے کان ہیں کہ نہیں سنتے ساتھ

بِهَا ۭ اُولٰٓئِكَ كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ ۭ اُولٰٓئِكَ هُمُ
ان کے یہ لوگ مانند چارپایوں کے ہیں بلکہ وہ زیادہ تر گمراہ ہیں یہ لوگ وہ ہیں

الْغٰفِلُوْنَ ﴿۱۷۹﴾ وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا ۠ وَذَرُوا
غافل ف۱ اور واسطے اللہ کے ہیں نام اچھے پس پکارو اس کو ساتھ ان کے اور چھوڑ دو

الَّذِيْنَ يُلْحِدُوْنَ فِيْٓ اَسْمَآئِهٖ ۭ سَيُجْزَوْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۸۰﴾
ان کو جو کج راہی کرتے ہیں بیچ ناموں اس کے کے البتہ جزا دیئے جاویں گے جو کچھ کہ تھے کرتے ف۲

وَمِمَّنْ خَلَقْنَآ اُمَّةٌ يَّهْدُوْنَ بِالْحَقِّ وَبِهٖ يَعْدِلُوْنَ ﴿۱۸۱﴾ ع
اور جن لوگوں سے کہ پیدا کیا ہم نے ایک جماعت ہے کہ راہ دکھاتے ہیں ساتھ حق کے اور ساتھ اسی کے عدل کرتے ہیں ف۳

وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِّنْ حَيْثُ
اور جنہوں نے جھٹلایا نشانیوں ہماری کو البتہ درجہ بدرجہ کھینچیں گے ہم ان کو گمراہی میں جس طرح

لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸۲﴾ ۚ وَاُمْلِيْ لَهُمْ ۭ اِنَّ كَيْدِيْ مَتِيْنٌ ﴿۱۸۳﴾ اَوَ
کہ نہیں جانتے اور ڈھیل دوں گا میں ان کو تحقیق مکر میرا مضبوط ہے کیا

لَمْ يَتَفَكَّرُوْا ۫ مَا بِصَاحِبِهِمْ مِّنْ جِنَّةٍ ۭ اِنْ هُوَ اِلَّا
نہیں فکر کرتے نہیں ہے واسطے صاحب ان کے کے کچھ جنون سے نہیں وہ مگر

نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۸۴﴾ اَوَلَمْ يَنْظُرُوْا فِيْ مَلَكُوْتِ السَّمٰوٰتِ
ڈرانے والا ظاہر ف۴ کیا نہیں نظر کرتے بیچ بادشاہی آسمانوں کے

وَالْاَرْضِ وَمَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنْ شَيْءٍ ۙ وَّاَنْ عَسٰٓى
اور زمین کے اور جو کچھ پیدا کیا اللہ تعالیٰ نے کسی چیز سے اور یہ شتاب ہے

اَنْ يَّكُوْنَ قَدِ اقْتَرَبَ اَجَلُهُمْ ۚ فَبِاَيِّ حَدِيْثٍ
یہ کہ نزدیک ہوئی ہو اجل ان کی پس ساتھ کونسی بات کے

ف۱ یعنی خدا اور رسول کو پہچاننا اور ان کے حکم سیکھنے ہر کسی پر فرض ہیں نہ کرے تو دوزخ میں جاوے۔ ۱۲- منہ رح

ف۲ یعنی اللہ نے اپنے وصف بتائے ہیں کہ مناجات میں وہ کہہ کر پکارو کہ تم پر متوجہ ہو اور کج راہ نہ چلو کج راہ یہ کہ جو وصف نہیں بتائے وہ کہے جیسے اللہ کو بڑا کہا لمبا نہیں کہا یا قدیم کہا پرانا نہیں کہا۔ اور ایک کج راہ یہ ہے کہ ان کو سحر میں چلاوے وہ اپنے کیئے کا بدلہ پا رہیں گے۔ یعنی قرب خدا نہ ملے گا وہ مطلب ملے گا بھلا یا برا۔ ۱۲- منہ رح

ع ۲۲ / ۱۰ / ۱۲

ف۳ یعنی شرع پر ۱۲- منہ رح

ف۴ رفیق فرمایا پیغمبر کو کہ ہمیشہ ان کے پاس ہے اور وہ اس کے حال سے واقف ہیں۔ ۱۲- منہ رح

بَعْدَهٗ يُؤْمِنُوْنَ ﴿١٨٥﴾ مَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَا هَادِيَ لَهٗ ؕ
پیچھے اس کے ایمان لاویں گے جس کو گمراہ کرے اللہ پس نہیں راہ دکھانے والا واسطے اس

وَيَذَرُهُمْ فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿١٨٦﴾ يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ
کے اور چھوڑتا ہے ان کو بیچ سرکشی ان کی کے سرگرداں سوال کرتے ہیں تجھ کو قیامت

السَّاعَةِ اَيَّانَ مُرْسٰىهَا ؕ قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّيْ ۚ لَا
سے کہ کب ہے وقت قائم ہونے اس کے کا کہہ سوائے اس کے نہیں کہ علم اس کا نزدیک رب میرے کے ہے نہ

يُجَلِّيْهَا لِوَقْتِهَآ اِلَّا هُوَ ؔۘ ثَقُلَتْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ
ظاہر کرے گا اس کو وقت اس کے پر مگر وہی بھاری ہے بیچ آسمانوں کے اور زمین کے

لَا تَاْتِيْكُمْ اِلَّا بَغْتَةً ؕ يَسْـَٔلُوْنَكَ كَاَنَّكَ حَفِيٌّ عَنْهَا ؕ قُلْ
نہیں آوے گی تم پر مگر ناگہاں سوال کرتے ہیں تجھ سے گویا کہ تو بحث کرنے والا ہے اس سے کہہ

اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿١٨٧﴾
سوائے اس کے نہیں کہ علم اس کا نزدیک اللہ کے ہے اور لیکن بہت لوگ نہیں جانتے

قُلْ لَّآ اَمْلِكُ لِنَفْسِيْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ
کہو نہیں اختیار رکھتا میں واسطے جان اپنی کے نفع کا اور نہ ضرر کا مگر جو چاہے اللہ

وَلَوْ كُنْتُ اَعْلَمُ الْغَيْبَ لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ ۛۚ وَمَا
اور اگر ہوتا میں جانتا غیب کو البتہ بہت لے لیتا میں بھلائی سے اور نہیں

مَسَّنِيَ السُّوْٓءُ ۛۚ اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ وَّبَشِيْرٌ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿١٨٨﴾ ع
لگتی مجھ کو برائی نہیں میں مگر ڈرانے والا اور خوشخبری دینے والا واسطے اس قوم کے کہ ایمان لاتے ہیں

هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّجَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا
وہی ہے جس نے پیدا کیا تم کو جان ایک سے اور کیا اس سے جوڑا اس کا

لِيَسْكُنَ اِلَيْهَا ۚ فَلَمَّا تَغَشّٰىهَا حَمَلَتْ حَمْلًا خَفِيْفًا فَمَرَّتْ
تو کہ آرام پکڑے طرف اس کی پس جب ڈھانکا اس نے اس کو اٹھا لیا اس نے بوجھ ہلکا پس چلے گئی

بِهٖ ۚ فَلَمَّآ اَثْقَلَتْ دَّعَوَا اللّٰهَ رَبَّهُمَا لَئِنْ اٰتَيْتَنَا صَالِحًا
ساتھ اس کے پس جب بوجھل ہو گئی پکارا دونوں نے اللہ پروردگار اپنے کو اگر دے گا ہم کو تندرست

لَّنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿١٨٩﴾ فَلَمَّآ اٰتٰىهُمَا صَالِحًا جَعَلَا لَهٗ
البتہ ہوں گے ہم شکر کرنے والوں سے پس جب دیا ان کو تندرست کیا واسطے اس کے

(صفحہ ٢٠٦ سے آگے)
ہیں فاحشہ عورتیں بھیجے اور لوگ بدکاری کریں تو ان پر ذلت پڑے حق تعالٰے نے حضرت موسٰی کی برکت سے حیلہ پیش نہ چلایا۔ لیکن سکھانے والا مردود ہوا شاید دنیا میں یا آخرت میں اس کو یہ عذاب ہوا کہ کتے کی طرح زبان نکل پڑی حق تعالٰی نے یہ قصہ یہود کو سنا دیا کہ اگرچہ علم کامل اپنے پاس ہو کام تب آوے کہ آپ اس کے تابع ہو اور اگر آپ تابع ہو حرص کا اور چاہے کہ علم میرے کام آوے تو کچھ نہیں ہوتا اور شاید ہانپتے کتے کی مثال اس میں ہو کہ جب تک وہ حرص سے خالی تھا اس کو باطن سے صحیح معلوم ہوا۔ جب دل میں حرص بیٹھی تو باطن سے معلوم نہ ہوا یا ہوا تو مجمل معلوم ہوا۔ اس کو اپنی طبع کے مطابق سمجھ لیا۔ نقل میں ہے جب وہ چلنے لگا تو چاہا کہ پھر غیب سے کچھ معلوم ہو تب معلوم ہوا کہ جا۔ جب راہ میں پہنچا تو ایک فرشتہ ملا شمشیر ننگی ہاتھ میں اس نے التجا کی کہ اگر حکم نہ ہو تو میں نہ جاؤں کہا جا لیکن کچھ بد دعا نہ کر تو پھر بادشاہ پاس پہنچ کر لگا بد دعا کرنے منہ سے خود بخود دعائے نیک
(باقی صفحہ ٢١٢ پر)

وقف منزل — وقف غفران — معانقہ — ع ٢٣ ٧ ١٣

شُرَكَآءَ فِيمَآ ءَاتَىٰهُمَا ۚ فَتَعَٰلَى ٱللَّهُ عَمَّا يُشْرِكُونَ (۱۹۰)
شریک بیچ اس چیز کے دیا تھا ان کو پس بلند ہے اللہ اس چیز سے کہ شریک لاتے ہیں ف۱

أَيُشْرِكُونَ مَا لَا يَخْلُقُ شَيْـًٔا وَهُمْ يُخْلَقُونَ (۱۹۱) وَلَا
کیا شریک لاتے ہیں اس چیز کو کہ نہیں پیدا کرتے کچھ اور وہ پیدا کیے جاتے ہیں اور نہیں

يَسْتَطِيعُونَ لَهُمْ نَصْرًا وَلَآ أَنفُسَهُمْ يَنصُرُونَ (۱۹۲) وَإِن
کر سکتے واسطے ان کے مدد اور نہ اپنی جانوں کو وہ مدد کرتے ہیں اور اگر

تَدْعُوهُمْ إِلَى ٱلْهُدَىٰ لَا يَتَّبِعُوكُمْ ۚ سَوَآءٌ عَلَيْكُمْ
بلاؤ تم ان کو طرف ہدایت کی نہ پیروی کریں تمہاری برابر ہے اوپر تمہارے

أَدَعَوْتُمُوهُمْ أَمْ أَنتُمْ صَٰمِتُونَ (۱۹۳) إِنَّ ٱلَّذِينَ تَدْعُونَ
کیا پکارو تم ان کو یا تم چپکے رہو تحقیق جن کو پکارتے

مِن دُونِ ٱللَّهِ عِبَادٌ أَمْثَالُكُمْ ۖ فَٱدْعُوهُمْ فَلْيَسْتَجِيبُوا۟ لَكُمْ
ہو سوائے اللہ کے بندے ہیں مانند تمہارے پس پکارو تم ان کو پس چاہیے کہ جواب دیں تم کو

إِن كُنتُمْ صَٰدِقِينَ (۱۹۴) أَلَهُمْ أَرْجُلٌ يَمْشُونَ بِهَآ ۖ أَمْ لَهُمْ
اگر ہو تم سچے کیا واسطے ان کے پاؤں ہیں کہ چلتے ہیں ساتھ ان کے یا واسطے

أَيْدٍ يَبْطِشُونَ بِهَآ ۖ أَمْ لَهُمْ أَعْيُنٌ يُبْصِرُونَ بِهَآ ۖ أَمْ لَهُمْ
ان کے ہاتھ ہیں کہ پکڑتے ہیں ساتھ ان کے یا واسطے ان کے آنکھیں ہیں کہ دیکھتے ہیں ساتھ ان کے یا واسطے ان کے

ءَاذَانٌ يَسْمَعُونَ بِهَا ۗ قُلِ ٱدْعُوا۟ شُرَكَآءَكُمْ ثُمَّ كِيدُونِ
کان ہیں کہ سنتے ہیں ساتھ ان کے کہو بلاؤ شریکوں اپنوں کو پھر مکر کرو مجھ سے

فَلَا تُنظِرُونِ (۱۹۵) إِنَّ وَلِـِّۧىَ ٱللَّهُ ٱلَّذِى نَزَّلَ ٱلْكِتَٰبَ ۖ وَهُوَ
پس مت ڈھیل دو مجھ کو تحقیق دوست میرا ہے اللہ جس نے اتاری ہے کتاب اور وہی

يَتَوَلَّى ٱلصَّٰلِحِينَ (۱۹۶) وَٱلَّذِينَ تَدْعُونَ مِن دُونِهِۦ لَا
دوستی کرتا ہے صالحوں سے اور جن کو کہ پکارتے ہو سوائے اس کے نہیں

يَسْتَطِيعُونَ نَصْرَكُمْ وَلَآ أَنفُسَهُمْ يَنصُرُونَ (۱۹۷) وَإِن
کر سکتے مدد تمہاری اور نہ جانوں اپنی کو مدد دیتے ہیں اور اگر

تَدْعُوهُمْ إِلَى ٱلْهُدَىٰ لَا يَسْمَعُوا۟ ۖ وَتَرَىٰهُمْ يَنظُرُونَ
بلاؤ تم ان کو طرف ہدایت کی نہ سنیں گے اور دیکھتا ہے ان کو آنکھیں کر رہے ہیں

ف۱ بعضے کہتے ہیں حضرت آدم اور حوا پر یہ گذرا کہ اول جو حمل ہوا ابلیس ایک مرد نیک کی صورت میں آیا اور ڈرایا کہ تیرے پیٹ میں شاید کچھ بلا ہے جب دونوں دعا کرنے لگے تب یہ کہا کہ میری دعا سے یہ بلا بدل کر بیٹا پیدا ہوگا۔ اس کا نام رکھیو عبدالحارث۔ حارث شیطان کا نام تھا۔ وہی کیا۔ اس قصہ میں پیغمبروں سے شرک ثابت ہوتا ہے یا یہ قصہ غلط ہے۔ اس آیت میں مرد اور عورت کو فرمایا ہے آدم اور حوا کو نہیں۔ گو اول ذکر ان کا ہو چکا یا یوں کہیے کہ جو کچھ انسانوں میں ہونا مقدر تھا وہ حضرت آدم میں ظہور پکڑ گیا اس میں وہ نمونۂ تقدیر تھے اولاد کے گناہ ان میں نظر آئے جیسے آئینے میں صورت چنانچہ نفس کی خواہش اور اللہ کی بے حکمی اور کہہ کر بھول جانا اور دے کر منکر ہونا یہ سب اولاد کی خوئیں ان میں نظر آ چکیں۔
۱۲- منہ رح

إِلَيْكَ وَهُمْ لَا يُبْصِرُونَ ﴿١٩٨﴾ خُذِ الْعَفْوَ وَأْمُرْ بِالْعُرْفِ
طرف تیری اور وہ نہیں دیکھتے پکڑ درگذر کو اور حکم کر ساتھ بہتر کے
وَأَعْرِضْ عَنِ الْجَاهِلِينَ ﴿١٩٩﴾ وَإِمَّا يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطَانِ
اور منہ پھیرے جاہلوں سے اور اگر وسوسہ کرے تجھ کو شیطان کی
نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللَّهِ ۚ إِنَّهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ﴿٢٠٠﴾ إِنَّ الَّذِينَ
طرف سے وسوسہ ڈالنے والا پس پناہ پکڑ ساتھ اللہ کے تحقیق وہ ہے سننے والا جاننے والا ف۱ تحقیق جو لوگ کہ
اتَّقَوْا إِذَا مَسَّهُمْ طَائِفٌ مِنَ الشَّيْطَانِ تَذَكَّرُوا فَإِذَا هُمْ
پرہیزگاری کرتے ہیں جب لگتا ہے ان کو وسوسہ شیطان سے یاد کر لیتے ہیں پس ناگہاں وہ
مُبْصِرُونَ ﴿٢٠١﴾ وَإِخْوَانُهُمْ يَمُدُّونَهُمْ فِي الْغَيِّ ثُمَّ لَا
دیکھنے لگتے ہیں اور بھائی ان کے کھینچتے ہیں ان کو بیچ گمراہی کے پھر نہیں
يُقْصِرُونَ ﴿٢٠٢﴾ وَإِذَا لَمْ تَأْتِهِمْ بِآيَةٍ قَالُوا لَوْلَا اجْتَبَيْتَهَا
تھمتے اور جب نہیں لاتا تو ان کے پاس نشانی کہتے ہیں کیوں نہ کھینچ لایا تو اس کو
قُلْ إِنَّمَا أَتَّبِعُ مَا يُوحَىٰ إِلَيَّ مِنْ رَبِّي ۚ هَٰذَا بَصَائِرُ
کہہ سوائے اس کے نہیں کہ میں پیروی کرتا ہوں اس چیز کی کہ وحی کی جاتی طرف میری رب میرے سے یہ دلیلیں
مِنْ رَبِّكُمْ وَهُدًى وَرَحْمَةٌ لِقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ﴿٢٠٣﴾ وَإِذَا
ہیں پروردگار تمہارے سے اور ہدایت اور رحمت واسطے اس قوم کے کہ ایمان لاتے ہیں اور جب
قُرِئَ الْقُرْآنُ فَاسْتَمِعُوا لَهُ وَأَنْصِتُوا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ ﴿٢٠٤﴾
پڑھا جاوے قرآن پس سنو اس کو اور چپکے رہو تو کہ تم رحم کیے جاؤ ف۲
وَاذْكُرْ رَبَّكَ فِي نَفْسِكَ تَضَرُّعًا وَخِيفَةً وَدُونَ الْجَهْرِ
اور یاد کرو پروردگار اپنے کو بیچ جی اپنے کے عاجزی سے اور ڈر سے اور کم آواز سے
مِنَ الْقَوْلِ بِالْغُدُوِّ وَالْآصَالِ وَلَا تَكُنْ مِنَ الْغَافِلِينَ ﴿٢٠٥﴾
بات سے صبح کو اور شام کو اور مت ہو غافلوں سے
إِنَّ الَّذِينَ عِنْدَ رَبِّكَ لَا يَسْتَكْبِرُونَ عَنْ عِبَادَتِهِ
تحقیق جو لوگ کہ نزدیک رب تیرے کے ہیں نہیں تکبر کرتے بندگی اس کی سے
وَيُسَبِّحُونَهُ وَلَهُ يَسْجُدُونَ ۩ ﴿٢٠٦﴾ السجدة
اور تسبیح کرتے ہیں واسطے اس کے اور اسی کو سجدہ کرتے ہیں ف۳

سجدہ ع ۲۴ ۱۸ ۱۴

ف۱ یعنی نیک کام کو کہیئے اور جاہلوں سے پرے رہیئے لڑنے نہ لگیئے نہیں تو آپ بھی جاہل بنا اور کار رحمن میں کار شیطان آیا اور اگر ایک وقت شیطان جھگڑ کروا دے تو جب یاد آوے شتاب پناہ پکڑیے اللہ کی اور سنبھل جاوے اپنے جہل میں چلے نہ جائے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی جب کوئی قرآن پڑھے اور دل پر واجب ہے کہ باتیں نہ کریں دھیان سے سنیں شاید دل میں ہدایت پڑے لیکن پڑھنے والا باتوں کی مجلس میں پڑھنے لگے پکار کر تو اس کی خطا ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی مقرب فرشتے بھی اس کی یاد سے غافل نہیں تو انسان کو اور بھی ضرور ہے اور اس کے سوا کسی کو سجدہ نہ کرے اس جا پر سجدہ آتا ہے۔ سب قرآن میں پندرہ جا سجدہ ضرور ہے سب کا ایک حکم ہے حنفی مذہب میں واجب اور شافعی میں سنت۔ ۱۲۔ منہ رح

سُوْرَةُ الْاَنْفَالِ مَدَنِيَّةٌ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۷۵ رُكُوْعَاتُهَا ۱۰

سورۂ انفال مدینہ میں نازل ہوئی اس میں شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ تعالیٰ بخشش کرنے والے مہربان کے پچھتر آیت اور دس رکوع ہیں وٰ۱

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَنْفَالِ ؕ قُلِ الْاَنْفَالُ لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ ۚ
سوال کرتے ہیں تجھ کو لوٹوں سے کہہ لوٹیں واسطے اللہ کے ہیں اور رسول کے

فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَصْلِحُوْا ذَاتَ بَيْنِكُمْ ۪ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ
پس ڈرو اللہ سے اور درست کرو معاملے آپس کے اور فرمانبرداری کرو اللہ

وَرَسُوْلَهٗۤ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝۱ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ
کی اور رسول اس کے کی اگر ہو تم ایمان والے وٰ۲ سوائے اس کے نہیں کہ ایمان والے وہ لوگ

اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ وَاِذَا تُلِيَتْ عَلَيْهِمْ
ہیں کہ جب یاد کیا جاوے اللہ ڈر جاتے ہیں دل ان کے اور جب پڑھی جاتی ہیں اوپر ان کے

اٰيٰتُهٗ زَادَتْهُمْ اِيْمَانًا وَّعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ۝۲ ۚۖ الَّذِيْنَ
نشانیاں اس کی زیادہ کرتی ہیں ان کو ایمان اور اوپر پروردگار اپنے کے توکل کرتے ہیں وہ لوگ کہ

يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝۳ ؕ اُولٰٓئِكَ
قائم رکھتے ہیں نماز کو اور اس چیز سے کہ دیا ہے ہم نے ان کو خرچ کرتے ہیں یہ لوگ

هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا ؕ لَهُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَمَغْفِرَةٌ
وہ ہیں ایمان والے ساتھ حق کے واسطے ان کے درجے ہیں نزدیک پروردگار ان کے کے اور بخشش ہے

وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ۝۴ ۚ كَمَاۤ اَخْرَجَكَ رَبُّكَ مِنْۢ بَيْتِكَ
اور رزق ہے باکرامت جس طرح سے نکالا تجھ کو رب تیرے نے گھر تیرے سے

بِالْحَقِّ ۠ وَاِنَّ فَرِيْقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ لَكٰرِهُوْنَ ۝۵ ۙ
ساتھ حق کے اور تحقیق ایک فرقہ مسلمانوں سے البتہ ناخوش رکھتے تھے وٰ۳

يُجَادِلُوْنَكَ فِي الْحَقِّ بَعْدَ مَا تَبَيَّنَ كَاَنَّمَا يُسَاقُوْنَ
جھگڑا کرتے تھے تجھ سے بیچ حق کے پیچھے اس کے کہ ظاہر ہوا گویا کہ ہانکے جاتے ہیں

اِلَى الْمَوْتِ وَهُمْ يَنْظُرُوْنَ ۝۶ ؕ وَاِذْ يَعِدُكُمُ اللّٰهُ اِحْدَى
طرف موت کی اور وہ دیکھتے ہیں اور جب وعدہ کرتا تھا تم کو اللہ ایک کا

الطَّآئِفَتَيْنِ اَنَّهَا لَكُمْ وَتَوَدُّوْنَ اَنَّ غَيْرَ ذَاتِ
دو جماعتوں میں سے یہ واسطے تمہارے ہے اور تم دوست رکھتے تھے یہ کہ بن شوکت والا ہی

وٰ۱ سورۃ انفال اتری بعد جنگ بدر کے جب ہجرت کے بعد حکم ہوا جہاد کا۔ اوّل جہاد تھا قریش سے جن کے ظلم سے وطن چھوڑا ان پر چڑھ کر نہ جا سکتے مکے کے ادب سے۔ مگر راہ باٹ پر مسلمان دوڑے دو تین بار پھر دوسرے برس قریش کا قافلہ تجارت کو گیا ملک شام جب پھرنے لگے حضرت نے آپ اُن پر قصد کیا۔ خبر پا کر مکے والے مدد کو نکلے قافلے کی۔ قافلہ بچ نکلا اور دو فوجیں بھڑ گئیں۔ حق تعالیٰ نے فتح دی شریر شریر کافر ستر مارے گئے اور ستر بند میں آئے۔ ۱۲۔ منہ رح

وٰ۲ جنگ میں بعضے آگے بڑھے اور بعضے پشت پر رہے جب غنیمت جمع ہوئی بڑھنے والوں نے کہا یہ حق ہمارا ہے کہ فتح ہم نے کی اور پشتی والوں نے کہا تم ہماری قوت سے بڑھے حق تعالیٰ نے دونوں کو خاموش کیا کہ فتح اللہ کی مدد سے ہے۔ زور کسی کا پیش نہیں جاتا۔ سو مالک مال کا اللہ ہے۔ اور نائب اس کا رسول ہے۔ پھر آگے بہت دور تک یہی بیان فرمایا کہ فتح اللہ کی مدد سے ہے اپنی قوت سے نہ سمجھو۔ ۱۲۔ منہ رح

وٰ۳ یعنی غنیمت کا جھگڑا بھی ویسا ہی ہے جیسا نکلتے وقت عقل (باقی صفحہ ۲۱۲ پر)

الشَّوْكَةِ تَكُوْنُ لَكُمْ وَيُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّحِقَّ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ
ہووے واسطے تمہارے اور ارادہ کرتا ہے اللہ یہ کہ ثابت کرے حق کو ساتھ باتوں اپنی کے

وَيَقْطَعَ دَابِرَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۷﴾ لِيُحِقَّ الْحَقَّ وَيُبْطِلَ الْبَاطِلَ
اور کاٹے جڑ کافروں کی ف۱ تو کہ سچا کرے دین کو اور جھوٹا کرے باطل کو

وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۸﴾ اِذْ تَسْتَغِيْثُوْنَ رَبَّكُمْ فَاسْتَجَابَ
اور اگرچہ ناخوش رکھیں گنہگار جس وقت فریاد کرتے تھے تم پروردگار اپنے سے پس قبول کیا

لَكُمْ اَنِّيْ مُمِدُّكُمْ بِاَلْفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُرْدِفِيْنَ ﴿۹﴾ وَمَا
واسطے تمہارے یہ کہ میں مدد دوں گا تم کو ساتھ ہزار کے فرشتوں سے پیچھے سے اور لانے والے اور نہیں

جَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰى وَلِتَطْمَئِنَّ بِهٖ قُلُوْبُكُمْ ۚ وَمَا النَّصْرُ
کیا اس کو اللہ نے مگر خوشخبری اور تو کہ آرام پکڑیں ساتھ اس کے دل تمہارے اور نہیں مدد

اِلَّا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۱۰﴾ اِذْ يُغَشِّيْكُمُ
مگر نزدیک اللہ کے سے تحقیق اللہ غالب ہے حکمت والا جبکہ ڈھانکتا تھا تم کو

النُّعَاسَ اَمَنَةً مِّنْهُ وَيُنَزِّلُ عَلَيْكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً
اونگھ سے امن اس کی طرف سے اور اتارتا تھا اوپر تمہارے آسمان سے پانی تو کہ

لِّيُطَهِّرَكُمْ بِهٖ وَيُذْهِبَ عَنْكُمْ رِجْزَ الشَّيْطٰنِ وَلِيَرْبِطَ
پاک کرے تم کو ساتھ اس کے اور دور کرے تم سے نجاست شیطان کی اور تو کہ باندھ دیوے

عَلٰى قُلُوْبِكُمْ وَيُثَبِّتَ بِهِ الْاَقْدَامَ ﴿۱۱﴾ اِذْ يُوْحِيْ رَبُّكَ
اوپر دلوں تمہارے کے اور ثابت رکھے بسبب اس کے قدموں تمہارے کو ف۲ جس وقت وحی پہنچاتا تھا رب تیرا

اِلَى الْمَلٰٓئِكَةِ اَنِّيْ مَعَكُمْ فَثَبِّتُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۭ سَاُلْقِيْ
طرف فرشتوں کی یہ کہ میں ساتھ تمہارے ہوں پس ثابت رکھو ان لوگوں کو جو ایمان لائے البتہ ڈالوں گا میں

فِيْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا الرُّعْبَ فَاضْرِبُوْا فَوْقَ
بیچ دلوں ان لوگوں کے کہ کافر ہوئے رعب پس مارو اوپر

الْاَعْنَاقِ وَاضْرِبُوْا مِنْهُمْ كُلَّ بَنَانٍ ﴿۱۲﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ
گردنوں کے اور مارو ان میں سے ہر پورے پر ف۳ یہ اس واسطے کہ

شَآقُّوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۚ وَمَنْ يُّشَاقِقِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاِنَّ
انہوں نے خلاف کیا اللہ کا اور رسول اس کے کا اور جو کوئی خلاف کرے اللہ کا اور رسول اس کے کا پس تحقیق

ف۱ حضرت نے فرمایا تھا کہ یا قافلہ یا مدد ہمارے ہاتھ لگے گا۔ لوگ چاہنے لگے کہ قافلہ ہاتھ لگے اور بہتر ہوا یہی کہ کفر کا زور ٹوٹا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ جب دو لشکر مقابل ہوئے رات کو مسلمانوں کو حاجت غسل ہو گئی اور پانی پینے کا بھی نہ تھا اور زمین ریت تھی جہاں پاؤں نہ ٹھہریں۔ صبح کو لڑائی درپیش۔ یہ چیزیں دیکھ کر مسلمان ڈرے کہ آثار شکست کے ہیں اس وقت باران کاس برسا کہ غسل اور پیاس کو کافی ہوا اور زمین جم گئی اور ایک اونگھ آپڑی اس سے چونکے تو دل کا خوف جاتا رہا۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۱۱ / ۱۵

ف۳ کافروں کے دل قابل نہیں فرشتوں کے الہام کے سو رعب ڈالنا اپنی طرف لیا اور مسلمانوں کے دل ثابت کرنے کو حکم فرمایا۔ اس جنگ میں فرشتے ہاتھوں سے بھی لڑتے ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

(ص۲۱۱ سے آگے)
کی تدبیریں کرنے لگے اور آخر صلاح یہی ٹھہری جو رسول نے فرمایا تو ہر کام میں یہی اختیار کرو کہ حکمبرداری میں اپنی عقل کو دخل نہ دو۔ ۱۲۔ منہ رح

(ص۲۰۸ کا ف۲ ۲۰۸ سے آگے)
نکلنے لگی حضرت موسیٰ کے لشکر کو تب ناچار حیلہ سکھایا۔ ۱۲۔ منہ رح

اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۱۳﴾ ذٰلِكُمْ فَذُوْقُوْهُ وَاَنَّ لِلْكٰفِرِيْنَ
اللہ سخت عذاب کرنے والا ہے یہ ہے پس چکھو تو اس کو اور تحقیق واسطے کافروں کے
عَذَابَ النَّارِ ﴿۱۴﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا لَقِيْتُمُ الَّذِيْنَ
عذاب ہے آگ کا اے لوگو جو ایمان لائے ہو جس وقت کہ ملاقات کرو تم ان لوگوں سے
كَفَرُوْا زَحْفًا فَلَا تُوَلُّوْهُمُ الْاَدْبَارَ ﴿۱۵﴾ وَمَنْ يُّوَلِّهِمْ يَوْمَئِذٍ
کہ کافر ہوئے لشکر باندھ کر پس نہ پھیرو ان سے پیٹھ کو ۱؎ اور جو کوئی پھیرے ان سے اس دن
دُبُرَهٗۤ اِلَّا مُتَحَرِّفًا لِّقِتَالٍ اَوْ مُتَحَيِّزًا اِلٰى فِئَةٍ فَقَدْ
پیٹھ اپنی مگر حرفت کرنے والا واسطے لڑائی کے یا جگہ پکڑنے والا طرف جماعت کی پس تحقیق
بَآءَ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَمَاْوٰىهُ جَهَنَّمُ ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿۱۶﴾
پھر آیا ساتھ غصے کے اللہ کی طرف سے اور جگہ رہنے کی دوزخ ہے اور بُری جگہ ہے پھر جانے کی
فَلَمْ تَقْتُلُوْهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ قَتَلَهُمْ ۪ وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ
پس نہ مارا تم نے ان کو اور لیکن اللہ نے مارا ان کو اور نہ پھینکا تھا تو نے جس وقت کہ پھینکا تھا
وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى ۚ وَلِيُبْلِيَ الْمُؤْمِنِيْنَ مِنْهُ بَلَآءً حَسَنًا ؕ
اور لیکن اللہ نے پھینکا تھا اور تو کہ آزمائش کرے ایمان والوں کی ساتھ نعمت کے اپنی طرف سے آزمائش نیک
اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۷﴾ ذٰلِكُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ مُوْهِنُ كَيْدِ
تحقیق اللہ سننے والا جاننے والا ہے ۲؎ بات یہ ہے اور یہ کہ اللہ سست کرنے والا ہے مکر
الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۸﴾ اِنْ تَسْتَفْتِحُوْا فَقَدْ جَآءَكُمُ الْفَتْحُ ۚ وَاِنْ
کافروں کا اگر فتح چاہتے ہو تم پس تحقیق آئی تمہارے پاس فتح اور اگر
تَنْتَهُوْا فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَاِنْ تَعُوْدُوْا نَعُدْ ۚ وَلَنْ تُغْنِيَ
باز رہتے ہو پس وہ بہتر ہے واسطے تمہارے اور اگر پھر آؤ تم پھر آویں گے ہم اور ہرگز نہ کفایت کرے گی
عَنْكُمْ فِئَتُكُمْ شَيْئًا وَّلَوْ كَثُرَتْ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ مَعَ
تم سے جماعت تمہاری کچھ اور اگرچہ بہت ہو اور یہ کہ اللہ ساتھ
۲ ع ۹ ۱۶ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۹﴾ ع يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ
مسلمانوں کے ہے ۳؎ اے لوگو جو ایمان لائے ہو فرمانبرداری کرو اللہ کی اور رسول اس
وَلَا تَوَلَّوْا عَنْهُ وَاَنْتُمْ تَسْمَعُوْنَ ﴿۲۰﴾ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ
کے کی اور مت پھرو اس سے اور تم سنتے ہو اور مت ہو مانند ان لوگوں کی کہ

۱؎ یعنی جب مقابلہ میدان میں ہو تو بھاگنا اشد گناہ ہے اور جو دوڑ ہو یا غارت تو بھاگنا ہنر ہے۔ ۱۲۔منہ رح

۲؎ جب شدت جنگ ہوئی تب حضرت نے ایک مٹھی کنکریاں اس لشکر کی طرف پھینکیں اللہ کی قدرت سے ہر کسی کی آنکھ میں خاک پہنچی اس کے بعد شکست کھائی۔ یہ فرمایا کہ مسلمان سمجھیں کہ فتح ہماری قوت سے نہیں سب اللہ کی مدد سے ہے تو کسی بات میں اپنا دخل نہ کریں۔ ۱۲۔منہ رح

۳؎ مکے کی سورتوں میں ہر جگہ کافروں کا کلام نقل فرمایا کہ ہر گھڑی کہتے ہیں متیٰ ہذا الفتح۔ یعنی کب ہو گا یہ فیصلہ سو اب فرمایا کہ اور اگر باز آؤ یعنی کفر سے اور اگر پھر کرو گے یعنی لڑائی تو ہم پھر کریں گے یعنی مدد۔ ۱۲۔منہ رح

قَالُوْا سَمِعْنَا وَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ ﴿٢١﴾ اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ
کہتے ہیں سنا ہم نے اور وہ نہیں سنتے ف۱ تحقیق بدتر چلنے والوں کے
عِنْدَ اللّٰهِ الصُّمُّ الْبُكْمُ الَّذِيْنَ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿٢٢﴾ وَلَوْ عَلِمَ
نزدیک اللہ کے بہرے گونگے ہیں وہ جو نہیں سمجھتے ف۲ اور اگر جانتا
اللّٰهُ فِيْهِمْ خَيْرًا لَّاَسْمَعَهُمْ ۭ وَلَوْ اَسْمَعَهُمْ لَتَوَلَّوْا
اللہ بیچ ان کے بھلائی البتہ سناتا ان کو اور اگر اب سنادے ان کو البتہ پھر جاویں
وَّهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿٢٣﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَجِيْبُوْا لِلّٰهِ
اور وہ اس سے منہ پھیرنے والے ہیں ف۳ اے لوگو جو ایمان لائے ہو پکارا قبول کرو واسطے اللہ کے
وَلِلرَّسُوْلِ اِذَا دَعَاكُمْ لِمَا يُحْيِيْكُمْ ۚ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ
اور واسطے رسول کے جب پکارے تم کو واسطے اس کے کہ زندہ کرے تم کو اور جانو یہ کہ
اللّٰهَ يَحُوْلُ بَيْنَ الْمَرْءِ وَقَلْبِهٖ وَاَنَّهٗٓ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿٢٤﴾
اللہ حائل ہوتا ہے درمیان آدمی کے اور دل اس کے کے اور یہ کہ طرف اس کی اکٹھے کیے جاؤ گے ف۴
وَاتَّقُوْا فِتْنَةً لَّا تُصِيْبَنَّ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْكُمْ خَاۗصَّةً ۚ
اور ڈرو اس فتنہ سے کہ نہ پہنچے ان لوگوں کو کہ ظلم کرتے ہیں تم میں سے خاص کر
وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿٢٥﴾ وَاذْكُرُوْٓا اِذْ اَنْتُمْ
اور جانو یہ کہ اللہ سخت عذاب کرنے والا ہے ف۵ اور یاد کرو جس وقت کہ تھے تم
قَلِيْلٌ مُّسْتَضْعَفُوْنَ فِي الْاَرْضِ تَخَافُوْنَ اَنْ
تھوڑے ناتوان گنے جاتے بیچ زمین کے ڈرتے تھے یہ کہ
يَّتَخَطَّفَكُمُ النَّاسُ فَاٰوٰىكُمْ وَاَيَّدَكُمْ بِنَصْرِهٖ
اُچک لے جاویں تم کو لوگ پس جگہ دی تم کو اور قوت دی تم کو ساتھ مدد اپنی کے
وَرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿٢٦﴾ يٰٓاَيُّهَا
اور روزی دی تم کو پاکیزہ چیزوں سے تو کہ تم شکر کرو ف۶ اے
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَخُوْنُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ وَتَخُوْنُوْٓا
لوگو جو ایمان لائے ہو مت خیانت کرو اللہ کی اور رسول کی اور مت خیانت کرو
اَمٰنٰتِكُمْ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿٢٧﴾ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَآ اَمْوَالُكُمْ
امانتوں اپنی کو اور تم جانتے ہو اور جانو یہ کہ مال تمہارے

ف۱ یعنی جیسے یہود نے حکم توریت زورآوری سے قبول کیا اور دل سے نافہوں رکھا ایسے منافق زبان سے حکمبردار ہیں اور دل سے نہیں۔ ۱۲ منہ

ف۲ یعنی جانوروں سے بھی بدتر ہیں وہ آدمی کہ دین حق کو نہ سمجھیں۔ ۱۲ منہ

ف۳ یعنی اللہ نے ان کے دل میں ہدایت کی لیاقت نہیں رکھی جن میں لیاقت رکھی ہے انہیں کو ہدایت دیتا ہے اور بغیر لیاقت جو سنتے ہیں تو انکار کرتے ہیں۔ ۱۲ منہ

ف۴ یعنی حکم بجا لانے میں دیر نہ کرو شاید اس وقت دل ایسا نہ رہے دل اللہ کے ہاتھ ہے اور اللہ اول کسی کے دل کو روکتا نہیں اور مہر نہیں کرتا۔ جب بندہ کاہلی کرے تو اس کی جزا میں روک دیتا ہے یا ضد کرے حق پرستی نہ کرے تو مہر کر دیتا ہے۔ ۱۲ منہ

ف۵ یعنی حکم میں کاہلی کرنے سے ایک تو دل ہٹتا ہے دم بدم زیادہ مشکل پڑتا ہے دوسرے نیکوں کی کاہلی سے گنہگار بالکل چھوڑ دیں گے تو بری رسم بد پھیلے گی اس کا وبال سب پر پڑے گا جیسے جنگ میں دلیر سستی کریں تو نامرد بھاگ ہی جاویں پھر شکست پڑے تو دلیر بھی نہ تھام سکیں۔ ۱۲ منہ

ف۶ سنہری چیزیں یعنی مال غنیمت۔ ۱۲ منہ

وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿۲۸﴾ ع يٰٓاَيُّهَا
اور اولاد تمہاری فتنہ ہے اور یہ کہ اللہ نزدیک اسی کے ہے ثواب بڑا ول اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تَتَّقُوا اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّكُمْ فُرْقَانًا
لوگو جو ایمان لائے ہو اگر پرہیزگاری کروگے اللہ کی کرے گا واسطے تمہارے امتیاز

وَّيُكَفِّرْ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ
اور دور کرے گا تم سے برائیاں تمہاری اور بخشے گا واسطے تمہارے اور اللہ صاحب فضل

الْعَظِيْمِ ﴿۲۹﴾ وَاِذْ يَمْكُرُ بِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِيُثْبِتُوْكَ
بڑے کا ہے وٹا اور جس وقت مکر کرتے تھے ساتھ تیرے وہ لوگ کہ کافر ہوئے تو کہ بند رکھیں تجھ کو

اَوْ يَقْتُلُوْكَ اَوْ يُخْرِجُوْكَ ۭ وَيَمْكُرُوْنَ وَيَمْكُرُ اللّٰهُ ۭ
یا مار ڈالیں تجھ کو یا نکال دیں تجھ کو اور مکر کرتے تھے وہ اور مکر کرتا تھا اللہ

وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ ﴿۳۰﴾ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا قَالُوْا
اور اللہ تعالٰے نیک مکر کرنے والوں کا ہے وٿ اور جس وقت پڑھی جاتی ہیں اوپر ان کے نشانیاں ہماری کہتے ہیں

قَدْ سَمِعْنَا لَوْ نَشَاۗءُ لَقُلْنَا مِثْلَ هٰذَآ ۙ اِنْ هٰذَآ اِلَّآ
تحقیق سنا ہم نے اگر چاہیں ہم البتہ کہہ لیویں مانند اس کی نہیں یہ مگر

اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۳۱﴾ وَاِذْ قَالُوا اللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ هٰذَا
کہانیاں پہلوں کی وٿ اور جب کہا انہوں نے یا اللہ اگر ہے یہ

هُوَ الْحَقَّ مِنْ عِنْدِكَ فَاَمْطِرْ عَلَيْنَا حِجَارَةً مِّنَ السَّمَاۗءِ
حق نزدیک تیرے سے پس برسا اوپر ہمارے پتھر آسمان سے

اَوِ ائْتِنَا بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۳۲﴾ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ
یا لے آ ہم پر عذاب درد دینے والا وھ اور نہیں تھا اللہ کہ عذاب کرتا ان کو اور تو

فِيْهِمْ ۭ وَمَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ﴿۳۳﴾
بیچ ان کے تھا اور نہیں تھا اللہ عذاب کرنے والا ان کو اور وہ ہوں بخشش مانگتے وٹ

وَمَا لَهُمْ اَلَّا يُعَذِّبَهُمُ اللّٰهُ وَهُمْ يَصُدُّوْنَ عَنِ الْمَسْجِدِ
اور کیا ہے واسطے ان کے یہ کہ نہ عذاب کرے ان کو اللہ اور وہ بند کرتے ہیں مسجد

الْحَرَامِ وَمَا كَانُوْٓا اَوْلِيَاۗءَهٗ ۭ اِنْ اَوْلِيَاۗؤُهٗٓ اِلَّا الْمُتَّقُوْنَ
حرام سے اور نہیں وہ لائق والی اس کے کے نہیں لائق والی اس کے کے مگر پرہیزگار

ع ۳ / ۹ / ۷

وا چوری اللہ رسول کی یہ بھی ہے کہ چھپ کر کافروں سے ملیں اپنے مال اور اولاد کے بچاؤ کو جیسے مہاجرین میں اکثروں کے گھر مکے میں تھے اور یہ بھی ہے کہ مال غنیمت چھپا رکھیں سردار کے پاس ظاہر نہ کریں۔ ۱۲۔منہ رح

وٹ شاید فتح بدر میں مسلمانوں کے دل میں آیا ہو کہ یہ فتح اتفاقی ہے۔ حضرت سے مخفی کافروں پر احسان کریئے کہ ہمارے گھر بار کو نہ ستادیں۔ سو پہلی آیت میں چوری کو منع فرمایا اور دوسری آیت میں تسلی دی کہ آگے فیصلہ ہو جاوے گا۔ تمہارے گھر بار کافروں میں گرفتار نہ رہیں گے۔ ۱۲۔منہ رح

وٿ بٹھاویں یعنی قید کر رکھیں یہ فرمایا کہ جیسے اللہ نے پیغمبر کو بچا لیا چاہے تو تمہارے گھر بار کو بچا رکھے۔ ۱۲۔منہ رح

وٿ یعنی ہمیشہ یہ کہتے تھے اب تو دیکھ لیا کہ یہ قصے نہ تھے وعدۂ عذاب تم پر بھی آیا جیسے پہلوں پر آیا تھا۔ ۱۲۔منہ رح

وھ ابوجہل جب مکے سے نکلنے لگا تو یہی دعا کی کعبہ کے سامنے وہی پیش آئی۔ ۱۲۔منہ رح

وٹ یعنی مکے میں حضرت کے قدم سے عذاب اٹک رہا تھا اب ان پر عذاب آیا اسی طرح جب تک گنہگار نادم رہے اور توبہ کرتا رہے تو پکڑا نہیں جاتا اگرچہ (باقی صفحہ ۲۱۶ پر)

وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٣٤﴾ وَمَا كَانَ صَلَاتُهُمْ عِنْدَ
اور لیکن بہت ان کے نہیں جانتے ف۱ اور نہیں ہے نماز ان کی نزدیک
الْبَيْتِ اِلَّا مُكَآءً وَّتَصْدِيَةً ؕ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا
کعبے کے مگر سیٹیاں بجانی اور تالیاں پس چکھو عذاب کو بسبب اس کے
كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿٣٥﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ
کہ تھے تم کفر کرتے تحقیق جو لوگ کہ کافر ہوئے خرچ کرتے ہیں مال اپنے کو
لِيَصُدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ فَسَيُنْفِقُوْنَهَا ثُمَّ
تو کہ بند کریں راہ خدا کی سے پس البتہ خرچ کریں گے ان کو پھر
تَكُوْنُ عَلَيْهِمْ حَسْرَةً ثُمَّ يُغْلَبُوْنَ ؕ۬ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا
ہوگا اوپر ان کے افسوس پھر مغلوب کیے جائیں گے اور وہ لوگ جو کافر ہیں
اِلٰى جَهَنَّمَ يُحْشَرُوْنَ ﴿٣٦﴾ لِيَمِيْزَ اللّٰهُ الْخَبِيْثَ مِنَ الطَّيِّبِ
طرف دوزخ کی اکٹھے کیے جائیں گے تو کہ جدا کرے خدا ناپاک کو پاک سے
وَيَجْعَلَ الْخَبِيْثَ بَعْضَهٗ عَلٰى بَعْضٍ فَيَرْكُمَهٗ جَمِيْعًا
اور کرے ناپاک کو بعض اس کا اوپر بعض کے پس تو کہ وہ کرے اس کو اکٹھا
فَيَجْعَلَهٗ فِيْ جَهَنَّمَ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿٣٧﴾ ع قُلْ
پس کرے اس کو بیچ دوزخ کے یہ لوگ وہ ہیں ٹوٹا پانے والے ف۲ کہہ
لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ يَّنْتَهُوْا يُغْفَرْ لَهُمْ مَّا قَدْ سَلَفَ ۚ
واسطے ان لوگوں کے کہ کافر ہوئے ہیں اگر باز آویں بخشا جاوے گا واسطے ان کے جو کچھ کہ گذرا
وَاِنْ يَّعُوْدُوْا فَقَدْ مَضَتْ سُنَّتُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٣٨﴾ وَقَاتِلُوْهُمْ
اور جو پھر کریں پس تحقیق گذری ہے عادت پہلوں کی اور لڑو ان سے
حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّيَكُوْنَ الدِّيْنُ كُلُّهٗ لِلّٰهِ ۚ فَاِنِ
یہاں تک کہ نہ رہے فتنہ اور ہووے دین تمام واسطے اللہ کے پس اگر
انْتَهَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ بِمَا يَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿٣٩﴾ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاعْلَمُوْٓا
باز رہیں پس تحقیق اللہ ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہیں دیکھنے والا ہے اور اگر پھر جاویں پس جانو
اَنَّ اللّٰهَ مَوْلٰىكُمْ ؕ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ﴿٤٠﴾
یہ کہ اللہ دوست ہے تمہارا اچھا دوست ہے اور اچھا مدد دینے والا ہے ف۳

ع ۴ ۹ ۱۸

ف۱ قریش آپ کو اور اولاد ابراہیم سمجھ کر کعبہ کے مختار ٹھہراتے تھے اور مسلمانوں کو آنے نہ دیتے سو فرمایا کہ اولاد ابراہیم میں جو پرہیزگار ہو اسی کا حق ہے اور بےانصافوں کا حق نہیں کہ جس سے آپ ناخوش ہوئے نہ آنے دیا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی آہستہ آہستہ اللہ اسلام کو غالب کرے گا۔ اس بیچ میں کافر اپنا زور جان اور مال کا خرچ کر لیں گے نا نیک اور بد جدا ہو جاوے یعنی جن کی قسمت میں اسلام لکھا ہے وہ سب مسلمان ہو چکیں اور جن کو کفر پر مرنا ہے وہی اکٹھے دوزخ میں جاویں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ لڑو جب تک فساد رہے یعنی کافروں کو زور نہ رہے کہ ایمان سے روک سکیں۔ ۱۲۔ منہ رح

(صفحہ ۲۱۵ سے آگے) بڑے سے بڑا گناہ ہو۔ حضرت نے فرمایا کہ گناہ گاروں کو دو چیز پناہ ہیں ایک میرا وجود اور دوسرے استغفار۔ ۱۲۔ منہ رح

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهٗ

اور جانو تم یہ کہ جو کچھ لوٹ لو کسی چیز سے پس تحقیق واسطے اللہ کے ہے پانچواں حصہ اس کا

وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ

اور واسطے رسول کے اور واسطے قرابتیوں رسول کے اور واسطے یتیموں کے اور واسطے فقیروں کے اور

السَّبِيْلِ ۙ اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا

مسافروں کے اگر ہو تم ایمان لائے ساتھ اللہ کے اور جو کچھ اتارا ہم نے اوپر بندے اپنے کے

يَوْمَ الْفُرْقَانِ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعٰنِ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

دن فیصلے کے جس دن کہ ملیں تھیں دو جماعتیں اور اللہ اوپر ہر چیز کے

قَدِيْرٌ ۝٤١ اِذْ اَنْتُمْ بِالْعُدْوَةِ الدُّنْيَا وَهُمْ بِالْعُدْوَةِ الْقُصْوٰى

قادر ہے وا جس وقت کہ تھے تم کنارے ورلے پر اور وہ تھے کنارے پرلے پر

وَالرَّكْبُ اَسْفَلَ مِنْكُمْ ۭ وَلَوْ تَوَاعَدْتُّمْ لَاخْتَلَفْتُمْ فِي

اور سوار نیچے تھے تم سے اور اگر وعدہ مقرر کرتے تم البتہ اختلاف کرتے بیچ

الْمِيْعٰدِ ۙ وَلٰكِنْ لِّيَقْضِيَ اللّٰهُ اَمْرًا كَانَ مَفْعُوْلًا ڏ لِّيَهْلِكَ

وعدے کے ولیکن تو کہ تمام کرے اللہ تعالیٰ اس کام کو کہ تھا کرنا تو کہ ہلاک ہو جاوے

مَنْ هَلَكَ عَنْۢ بَيِّنَةٍ وَّيَحْيٰى مَنْ حَيَّ عَنْۢ بَيِّنَةٍ ۭ وَاِنَّ

وہ شخص کہ ہلاک ہوا ہے دلیل سے اور جیتا رہے جو شخص کہ جیتا ہے دلیل سے اور تحقیق

اللّٰهَ لَسَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝٤٢ۙ اِذْ يُرِيْكَهُمُ اللّٰهُ فِيْ مَنَامِكَ قَلِيْلًا ۭ

اللہ البتہ سننے والا جاننے والا ہے وٖ جس وقت دکھلاتا تھا ان کافروں کو اللہ بیچ خواب تیرے کے تھوڑے

وَّلَوْ اَرٰىكَهُمْ كَثِيْرًا لَّفَشِلْتُمْ وَلَتَنَازَعْتُمْ فِي الْاَمْرِ

اور اگر دکھلاتا تجھ کو وہ بہت البتہ سستی کرتے تم اور البتہ جھگڑتے تم بیچ کام کے

وَلٰكِنَّ اللّٰهَ سَلَّمَ ۭ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝٤٣ وَاِذْ

لیکن اللہ تعالیٰ نے سلامت رکھا تحقیق وہ جاننے والا ہے سینے والی بات کو اور جس

يُرِيْكُمُوْهُمْ اِذِ الْتَقَيْتُمْ فِيْٓ اَعْيُنِكُمْ قَلِيْلًا وَّيُقَلِّلُكُمْ

وقت کہ دکھلاتا تھا تم کو ان کافروں کو جب ملے تم بیچ آنکھوں تمہاری کے تھوڑے اور تھوڑا دکھلاتا تھا تم کو

فِيْٓ اَعْيُنِهِمْ لِيَقْضِيَ اللّٰهُ اَمْرًا كَانَ مَفْعُوْلًا ۭ وَاِلَى اللّٰهِ

بیچ آنکھوں ان کی کے تو کہ تمام کرے اللہ وہ کام کہ تھا کرنا اور طرف اللہ کے

وا یعنی اللہ نے اپنے رسول پر فتح و نصرت اتاری جس سے تم غالب ہوئے اور اللہ قادر ہے کہ آگے اور فتحیں دیوے جو مال کافروں سے لڑ کر لیویں وہ غنیمت ہے اس میں پانچواں حصہ نیاز اللہ کی ہے واسطے خرچ رسول کے کہ رسول کو خرچ ہے اپنی ذات کا اور قرابت والوں کا اور حاجتمند مسلمانوں کا اور بعد حضرت کے یہی خرچ ہوتے ہیں سردار کو اور جو مال صلح سے لیا وہ سارا خرچ مسلمانوں کا پھر غنیمت میں چار حصے رہے سو لشکر کو تقسیم کرنا سوار کو دو حصے پیادہ کو ایک۔ ۱۲۔منہ رح

وٖ یعنی قریش اپنے قافلہ کی مدد کو آئے تھے اور تم قافلہ کی غارت کو قافلہ بچ گیا، اور دونوں فوجیں ایک میدان کے دو کناروں پر آپڑیں ایک کو دوسرے کی خبر نہیں یہ تدبیر اللہ کی تھی اگر تم قصداً جاتے تو ایسا بروقت نہ پہنچتے اور اس فتح کے بعد کافروں پر صدق پیغمبر کا کھل گیا جو مرا وہ بھی یقین جان کر مرا اور جو جیتا رہا وہ بھی حق پہچان کر تا اللہ کا الزام پورا ہو۔ ۱۲۔منہ رح

تُرْجَعُ الْأُمُورُ ع ﴿۴۴﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا لَقِيتُمْ فِئَةً

پھیرے جاتے ہیں سب کام ۓ اے لوگو جو ایمان لائے ہو جب ملاقات کرو تم ایک جماعت

فَاثْبُتُوا وَاذْكُرُوا اللَّهَ كَثِيرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ﴿۴۵﴾ وَ

سے پس ثابت رہو اور یاد کرو اللہ کو بہت تو کہ تم چھٹکارا پاؤ ۲ اور

أَطِيعُوا اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَلَا تَنَازَعُوا فَتَفْشَلُوا وَتَذْهَبَ

فرمانبرداری کرو اللہ کی اور رسول اس کے کی اور مت جھگڑو آپس میں پس سست ہو جاؤگے اور جاتی رہے گی

رِيحُكُمْ وَاصْبِرُوا إِنَّ اللَّهَ مَعَ الصَّابِرِينَ ﴿۴۶﴾ وَلَا

ہوا تمہاری اور صبر کرو تحقیق اللہ ساتھ صبر کرنے والوں کے ہے ۴ اور مت ہو

تَكُونُوا كَالَّذِينَ خَرَجُوا مِن دِيَارِهِم بَطَرًا وَرِئَاءَ

مانند ان لوگوں کی کہ نکلے گھروں اپنے سے اترا کر اور دکھانے کو

النَّاسِ وَيَصُدُّونَ عَن سَبِيلِ اللَّهِ وَاللَّهُ بِمَا يَعْمَلُونَ

لوگوں کے اور بند کرتے تھے راہ خدا تعالٰے کی سے اور اللہ ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہیں

مُحِيطٌ ﴿۴۷﴾ وَإِذْ زَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطَانُ أَعْمَالَهُمْ وَقَالَ لَا

گھیرنے والا ہے ۵ اور جب زینت دی واسطے ان کے شیطان نے عملوں ان کے کو اور کہا نہیں

غَالِبَ لَكُمُ الْيَوْمَ مِنَ النَّاسِ وَإِنِّي جَارٌ لَّكُمْ فَلَمَّا

غالب تم پر آج کے دن کوئی لوگوں میں سے اور تحقیق میں حمائتی ہوں تمہارا پس جب

تَرَاءَتِ الْفِئَتَانِ نَكَصَ عَلَىٰ عَقِبَيْهِ وَقَالَ إِنِّي بَرِيءٌ

نمودار ہوئیں دونوں جماعتیں پھر گیا اوپر دونو ایڑیوں اپنی کے اور کہا تحقیق میں بیزار ہوں

مِّنكُمْ إِنِّي أَرَىٰ مَا لَا تَرَوْنَ إِنِّي أَخَافُ اللَّهَ وَاللَّهُ

تم سے تحقیق میں دیکھتا ہوں جو کچھ نہیں دیکھتے تم تحقیق میں ڈرتا ہوں اللہ سے اور اللہ

شَدِيدُ الْعِقَابِ ع ﴿۴۸﴾ إِذْ يَقُولُ الْمُنَافِقُونَ وَالَّذِينَ فِي

سخت عذاب کرنے والا ہے ۶ جس وقت کہ کہتے تھے منافق اور وہ لوگ کہ بیچ

قُلُوبِهِم مَّرَضٌ غَرَّ هَٰؤُلَاءِ دِينُهُمْ وَمَن يَتَوَكَّلْ

دلوں ان کے کے بیماری ہے فریب دیا ہے ان کو دین ان کے نے اور جو کوئی توکل کرے

عَلَى اللَّهِ فَإِنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ﴿۴۹﴾ وَلَوْ تَرَىٰ إِذْ يَتَوَفَّى

اوپر اللہ کے تحقیق اللہ غالب ہے حکمت والا ۷ اور کاش کہ دیکھے تو جس وقت کہ قبض کرتے

ع ۵ ۷ ۱

ف۱ پیغمبر کو خواب میں کافر تھوڑے نظر آئے اور مسلمانوں کو مقابلے کے وقت تا جرأت سے لڑیں۔ پیغمبر کا خواب غلط نہیں ان میں کافر رہنے والے کم ہی تھے اکثر وہ تھے جو پیچھے مسلمان ہوئے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی مدد اللہ کی چاہو تو اسباب ظاہر سے نہیں دل کی استقامت اور یاد اللہ کی اور حکمبرداری سردار کی اور ایک صحبت چاہئی۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ باؤ جاتی رہے گی یعنی اقبال سے ادبار آوے گا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ جہاد عبادت ہے۔ عبادت پر اتراوے یا دکھاوے کو کرے تو قبول نہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۵ جب کافر جمع ہو کر نکلے لڑائی پر راہ میں ایک شخص ملا بوڑھا، کہا میں بھی مسلمانوں کا دشمن ہوں تمہاری رفاقت کو آیا ہوں اور جنگ کا بڑا ماہر ہوں پھر جب لڑائی ہونے لگی ابوجہل سے ہاتھ چھڑا کر بھاگا وہ شخص نہ پہلے کسی نے دیکھا تھا نہ پیچھے دیکھا وہ شیطان تھا جب اس نے جبرائیل اور میکائیل دیکھے مسلمانوں کی طرف تب بھاگا۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۶ ۲ ۲

ف۶ مسلمانوں کی دلیری دیکھ کر منافق اس طرح طعن کرنے لگے تھے سو اللہ نے فرمایا یہ غرور نہیں توکل ہے ۱۲۔ منہ رح

الَّذِينَ كَفَرُوا ۙ الْمَلَائِكَةُ يَضْرِبُونَ وُجُوهَهُمْ وَأَدْبَارَهُمْ ۚ
ہیں (یعنی رُوحیں) ان لوگوں کی کہ کافر ہوئے فرشتے مارتے ہیں منہ ان کے اور پیٹھیں ان کی

وَذُوقُوا عَذَابَ الْحَرِيقِ ﴿٥٠﴾ ذَٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيكُمْ
اور کہتے ہیں چکھو تم عذاب جلنے کا یہ بسبب اس چیز کے ہے کہ آگے بھیجا ہے ہاتھوں تمہارے نے

وَأَنَّ اللَّهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيدِ ﴿٥١﴾ كَدَأْبِ آلِ فِرْعَوْنَ ۙ
اور یہ کہ اللہ نہیں ظلم کرنے والا واسطے بندوں کے مانند عادت قوم فرعون کی

وَالَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ ۚ كَفَرُوا بِآيَاتِ اللَّهِ فَأَخَذَهُمُ اللَّهُ
اور وہ لوگ کہ پہلے اُن سے تھے کافر ہوئے ساتھ نشانیوں اللہ کے پس پکڑا ان کو اللہ نے

بِذُنُوبِهِمْ ۗ إِنَّ اللَّهَ قَوِيٌّ شَدِيدُ الْعِقَابِ ﴿٥٢﴾ ذَٰلِكَ بِأَنَّ
ساتھ گناہوں ان کے کے تحقیق اللہ زور آور ہے سخت عذاب کرنے والا یہ بسبب اس کے ہے کہ

اللَّهَ لَمْ يَكُ مُغَيِّرًا نِّعْمَةً أَنْعَمَهَا عَلَىٰ قَوْمٍ حَتَّىٰ يُغَيِّرُوا
اللہ نہیں تھا بدلنے والا نعمت کو کہ انعام کی تھی وہ اوپر کسی قوم کے یہاں تک کہ بدل ڈالیں

مَا بِأَنفُسِهِمْ ۙ وَأَنَّ اللَّهَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ﴿٥٣﴾ كَدَأْبِ آلِ
وہ اس چیز کو کہ جو کچھ بیچ جی ان کے کے ہے اور یہ کہ اللہ سننے والا جاننے والا ہے ف۱ جیسے عادت لوگوں

فِرْعَوْنَ ۙ وَالَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ ۚ كَذَّبُوا بِآيَاتِ رَبِّهِمْ
فرعون کی اور ان لوگوں کی کہ پہلے ان سے تھے جھٹلایا انہوں نے نشانیوں پروردگار اپنے کو

فَأَهْلَكْنَاهُم بِذُنُوبِهِمْ وَأَغْرَقْنَا آلَ فِرْعَوْنَ ۚ وَكُلٌّ كَانُوا
پس ہلاک کیا ہم نے اُن کو ساتھ گناہوں اُن کے کے اور ڈبو دیا ہم نے قوم فرعون کی کو اور سب تھے

ظَالِمِينَ ﴿٥٤﴾ إِنَّ شَرَّ الدَّوَابِّ عِندَ اللَّهِ الَّذِينَ كَفَرُوا
ظالم تحقیق بدتر چلنے والوں کے بیچ زمین کے نزدیک اللہ کے وہ لوگ ہیں کہ کافر ہوئے

فَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ﴿٥٥﴾ الَّذِينَ عَاهَدتَّ مِنْهُمْ ثُمَّ يَنقُضُونَ
پس وہ نہیں ایمان لاتے وہ لوگ کہ عہد باندھا تو نے اُن سے پھر توڑ ڈالتے ہیں

عَهْدَهُمْ فِي كُلِّ مَرَّةٍ وَهُمْ لَا يَتَّقُونَ ﴿٥٦﴾ فَإِمَّا
عہد اپنا بیچ ہر بار کے اور وہ نہیں بچتے پس اگر

تَثْقَفَنَّهُمْ فِي الْحَرْبِ فَشَرِّدْ بِهِم مَّنْ خَلْفَهُمْ لَعَلَّهُمْ
پاوے تو ان کو بیچ لڑائی کے پس بھگا دے بسبب مارنے ان کے کے ان لوگوں کو کہ پیچھے ان کے ہیں تو کہ

ف۱ اپنے جیوں کی بات بدلیں یعنی اعتقاد اور نیت جب تک نہ بدلے تو اللہ تعالےٰ کی بخشی نعمت چھینی نہیں جاتی۔ ۱۲ منہ ح

يَذَّكَّرُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَاِمَّا تَخَافَنَّ مِنْ قَوْمٍ خِيَانَةً فَانْۢبِذْ اِلَيْهِمْ
وہ نصیحت پکڑیں اور اگر ڈرے تو کسی قوم کی خیانت سے پس پھینک دے عہد ان کا

عَلٰى سَوَآءٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْخَآئِنِيْنَ ﴿۵۸﴾ وَلَا يَحْسَبَنَّ
طرف ان کی اوپر برابر کے تحقیق اللہ نہیں دوست رکھتا خیانت کرنے والوں کو ف۱ اور نہ گمان کریں

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَبَقُوْا ؕ اِنَّهُمْ لَا يُعْجِزُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَاَعِدُّوْا لَهُمْ
وہ لوگ کہ کافر ہوئے ہیں کہ آگے نکل گئے تحقیق وہ نہیں عاجز کرنے والے اور تیاری کرو واسطے

مَّا اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّةٍ وَّمِنْ رِّبَاطِ الْخَيْلِ تُرْهِبُوْنَ
ان کے جو کچھ کر سکو تم قوت سے اور باندھنے گھوڑوں کے سے ڈراؤ گے تم

بِهٖ عَدُوَّ اللّٰهِ وَعَدُوَّكُمْ وَاٰخَرِيْنَ مِنْ دُوْنِهِمْ ۚ لَا
ادا کیا گیا پھر نجات دیں گے ہم ان کو جو پرہیزگاری کرتے ہیں اور چھوڑ دیں گے ہم ظالموں کو بیچ اس کے

جِثِيًّا ﴿٧٢﴾ وَإِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا بَيِّنَاتٍ قَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا
گرے ہوئے ف۲ اور جب پڑھی جاتی ہیں اُوپر ان کے نشانیاں ہماری ظاہر کہتے ہیں وہ لوگ کہ کافر ہوئے

لِلَّذِينَ آمَنُوا أَيُّ الْفَرِيقَيْنِ خَيْرٌ مَقَامًا وَأَحْسَنُ نَدِيًّا ﴿٧٣﴾
واسطے ان لوگوں کے کہ ایمان لائے ہیں کونسا دو فرقوں میں بہتر ہے جگہ میں اور بہتر ہے مجلس میں ف۳

وَكَمْ أَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِنْ قَرْنٍ هُمْ أَحْسَنُ أَثَاثًا وَرِئْيًا ﴿٧٤﴾ قُلْ
اور کتنے ہلاک کیے ہیں ہم نے پہلے اُن سے قرن وہ بہتر تھے اسباب میں اور نمود میں کہہ

مَنْ كَانَ فِي الضَّلَالَةِ فَلْيَمْدُدْ لَهُ الرَّحْمَٰنُ مَدًّا ۚ حَتَّىٰ إِذَا رَأَوْا
جو شخص کہ ہے بیچ گمراہی کے پس چاہیے کہ کھینچ لے جاوے اس کو رحمٰن خوب کھینچنا ف۴ یہانتک کہ جب دیکھیں جو

مَا يُوعَدُونَ إِمَّا الْعَذَابَ وَإِمَّا السَّاعَةَ فَسَيَعْلَمُونَ مَنْ
وعدہ دیئے جاتے ہیں یا عذاب کا اور یا قیامت کا پس البتہ جانیں گے

هُوَ شَرٌّ مَكَانًا وَأَضْعَفُ جُنْدًا ﴿٧٥﴾ وَيَزِيدُ اللَّهُ الَّذِينَ اهْتَدَوْا
کونسا بدتر ہے مکان میں اور بودا ہے لشکر میں ف۵ اور زیادہ دیتا ہے اللہ ان لوگوں کو کہ راہ پائی ہے

هُدًى ۗ وَالْبَاقِيَاتُ الصَّالِحَاتُ خَيْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا وَخَيْرٌ
راہ پانا اور باقی رہنے والیاں نیکیاں بہتر ہیں نزدیک پروردگار تیرے کے ثواب میں اور بہتر ہیں

مَرَدًّا ﴿٧٦﴾ أَفَرَأَيْتَ الَّذِي كَفَرَ بِآيَاتِنَا وَقَالَ لَأُوتَيَنَّ مَالًا
پھر آنے میں ف۶ آیا پس دیکھا تو نے اس شخص کو کہ کافر ہوا ساتھ نشانیوں ہماری کے اور کہا البتہ دیا جاؤں گا میں مال

وَوَلَدًا ﴿٧٧﴾ أَطَّلَعَ الْغَيْبَ أَمِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمَٰنِ عَهْدًا ﴿٧٨﴾ كَلَّا ۚ
اور اولاد ف۷ کیا جھانک آیا ہے غیب کو یا لیا ہے نزدیک اللہ کے سے عہد ہرگز نہیں یہ

ف۱ مارے دہشت کے کھڑے سے گر پڑیں گے اور چین سے بیٹھ نہ سکیں گے یعنی ہوا گھٹنوں پر گرنا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ بہشت کو راہ نہیں مگر دوزخ کے منہ میں تنور کی شکل دوزخ ہے منہ اس کا دنیا سے بڑا کنارے سے کنارے تک راہ پڑی ہے بال برابر تیز جیسے تلوار اور کانٹے ایمان والے اس پر سے سلامت گذر جاوینگے اور گنہگار گر پڑیں گے پھر موافق عمل کئی روز کے نکلیں گے اور شفاعت سے اور ارحم الراحمین کی مہر سے آخر جس نے کلمہ کہا ہے سچے دل سے سب نکلیں گے اور کافر رہ جاویں گے پھر اس کا منہ بند ہوگا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی دنیا کی رونق میں مقابلہ دیتے ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ یعنی بہکاوے میں جانے دے کیونکہ دنیا جانچنے کی جگہ ہے بھلا بُرا پاویں گے آخرت میں یہاں نیک و بد بھلائی برائی میں شامل ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۵ فوج یعنی مددگار کافر اپنا مددگار سمجھتے ہیں بتوں کو اور ایمان والے اللہ کو۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۶ یعنی دنیا کی رونق رب کے ہاں کام کی نہیں نیکیاں رہیں گی اور دنیا نہ رہے گی۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۷ ایک کافر مالدار ایک لوہار مسلمان کو کہنے لگا تو مسلمانی سے منکر ہو تو تیری مزدوری دوں اس نے کہا اگر تو مرے اور پھر جیوے تو بھی میں منکر نہ ہوں (باقی صـ۳۷۲ پر)

سَنَكْتُبُ مَا يَقُولُ وَنَمُدُّ لَهُ مِنَ الْعَذَابِ مَدًّا ﴿٧٩﴾ وَنَرِثُهُ مَا
البتہ لکھیں گے ہم جو کہتا ہے وہ اور لنبا کریں گے ہم اس کو عذاب سے لنبا کرنا اور وارث کرینگے ہم اسکو جو چیز
يَقُولُ وَيَأْتِينَا فَرْدًا ﴿٨٠﴾ وَاتَّخَذُوا مِنْ دُونِ اللَّهِ آلِهَةً لِيَكُونُوا
کہ کہتا ہے اور آویگا ہمارے پاس اکیلا اور پکڑتے ہیں وہ سوائے اللہ کے معبود تو کہ ہوویں
لَهُمْ عِزًّا ﴿٨١﴾ كَلَّا سَيَكْفُرُونَ بِعِبَادَتِهِمْ وَيَكُونُونَ عَلَيْهِمْ ضِدًّا ﴿٨٢﴾ ع ۵/۱۷/۸
واسطے انکے عزت ہرگز نہیں یہ البتہ کفر کرینگے ساتھ عبادت انکی کے اور ہوونگے وہ بت اوپر ان کے مخالف
أَلَمْ تَرَ أَنَّا أَرْسَلْنَا الشَّيَاطِينَ عَلَى الْكَافِرِينَ تَؤُزُّهُمْ أَزًّا ﴿٨٣﴾ فَلَا
کیا نہیں دیکھا تونے یہ کہ بھیجا ہم نے شیطانوں کو اوپر کافروں کے بہکاتے ہیں انکو بہکاکر پس مت
تَعْجَلْ عَلَيْهِمْ إِنَّمَا نَعُدُّ لَهُمْ عَدًّا ﴿٨٤﴾ يَوْمَ نَحْشُرُ الْمُتَّقِينَ إِلَى
جلدی کر اوپر اُن کے سوائے اس کے نہیں کہ گنتے جاتے ہیں ہم واسطے انکے گنتی جانا اُس دن کہ جمع کرینگے ہم پرہیزگاروں کو طرف
الرَّحْمَٰنِ وَفْدًا ﴿٨٥﴾ وَنَسُوقُ الْمُجْرِمِينَ إِلَىٰ جَهَنَّمَ وِرْدًا ﴿٨٦﴾ لَا
رحمٰن کی مہمان اور ہانکیں گے ہم گنہگاروں کو طرف دوزخ کی پیاسے نہیں
يَمْلِكُونَ الشَّفَاعَةَ إِلَّا مَنِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمَٰنِ عَهْدًا ﴿٨٧﴾
اختیار پاویں گے شفاعت کا مگر جس نے کر لیا ہوگا نزدیک اللہ کے عہد ف۲
وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمَٰنُ وَلَدًا ﴿٨٨﴾ لَقَدْ جِئْتُمْ شَيْئًا إِدًّا ﴿٨٩﴾ تَكَادُ
اور کہا انہوں نے پکڑی ہے اللہ نے اولاد البتہ تحقیق لائے تم ایک چیز بھاری ف۳ نزدیک ہیں
السَّمَاوَاتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ وَتَنْشَقُّ الْأَرْضُ وَتَخِرُّ الْجِبَالُ
آسمان کہ پھٹ جاویں اس سے اور پھٹ جاوے زمین اور گر پڑے پہاڑ
هَدًّا ﴿٩٠﴾ أَنْ دَعَوْا لِلرَّحْمَٰنِ وَلَدًا ﴿٩١﴾ وَمَا يَنْبَغِي لِلرَّحْمَٰنِ أَنْ
کانپ کر اس سے کہ دعویٰ کیا انہوں نے واسطے اللہ کے اولاد کا اور نہیں لائق واسطے رحمٰن کے یہ کہ
يَتَّخِذَ وَلَدًا ﴿٩٢﴾ إِنْ كُلُّ مَنْ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ إِلَّا آتِي
پکڑے اولاد نہیں کوئی شخص کہ بیچ آسمانوں اور زمین کے ہے مگر آتا ہے
الرَّحْمَٰنِ عَبْدًا ﴿٩٣﴾ لَقَدْ أَحْصَاهُمْ وَعَدَّهُمْ عَدًّا ﴿٩٤﴾ وَكُلُّهُمْ
رحمٰن کے پاس بندہ ہو کر البتہ تحقیق گھیر لیا ہے ان کو اور گن لیا ہے ان کو گن لینے کر اور سب وہ
آتِيهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَرْدًا ﴿٩٥﴾ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ
آنیوالے ہیں دن قیامت کے اکیلے ہو کر تحقیق جو لوگ کہ ایمان لائے اور کام کیے اچھے

وقف لازم
وقف لازم

ف۱ جو بتاتا ہے یعنی مال اور اولاد اس کافر کے دونو بیٹے مسلمان ہوئے ۱۲-منہ رح

ف۲ یعنی جس کو اللہ نے وعدہ دیا وہی سفارش کرے گا۔ ۱۲-منہ رح

ف۳ یعنی بھاری گناہ۔ ۱۲-منہ رح

(بقیہ صفحہ ۳۷۱ سے آگے) اس نے کہا۔ اگر پھر جیوں گا تو بھی مال اور اولاد وہاں بھی ہوگا۔ تجھ کو مزدوری وہاں دے دوں گا اسی پر یہ فرمایا یعنی وہاں دولت ملتی ہے ایمان سے کافر چاہے کہ یہاں کی دولت وہاں ملے سو نہیں۔ ۱۲-منہ رح

سَيَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا ﴿٩٦﴾ فَإِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ لِتُبَشِّرَ

البتہ کرے گا واسطے ان کے رحمٰن محبت ف۱ پس سوا اس کے نہیں کہ آسان کیا ہے ہم نے اس قرآن کو ساتھ زبان تیری

بِهِ الْمُتَّقِينَ وَتُنْذِرَ بِهٖ قَوْمًا لُّدًّا ﴿٩٧﴾ وَكَمْ أَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ

کے تو کہ بشارت دے ساتھ اسکے پرہیزگاروں کو اور ڈراوے ساتھ اسکے قوم جھگڑنے والوں کو اور بہت ہلاک کیے ہم نے پہلے اس سے

مِّنْ قَرْنٍ ۭ هَلْ تُحِسُّ مِنْهُمْ مِّنْ أَحَدٍ أَوْ تَسْمَعُ لَهُمْ رِكْزًا ﴿٩٨﴾ ع

قرن کیا دیکھتا ہے تو اُن میں سے کسی کو یا سنتا ہے واسطے ان کے کھٹکا

سُوْرَةُ طٰهٰ مَكِّيَّةٌ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰیاتہا ۱۳۵ رکوعاتہا ۸

سورۂ طٰہٰ مکہ میں نازل ہوئی اسمیں ایک سو پینتیس آیتیں اور آٹھ رکوع ہیں — شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے

طٰهٰ ﴿١﴾ مَآ أَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰٓى ﴿٢﴾ إِلَّا تَذْكِرَةً لِّمَنْ

نہیں اتارا ہم نے اوپر تیرے قرآن تو کہ رنج کھینچے مگر نصیحت واسطے اس شخص کے

يَّخْشٰى ﴿٣﴾ تَنْزِيْلًا مِّمَّنْ خَلَقَ الْأَرْضَ وَالسَّمٰوٰتِ الْعُلٰى ﴿٤﴾

کہ ڈرتا ہے اتارنے کر اس کی طرف سے کہ جس نے پیدا کیا زمین کو اور آسمانوں بلند کو

اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى ﴿٥﴾ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي

وہ رحمٰن ہے اوپر عرش کے قرار پکڑا اس نے واسطے اسکے ہے جو کچھ بیچ آسمانوں کے ہے اور جو کچھ بیچ

الْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَمَا تَحْتَ الثَّرٰى ﴿٦﴾ وَإِنْ تَجْهَرْ بِالْقَوْلِ

زمین کے ہے اور جو کچھ درمیان ان دونو کے ہے اور جو کچھ نیچے گیلی مٹی کے ہے اور اگر پکار کر کہے تو بات

فَإِنَّهٗ يَعْلَمُ السِّرَّ وَأَخْفٰى ﴿٧﴾ اَللّٰهُ لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ ۭ لَهُ الْأَسْمَآءُ

پس تحقیق وہ جانتا ہے چھپے بھید کو اور بہت چھپے کو ف۲ اللہ ہے کہ نہیں کوئی معبود مگر وہ واسطے اسی کے ہیں نام

الْحُسْنٰى ﴿٨﴾ وَهَلْ أَتٰىكَ حَدِيْثُ مُوْسٰى ﴿٩﴾ إِذْ رَاٰ نَارًا

اچھے ف۳ اور کیا آئی ہے تیرے پاس بات موسیٰ کی جسوقت دیکھی اس نے آگ

فَقَالَ لِأَهْلِهِ امْكُثُوْٓا إِنِّيْٓ اٰنَسْتُ نَارًا لَّعَلِّيْٓ اٰتِيْكُمْ مِّنْهَا

پس کہا واسطے اہل اپنے کے رہ جاؤ تحقیق میں نے دیکھی ہے آگ شاید کہ لے آؤں میں تمہارے پاس

بِقَبَسٍ أَوْ أَجِدُ عَلَى النَّارِ هُدًى ﴿١٠﴾ فَلَمَّآ أَتٰىهَا نُوْدِيَ يٰمُوْسٰى ﴿١١﴾

اس میں سے انگارا یا پاؤں اوپر آگ کے راہ بتانے والا ف۴ پس جب آیا اس کے پاس پکارا گیا اے موسیٰ

إِنِّيْٓ أَنَا رَبُّكَ فَاخْلَعْ نَعْلَيْكَ ۚ إِنَّكَ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى ﴿١٢﴾

تحقیق میں ہوں پروردگار تیرا پس اتار ڈال دونو جوتیاں اپنی تحقیق تو بیچ میدان پاک کے ہے کہ نام اس کا طویٰ ہے ف۵

ف۱ یعنی ان سے محبت کریگا یا ان کے دل میں اپنی محبت پیدا کرے گا، یا خلق کے دل میں ان کی محبت۔ ۱۲۔منہ رح

ع ٦ ٢ ٩

ف۲ چھپا جو آہستہ بولے اور اس سے چھپا جو دل میں ہو۔ ۱۲۔منہ رح

ف۳ کافر جب رحمٰن سنتے تو کہتے تم ایک کو ٹھہراؤ کبھی کسی کو پکارتے ہو کبھی کسی کو۔ ۱۲۔منہ رح

ف۴ یہ قصہ سورۂ قصص اور طٰہٰ اور اعراف میں سے پورا معلوم ہوگا جب حضرت موسےٰ مدین سے مصر کو آنے لگے عورت اور بکریاں ساتھ لے کر جنگل میں رات کی سردی میں راہ بھولے اور عورت کو جننے کا درد ہوا۔ دور سے آگ نظر آئی وہ آگ نہ تھی اللہ کا نور تھا ان سے کلام کیا اور نبی کر کر فرعون کی طرف بھیجا پیچھے عورت اپنے باپ کے گھر پہنچ رہی۔ ۱۲۔منہ رح

ف۵ وہ میدان آگے سے شاید بزرگ تھا یا اب ہوگیا ان کی پاپوشیں ناپاک تھیں یہود یہ نہیں سمجھے پاک موزہ پاپوش بھی نماز میں اتارتے ہیں۔ ہمارے پیغمبر نے فرمایا۔ تم نماز پڑھو موزے سے پاپوش سے اگر پاک ہوں۔ ۱۲۔منہ رح

وَاَنَا اخْتَرْتُكَ فَاسْتَمِعْ لِمَا يُوْحٰى ﴿۱۳﴾ اِنَّنِيْٓ اَنَا اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ
اور میں نے پسند کیا تجھ کو پس سُن جو کچھ کہ وحی کی جاتی ہے تحقیق میں ہی ہوں اللہ نہیں کوئی معبود مگر

اَنَا فَاعْبُدْنِيْ ۙ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِيْ ﴿۱۴﴾ اِنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ
میں پس عبادت کر میری اور قائم رکھ نماز کو واسطے یاد میری کے تحقیق قیامت آنے والی ہے

اَكَادُ اُخْفِيْهَا لِتُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍۢ بِمَا تَسْعٰى ﴿۱۵﴾ فَلَا يَصُدَّنَّكَ
نزدیک ہے کہ چھپا ڈالوں میں اسکو تو کہ بدلا دیا جاوے ہر جی ساتھ اس چیز کے کہ کرتا ہے وا پس نہ بند کرے تجھ کو فکر اس

عَنْهَا مَنْ لَّا يُؤْمِنُ بِهَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ فَتَرْدٰى ﴿۱۶﴾ وَمَا تِلْكَ
کے سے وہ شخص کہ نہیں ایمان لاتا ساتھ اسکے اور پیروی کرتا ہے خواہش اپنی کی پس ہلاک ہو جاوے وٓ اور کیا ہے بیچ داہنے

بِيَمِيْنِكَ يٰمُوْسٰى ﴿۱۷﴾ قَالَ هِيَ عَصَايَ ۚ اَتَوَكَّؤُا عَلَيْهَا وَاَهُشُّ
ہاتھ تیرے کے اے موسٰے کہا کہ یہ ہے عصا میرا تکیہ کرتا ہوں میں اوپر اسکے اور پتے جھاڑتا ہوں

بِهَا عَلٰى غَنَمِيْ وَلِيَ فِيْهَا مَاٰرِبُ اُخْرٰى ﴿۱۸﴾ قَالَ اَلْقِهَا يٰمُوْسٰى ﴿۱۹﴾
میں ساتھ اسکے اوپر بکریوں اپنی کے اور میرے تئیں بیچ اس کے فائدے ہیں اور کہا ڈال دے اس کو اے موسٰے

فَاَلْقٰىهَا فَاِذَا هِيَ حَيَّةٌ تَسْعٰى ﴿۲۰﴾ قَالَ خُذْهَا وَلَا تَخَفْ ۫ وقفة
پس ڈال دیا اس کو پس ناگہاں وہ سانپ تھا دوڑتا کہا پکڑ لے اس کو اور مت ڈر

سَنُعِيْدُهَا سِيْرَتَهَا الْاُوْلٰى ﴿۲۱﴾ وَاضْمُمْ يَدَكَ اِلٰى جَنَاحِكَ
ابھی پھیر دیں گے ہم اس کو طرح پہلی میں وٓ اور ملا لے ہاتھ اپنا طرف بازو اپنے کے

تَخْرُجْ بَيْضَآءَ مِنْ غَيْرِ سُوْٓءٍ اٰيَةً اُخْرٰى ﴿۲۲﴾ لِنُرِيَكَ مِنْ اٰيٰتِنَا
نکل آوے گا سفید بغیر برائی کے وٓ نشانی اور توکہ دکھلاویں ہم تجھ کو نشانیاں اپنی

الْكُبْرٰى ﴿۲۳﴾ اِذْهَبْ اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰى ﴿۲۴﴾ ع قَالَ رَبِّ اشْرَحْ
بڑی سے جا طرف فرعون کی تحقیق اس نے سرکشی کی ہے کہا اے رب میرے کھول دے

لِيْ صَدْرِيْ ﴿۲۵﴾ وَيَسِّرْ لِيْٓ اَمْرِيْ ﴿۲۶﴾ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ ﴿۲۷﴾
واسطے میرے سینہ میرا اور آسان کر واسطے میرے کام میرا اور کھول دے گرہ زبان میری سے

يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ ﴿۲۸﴾ وَاجْعَلْ لِّيْ وَزِيْرًا مِّنْ اَهْلِيْ ﴿۲۹﴾ هٰرُوْنَ
تو کہ سمجھیں بات میری وٓ اور کر واسطے میرے وزیر اہل میرے سے ہارون

اَخِي ﴿۳۰﴾ اشْدُدْ بِهٖٓ اَزْرِيْ ﴿۳۱﴾ وَاَشْرِكْهُ فِيْٓ اَمْرِيْ ﴿۳۲﴾
بھائی میرا مضبوط کر ساتھ اس کے قوت میری اور شریک کر اس کو بیچ کام میرے کے وٓ

وٓ موسٰے علیہ السلام کو بھی پہلے وحی میں نماز کا حکم ہے اور ہمارے پیغمبر کو بھی رَبَّكَ فَكَبِّرْ اور قیامت کو چھپاتا ہوں یعنی وقت قیامت سی کو نہیں بتاتا۔ ۱۲۔ منہ رح

وٓ نہ روک دے اس سے یعنی قیامت کے یقین لانے سے یا نماز سے جب اللہ نے موسٰے علیہ السلام کو بُرے کی صحبت سے منع کیا تو اور کوئی کیا ہے ۱۲۔ منہ رح

وٓ یعنی پھر لاٹھی ہو جائے گی۔ ۱۲۔ منہ رح

وٓ بُری طرح یعنی آزار سے سفید نہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

وٓ سینہ کشادہ کر یعنی جلد خفا نہ ہوں اور زبان لڑکا پن میں جل گئی تھی صاف نہ بول سکتے تھے۔ ۱۲۔ منہ رح

وٓ ایسے بڑے پیغمبروں کو خلق کی طرف بہت خیال نہیں ہوتا۔ ایک پیشکار چاہیئے کہ خلق کو سمجھاوے ہمارے پیغمبر کے آگے ابوبکر رض تھے۔ اوّل پیغمبری کے وقت بہت لوگ ان کے سمجھانے سے ایمان میں آئے۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۱۲ ۱۰

كَيْ نُسَبِّحَكَ كَثِيرًا ۝٣٣ وَنَذْكُرَكَ كَثِيرًا ۝٣٤ إِنَّكَ كُنتَ بِنَا
تو کہ پاکی بیان کریں ہم تیری بہت اور یاد کریں ہم تجھ کو بہت تحقیق تو ہے ہم کو

بَصِيرًا ۝٣٥ قَالَ قَدْ أُوتِيتَ سُؤْلَكَ يَا مُوسَىٰ ۝٣٦ وَلَقَدْ مَنَنَّا
دیکھنے والا کہا کہ تحقیق دیا گیا تو سوال اپنا اے موسیٰ اور البتہ تحقیق احسان

عَلَيْكَ مَرَّةً أُخْرَىٰ ۝٣٧ إِذْ أَوْحَيْنَا إِلَىٰ أُمِّكَ مَا يُوحَىٰ ۝٣٨ أَنِ
کیا تھا ہم نے اوپر تیرے ایک بار اور جس وقت کہ وحی ڈالی ہم نے طرف ماں تیری کے وہ چیز کہ وحی کی جاتی ہے اب ف۱ یہ کہ

اقْذِفِيهِ فِي التَّابُوتِ فَاقْذِفِيهِ فِي الْيَمِّ فَلْيُلْقِهِ الْيَمُّ
ڈال دے اس کو بیچ صندوق کے پس ڈال دے اس کو بیچ دریا کے پس چاہیئے کہ ڈال دے اس کو دریا

بِالسَّاحِلِ يَأْخُذْهُ عَدُوٌّ لِّي وَعَدُوٌّ لَّهُ ۚ وَأَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً
کنارے پر لیوے اس کو دشمن میرا اور دشمن اس کا اور ڈال دی میں نے اوپر تیرے محبت

مِّنِّي وَلِتُصْنَعَ عَلَىٰ عَيْنِي ۝٣٩ إِذْ تَمْشِي أُخْتُكَ فَتَقُولُ هَلْ
اپنی طرف سے اور تو کہ پرورش کیا جاوے تو اوپر آنکھوں میری کے ف۲ جس وقت کہ چلتی تھی بہن تیری پس کہتی تھی کیا

أَدُلُّكُمْ عَلَىٰ مَن يَكْفُلُهُ ۖ فَرَجَعْنَاكَ إِلَىٰ أُمِّكَ كَيْ تَقَرَّ عَيْنُهَا
دلالت کروں میں تم کو اوپر اس شخص کے کہ پالے اسکو پس پھیر لائے ہم تجھ کو طرف ماں تیری کے تو کہ ٹھنڈی ہوں آنکھیں اسکی

وَلَا تَحْزَنَ ۚ وَقَتَلْتَ نَفْسًا فَنَجَّيْنَاكَ مِنَ الْغَمِّ وَفَتَنَّاكَ
اور نہ غم کھاوے اور مارا تھا تو نے ایک جان کو پس نجات دی ہم نے تجھ کو غم سے اور آزمایا ہم نے تجھ کو

فُتُونًا ۚ فَلَبِثْتَ سِنِينَ فِي أَهْلِ مَدْيَنَ ثُمَّ جِئْتَ عَلَىٰ
آزمانا ف۳ پس رہا تو کئی برس بیچ لوگوں مدین کے پھر آیا تو اوپر

قَدَرٍ يَا مُوسَىٰ ۝٤٠ وَاصْطَنَعْتُكَ لِنَفْسِي ۝٤١ اذْهَبْ أَنتَ وَ
اندازے کے اے موسیٰ اور پسند کر لیا میں نے تجھ کو واسطے ذات اپنی کے جا تو اور

أَخُوكَ بِآيَاتِي وَلَا تَنِيَا فِي ذِكْرِي ۝٤٢ اذْهَبَا إِلَىٰ فِرْعَوْنَ
بھائی تیرا ساتھ نشانیوں میری کے اور مت سستی کرو بیچ ذات میری کے جاؤ تم دونو طرف فرعون کے

إِنَّهُ طَغَىٰ ۝٤٣ فَقُولَا لَهُ قَوْلًا لَّيِّنًا لَّعَلَّهُ يَتَذَكَّرُ أَوْ يَخْشَىٰ ۝٤٤ قَالَا
تحقیق اُسنے سرکشی کی پس کہو اس کو بات نرم شاید کہ وہ نصیحت پکڑے یا ڈرے کہا دونوں نے

رَبَّنَا إِنَّنَا نَخَافُ أَن يَفْرُطَ عَلَيْنَا أَوْ أَن يَطْغَىٰ ۝٤٥ قَالَ لَا
اے رب ہمارے تحقیق ہم ڈرتے ہیں یہ کہ جلدی کرے اوپر ہمارے یا یہ کہ سرکشی کرے کہا مت

ف۱ ان کی ماں کو یہ بات خواب میں کہی اس سے پیغمبر نہ ہو گئیں۔ ۱۲۔ منہ
ف۲ فرعون اس برس بنی اسرائیل کے بیٹے مارتا تھا جب موسیٰ پیدا ہوئے ماں ڈری کہ فرعون کے پیادے خبر پاویں تو مار ہی ڈالیں اور ماں باپ کو ستاویں کہ ظاہر کیوں نہ کیا تب خواب میں یہ دیکھا صندوق نہر میں ڈال دیا وہ فرعون کے باغ میں پہنچا اس کی بی بی نے اٹھایا ان کا نام آسیہ وہ تھیں بنی اسرائیل میں کی پھر فرعون کو بھی دیکھ کر محبت آئی اپنا بیٹا کر کر پالا۔ ۱۲۔ منہ
ف۳ یہ سارا قصہ سورۂ قصص میں ہے۔ ۱۲۔ منہ

تَخَافَآ اِنَّنِىْ مَعَكُمَآ اَسْمَعُ وَاَرٰى ﴿۴۶﴾ فَاْتِيٰهُ فَقُوْلَآ اِنَّا رَسُوْلَا
ڈرو تحقیق میں ہوں ساتھ تمہارے سنتا ہوں اور دیکھتا ہوں پس جاؤ اس کے پاس پس کہو تحقیق ہم دونو بھیجے ہوئے ہیں

رَبِّكَ فَاَرْسِلْ مَعَنَا بَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۙ وَلَا تُعَذِّبْهُمْ ۭ قَدْ جِئْنٰكَ
رب تیرے کے پس بھیج ساتھ ہمارے بنی اسرائیل کو اور مت عذاب کر ان کو تحقیق ہم لائے ہیں تیرے

بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّكَ ۭ وَالسَّلٰمُ عَلٰي مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى ﴿۴۷﴾ اِنَّا قَدْ
پاس نشانی رب تیرے سے اور سلامتی اوپر اس شخص کے ہے کہ پیروی کرے ہدایت کی تحقیق

اُوْحِيَ اِلَيْنَآ اَنَّ الْعَذَابَ عَلٰي مَنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ﴿۴۸﴾ قَالَ فَمَنْ
وحی کی گئی طرف ہماری یہ کہ عذاب اوپر اس شخص کے ہے کہ جھٹلاوے اور منہ پھیرے کہا فرعون نے پس کون ہے

رَّبُّكُمَا يٰمُوْسٰى ﴿۴۹﴾ قَالَ رَبُّنَا الَّذِيْٓ اَعْطٰي كُلَّ شَيْءٍ خَلْقَهٗ ثُمَّ
پروردگار تمہارا اے موسٰے کہا موسٰے نے رب ہمارا وہ ہے جس نے دی ہر چیز کو پیدائش اس کی پھر

هَدٰى ﴿۵۰﴾ قَالَ فَمَا بَالُ الْقُرُوْنِ الْاُوْلٰى ﴿۵۱﴾ قَالَ عِلْمُهَا عِنْدَ
راہ دکھائی ف۱ کہا فرعون نے پس کیا ہے حال قرنوں پہلوں کا کہا کہ علم ان کا نزدیک

رَبِّيْ فِيْ كِتٰبٍ ۚ لَا يَضِلُّ رَبِّيْ وَلَا يَنْسَى ﴿۵۲﴾ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ
پروردگار میرے کے ہے بیچ کتاب کے نہیں بھٹک جاتا رب میرا اور نہ بھول جاتا ہے ف۲ جس نے کیا واسطے تمہارے

الْاَرْضَ مَهْدًا وَّسَلَكَ لَكُمْ فِيْهَا سُبُلًا وَّاَنْزَلَ مِنَ السَّمَاۗءِ
زمین کو بچھونا اور بنائیں واسطے تمہارے بیچ اس کے راہیں اور اتارا آسمان سے

مَاۗءً ۭ فَاَخْرَجْنَا بِهٖٓ اَزْوَاجًا مِّنْ نَّبَاتٍ شَتّٰى ﴿۵۳﴾ كُلُوْا وَارْعَوْا
پانی پس نکالے ہم نے ساتھ اس کے اقسام روئیدگی کے مختلف کھاؤ اور چگاؤ

اَنْعَامَكُمْ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِي النُّهٰى ﴿۵۴﴾ ع مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ ع ۲ ۳ ۱۱
جانوروں اپنوں کو تحقیق بیچ اس کے البتہ نشانیاں ہیں واسطے صاحبوں عقل کے ف۳ اس سے پیدا کیا ہم نے تم کو

وَفِيْهَا نُعِيْدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى ﴿۵۵﴾ وَلَقَدْ اَرَيْنٰهُ
اور بیچ اسکے دوبارہ لے جاوینگے ہم تم کو اور اس میں نکالیں گے ہم تم کو ایک بار اور اور البتہ تحقیق دکھائیں ہم نے

اٰيٰتِنَا كُلَّهَا فَكَذَّبَ وَاَبٰى ﴿۵۶﴾ قَالَ اَجِئْتَنَا لِتُخْرِجَنَا مِنْ اَرْضِنَا
اس کو نشانیاں اپنی سب پس جھٹلایا اور نہ مانا کہا کیا آیا ہے تو ہمارے پاس تو کہ نکال دیوے ہم کو زمین ہماری سے

بِسِحْرِكَ يٰمُوْسٰى ﴿۵۷﴾ فَلَنَاْتِيَنَّكَ بِسِحْرٍ مِّثْلِهٖ فَاجْعَلْ بَيْنَنَا
ساتھ جادو اپنے کے اے موسٰے پس البتہ لاویں گے ہم تیرے پاس جادو مانند اس کی پس مقرر کر درمیان ہمارے

ف۱ یعنی کھانے پینے کا ہوش دیا۔ بچے کو دودھ پینا وہ نہ سکھاوے تو کوئی نہ سکھا سکے۔

ف۲ فرعون شاید دہری مزاج تھا آدمیوں کی پیدائش سمجھتا تھا جیسے برسات کا سبزہ نہ اول کسی نے پیدا کیا آپ ہی پیدا ہو گیا۔ نہ آخر باقی رہا گل کر مٹی ہو گیا جب سنا کہ سب کے سر پر ایک رب ہے تب یہ پوچھا کہ اگلی خلق کہاں گئی بتایا کہ ان کا حساب لکھا ہوا موجود ہے۔ ایک ایک آدمی پھر حاضر ہوگا۔ ۱۲۔ منہ

ف۳ یہ اللہ کلام فرماتا ہے دہریوں کی آنکھ کھولنے کو اس کی تدبیریں اور قدرتیں دیکھو اگر عقل ہے سمجھ لوگے۔ ۱۲۔ منہ

وَبَيْنَكَ مَوْعِدًا لَّا نُخْلِفُهٗ نَحْنُ وَلَآ اَنْتَ مَكَانًا سُوًى ۝٥٨
اور درمیان اپنے ایک وعدہ گاہ کہ نہ خلاف کریں اس کا ہم اور نہ تو مکان ہموار
قَالَ مَوْعِدُكُمْ يَوْمُ الزِّيْنَةِ وَاَنْ يُّحْشَرَ النَّاسُ ضُحًى ۝٥٩
کہا وعدہ گاہ تمہارا دن زینت کا ہے اور یہ کہ اکٹھے کیے جاویں گے لوگ دن چڑھے ف۱
فَتَوَلّٰى فِرْعَوْنُ فَجَمَعَ كَيْدَهٗ ثُمَّ اَتٰى ۝٦٠ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰى وَيْلَكُمْ
پس پھر گیا فرعون پس جمع کیا مکر اپنا پھر آیا کہا واسطے ان کے موسےٰ نے اے وائے تم کو
لَا تَفْتَرُوْا عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا فَيُسْحِتَكُمْ بِعَذَابٍ ۚ وَقَدْ خَابَ مَنِ
مت باندھو اوپر خدا کے جھوٹ پس فنا کر دیگا تم کو ساتھ عذاب کے اور تحقیق نامراد ہوا جس نے
افْتَرٰى ۝٦١ فَتَنَازَعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ وَاَسَرُّوا النَّجْوٰى ۝٦٢ قَالُوْٓا
جھوٹ باندھا ف۲ پس جھگڑنے لگے کام اپنے میں درمیان اپنے اور چھپایا مصلحت کو کہا انہوں نے
اِنْ هٰذٰنِ لَسٰحِرٰنِ يُرِيْدٰنِ اَنْ يُّخْرِجٰكُمْ مِّنْ اَرْضِكُمْ
تحقیق یہ جادوگر ہیں چاہتے ہیں کہ نکال دیں تم کو زمین تمہاری سے
بِسِحْرِهِمَا وَيَذْهَبَا بِطَرِيْقَتِكُمُ الْمُثْلٰى ۝٦٣ فَاَجْمِعُوْا كَيْدَكُمْ
ساتھ جادو اپنے کے اور لے جاویں راہ تمہاری بہتر کو پس جمع کرو مکر اپنا یعنی تدبیر
ثُمَّ ائْتُوْا صَفًّا ۚ وَقَدْ اَفْلَحَ الْيَوْمَ مَنِ اسْتَعْلٰى ۝٦٤ قَالُوْا
پھر آؤ صف باندھ کر اور تحقیق فلاح پائی آج کے دن اس شخص نے کہ غالب آیا کہا انہوں نے
يٰمُوْسٰٓى اِمَّآ اَنْ تُلْقِيَ وَاِمَّآ اَنْ نَّكُوْنَ اَوَّلَ مَنْ اَلْقٰى ۝٦٥
اے موسےٰ یا یہ کہ تو ڈال دے اور یا ہوں ہم پہلے ڈالنے والے
قَالَ بَلْ اَلْقُوْا ۚ فَاِذَا حِبَالُهُمْ وَعِصِيُّهُمْ يُخَيَّلُ اِلَيْهِ مِنْ
کہا بلکہ ڈالو تمہیں پس ناگہاں رسیاں ان کی اور لاٹھیاں ان کی خیال بندھا تھا طرف اس کی
سِحْرِهِمْ اَنَّهَا تَسْعٰى ۝٦٦ فَاَوْجَسَ فِيْ نَفْسِهٖ خِيْفَةً مُّوْسٰى ۝٦٧ قُلْنَا
جادو ان کے سے یہ کہ وہ ڈرتے ہیں پس چھپایا بیچ جی اپنے کے ڈر موسےٰ نے کہا ہم نے
لَا تَخَفْ اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعْلٰى ۝٦٨ وَاَلْقِ مَا فِيْ يَمِيْنِكَ تَلْقَفْ
مت ڈر تحقیق تو ہے غالب اور ڈال جو بیچ داہنے ہاتھ تیرے کے ہے نگل جاویگا
مَا صَنَعُوْا ۚ اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ ۚ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ حَيْثُ
اس چیز کو جو بنایا ہے انہوں نے تحقیق جو کچھ بنایا ہے انہوں نے مکر جادوگر کا ہے اور نہیں فلاح پاتا جادوگر جہاں آتا

ف۱ دنگل میں مقابلہ کرنے سے دونوں کو غرض تھی وہ چاہے کہ ان کو سرادے سب کے روبرو یہ چاہیں کہ وہ ہارے جشن کا دن سارے مصر کے شہر میں مقرر تھا۔ فرعون کی سالگرہ کا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ جب فرعون نے ساحر جمع کئے اور سب امیروں کو اسی بات پر اٹھایا تب حضرت موسےٰ نے ہر شخص کو نصیحت کر دی جدا جدا۔ ۱۲۔ منہ رح

أَتَىٰ ﴿٦٩﴾ فَأُلْقِيَ السَّحَرَةُ سُجَّدًا قَالُوٓا آمَنَّا بِرَبِّ هَارُونَ وَمُوسَىٰ ﴿٧٠﴾
ہے پس ڈالے گئے جادوگر سجدہ کرتے ہوئے کہنے لگے ایمان لائے ہم ساتھ رب ہارون اور موسےٰ کے

قَالَ آمَنتُمْ لَهُ قَبْلَ أَنْ آذَنَ لَكُمْ ۖ إِنَّهُ لَكَبِيرُكُمُ الَّذِي عَلَّمَكُمُ
کہا ایمان لائے تم واسطے اس کے پہلے اس سے کہ حکم کروں میں تم کو تحقیق وہ البتہ بڑا تمہارا ہے جس نے سکھایا ہے تم کو

السِّحْرَ ۖ فَلَأُقَطِّعَنَّ أَيْدِيَكُمْ وَأَرْجُلَكُم مِّنْ خِلَافٍ وَ
جادو پس البتہ کاٹوں گا میں ہاتھوں تمہارے کو اور پاؤں تمہارے کو خلاف سے اور

لَأُصَلِّبَنَّكُمْ فِي جُذُوعِ النَّخْلِ وَلَتَعْلَمُنَّ أَيُّنَا أَشَدُّ عَذَابًا
البتہ سولی دونگا میں تم کو بیچ شاخوں کھجور کے اور البتہ جانو گے تم کونسا ہم میں اشد ہے عذاب میں

وَأَبْقَىٰ ﴿٧١﴾ قَالُوا لَن نُّؤْثِرَكَ عَلَىٰ مَا جَاءَنَا مِنَ الْبَيِّنَاتِ
اور بہت باقی رہنے والا ہے ف۱ کہا انہوں نے ہرگز نہ اختیار کرینگے ہم تجھ کو اوپر اس چیز کے کہ آئی ہے ہمارے پاس دلیلوں سے

وَالَّذِي فَطَرَنَا ۖ فَاقْضِ مَا أَنتَ قَاضٍ ۖ إِنَّمَا تَقْضِي هَٰذِهِ
اور اس شخص کے کہ پیدا کیا اس نے ہم کو پس حکم کر جو کچھ تو حکم کرنے والا ہے سوائے اس کے نہیں کہ حکم کریگا تو بیچ

الْحَيَاةَ الدُّنْيَا ﴿٧٢﴾ إِنَّا آمَنَّا بِرَبِّنَا لِيَغْفِرَ لَنَا خَطَايَانَا وَمَا أَكْرَهْتَنَا
اس زندگانی دنیا کے تحقیق ہم ایمان لائے ساتھ پروردگار اپنے کے تو کہ بخشے واسطے ہمارے گناہ ہمارے اور وہ چیز کہ زبردستی

عَلَيْهِ مِنَ السِّحْرِ ۗ وَاللَّهُ خَيْرٌ وَأَبْقَىٰ ﴿٧٣﴾ إِنَّهُ مَن يَأْتِ رَبَّهُ مُجْرِمًا
کی ہے تو نے ہم کو اوپر اسکے جادو سے اور اللہ بہت بہتر ہے اور بہت باقی رہنے والا ہے ف۲ تحقیق بات یہ ہے کہ جو کوئی آوے رب اپنے کے پاس گنہگار

فَإِنَّ لَهُ جَهَنَّمَ لَا يَمُوتُ فِيهَا وَلَا يَحْيَىٰ ﴿٧٤﴾ وَمَن يَأْتِهِ مُؤْمِنًا
ہو کر پس تحقیق واسطے اسکے دوزخ ہے نہ مرے گا بیچ اس کے اور نہ جیے گا اور جو کوئی آوے اس کے پاس ایمان والا ہو کر

قَدْ عَمِلَ الصَّالِحَاتِ فَأُولَٰئِكَ لَهُمُ الدَّرَجَاتُ الْعُلَىٰ ﴿٧٥﴾ جَنَّاتُ
تحقیق عمل کیے ہوں اچھے یہ لوگ واسطے ان کے درجے ہیں بلند بہشتیں

عَدْنٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا ۚ وَذَٰلِكَ جَزَاءُ
ہمیشہ رہنے کی چلتی ہیں نیچے اُن کے سے نہریں ہمیشہ رہنے والے بیچ اُس کے اور یہی ہے بدلا اس شخص

مَن تَزَكَّىٰ ﴿٧٦﴾ وَلَقَدْ أَوْحَيْنَا إِلَىٰ مُوسَىٰ أَنْ أَسْرِ بِعِبَادِي ع ٣ / ٢٢ / ١٢
کا جو پاک ہوا اور البتہ تحقیق وحی کی ہم نے طرف موسےٰ کی یہ کہ رات کو لے چل بندوں میرے کو

فَاضْرِبْ لَهُمْ طَرِيقًا فِي الْبَحْرِ يَبَسًا لَّا تَخَافُ دَرَكًا
پس مار واسطے ان کے راہ بیچ دریا کے خشک نہ ڈرے گا تو پالینے سے

ف۱ تمہارا بڑا جس نے جادو سکھایا یہ شاید رب کو کہنے لگا۔ ۱۲۔ منہ رحمہ

ف۲ زور آوری کروایا کہتے ہیں جادوگر حضرت موسیٰ کے نشان دیکھ کر سمجھ گئے تھے کہ یہ جادو نہیں مقابلہ نہ کر بیٹھے پھر فرعون کی خاطر سے کیا۔ شاید فرعون جو ڈراتا تھا سو ان پر نہ کر سکا، دل میں ڈر گیا موسےٰ کی نشانی سے۔ ۱۲۔ منہ رحمہ

وَلَا تَخْشٰى ﴿۷۷﴾ فَاَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ بِجُنُوْدِهٖ فَغَشِيَهُمْ مِّنَ
اور نہ خطرہ کرے گا پس پیچھے لگا ان کے فرعون ساتھ لشکروں اپنے کے پس ڈھانک لیا ان کو

الْيَمِّ مَا غَشِيَهُمْ ﴿۷۸﴾ وَاَضَلَّ فِرْعَوْنُ قَوْمَهٗ وَمَا هَدٰى ﴿۷۹﴾
دریا میں سے اس چیز نے کہ ڈھانک لیا انکو اور گمراہ کیا فرعون نے قوم اپنی کو اور نہ راہ دکھائی

يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ قَدْ اَنْجَيْنٰكُمْ مِّنْ عَدُوِّكُمْ وَوٰعَدْنٰكُمْ
اے بنی اسرائیل تحقیق نجات دی ہم نے تم کو دشمن تمہارے سے اور وعدہ کیا ہم نے تم کو

جَانِبَ الطُّوْرِ الْاَيْمَنَ وَنَزَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى ﴿۸۰﴾
کنارے طور برکت والے کے اور اتارا ہم نے اوپر تمہارے من اور سلوےٰ

كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ وَلَا تَطْغَوْا فِيْهِ فَيَحِلَّ
کھاؤ پاکیزہ اس چیز سے کہ دی ہے ہم نے تم کو اور مت سرکشی کرو بیچ اس کے پس اترے گا

عَلَيْكُمْ غَضَبِيْ ۚ وَمَنْ يَّحْلِلْ عَلَيْهِ غَضَبِيْ فَقَدْ هَوٰى ﴿۸۱﴾
اوپر تمہارے غصہ میرا اور جو کوئی کہ اترے اوپر اس کے غصہ میرا پس تحقیق گرا وہ ف

وَاِنِّيْ لَغَفَّارٌ لِّمَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ثُمَّ
اور تحقیق میں بخشنے والا ہوں واسطے اس شخص کے کہ پھر آیا اور ایمان لایا اور عمل کیے اچھے پھر

اهْتَدٰى ﴿۸۲﴾ وَمَآ اَعْجَلَكَ عَنْ قَوْمِكَ يٰمُوْسٰى ﴿۸۳﴾ قَالَ هُمْ اُولَآءِ
راہ پائی اور کیا چیز جلد لے آئی تجھ کو قوم تیری سے اے موسےٰ کہا کہ وہ یہ ہیں

عَلٰٓى اَثَرِيْ وَعَجِلْتُ اِلَيْكَ رَبِّ لِتَرْضٰى ﴿۸۴﴾ قَالَ فَاِنَّا قَدْ
اوپر نقش قدم میرے کے اور جلد آیا میں طرف تیری اے رب میرے تو کہ راضی ہو تو کہا پس تحقیق ہم نے

فَتَنَّا قَوْمَكَ مِنْ بَعْدِكَ وَاَضَلَّهُمُ السَّامِرِيُّ ﴿۸۵﴾ فَرَجَعَ مُوْسٰٓى
آزمائش کی ہے قوم تیری کو پیچھے تیرے اور گمراہ کیا ان کو سامری نے پس پھر آیا موسےٰ

اِلٰى قَوْمِهٖ غَضْبَانَ اَسِفًا ۚ قَالَ يٰقَوْمِ اَلَمْ يَعِدْكُمْ رَبُّكُمْ وَعْدًا
طرف قوم اپنی کے غصے ہیں غمگین کہا اے قوم میری کیا نہ وعدہ دیا تھا تم کو پروردگار تمہارے نے وعدہ

حَسَنًا ۬ اَفَطَالَ عَلَيْكُمُ الْعَهْدُ اَمْ اَرَدْتُّمْ اَنْ يَّحِلَّ عَلَيْكُمْ
اچھا ف کیا پس لمبا ہوا اوپر تمہارے وقت یا ارادہ کیا تم نے یہ کہ اتر آوے اوپر تمہارے

غَضَبٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاَخْلَفْتُمْ مَّوْعِدِيْ ﴿۸۶﴾ قَالُوْا مَآ اَخْلَفْنَا
غصہ پروردگار تمہارے کا پس خلاف کیا تم نے وعدے میرے کو کہا انہوں نے نہیں خلاف کیا ہم نے

ف زیادتی نہ کرو یعنی کچھ نہ چھوڑ رکھو۔ ۱۲۔ منہ ح

ف وعدہ توریت دینے کا حضرت موسےٰ قوم سے تیس دن کا وعدہ کر گئے تھے پہاڑ پر وہاں چالیس دن لگے پیچھے بچھڑا اپنا کر پوجنے لگے۔ ۱۲ منہ ح

مَوْعِدَكَ بِمَلْكِنَا وَلٰكِنَّا حُمِّلْنَآ اَوْزَارًا مِّنْ زِيْنَةِ الْقَوْمِ
وعدے تیرے کو ساتھ اختیار اپنے کے و لیکن اٹھوائے گئے تھے ہم بوجھ گہنوں قوم فرعون کے سے

فَقَذَفْنٰهَا فَكَذٰلِكَ اَلْقَى السَّامِرِيُّ ﴿٨٧﴾ لا فَاَخْرَجَ لَهُمْ عِجْلًا
پس پھینک دیا ہم نے اسکو پس اسی طرح ڈالا سامری نے ف پس نکالا واسطے ان کے بچہ گائے کا

جَسَدًا لَّهٗ خُوَارٌ فَقَالُوْا هٰذَآ اِلٰهُكُمْ وَاِلٰهُ مُوْسٰى ۵ فَنَسِيَ ﴿٨٨﴾ ط
ایک بدن ہے واسطے اسکے آواز ہے گائے کی پس کہا انہوں نے یہ ہے معبود تمہارا اور معبود موسٰے کا پس بھول گیا ہے موسٰے ف

اَفَلَا يَرَوْنَ اَلَّا يَرْجِعُ اِلَيْهِمْ قَوْلًا ۵ وَّلَا يَمْلِكُ لَهُمْ ضَرًّا
کیا پس نہیں دیکھا انہوں نے یہ کہ نہیں پھیرتا وہ طرف ان کی جواب اور نہیں اختیار میں رکھتا واسطے ان کے ضرر

وَّلَا نَفْعًا ﴿٨٩﴾ ع وَلَقَدْ قَالَ لَهُمْ هٰرُوْنُ مِنْ قَبْلُ يٰقَوْمِ اِنَّمَا
اور نہ فائدہ اور البتہ تحقیق کہا تھا واسطے انکے ہارون نے پہلے اس سے اے قوم میری سوائے اس کے

فُتِنْتُمْ بِهٖ وَاِنَّ رَبَّكُمُ الرَّحْمٰنُ فَاتَّبِعُوْنِيْ وَاَطِيْعُوْٓا اَمْرِيْ ﴿٩٠﴾
نہیں کہ آزمائے گئے ہو تم ساتھ اسکے اور تحقیق پروردگار تمہارا رحمٰن ہے پس پیروی کرو میری اور مانو حکم میرا

قَالُوْا لَنْ نَّبْرَحَ عَلَيْهِ عٰكِفِيْنَ حَتّٰى يَرْجِعَ اِلَيْنَا مُوْسٰى ﴿٩١﴾
کہا انہوں نے ہمیشہ رہیں گے ہم اوپر اس کے معتکف یہاں تک کہ پھر آوے طرف ہماری موسٰے

قَالَ يٰهٰرُوْنُ مَا مَنَعَكَ اِذْ رَاَيْتَهُمْ ضَلُّوْٓا ﴿٩٢﴾ لا اَلَّا تَتَّبِعَنِ ط
کہا اے ہارون کس چیز نے منع کیا تجھ کو جس وقت کہ دیکھا تو نے ان کو گمراہ ہوئے اس سے کہ نہ پیروی کرے میری

اَفَعَصَيْتَ اَمْرِيْ ﴿٩٣﴾ قَالَ يَبْنَؤُمَّ لَا تَاْخُذْ بِلِحْيَتِيْ وَلَا
کیا پس نافرمانی کی حکم میرے کی کہا اے بیٹے ماں میری کے مت پکڑ ڈاڑھی میری و نہ

بِرَاْسِيْ ج اِنِّيْ خَشِيْتُ اَنْ تَقُوْلَ فَرَّقْتَ بَيْنَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ
سر میرا تحقیق میں ڈرا یہ کہ کہے تو جدائی ڈال دی درمیان بنی اسرائیل کے

وَلَمْ تَرْقُبْ قَوْلِيْ ﴿٩٤﴾ قَالَ فَمَا خَطْبُكَ يٰسَامِرِيُّ ﴿٩٥﴾ قَالَ بَصُرْتُ
اور نہ انتظار کیا بات میری کا ف۳ کہا پس کیا ہے حال تیرا اے سامری کہا کہ دیکھا میں نے

بِمَا لَمْ يَبْصُرُوْا بِهٖ فَقَبَضْتُ قَبْضَةً مِّنْ اَثَرِ الرَّسُوْلِ
اس چیز کو کہ نہ دیکھا تھا لوگوں نے اس کو پس بھر لی میں نے ایک مٹھی خاک قدم بھیجے ہوئے کے سے

فَنَبَذْتُهَا وَكَذٰلِكَ سَوَّلَتْ لِيْ نَفْسِيْ ﴿٩٦﴾ قَالَ فَاذْهَبْ
پس ڈال دیا میں نے اسکو یعنی گائے کے بچے کے پیٹ میں اور اسی طرح اچھا دکھایا مجھ کو جی میرے نے ف۴ کہا پس جا

ف فرعون والوں سے عاریت مانگ کر لیا تھا۔ گہنا کہ وہ یقین جانیں کہ ان کو شادی منظور ہے اس واسطے نکلتے ہیں شہر سے اس بغیر فرعون نکلنے نہ دیتا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی موسٰے بھول گیا کہ اور جگہ گیا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ چلتے وقت موسٰے ہارون کو نصیحت کر گئے تھے کہ سب کو متفق رکھیو اس واسطے انہوں نے بچھڑا پوجنے والوں کا مقابلہ نہ کیا۔ زبان سے سمجھایا وہ نہ سمجھے۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۱۴ / ۱۳ / ۴

ف۴ جس وقت بنی اسرائیل پھٹے دریا میں پیٹھے پیچھے فرعون ساتھ فوج کے بیٹھا جبرائیل بیچ میں ہو گئے کہ ان کو ان تک نہ ملنے دیں سامری نے پہچانا کہ یہ جبرائیل ہیں ان کے پاؤں کے نیچے سے مٹھی بھر مٹی اٹھالی۔ وہی اب سونے کے بچھڑے میں ڈال دی۔ سونا تھا کافروں کا مال لیا ہوا فریب سے اس میں مٹی پڑی برکت کی حق اور باطل ملکر ایک کرشمہ پیدا ہوا کہ رونق جاندار کی اور آواز اس میں ہو گئی۔ ایسی چیزوں سے بہت بچنا چاہیئے اسی سے بت پرستی بڑھتی ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

فَاِنَّ لَكَ فِى الْحَيٰوةِ اَنْ تَقُوْلَ لَا مِسَاسَ ۪ وَاِنَّ لَكَ
پس تحقیق واسطے تیرے ہے بیچ زندگانی کے یہ کہ کہا کرے تو نہیں ہاتھ لگانا اور تحقیق واسطے تیرے

مَوْعِدًا لَّنْ تُخْلَفَهٗ ۚ وَانْظُرْ اِلٰۤى اِلٰهِكَ الَّذِىْ ظَلْتَ
ایک جگہ وعدے کی ہرگز نہ پیچھے چھوڑا جاویگا اس سے اور دیکھ طرف معبود اپنے کے وہ جو ہو گیا تھا

عَلَيْهِ عَاكِفًا ؕ لَنُحَرِّقَنَّهٗ ثُمَّ لَنَنْسِفَنَّهٗ فِى الْيَمِّ نَسْفًا ﴿٩٧﴾
اوپر اس کے معتکف ابھی جلاویں گے ہم اسکو پھر اڑادیں گے ہم اس کو بیچ دریا کے اڑا دینا کر ف

اِنَّمَاۤ اِلٰهُكُمُ اللّٰهُ الَّذِىْ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ وَسِعَ كُلَّ شَىْءٍ
سوائے اس کے نہیں کہ معبود تمہارا اللہ ہے وہ جو نہیں کوئی معبود مگر وہ سما لیا ہے ہر چیز کو

عِلْمًا ﴿٩٨﴾ كَذٰلِكَ نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ مَا قَدْ سَبَقَ ۚ
علم میں اسی طرح بیان کرتے ہیں ہم اوپر تیرے خبروں اس چیز کی سے کہ تحقیق پہلے گذری

وَقَدْ اٰتَيْنٰكَ مِنْ لَّدُنَّا ذِكْرًا ﴿٩٩﴾ ۖۚ مَنْ اَعْرَضَ عَنْهُ فَاِنَّهٗ
اور تحقیق دیا ہم نے تجھ کو اپنے پاس سے ذکر جو کوئی منہ پھیرے اس سے پس تحقیق وہ

يَحْمِلُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وِزْرًا ﴿١٠٠﴾ ۙ خٰلِدِيْنَ فِيْهِ ؕ وَسَآءَ لَهُمْ
اٹھاوے گا دن قیامت کے بوجھ ہمیشہ رہنے والے بیچ اس کے اور برا ہے واسطے ان کے

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ حِمْلًا ﴿١٠١﴾ ۙ يَّوْمَ يُنْفَخُ فِى الصُّوْرِ وَنَحْشُرُ
دن قیامت کے بوجھ اس دن کہ پھونکا جاوے گا بیچ صور کے اور اکٹھا کریں گے

الْمُجْرِمِيْنَ يَوْمَئِذٍ زُرْقًا ﴿١٠٢﴾ ۖۚ يَّتَخَافَتُوْنَ بَيْنَهُمْ اِنْ لَّبِثْتُمْ
ہم گنہگاروں کو اس دن کیری آنکھوں سے ف آہستہ کہتے ہوں گے درمیان اپنے نہیں رہے تھے تم

اِلَّا عَشْرًا ﴿١٠٣﴾ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَقُوْلُوْنَ اِذْ يَقُوْلُ اَمْثَلُهُمْ
مگر دس دن ف ہم خوب جانتے ہیں اس چیز کو کہ کہتے ہیں جس وقت کہ کہے گا بہتر ان کا

طَرِيْقَةً اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا يَوْمًا ﴿١٠٤﴾ ع وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْجِبَالِ
راہ میں نہ رہے تھے تم مگر ایک روز ف اور سوال کرتے ہیں تجھ کو پہاڑوں سے

فَقُلْ يَنْسِفُهَا رَبِّىْ نَسْفًا ﴿١٠٥﴾ ۙ فَيَذَرُهَا قَاعًا صَفْصَفًا ﴿١٠٦﴾ ۙ لَّا
پس کہہ اڑادے گا ان کو رب میرا اڑا دینا کر پس چھوڑ دیوے گا اس زمین کو میدان صاف نہیں

تَرٰى فِيْهَا عِوَجًا وَّلَاۤ اَمْتًا ﴿١٠٧﴾ ؕ يَوْمَئِذٍ يَّتَّبِعُوْنَ الدَّاعِىَ
دیکھے گا تو بیچ اس کے کجی اور نہ اونچان یعنی ٹیلہ اس دن پیچھے چلیں گے پکارنے والے کے

ف دنیا میں اس کو یہی سزا ملی کہ وہ لشکر بنی اسرائیل سے باہر الگ رہتا اگر وہ کسی سے ملتا یا کوئی اس سے دونوں کو تپ چڑھتی اس مارے لوگوں کو دور دور کرتا اور ایک وعدہ ہے کہ خلاف نہ ہوگا شاید عذاب آخرت ہے اور شاید دجال کا نکلنا وہ بھی یہود میں سے ہی کا فساد پورا کریگا جیسے ہمارے پیغمبر بانٹتے تھے۔ ایک شخص نے کہا انصاف سے بانٹو فرمایا اس کی جنس کے لوگ نکلیں گے وہ خارجی نکلے کہ اپنے پیشواؤں پر لگے اعتراض پکڑنے جو کوئی دین کے پیشواؤں پر طعن کرے ایسا ہی ہوا۔ ۱۲ منہ رح

ف یعنی اندھے اور شاید انھی نیلی ہول بدنمائی کے واسطے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف یعنی دنیا میں رہنا اتنا نظر آوے گا یا قبر میں رہنا۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۵ ۱۵ ۱۴

ف ہم کو خوب معلوم ہے یعنی چپکے کہنا ہم سے نہیں چھپتا۔ ۱۲۔ منہ رح

لَا عِوَجَ لَهٗ ۚ وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا
نہیں کجی واسطے اس کے اور نیچی ہو جاویں گی آوازیں واسطے رحمٰن کے پس نہ سنے گا تو مگر
هَمْسًا ﴿١٠٨﴾ يَوْمَئِذٍ لَّا تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ
آواز آہستہ اس دن نہ فائدہ دیگی شفاعت مگر اس کو کہ اذن دیا ہے واسطے اسکے رحمٰن نے
وَرَضِيَ لَهٗ قَوْلًا ﴿١٠٩﴾ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ
اور پسند کیا ہے واسطے اسکے کہنا ف۱ جانتا ہے جو کچھ آگے ان کے ہے اور جو کچھ پیچھے ان کے ہے
وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِهٖ عِلْمًا ﴿١١٠﴾ وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّوْمِ ط
اور نہیں گھیرتے اس کو علم کر اور ذلیل ہوگئے منہ واسطے زندہ قائم رہنے والے کے
وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا ﴿١١١﴾ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ
اور تحقیق نامراد ہوا جس نے اٹھا لیا ظلم اور جو کوئی عمل کرے نیکیوں میں سے
وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَا يَخٰفُ ظُلْمًا وَّلَا هَضْمًا ﴿١١٢﴾ وَكَذٰلِكَ
اور وہ مومن ہو پس نہیں ڈرے گا ظلم سے اور نہ توڑنے سے ف۲ اور اسی طرح
اَنْزَلْنٰهُ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا وَّصَرَّفْنَا فِيْهِ مِنَ الْوَعِيْدِ لَعَلَّهُمْ
اتارا ہے ہم نے اس کو قرآن عربی اور طرح طرح سے بیان کیا ہے ہم نے بیچ اس کے ڈرانے سے تو کہ وہ
يَتَّقُوْنَ اَوْ يُحْدِثُ لَهُمْ ذِكْرًا ﴿١١٣﴾ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ
ڈریں یا پیدا کرے واسطے اُن کے یاد پس بہت مرتبہ ہے اللہ بادشاہ
الْحَقُّ ج وَلَا تَعْجَلْ بِالْقُرْاٰنِ مِنْ قَبْلِ اَنْ يُّقْضٰٓى اِلَيْكَ
برحق اور مت جلدی کر ساتھ قرآن کے پہلے اس کے کہ تمام کی جاوے طرف تیری
وَحْيُهٗ ز وَقُلْ رَّبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا ﴿١١٤﴾ وَلَقَدْ عَهِدْنَآ اِلٰٓى اٰدَمَ
وحی اس کی اور کہہ اے رب میرے زیادہ دے مجھ کو علم ف۳ اور البتہ تحقیق عہد کیا تھا ہم نے طرف آدم کی
مِنْ قَبْلُ فَنَسِيَ وَلَمْ نَجِدْ لَهٗ عَزْمًا ﴿١١٥﴾ ع وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ ع ١١ / ١٥
پہلے اس سے پس بھول گیا اور نہ پایا ہم نے واسطے اسکے قصد خلاف کا ف۴ اور جب کہا ہم نے واسطے فرشتوں کے
اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ط اَبٰى ﴿١١٦﴾ فَقُلْنَا يٰٓاٰدَمُ
سجدہ کرو واسطے آدم کے پس سجدہ کیا انہوں نے مگر ابلیس نہ مانا پس کہا ہم نے اے آدم
اِنَّ هٰذَا عَدُوٌّ لَّكَ وَلِزَوْجِكَ فَلَا يُخْرِجَنَّكُمَا مِنَ الْجَنَّةِ
تحقیق یہ دشمن ہے واسطے تیرے اور واسطے جورو تیری کے پس نہ نکال دیوے تم دونو کو بہشت سے

ف۱ یعنی اس کی سفارش چلے گی۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی اس پر زور نہ ہوگا اللہ کے ہاں انصاف ہے۔ ۱۲ منہ رح

ف۳ جبرئیل جب قرآن لاتے ان کے پڑھنے کے ساتھ آپ بھی پڑھنے لگتے کہ بھول نہ جاویں اس کو پہلے منع فرمایا تھا سورۂ قیامت میں اور تسلی کر دی تھی کہ اس کا یاد رکھوانا اور لوگوں تک پہنچوانا ذمہ ہمارا ہے لیکن بندہ بشر ہے شاید بھول گئے ہوں پھر تقید کیا اور بھولنے پر مثل فرمائی آدم علیہ السلام کی۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ وہی جو دانہ کھا لیا بھول گئے یعنی قائم نہ رہے ۱۲۔ منہ رح

فَتَشْقٰى ﴿١١٧﴾ اِنَّ لَكَ اَلَّا تَجُوْعَ فِيْهَا وَلَا تَعْرٰى ﴿١١٨﴾ وَاَنَّكَ لَا

پس محنت میں جاپڑے تو تحقیق واسطے تیرے ہے یہ کہ نہ بھوکا رہے تو بیچ اس کے اور نہ ننگا رہے تو اور یہ کہ نہ

تَظْمَؤُا فِيْهَا وَلَا تَضْحٰى ﴿١١٩﴾ فَوَسْوَسَ اِلَيْهِ الشَّيْطٰنُ قَالَ

پیاسا رہے تو بیچ اس کے اور نہ دھوپ کھاوے پس وسوسہ کیا طرف اس کی شیطان نے کہا

يٰٓاٰدَمُ هَلْ اَدُلُّكَ عَلٰى شَجَرَةِ الْخُلْدِ وَمُلْكٍ لَّا يَبْلٰى ﴿١٢٠﴾

اے آدم آیا دلالت کروں میں تجھ کو اوپر درخت ہمیشہ رہنے کے اور اس بادشاہی کی کہ نہ پرانی ہو

فَاَكَلَا مِنْهَا فَبَدَتْ لَهُمَا سَوْاٰتُهُمَا وَطَفِقَا يَخْصِفٰنِ عَلَيْهِمَا

پس کھایا دونوں نے اس میں سے پس ظاہر ہوگئی انکو شرمگاہ ان دونو کی اور شروع کیا دونو نے کہ ٹانکتے تھے اوپر اپنے

مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ ؗ وَعَصٰٓى اٰدَمُ رَبَّهٗ فَغَوٰى ﴿١٢١﴾ ثُمَّ اجْتَبٰهُ

پتوں بہشت کے سے اور نافرمانی کی آدم نے رب اپنے کی پس گمراہ ہوگیا پھر برگزیدہ کیا اس کو

رَبُّهٗ فَتَابَ عَلَيْهِ وَهَدٰى ﴿١٢٢﴾ قَالَ اهْبِطَا مِنْهَا جَمِيْعًا

رب اسکے نے پس پھر آیا اوپر اس کے اور راہ دکھائی کہا اترو تم اس سے اکٹھے

بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۚ فَاِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ مِّنِّيْ هُدًى ۙ

بعضے تمہارے واسطے بعض کے دشمن ہیں پس اگر آوے تمہارے پاس میری طرف سے ہدایت

فَمَنِ اتَّبَعَ هُدَايَ فَلَا يَضِلُّ وَلَا يَشْقٰى ﴿١٢٣﴾ وَمَنْ اَعْرَضَ

پس جس نے پیروی کی ہدایت میری کی پس نہ گمراہ ہوگا اور نہ ایذا کھینچے گا وا اور جس نے منہ پھیرا

عَنْ ذِكْرِيْ فَاِنَّ لَهٗ مَعِيْشَةً ضَنْكًا وَّنَحْشُرُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

یاد میری سے پس تحقیق واسطے اس کے معیشت ہے تنگ اور اٹھاوینگے ہم اس کو دن قیامت کے

اَعْمٰى ﴿١٢٤﴾ قَالَ رَبِّ لِمَ حَشَرْتَنِيْٓ اَعْمٰى وَقَدْ كُنْتُ بَصِيْرًا ﴿١٢٥﴾

اندھا کہے گا اے رب میرے کیوں اُٹھایا مجھ کو اندھا اور تحقیق تھا میں دیکھنے والا

قَالَ كَذٰلِكَ اَتَتْكَ اٰيٰتُنَا فَنَسِيْتَهَا ۚ وَكَذٰلِكَ الْيَوْمَ تُنْسٰى ﴿١٢٦﴾

کہے گا اسی طرح آئی تھیں تیرے پاس نشانیاں ہماری پس بھول گیا تو ان کو اور اسی طرح آج بھلا دیا جاویگا تو وٓ

وَكَذٰلِكَ نَجْزِيْ مَنْ اَسْرَفَ وَلَمْ يُؤْمِنْۢ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ ؕ وَلَعَذَابُ

اور اسی طرح جزا دیتے ہیں ہم اس شخص کو کہ حد سے نکل گیا اور نہ ایمان لایا ساتھ نشانیوں رب اپنی کے اور البتہ عذاب

الْاٰخِرَةِ اَشَدُّ وَاَبْقٰى ﴿١٢٧﴾ اَفَلَمْ يَهْدِ لَهُمْ كَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ

آخرت کا بہت سخت ہے اور بہت باقی رہنے والا ہے وٓ کیا پس نہیں راہ دکھاتا انکو یہ کہ کتنے ہلاک کیے ہیں ہم نے پہلے ان سے

وا ایک دوسرے کے دشمن رہے ان کی اولاد جیسا آپس میں رفاقت کر کر گناہ کیا اس رفاقت کا بدلا یہ ملا کہ اولاد آپس میں دشمن ہوئی۔ ١٢۔منہ رح

وٓ آیتوں کو بھلا دیا یعنی عمل نہ کیا اور یقین نہ لایا اور پیغمبر نے فرمایا میری اُمت کے سارے گناہ مجھ کو دکھائے اس سے بڑا گناہ نہ دیکھا کہ قرآن کی کوئی آیت کسی شخص کو یاد ہوئی پھر اس نے بھلا دی۔ ١٢۔منہ رح

وٓ یعنی یہ عذاب اندھا ہونے کا حشر میں ہے اور دوزخ میں اور زیادہ۔ ١٢۔منہ رح

مِّنَ الْقُرُوْنِ يَمْشُوْنَ فِيْ مَسٰكِنِهِمْ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ
قرنوں سے کہ چلتے ہیں بیچ گھروں ان کے کے تحقیق بیچ اس کے البتہ نشانیاں ہیں

لِّاُولِي النُّهٰى ﴿١٢٨﴾ ع وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَكَانَ لِزَامًا ع ٧ ١٣ ١٦
واسطے صاحبوں عقل کے اور اگر نہ ہوتی ایک بات کہ پہلے ہو چکی پروردگار تیرے کی طرف سے البتہ ہوتا عذاب چمٹنے والا

وَّاَجَلٌ مُّسَمًّى ﴿١٢٩﴾ ؕ فَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ
اور اگر نہ ہوتا وعدہ مقرر ف۱ پس صبر کر اوپر اس چیز کے کہ کہتے ہیں اور تسبیح کر ساتھ تعریف پروردگار اپنے کے

قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوْبِهَا ۚ وَمِنْ اٰنَآئِ الَّيْلِ فَسَبِّحْ
پہلے نکلنے سورج کے اور پہلے ڈوبنے اس کے سے اور گھڑیوں رات کی سے پس تسبیح کر

وَاَطْرَافَ النَّهَارِ لَعَلَّكَ تَرْضٰى ﴿١٣٠﴾ وَلَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ اِلٰى مَا
اور کناروں دن کے سے شاید کہ تو راضی ہو ف۲ اور ہرگز مت لمبی کر دونو آنکھیں اپنی کو طرف اس چیز کی

مَتَّعْنَا بِهٖٓ اَزْوَاجًا مِّنْهُمْ زَهْرَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۙ لِنَفْتِنَهُمْ فِيْهِ ؕ
کہ فائدہ دیا ہم نے ساتھ اسکے لوگوں کو ان میں سے آرائش زندگانی دنیا کی تو کہ آزماویں ہم ان کو بیچ اس کے

وَرِزْقُ رَبِّكَ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ﴿١٣١﴾ وَاْمُرْ اَهْلَكَ بِالصَّلٰوةِ وَاصْطَبِرْ
اور رزق پروردگار تیرے کا بہتر ہے اور بہت باقی رہنے والا ہے اور حکم کر لوگوں اپنوں کو ساتھ نماز کے اور صبر کر

عَلَيْهَا ؕ لَا نَسْـَٔلُكَ رِزْقًا ؕ نَحْنُ نَرْزُقُكَ ؕ وَالْعَاقِبَةُ لِلتَّقْوٰى ﴿١٣٢﴾
اوپر اس کے نہیں سوال کرتے ہم تجھ سے رزق ہمیں رزق دیتے ہیں تجھ کو اور عاقبت واسطے پرہیزگاروں کے ہے ف۳

وَقَالُوْا لَوْلَا يَاْتِيْنَا بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ اَوَلَمْ تَاْتِهِمْ بَيِّنَةُ مَا
اور کہا انہوں نے کیوں نہیں لے آتا ہمارے پاس کوئی نشانی رب اپنے سے کیا نہیں آئی ان کے پاس دلیل اس چیز کی کہ

فِي الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ﴿١٣٣﴾ وَلَوْ اَنَّآ اَهْلَكْنٰهُمْ بِعَذَابٍ مِّنْ قَبْلِهٖ
بیچ کتابوں پہلی کے ہے ف۴ اور اگر ہم ہلاک کرتے ان کو ساتھ عذاب کے پہلے اس سے

لَقَالُوْا رَبَّنَا لَوْلَآ اَرْسَلْتَ اِلَيْنَا رَسُوْلًا فَنَتَّبِعَ اٰيٰتِكَ مِنْ
البتہ کہتے اے پروردگار ہمارے کیوں نہ بھیجا تو نے طرف ہماری پیغمبر پس پیروی کرتے ہم نشانیوں تیری کی

قَبْلِ اَنْ نَّذِلَّ وَنَخْزٰى ﴿١٣٤﴾ قُلْ كُلٌّ مُّتَرَبِّصٌ فَتَرَبَّصُوْا ۚ
پہلے اس سے کہ ذلیل ہوتے اور رسوا ہوتے کہہ کہ ہر ایک انتظار کرنے والا ہے پس انتظار کرو تم

فَسَتَعْلَمُوْنَ مَنْ اَصْحٰبُ الصِّرَاطِ السَّوِيِّ وَمَنِ اهْتَدٰى ﴿١٣٥﴾ ع ع ٨ ٧ ١٧
پس البتہ جانو گے تم کون ہیں صاحب راہ سیدھی کے اور کس نے راہ پائی

ف۱ آخر وعدہ پر بھینٹ ہوئی مسلمانوں میں اور کافروں میں۔ ۱۲۔منہ رح

ف۲ دن کی حدوں پر یعنی پہر پہر پر وقت ہیں نمازوں کے سوائے پہلے پہر کے اور تو راضی ہوگا یعنی امت کو مدد ہوگی دنیا میں، اور بخشش گناہوں کی آخرت میں تیری سفارش سے۔ ۱۲۔منہ رح

ف۳ اور خاوند غلام سے روزی کماتے ہیں وہ خاوند بندگی چاہتا ہے روزی آپ دیتا ہے۔ ۱۲۔منہ رح

ف۴ یعنی اگلی کتابوں میں خبر ہے رسول آخر الزماں کی یا یہ معنی کہ پہلے پیغمبروں کی نشانی کفایت ہے یہ پیغمبر بھی انہیں باتوں کا تقید کرتا ہے کوئی بات نئی نہیں کہتا یا یہ نشانی کہ اگلی کتابوں کے موافق قصے بیان کرتا ہے۔ ۱۲۔منہ رح

سُوْرَةُ الْاَنْبِيَآءِ مَكِّيَّةٌ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ | اٰيَاتُهَا ۱۱۲ رکوعاتها ۷

سورۂ انبیاء مکہ میں نازل ہوئی اسمیں شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے ایک سو بارہ آیتیں اور سات رکوع ہیں

اِقْتَرَبَ لِلنَّاسِ حِسَابُهُمْ وَهُمْ فِيْ غَفْلَةٍ مُّعْرِضُوْنَ ۚ
نزدیک آیا ہے واسطے لوگوں کے حساب ان کا اور وہ بیچ غفلت کے منہ پھیر رہے ہیں
مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ ذِكْرٍ مِّنْ رَّبِّهِمْ مُّحْدَثٍ اِلَّا اسْتَمَعُوْهُ
نہیں آتا ان کے پاس کچھ ذکر پروردگار ان کے سے نیا مگر سنتے ہیں اس کو
وَهُمْ يَلْعَبُوْنَ ۝۲ لَاهِيَةً قُلُوْبُهُمْ ۭ وَاَسَرُّوا النَّجْوَى ۖ
اور وہ کھیلتے ہیں غفلت میں ہیں دل ان کے اور چھپا کر کے مصلحت کی
الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۖ هَلْ هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۚ اَفَتَاْتُوْنَ
اُن لوگوں نے کہ ظلم کیا تھا نہیں یہ مگر آدمی مانند تمہاری کیا پس آتے ہو
السِّحْرَ وَاَنْتُمْ تُبْصِرُوْنَ ۝۳ قٰلَ رَبِّيْ يَعْلَمُ الْقَوْلَ فِي
سحر کے پاس اور تم دیکھتے ہو کہا پیغمبر نے پروردگار میرا جانتا ہے بات بیچ
السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ۡ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝۴ بَلْ قَالُوْٓا
آسمان کے اور زمین کے اور وہ ہے سننے والا جاننے والا بلکہ کہا انہوں نے
اَضْغَاثُ اَحْلَامٍۢ بَلِ افْتَرٰىهُ بَلْ هُوَ شَاعِرٌ ښ
پریشان خیال ہیں بلکہ باندھ لیا ہے اس کو بلکہ وہ شاعر ہے
فَلْيَاْتِنَا بِاٰيَةٍ كَمَآ اُرْسِلَ الْاَوَّلُوْنَ ۝۵ مَآ اٰمَنَتْ
پس لے آوے ہمارے پاس کوئی نشانی جیسے بھیجے گئے تھے پہلے پیغمبر نہیں ایمان لائی تھی
قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا ۚ اَفَهُمْ يُؤْمِنُوْنَ ۝۶ وَمَآ
پہلے ان سے کوئی بستی کہ ہلاک کیا ہم نے اسکو کیا پس وہ ایمان لاوینگے اور نہیں
اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ فَسْـَٔلُوْٓا اَهْلَ
بھیجے ہم نے پہلے تجھ سے مگر مرد کہ وحی بھیجتے تھے ہم طرف ان کی پس سوال کرو ذکر
الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۝۷ وَمَا جَعَلْنٰهُمْ جَسَدًا لَّا
والوں سے اگر ہو تم نہیں جانتے اور نہیں کیا تھا ہم نے انکو ایسا بدن کہ نہ
يَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَمَا كَانُوْا خٰلِدِيْنَ ۝۸ ثُمَّ صَدَقْنٰهُمُ
کھاتے کھانا اور نہ تھے ہمیشہ رہنے والے ف پھر سچا کیا ہم نے اُن سے

ف یعنی موت بھی آئی اُن کو ۔ ۱۲ ۔ منہ رح

الْوَعْدَ فَأَنجَيْنَاهُمْ وَمَن نَّشَاءُ وَأَهْلَكْنَا الْمُسْرِفِينَ ﴿٩﴾

وعدہ پس نجات دی ہم نے اُن کو اور جس کو چاہا اور ہلاک کیا ہم نے حد سے نکل جانے والوں کو

لَقَدْ أَنزَلْنَا إِلَيْكُمْ كِتَابًا فِيهِ ذِكْرُكُمْ ۖ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ﴿١٠﴾ ع

البتہ تحقیق اتاری ہم نے طرف تمہاری کتاب بیچ اس کے مذکور ہے تمہارا کیا پس نہیں سمجھتے تم

وَكَمْ قَصَمْنَا مِن قَرْيَةٍ كَانَتْ ظَالِمَةً وَأَنشَأْنَا بَعْدَهَا

اور کتنی ہلاک کیں ہم نے بستیوں کہ تھیں ظلم کرنے والیاں اور پیدا کی ہم نے پیچھے ان کے

قَوْمًا آخَرِينَ ﴿١١﴾ فَلَمَّا أَحَسُّوا بَأْسَنَا إِذَا هُم مِّنْهَا يَرْكُضُونَ ﴿١٢﴾

قوم اور پس جب دیکھا انہوں نے عذاب ہمارا ناگہاں وُہ اس میں سے دوڑتے تھے

لَا تَرْكُضُوا وَارْجِعُوا إِلَىٰ مَا أُتْرِفْتُمْ فِيهِ وَمَسَاكِنِكُمْ

مت دوڑو اور پھر جاؤ طرف اس جگہ کی کہ آرام دیئے گئے تھے بیچ اسکے اور گھروں اپنے کی

لَعَلَّكُمْ تُسْأَلُونَ ﴿١٣﴾ قَالُوا يَا وَيْلَنَا إِنَّا كُنَّا ظَالِمِينَ ﴿١٤﴾

تو کہ تم سوال کیے جاؤ ف۱ کہا انہوں نے اے وائے ہم کو تحقیق ہیں تھے ظالم

فَمَا زَالَت تِّلْكَ دَعْوَاهُمْ حَتَّىٰ جَعَلْنَاهُمْ حَصِيدًا

پس ہمیشہ رہا یہی پکارنا ان کا یہاں تک کہ کر دیا ہم نے ان کو جڑ سے کٹے ہوئے

خَامِدِينَ ﴿١٥﴾ وَمَا خَلَقْنَا السَّمَاءَ وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا

بجھے ہوئے اور نہیں پیدا کیا ہم نے آسمان کو اور زمین کو اور جو کچھ درمیان ان دونو

لَاعِبِينَ ﴿١٦﴾ لَوْ أَرَدْنَا أَن نَّتَّخِذَ لَهْوًا لَّاتَّخَذْنَاهُ مِن

کے ہے کھیلتے ہوئے اگر ارادہ کرتے ہم یہ کہ لیویں مشغولہ یعنی بچہ البتہ لیتے اسکو اپنے

لَّدُنَّا ۖ إِن كُنَّا فَاعِلِينَ ﴿١٧﴾ بَلْ نَقْذِفُ بِالْحَقِّ عَلَى

پاس سے اگر ہوتے ہم کرنے والے ف۲ بلکہ پھینکتے ہیں ہم حق کو اوپر

الْبَاطِلِ فَيَدْمَغُهُ فَإِذَا هُوَ زَاهِقٌ ۚ وَلَكُمُ الْوَيْلُ مِمَّا

باطل کے پس توڑتا ہے سر اُسکا پس ناگہاں وہ فنا ہو جاتا ہے اور واسطے تمہارے ولئے ہے اس چیز سے

تَصِفُونَ ﴿١٨﴾ وَلَهُ مَن فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ وَمَنْ

کہ بیان کرتے ہو تم ف۳ اور واسطے اسی کے ہے جو کوئی بیچ آسمانوں کے اور زمین کے ہے اور وہ جو

عِندَهُ لَا يَسْتَكْبِرُونَ عَنْ عِبَادَتِهِ وَلَا يَسْتَحْسِرُونَ ﴿١٩﴾ ج

نزدیک اسکے ہیں نہیں تکبر کرتے بندگی اس کی سے اور نہیں تھکتے

ف۱ یعنی یہ بات ہونی نہ تھی۔ ۱۲۔منہ

ف۲ کھلونا یعنی بیٹا۔ ۱۲۔منہ

ف۳ یعنی اللہ تعالےٰ غیب سے ایک قدرت کا نمونہ بھیجتا ہے جھوٹ کے مٹانے کو۔ ان کاملوں کو تم کہتے ہو خدا کا بیٹا۔ ۱۲۔منہ

يُسَبِّحُوْنَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ لَا يَفْتُرُوْنَ ﴿٢٠﴾ اَمِ اتَّخَذُوْٓا اٰلِهَةً
پاکی بیان کرتے ہیں رات اور دن نہیں تھمتے کیا مقرر کیے ہیں انہوں نے معبود

مِّنَ الْاَرْضِ هُمْ يُنْشِرُوْنَ ﴿٢١﴾ لَوْ كَانَ فِيْهِمَآ اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ
زمین میں سے کہ وہ پیدا کرتے ہیں اگر ہوتے بیچ ان دونو کے معبود سوائے اللہ کے

لَفَسَدَتَا ۚ فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿٢٢﴾
البتہ بگڑ جاتے پس پاکی ہے اللہ پروردگار عرش کے کو اس چیز سے کہ بیان کرتے ہیں

لَا يُسْـَٔلُ عَمَّا يَفْعَلُ وَهُمْ يُسْـَٔلُوْنَ ﴿٢٣﴾ اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ
نہیں سوال کیا جاتا اس چیز سے کہ کرتا ہے اور وہ سوال کیے جاتے ہیں یا پکڑے ہیں

دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً ؕ قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ ۚ هٰذَا ذِكْرُ مَنْ مَّعِيَ
ورے اس سے معبود کہہ کہ لاؤ دلیل اپنی یہ ہے ذکر ان لوگوں کا کہ ساتھ میرے ہیں

وَذِكْرُ مَنْ قَبْلِيْ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۙ الْحَقَّ فَهُمْ
اور ذکر ان لوگوں کا کہ پہلے مجھ سے تھے بلکہ اکثر ان کے نہیں جانتے ہیں حق کو پس وہ

مُّعْرِضُوْنَ ﴿٢٤﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا
منہ پھیرتے ہیں ف اور نہ بھیجا ہم نے پہلے تجھ سے پیغمبر مگر

نُوْحِيْٓ اِلَيْهِ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدُوْنِ ﴿٢٥﴾ وَقَالُوا
وحی کرتے تھے ہم طرف اس کی یہ کہ نہیں کوئی معبود مگر میں پس عبادت کرو مجھ کو اور کہا انہوں نے

اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ ؕ بَلْ عِبَادٌ مُّكْرَمُوْنَ ﴿٢٦﴾
کہ پکڑی ہے رحمٰن نے اولاد پاک ہے وہ بلکہ بندے ہیں عزت دیئے گئے

لَا يَسْبِقُوْنَهٗ بِالْقَوْلِ وَهُمْ بِاَمْرِهٖ يَعْمَلُوْنَ ﴿٢٧﴾ يَعْلَمُ
نہیں آگے چلتے اس سے بات میں اور وہ ساتھ حکم اس کے کے عمل کرتے ہیں جانتا ہے

مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يَشْفَعُوْنَ ۙ اِلَّا لِمَنِ
جو کچھ کہ آگے ان کے ہے اور جو کچھ کہ پیچھے ان کے ہے اور نہیں شفاعت کرتے مگر واسطے اسکے

ارْتَضٰى وَهُمْ مِّنْ خَشْيَتِهٖ مُشْفِقُوْنَ ﴿٢٨﴾ وَمَنْ يَّقُلْ
جو پسند کرے اور وہ ڈر اس کے سے ڈرنے والے ہیں اور جو کوئی کہے

مِنْهُمْ اِنِّيْٓ اِلٰهٌ مِّنْ دُوْنِهٖ فَذٰلِكَ نَجْزِيْهِ جَهَنَّمَ ؕ كَذٰلِكَ
ان میں سے تحقیق میں معبود ہوں ورے اس سے پس وہ شخص جزا دیتے ہیں ہم اسکو دوزخ اسی طرح

ف پہلے ان معبودوں کا فرمایا جو برابر خدا کے کوئی سمجھے اگر دو حاکم ہوتے تو جہاں خراب ہوتا اب ان کا فرمایا جو خدا کے نائب ٹھہراتے ہیں اس کو مالک کی سند چاہیئے اس بغیر کیونکر نائب ہووے۔ ۱۲۔ منہ

ع ٢ ١٩

نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ﴿٢٩﴾ع اَوَلَمْ يَرَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّ السَّمٰوٰتِ
جزا دیتے ہیں ہم ظالموں کو کیا نہیں دیکھا انہوں نے کہ کافر ہوئے یہ کہ آسمان تھے

وَالْاَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا ۭ وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَآءِ
اور زمین تھے ملے ہوئے پس جدا کیا ہم نے ان دونوں کو اور کیا ہم نے پانی سے

كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ ۭ اَفَلَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿٣٠﴾ وَجَعَلْنَا فِي الْاَرْضِ
ہر چیز کو زندہ کیا پس نہیں ایمان لاتے ف۱ اور کیے ہم نے بیچ زمین کے

رَوَاسِيَ اَنْ تَمِيْدَ بِهِمْ ۠ وَجَعَلْنَا فِيْهَا فِجَاجًا سُبُلًا
پہاڑ ایسا نہ ہو کہ ہل جاوے ساتھ ان کے اور کیے ہم نے بیچ اس کے کشادہ رستے

لَّعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ﴿٣١﴾ وَجَعَلْنَا السَّمَآءَ سَقْفًا مَّحْفُوْظًا ښ
تو کہ وہ راہ پاویں ف۲ اور کیا ہم نے آسمان کو چھت محفوظ

وَّهُمْ عَنْ اٰيٰتِهَا مُعْرِضُوْنَ ﴿٣٢﴾ وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ الَّيْلَ
اور وہ نشانیوں اس کی سے منہ پھیرنے والے ہیں ف۳ اور وہ ہے جس نے پیدا کیا رات کو

وَالنَّهَارَ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۭ كُلٌّ فِيْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ ﴿٣٣﴾
اور دن کو اور سورج اور چاند ہر ایک بیچ آسمان کے تیرتے ہیں ف۴

وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِّنْ قَبْلِكَ الْخُلْدَ ۭ اَفَا۟ىِٕنْ مِّتَّ فَهُمُ
اور نہیں کیا ہم نے واسطے کسی آدمی کے پہلے تجھ سے ہمیشہ رہنا کیا پس اگر تو مر جاوے گا پس یہ

الْخٰلِدُوْنَ ﴿٣٤﴾ كُلُّ نَفْسٍ ذَاۗىِٕقَةُ الْمَوْتِ ۭ وَنَبْلُوْكُمْ بِالشَّرِّ
ہمیشہ رہیں گے ف۵ ہر جی چکھنے والا ہے موت کا اور آزماتے ہیں ہم تم کو ساتھ برائی

وَالْخَيْرِ فِتْنَةً ۭ وَاِلَيْنَا تُرْجَعُوْنَ ﴿٣٥﴾ وَاِذَا رَاٰكَ الَّذِيْنَ
اور بھلائی کے آزمائش کو اور طرف ہماری پھیرے جاؤ گے اور جس وقت دیکھتے ہیں تجھ کو وہ لوگ کہ

كَفَرُوْٓا اِنْ يَّتَّخِذُوْنَكَ اِلَّا هُزُوًا ۭ اَھٰذَا الَّذِيْ يَذْكُرُ
کافر ہوئے نہیں پکڑتے تجھ کو مگر ٹھٹھا کیا یہی ہے جو مذکور کرتا ہے

اٰلِهَتَكُمْ ۚ وَهُمْ بِذِكْرِ الرَّحْمٰنِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿٣٦﴾ خُلِقَ
معبودوں تمہارے کا اور وہ ساتھ ذکر اللہ کے وہی کافر ہیں ف۶ پیدا کیا گیا ہے

الْاِنْسَانُ مِنْ عَجَلٍ ۭ سَاُورِيْكُمْ اٰيٰتِيْ فَلَا تَسْتَعْجِلُوْنِ ﴿٣٧﴾
آدمی جلدی سے شتاب دکھاؤں گا میں تم کو نشانیاں اپنی پس مت جلدی کرو مجھ سے

ف۱ منہ بند تھے یعنی ایک چیز تھی زمین میں سے نہریں اور کانیں اور سبزی بھانت بھانت نکالی آسمان سے کتنے ستارے ہر ایک کا گھر جدا اور چال جدا اور جاندار بنائے یعنی جانور پانی سے یعنی نطفہ سے۔ ۱۲۔منہ رح

ف۲ یعنی ایک ملک کے لوگ دوسرے ملک والوں سے مل سکیں۔ اگر پہاڑ ایسے ڈھب پر پڑتے کہ راہیں بند ہوتیں تو یہ بات کہاں تھی۔ ۱۲۔منہ رح

ف۳ بچاؤ کی چھت یعنی کوئی اس کو توڑ نہیں سکتا اور اس کے نمونے تارے اور چال اور رات اور دن۔ ۱۲۔منہ رح

ف۴ یعنی اپنی اپنی راہ پڑے ہیں اس سے نہیں سٹتے۔ ۱۲۔منہ رح

ف۵ کافر کہتے تھے اس شخص تک ہے یہ دھوم جہاں یہ مرا پھر کچھ نہیں ۱۲۔منہ رح

ف۶ نام لیتا ہے ٹھاکروں کا یعنی برا کہتا ہے۔ ۱۲۔منہ رح

وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا الْوَعْدُ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ٣٨ لَوْ
اور کہتے ہیں کب ہے یہ وعدہ اگر ہو تم سچے کاش کہ
يَعْلَمُ الَّذِينَ كَفَرُوا حِينَ لَا يَكُفُّونَ عَن وُجُوهِهِمُ
جانیں وہ لوگ جو کافر ہوئے اس وقت کہ نہ روک سکیں گے منہ اپنے سے
النَّارَ وَلَا عَن ظُهُورِهِمْ وَلَا هُمْ يُنصَرُونَ ٣٩ بَلْ
آگ اور نہ پیٹھ اپنی سے اور نہ وہ مدد کیے جاویں گے بلکہ
تَأْتِيهِم بَغْتَةً فَتَبْهَتُهُمْ فَلَا يَسْتَطِيعُونَ رَدَّهَا وَلَا
آجاویگی ان کے پاس ناگہاں پس بھچکا کردے گی ان کو پس نہ سکیں گے پھیر دینا اس کا اور نہ
هُمْ يُنظَرُونَ ٤٠ وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّن قَبْلِكَ
وہ ڈھیل دیئے جاوینگے اور البتہ تحقیق ٹھٹھا کیا تھا ساتھ پیغمبروں کے پہلے تجھ سے
ع ٣ ١٢/٣ فَحَاقَ بِالَّذِينَ سَخِرُوا مِنْهُم مَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ ٤١ ع
پس گھیر لیا ان لوگوں کو کہ ٹھٹھا کرتے تھے ان میں سے اس چیز نے کہ تھے ساتھ اس کے ٹھٹھا کرتے
قُلْ مَن يَكْلَؤُكُم بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ مِنَ الرَّحْمَٰنِ ۗ بَلْ هُمْ
کہہ کون نگہبانی کرتا ہے تمہاری رات اور دن اللہ سے بلکہ وہ
عَن ذِكْرِ رَبِّهِم مُّعْرِضُونَ ٤٢ أَمْ لَهُمْ آلِهَةٌ تَمْنَعُهُم
یاد پروردگار اپنے کی سے منہ پھیرنے والے ہیں کیا واسطے ان کے معبود ہیں کہ منع کرتے ہیں انکو
مِّن دُونِنَا ۚ لَا يَسْتَطِيعُونَ نَصْرَ أَنفُسِهِمْ وَلَا هُم
ورے ہم سے نہیں کر سکتے مدد جانوں اپنی کی اور نہ وہ
مِّنَّا يُصْحَبُونَ ٤٣ بَلْ مَتَّعْنَا هَٰؤُلَاءِ وَآبَاءَهُمْ حَتَّىٰ
ہماری طرف سے رفاقت کیے جاتے ہیں بلکہ فائدہ دیا ہم نے اُن کو اور باپوں ان کے کو یہانتک کہ
طَالَ عَلَيْهِمُ الْعُمُرُ ۗ أَفَلَا يَرَوْنَ أَنَّا نَأْتِي الْأَرْضَ
دراز ہو گئی اُوپر ان کے عمر کیا پس نہیں دیکھتے یہ کہ ہم آتے ہیں زمین پر
نَنقُصُهَا مِنْ أَطْرَافِهَا ۚ أَفَهُمُ الْغَالِبُونَ ٤٤ قُلْ إِنَّمَا
گھٹاتے اُس کو کناروں اس کے سے کیا پس وہ غالب ہیں ف۱ کہہ سوائے اس کے نہیں کہ
أُنذِرُكُم بِالْوَحْيِ ۚ وَلَا يَسْمَعُ الصُّمُّ الدُّعَاءَ إِذَا مَا
ڈراتا ہوں میں تم کو ساتھ وحی کے اور نہیں سنتے بہرے پکارنا جب

ف۱ ہم چلے آتے ہیں، گھٹاتے یعنی عرب کے ملک میں مسلمانی پھیلنے لگی ہے کفر گھٹنے لگا۔ ۱۲۔ منہ رح

يُنذَرُونَ ﴿٤٥﴾ وَلَئِن مَّسَّتْهُمْ نَفْحَةٌ مِّنْ عَذَابِ رَبِّكَ
ڈرائے جاتے ہیں اور اگر لگ جاوے ان کو ایک بُو عذاب پروردگار تیرے کے سے

لَيَقُولُنَّ يَا وَيْلَنَا إِنَّا كُنَّا ظَالِمِينَ ﴿٤٦﴾ وَنَضَعُ الْمَوَازِينَ
البتہ کہیں گے اے وائے ہم کو تحقیق ہم تھے ظالم اور رکھیں گے ہم ترازوئیں

الْقِسْطَ لِيَوْمِ الْقِيَامَةِ فَلَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْئًا ۖ وَإِن
عدل کی دن قیامت کے پس نہ ظلم کیا جاوے گا کوئی جی کچھ اور اگر

كَانَ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ أَتَيْنَا بِهَا ۗ وَكَفَىٰ بِنَا
ہووے گا عمل آدمی کا برابر ایک دانے کے رائی کے لے آویں گے ہم اس کو اور کفایت ہیں ہم

حَاسِبِينَ ﴿٤٧﴾ وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوسَىٰ وَهَارُونَ الْفُرْقَانَ
حساب لینے والے اور تحقیق دیا ہم نے موسے اور ہارون کو معجزہ

پیغمبر پس پیروی کرتے ہم نشانیوں تیری کی اور ہوتے ہم ایمان والوں سے پس جب

جَآءَهُمُ الْحَقُّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوْا لَوْلَآ اُوْتِيَ مِثْلَ مَآ اُوْتِيَ

آیا ان کے پاس حق ہمارے پاس سے کہا انہوں نے کیوں نہ دیا گیا پیغمبر جیسا دیا گیا تھا

مُوْسٰى ؕ اَوَلَمْ يَكْفُرُوْا بِمَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى مِنْ قَبْلُ ۚ قَالُوْا

موسٰے کیا نہ کفر کرتے تھے ساتھ اس چیز کے کہ دیا گیا تھا موسٰے پہلے اس سے کہتے تھے

سِحْرٰنِ تَظٰهَرَا ۫ وَقَالُوْٓا اِنَّا بِكُلٍّ كٰفِرُوْنَ ﴿٤٨﴾ قُلْ فَاْتُوْا

یہ جادوگر ہیں ایک دوسرے کا مددگار ہے اور کہتے تھے ہم ساتھ ہر ایک کے کافر ہیں ف کہہ پس لاؤ تم

بِكِتٰبٍ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ هُوَ اَهْدٰى مِنْهُمَآ اَتَّبِعْهُ اِنْ كُنْتُمْ

ایک کتاب نزدیک اللہ کے سے کہ وہ بہت راہ دکھانیوالی ہو ان دونو سے پیروی کروں میں اسکی اگر ہو تم

صٰدِقِيْنَ ﴿٤٩﴾ فَاِنْ لَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَكَ فَاعْلَمْ اَنَّمَا يَتَّبِعُوْنَ

سچے پس اگر نہ قبول کریں واسطے تیرے پس جان تو کہ سوائے اسکے نہیں کہ وہ پیروی

اَهْوَآءَهُمْ ؕ وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنِ اتَّبَعَ هَوٰىهُ بِغَيْرِ هُدًى

کرتے ہیں خواہشوں اپنی کی اور کون شخص ہے بہت گمراہ اس سے کہ پیروی کرتا ہے خواہش اپنی کی بغیر ہدایت کے

مِّنَ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٥٠﴾ ع وَلَقَدْ ع ۵ ۸ ۸

خدا کی طرف سے تحقیق اللہ نہیں ہدایت کرتا قوم ظالموں کو اور البتہ تحقیق

وَصَّلْنَا لَهُمُ الْقَوْلَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿٥١﴾ اَلَّذِيْنَ

پے در پے کی ہم نے اُن سے بات تو کہ وہ نصیحت پکڑیں وہ لوگ کہ

ف مکے کے کافر حضرت موسے کے معجزے سن کر کہنے لگے کہ ویسا معجزہ اس پاس ہوتا تو ہم مانتے جب یہود سے پوچھا اور توریت کے حکم سنے اس کے موافق اپنی مرضی کے خلاف کہ بت پرستی کفر ہے اور آخرت کا جینا برحق ہے اور اللہ کے نام پر ذبح نہ ہو سو مردار ہے اور بہتیری باتیں، تب دونوں کو سے لگے جواب دینے۔ ۱۲۔منہ

النصف

اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِهٖ هُمْ بِهٖ يُؤْمِنُوْنَ ﴿٥٢﴾ وَاِذَا يُتْلٰى
دی ہم نے ان کو کتاب پہلے اس سے وہ ساتھ اسکے ایمان لاتے ہیں اور جب پڑھا جاتا ہے

عَلَيْهِمْ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِهٖٓ اِنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّنَآ اِنَّا كُنَّا مِنْ
اوپر اُن کے قرآن کہتے ہیں ایمان لائے ہم ساتھ اسکے تحقیق یہ سچ ہے رب ہمارے کی طرف سے تحقیق تھے ہم

قَبْلِهٖ مُسْلِمِيْنَ ﴿٥٣﴾ اُولٰٓئِكَ يُؤْتَوْنَ اَجْرَهُمْ مَّرَّتَيْنِ
پہلے اس سے مسلمان یہ لوگ دیئے جاویں گے ثواب دینا دو بار

بِمَا صَبَرُوْا وَيَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ وَمِمَّا
بہ سبب اسکے کہ صبر کیا انہوں نے اور ٹالتے ہیں یعنی بدل ڈالتے ہیں ساتھ بھلائی کے برائی کو اور اس چیز سے کہ

رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿٥٤﴾ وَاِذَا سَمِعُوا اللَّغْوَ اَعْرَضُوْا عَنْهُ
دیا ہم نے اُن کو خرچ کرتے ہیں اور جب سنتے ہیں بے ہودہ بات اعراض کرتے ہیں اس سے

وَقَالُوْا لَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ
اور کہتے ہیں واسطے ہمارے ہیں عمل ہمارے اور واسطے تمہارے عمل تمہارے سلام رخصت کا ہے اوپر تمہارے

لَا نَبْتَغِي الْجٰهِلِيْنَ ﴿٥٥﴾ اِنَّكَ لَا تَهْدِيْ مَنْ اَحْبَبْتَ
نہیں چاہتے ہم جاہلوں کو ف۱ تحقیق تو نہیں ہدایت کرتا جس کو چاہے

وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ﴿٥٦﴾
و لیکن اللہ راہ دکھاتا ہے جس کو چاہتا ہے اور وہ خوب جانتا ہے راہ پانیوالوں کو ف۲

وَقَالُوْٓا اِنْ نَّتَّبِعِ الْهُدٰى مَعَكَ نُتَخَطَّفْ مِنْ اَرْضِنَا
اور کہا انہوں نے اگر پیروی کریں ہم ہدایت کی ساتھ تیرے اُچکے جاویں زمین اپنی سے

اَوَلَمْ نُمَكِّنْ لَّهُمْ حَرَمًا اٰمِنًا يُّجْبٰٓى اِلَيْهِ ثَمَرٰتُ كُلِّ
کیا نہیں جگہ دی ہم نے ان کو حرم امن والا کھینچے جاتے ہیں طرف اس کی میوے ہر

شَيْءٍ رِّزْقًا مِّنْ لَّدُنَّا وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٥٧﴾ وَكَمْ
چیز کے رزق ہماری طرف سے و لیکن اکثر اُن کے نہیں جانتے ف۳ اور بہت

اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍۢ بَطِرَتْ مَعِيْشَتَهَا فَتِلْكَ مَسٰكِنُهُمْ لَمْ
ہلاک کیں ہم نے بستیاں کہ اتراتی تھیں بیچ معیشت اپنی کے پس یہ ہیں گھر اُن کے کہ کوئی نہ

تُسْكَنْ مِّنْۢ بَعْدِهِمْ اِلَّا قَلِيْلًا وَكُنَّا نَحْنُ الْوٰرِثِيْنَ ﴿٥٨﴾
بسا ان میں پیچھے اُن کے مگر تھوڑے اور ہوئے ہم ہی وارث

ف۱ یہ حبشہ کے نصارے تھے نجاشی کے رفیق اس قرآن کو سن کر یقین لائے اور جس جاہل سے توقع نہ ہو کہ سمجھائے پر لگے گا اس سے کنارہ ہی بہتر ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ حضرتؐ نے اپنے چچا کے واسطے سعی کی کہ مرتے وقت کلمہ ہی کہے اس نے قبول نہ کیا اس پر یہ آیت اتری۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یہ مکے کے لوگ کہنے لگے کہ ہم مسلمان ہوں تو سارے عرب ہم سے دشمنی کریں۔ اللہ نے فرمایا اب ان کی دشمنی سے کس کی پناہ میں بیٹھے ہو یہی حرم کا ادب وہی اللہ تب بھی پناہ دینے والا ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

وَمَا كَانَ رَبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرٰى حَتّٰى يَبْعَثَ فِيْٓ اُمِّهَا رَسُوْلًا
اور نہیں تھا پروردگار تیرا ہلاک کرنیوالا بستیوں کا یہانتک کہ بھیجے بیچ بڑے شہر انکے کے پیغمبر
يَّتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ۚ وَمَا كُنَّا مُهْلِكِي الْقُرٰٓى اِلَّا وَاَهْلُهَا
کہ پڑھے اوپر اُن کے نشانیاں ہماری اور نہ تھے ہم ہلاک کرنے والے بستیوں کے مگر رہنے والے اُسکے
ظٰلِمُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَمَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا
ظالم تھے اور جو کچھ کہ دیئے گئے ہو تم کسی چیز سے پس فائدہ زندگانی دنیا کا ہے
وَزِيْنَتُهَا ۚ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۰﴾ ع اَفَمَنْ
اور زینت اسکی ہے اور جو نزدیک اللہ کے وہ بہت بہتر اور بہت باقی رہنے والا ہے کیا پس نہیں سمجھتے تم آیا پس وہ شخص کہ
وَّعَدْنٰهُ وَعْدًا حَسَنًا فَهُوَ لَاقِيْهِ كَمَنْ مَّتَّعْنٰهُ مَتَاعَ
وعدہ دیا ہے ہم نے اسکو وعدہ نیک پس وہ ملنے والا ہے اس سے مانند اس شخص کی کہ فائدہ دیا ہم نے اسکو فائدہ
الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ثُمَّ هُوَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مِنَ الْمُحْضَرِيْنَ ﴿۶۱﴾
زندگانی دنیا کا پھر وہ دن قیامت کے حاضر کیے گیوں سے ہے
وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ
اور جس دن کہ پکارے گا انکو پس کہے گا کہاں ہیں شریک میرے جو تھے تم
تَزْعُمُوْنَ ﴿۶۲﴾ قَالَ الَّذِيْنَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ
دعوے کرتے کہیں گے وہ لوگ کہ ثابت ہوئی اوپر انکے بات عذاب کی اے رب ہمارے یہ
الَّذِيْنَ اَغْوَيْنَا ۚ اَغْوَيْنٰهُمْ كَمَا غَوَيْنَا ۚ تَبَرَّاْنَآ اِلَيْكَ ز مَا
لوگ ہیں جنکو گمراہ کیا تھا ہم نے گمراہ کیا ہم نے انکو جیسا گمراہ ہوئے تھے ہم بیزاری کی ہم نے اُن سے متوجہ ہوکر طرف
كَانُوْٓا اِيَّانَا يَعْبُدُوْنَ ﴿۶۳﴾ وَقِيْلَ ادْعُوْا شُرَكَآءَكُمْ
تیری نہ تھے ہم عبادت کرتے ف۱ اور کہا جاوے گا بلاؤ شریکوں اپنوں کو
فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهُمْ وَرَاَوُا الْعَذَابَ ۚ لَوْ
پس پکاریں گے انکو پس نہ جواب دیں گے اُن کو اور دیکھیں گے عذاب کو کاش کہ
اَنَّهُمْ كَانُوْا يَهْتَدُوْنَ ﴿۶۴﴾ وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ مَاذَآ
وہ ہوتے راہ پانے والے ف۲ اور جس دن کہ پکارے گا اُن کو پس کہے گا کیا جواب دیا تھا
اَجَبْتُمُ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۶۵﴾ فَعَمِيَتْ عَلَيْهِمُ الْاَنْۢبَاۗءُ يَوْمَىِٕذٍ فَهُمْ
تم نے پیغمبروں کو پس اندھا دھند ہو جاوینگی اوپر انکے خبریں اس دن پس وہ

ف۱ یہ شیطان بولیں گے بہکایا تو ہے انہوں نے پر نام لے نیکوں کا اسی سے کہا کہ ہم کو نہ پوجتے تھے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی اس وقت یہ آرزو کریں گے جن نیکوں کو پوجتے تھے وہ جواب نہ دیں گے کہ وہ راضی نہ تھے یا خبر نہ رکھتے تھے۔ ۱۲۔ منہ رح

لَا يَتَسَآءَلُونَ ﴿۶۶﴾ فَاَمَّا مَنۡ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا
ایک دوسرے کو نہ پوچھیں گے ف پس جس شخص نے کہ توبہ کی اور ایمان لایا اور عمل کیے اچھے

فَعَسٰۤی اَنۡ یَّکُوۡنَ مِنَ الۡمُفۡلِحِیۡنَ ﴿۶۷﴾ وَرَبُّكَ یَخۡلُقُ مَا
پس اُمید ہے کہ ہو فلاح پانے والوں سے اور پروردگار تیرا پیدا کرتا ہے جو کچھ کہ

یَشَآءُ وَیَخۡتَارُ ؕ مَا کَانَ لَهُمُ الۡخِیَرَةُ ؕ سُبۡحٰنَ اللّٰهِ وَتَعٰلٰی
چاہتا ہے اور پسند کرتا ہے نہیں ہے واسطے انکے اختیار پاکی ہے اللہ کو اور بہت بلند ہے

عَمَّا یُشۡرِکُوۡنَ ﴿۶۸﴾ وَرَبُّكَ یَعۡلَمُ مَا تُکِنُّ صُدُوۡرُهُمۡ وَمَا
اس چیز سے کہ شریک لاتے ہیں اور پروردگار تیرا جانتا ہے جو کچھ چھپاتے ہیں سینے اُن کے اور جو کچھ کہ

یُعۡلِنُوۡنَ ﴿۶۹﴾ وَهُوَ اللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ لَهُ الۡحَمۡدُ فِی
ظاہر کرتے ہیں اور وہی ہے اللہ نہیں کوئی معبود مگر وہ واسطے اسی کے ہے سب تعریف بیچ

الۡاُوۡلٰی وَالۡاٰخِرَةِ ۫ وَلَهُ الۡحُکۡمُ وَاِلَیۡهِ تُرۡجَعُوۡنَ ﴿۷۰﴾
دنیا کے اور آخرت کے اور واسطے اسی کے ہے حکم اور طرف اسی کے پھیرے جاؤ گے

قُلۡ اَرَءَیۡتُمۡ اِنۡ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَیۡکُمُ الَّیۡلَ سَرۡمَدًا اِلٰی
کہہ کیا دیکھا تم نے اگر کر دیوے اللہ اُوپر تمہارے رات کو ہمیشہ تا

ف یعنی جواب نہ آویگا کسی کو۔ ۱۲۔ منہ

یَوۡمِ الۡقِیٰمَةِ مَنۡ اِلٰهٌ غَیۡرُ اللّٰهِ یَاۡتِیۡکُمۡ بِضِیَآءٍ ؕ اَفَلَا
روز قیامت کون ہے معبود سوائے خدا کے کہ لے آوے تمہارے پاس روشنی کیا پس نہیں

تَسۡمَعُوۡنَ ﴿۷۱﴾ قُلۡ اَرَءَیۡتُمۡ اِنۡ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَیۡکُمُ النَّهَارَ
سنتے تم کہہ کیا دیکھا تم نے اگر کر دیوے اللہ اُوپر تمہارے دن

سَرۡمَدًا اِلٰی یَوۡمِ الۡقِیٰمَةِ مَنۡ اِلٰهٌ غَیۡرُ اللّٰهِ یَاۡتِیۡکُمۡ
ہمیشہ دن قیامت تک کون ہے معبود سوائے خدا کے کہ لے آوے تمہارے پاس

بِلَیۡلٍ تَسۡکُنُوۡنَ فِیۡهِ ؕ اَفَلَا تُبۡصِرُوۡنَ ﴿۷۲﴾ وَمِنۡ رَّحۡمَتِهٖ
رات کو کہ آرام پکڑو بیچ اس کے کیا پس نہیں دیکھتے اور مہربانی اپنی سے

جَعَلَ لَکُمُ الَّیۡلَ وَالنَّهَارَ لِتَسۡکُنُوۡا فِیۡهِ وَلِتَبۡتَغُوۡا
کیا واسطے تمہارے رات اور دن کو تو کہ آرام پکڑو بیچ اس کے اور تو کہ چاہو

مِنۡ فَضۡلِهٖ وَلَعَلَّکُمۡ تَشۡکُرُوۡنَ ﴿۷۳﴾ وَیَوۡمَ یُنَادِیۡهِمۡ فَیَقُوۡلُ
فضل اس کے سے اور تو کہ تم شکر کرو اور جس دن پکارے گا ان کو پس کہے گا

أَيْنَ شُرَكَاءِيَ الَّذِينَ كُنتُمْ تَزْعُمُونَ ﴿٧٤﴾ وَنَزَعْنَا مِن
کہاں ہیں شریک میرے جو کہ تھے تم دعوے کرتے اور کھینچ لیویں گے ہم
كُلِّ أُمَّةٍ شَهِيدًا فَقُلْنَا هَاتُوا بُرْهَانَكُمْ فَعَلِمُوا أَنَّ
ہر امت میں سے گواہ پس کہیں گے ہم کہ لاؤ تم دلیل اپنی پس جان لیویں گے کہ تحقیق
الْحَقَّ لِلَّهِ وَضَلَّ عَنْهُم مَّا كَانُوا يَفْتَرُونَ ﴿٧٥﴾ إِنَّ ع ۱۵ / ۱۰
حق واسطے اللہ کے ہے اور کھویا جاوے گا ان سے جو کچھ تھے باندھ لیتے ف تحقیق
قَارُونَ كَانَ مِن قَوْمِ مُوسَىٰ فَبَغَىٰ عَلَيْهِمْ ۖ وَآتَيْنَاهُ
قارون تھا قوم موسےٰ کی سے پس سرکشی کی اوپر ان کے اور دیا تھا ہم نے اسکو
مِنَ الْكُنُوزِ مَا إِنَّ مَفَاتِحَهُ لَتَنُوءُ بِالْعُصْبَةِ أُولِي
خزانوں سے اس قدر کہ کنجیاں اس کی بھاری ہوتی تھیں ایک جماعت
الْقُوَّةِ إِذْ قَالَ لَهُ قَوْمُهُ لَا تَفْرَحْ ۖ إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ
قوت والی پر جسوقت کہا واسطے اسکے قوم اسکی نے مت خوش ہو تحقیق اللہ نہیں دوست رکھتا
الْفَرِحِينَ ﴿٧٦﴾ وَابْتَغِ فِيمَا آتَاكَ اللَّهُ الدَّارَ الْآخِرَةَ ۖ وَلَا
بہت خوش ہونیوالوں کو ف۲ اور طلب کر بیچ اس چیز کے کہ دیا ہے تجھ کو اللہ نے گھر آخرت کا اور مت
تَنسَ نَصِيبَكَ مِنَ الدُّنْيَا ۖ وَأَحْسِن كَمَا أَحْسَنَ اللَّهُ
بھول حصہ اپنا دنیا سے اور احسان کر طرف خلق کی جیسا کہ احسان کیا اللہ نے
إِلَيْكَ ۖ وَلَا تَبْغِ الْفَسَادَ فِي الْأَرْضِ ۖ إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ
طرف تیری اور مت چاہ فساد بیچ زمین کے تحقیق اللہ نہیں دوست رکھتا
الْمُفْسِدِينَ ﴿٧٧﴾ قَالَ إِنَّمَا أُوتِيتُهُ عَلَىٰ عِلْمٍ عِندِي ۚ
فساد کرنے والوں کو ف۳ کہا سوائے اسکے نہیں کہ میں دیا گیا ہوں مال بسبب علم کے کہ میرے پاس ہے
أَوَلَمْ يَعْلَمْ أَنَّ اللَّهَ قَدْ أَهْلَكَ مِن قَبْلِهِ مِنَ الْقُرُونِ
کیا نہ جانا اس نے یہ کہ اللہ نے تحقیق ہلاک کئے ہیں پہلے اس سے قرنوں میں سے
مَنْ هُوَ أَشَدُّ مِنْهُ قُوَّةً وَأَكْثَرُ جَمْعًا ۚ وَلَا يُسْأَلُ عَن
جو وہ بہت زور آور تھے اس سے قوت میں اور بہت جماعت والے تھے اور نہیں پوچھے جاتے
ذُنُوبِهِمُ الْمُجْرِمُونَ ﴿٧٨﴾ فَخَرَجَ عَلَىٰ قَوْمِهِ فِي زِينَتِهِ ۖ
گناہوں اپنوں سے گنہگار ف۴ پس نکلا اوپر قوم اپنی کے بیچ آرائش اپنی کے

ف۱ احوال بتانے والا پیغمبر یا ان کے نائب یا جو نیک بخت تھے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ قارون حضرت موسےٰ کے جد کی اولاد میں تھا فرعون کے سرکار میں پیش ہو گیا تھا۔ بنی اسرائیل پر کار بیگار بھی پہنچانا اور مزدوری اسی کے ہاتھ سے ملتی اس کام میں مال بہت کمایا جب بنی اسرائیل حکم میں آئے حضرت موسیٰ کے اور فرعون غرق ہوا اس کی روزی موقوف ہوئی اور سرداری نہ رہی دل میں ضد رکھتا موسےٰ سے منافق ہو رہا پیچھے عیب دیتا اور تہمتیں لگاتا۔ ایک روز روبرو ایک عورت کو سکھا کر لایا تہمت کی بات اس عورت نے خدا سے ڈر کر سچ کہہ دیا کہ اس نے مجھ کو سکھایا تھا تب حضرت موسےٰ کی بددعا سے زمین میں غرق ہوا اور اس کا گھر اور خزانہ بھی غرق ہوا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ خرابی نہ ڈال یعنی حضرت موسیٰ کی ضد نہ کر اور اپنا حصہ نہ بھول دنیا سے یعنی حصے موافق کھا پہن اور زیادہ مال سے آخرت کما۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ یعنی گناہگار کی سمجھ درست ہو تو گناہ کیوں کرے جب سمجھ الٹی پڑے تو الزام دینے کا کیا فائدہ کہ یہ برا کام کیوں کرتا ہے اس کی برائی نہیں سمجھتا ۱۲۔ منہ رح

قَالَ الَّذِينَ يُرِيدُونَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا يٰلَيْتَ لَنَا مِثْلَ
کہا ان لوگوں نے جو چاہتے تھے زندگانی دنیا کی لیے کاش کہ ہو واسطے ہمارے
مَا أُوتِيَ قَارُونُ إِنَّهُ لَذُو حَظٍّ عَظِيمٍ ﴿٧٩﴾ وَقَالَ الَّذِينَ
جیسا دیا گیا ہے قارون تحقیق وہ بڑے نصیب والا ہے اور کہا ان لوگوں نے
أُوتُوا الْعِلْمَ وَيْلَكُمْ ثَوَابُ اللّٰهِ خَيْرٌ لِمَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ
کہ دیئے گئے تھے علم وائے ہے تم کو ثواب خدا کا بہتر ہے واسطے اس شخص کے کہ ایمان لاتا ہے اور کام
صَالِحًا وَلَا يُلَقّٰهَا إِلَّا الصّٰبِرُونَ ﴿٨٠﴾ فَخَسَفْنَا بِهِ وَبِدَارِهِ
کرتا ہے اچھے اور نہیں سکھائی جاتی یہ بات مگر صبر کرنیوالوں کو ف۱ پس دھسا دیا ہم نے اسکو اور گھر اسکے کو
الْأَرْضَ فَمَا كَانَ لَهُ مِنْ فِئَةٍ يَنْصُرُونَهُ مِنْ دُونِ اللّٰهِ
زمین میں پس نہ ہوئی واسطے اسکے کوئی جماعت کہ مددگار ہووے اسکی سوائے خدا کے
وَمَا كَانَ مِنَ الْمُنْتَصِرِينَ ﴿٨١﴾ وَأَصْبَحَ الَّذِينَ تَمَنَّوْا مَكَانَهُ
اور نہیں ہوا بدلہ لینے والوں سے اور صبح اٹھے وہ لوگ کہ آرزو کرتے تھے مرتبے اسکے
بِالْأَمْسِ يَقُولُونَ وَيْكَأَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَشَاءُ
کی کل کو کہنے لگے تعجب ہے کہ اللہ کھول دیتا ہے رزق جسے چاہتا ہے
مِنْ عِبَادِهِ وَيَقْدِرُ لَوْلَا أَنْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا لَخَسَفَ
بندوں اپنے سے اور تنگ کر دیتا ہے اگر نہ ہوتا یہ کہ احسان کیا اللہ نے اوپر ہمارے دھسا دیتا ہم کو بھی
بِنَا وَيْكَأَنَّهُ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُونَ ﴿٨٢﴾ تِلْكَ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ
تعجب ہے کہ ہرگز نہیں فلاح پاتے کافر یہ گھر پچھلا
نَجْعَلُهَا لِلَّذِينَ لَا يُرِيدُونَ عُلُوًّا فِي الْأَرْضِ وَلَا فَسَادًا
کرتے ہیں ہم اسکو واسطے ان لوگوں کو کہ نہیں چاہتے بلندی بیچ زمین کے اور نہ فساد
وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِينَ ﴿٨٣﴾ مَنْ جَاءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهُ خَيْرٌ
اور آخرت واسطے پرہیزگاروں کے ہے ف۲ جو کوئی آوے ساتھ نیکی کے پس واسطے اسکے بہتر ہے
مِنْهَا وَمَنْ جَاءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزَى الَّذِينَ عَمِلُوا
اس سے اور جو کوئی آوے ساتھ برائی کے پس نہ جزا دیئے جاوینگے وہ لوگ کہ کیں ہیں
السَّيِّاٰتِ إِلَّا مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿٨٤﴾ إِنَّ الَّذِي فَرَضَ
انہوں نے برائیاں مگر جو کچھ کہ تھے کرتے ف۳ تحقیق جس شخص نے کہ مقرر کیا ہے

ف۱ یعنی دنیا سے آخرت کو بہتر وہی جانتے ہیں جن سے محنت سہی جاتی ہے اور بے صبر لوگ حرص کے مارے دنیا کی آرزو پر گرتے ہیں نادان آدمی دنیاداری آسودگی کو جانتا ہے اسکی بڑی قسمت ہے اس کی نظر کو اور آخر کی ذلت کو رسوا ہوجائے خوشامد کرنے کو نہیں دیکھتا یہ نہیں دیکھتے کہ دنیا میں آرام ہے تو دس بیس برس اور مرنے کے بعد کاٹنے ہیں ہزاروں برس ۱۲-منہ رح

ف۲ یعنی قارون کی دولت کو نادانوں نے کہا اس کی بڑی قسمت ہے یہ نہیں آخرت کا ملنا بڑی قسمت ہے سو وہ ان کو ہے جو ذنب کا عروج نہیں چاہتے ۱۲-منہ رح

۸ ع ۷ ۱۱

ف۳ نیکی پر وعدہ دیا۔ نیکی کا وہ ملتا ہے مقرر اور برائی کا وعدہ نہیں فرمایا کہ شاید معاف ہو مگر یہ فرمایا کہ اپنے کیے سے زیادہ سزا نہیں ملتی۔ ۱۲-منہ رح

عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لَرَآدُّكَ اِلٰى مَعَادٍ ؕ قُلْ رَّبِّيْٓ اَعْلَمُ مَنْ
اوپر تیرے حکم قرآن کا البتہ پھیر لے جانیوالا ہے تجھ کو طرف جگہ پھر جانے کی کہہ رب میرا خوب جانتا ہے اس شخص کو

جَآءَ بِالْهُدٰى وَمَنْ هُوَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۞۸۵ وَمَا كُنْتَ
کہ آیا ہے ساتھ ہدایت کے اور اس شخص کو کہ وہ بیچ گمراہی ظاہر کے ہے ف۱ اور نہ تھا تو

تَرْجُوْٓا اَنْ يُّلْقٰٓى اِلَيْكَ الْكِتٰبُ اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ فَلَا
امیدوار اس بات کا کہ اتاری جاوے طرف تیری کتاب مگر رحمت پروردگار تیرے کی طرف سے پس مت

تَكُوْنَنَّ ظَهِيْرًا لِّلْكٰفِرِيْنَ ۞۸۶ وَلَا يَصُدُّنَّكَ عَنْ اٰيٰتِ
ہو پشتیبان واسطے کافروں کے ف۲ اور نہ باز رکھیں تجھ کو نشانیوں

اللّٰهِ بَعْدَ اِذْ اُنْزِلَتْ اِلَيْكَ وَادْعُ اِلٰى رَبِّكَ وَلَا
اللہ کی سے پیچھے اسکے کہ اتاری گئیں طرف تیری اور پکار طرف پروردگار اپنے کی اور مت

تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۞۸۷ وَلَا تَدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا
ہو شریک لانیوالوں سے ف۳ اور مت پکار ساتھ اللہ کے معبود

اٰخَرَ ۘ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۣ كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ ؕ
اور کو نہیں کوئی معبود مگر وہ ہر چیز ہلاک ہونیوالی ہے مگر ذات اس کی

لَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۞۸۸ ع
واسطے اسکے ہے حکم اور طرف اسی کی پھیرے جاؤ گے ف۴

سُوْرَةُ الْعَنْكَبُوْتِ مَكِّيَّةٌ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰياتها ۶۹ رکوعاتها ۷

سورۂ عنکبوت مکہ میں نازل ہوئی اسمیں — شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے — انہتر آیتیں اور سات رکوع ہیں

الٓمّٓ ۞۱ اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ يُّتْرَكُوْٓا اَنْ يَّقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا
کیا گمان کیا ہے لوگوں نے یہ کہ چھوڑے جاویں اتنے ہی پر کہ منہ سے کہدیویں کہ ایمان لائے ہم

وَهُمْ لَا يُفْتَنُوْنَ ۞۲ وَلَقَدْ فَتَنَّا الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ
اور وہ نہ آزمائے جائیں اور البتہ تحقیق آزمایا تھا ہم نے ان لوگوں کو کہ پہلے ان سے تھے

فَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَلَيَعْلَمَنَّ الْكٰذِبِيْنَ ۞۳
پس البتہ ظاہر کر دے گا اللہ ان لوگوں کو کہ سچ بولے ہیں اور البتہ ظاہر کر دے گا جھوٹوں کو

اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ اَنْ يَّسْبِقُوْنَا ؕ سَآءَ
کیا گمان کرتے ہیں وہ لوگ کہ کرتے ہیں برائیاں یہ کہ چڑھ جاویں ہم سے برا ہے

ف۱ پھیر لاوے گا پہلی جگہ یہ آیت اتری ہجرت کے وقت یہ تسلی فرمائی۔ پھر مکہ میں آ گئے سو خوب طرح آئے پورے غالب ہو کر۔ ۱۲۔ منہ
ف۲ یعنی اپنی قوم کو اپنا نہ سمجھ جنہوں نے تجھ سے یہ بدی کی اب جو تیرا ساتھ دے وہی اپنا۔ ۱۲۔ منہ
ف۳ یعنی اپنی قوم کی خاطر نہ کر دین کے کام میں اور آپ کو ان میں نہ گن گو کہ اپنے قرابتی ہوں۔ ۱۲۔ منہ
ف۴ اس سے معلوم ہوا کہ ہر چیز فنا ہونی ہے، کبھی ہو مگر اس کا منہ یعنی وہ آپ۔ ۱۲۔ منہ

وقف لازم
الربع ۹ / ۶ / ۱۲

مَا يَحْكُمُوْنَ ﴿۴﴾ مَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ اللّٰهِ فَاِنَّ اَجَلَ
وہ جو حکم کرتے ہیں ف۱ جو کوئی اُمید رکھتا ہے ملاقات خدا کی پس تحقیق وعدہ

اللّٰهِ لَاٰتٍ ؕ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۵﴾ وَمَنْ جَاهَدَ فَاِنَّمَا يُجَاهِدُ
اللہ کا البتہ آنیوالا ہے اور وہ ہے سننے والا جاننے والا اور جو کوئی محنت کرتا ہے خدا کے کام میں پس سوائے اسکے نہیں کہ

لِنَفْسِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَغَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۶﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
محنت کرتا ہے واسطے جان اپنی کے تحقیق اللہ البتہ بے پرواہ ہے عالموں سے اور جو لوگ کہ ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ
اور کام کیے اچھے البتہ دور کریں گے ہم اُن سے برائیاں ان کی اور البتہ بدلہ دیوینگے ہم اُن کو

اَحْسَنَ الَّذِيْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۷﴾ وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ
بہتر اس چیز کا کہ تھے وہ کرتے ف۲ اور حکم کیا ہم نے انسان کو ساتھ ماں باپ کے

حُسْنًا ؕ وَاِنْ جَاهَدٰكَ لِتُشْرِكَ بِيْ مَا لَيْسَ لَكَ
بھلائی کرنا اور اگر جھگڑا کریں تجھ سے دونو یہ کہ شریک لاوے تو ساتھ میرے اس چیز کو کہ نہیں واسطے تیرے

بِهٖ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا ؕ اِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ
ساتھ اسکے علم پس مت کہا مان ان دونو کا طرف میری ہے پھر آنا تمہارا پس خبر دونگا میں تم کو ساتھ اس چیز کے کہ تھے تم

تَعْمَلُوْنَ ﴿۸﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُدْخِلَنَّهُمْ
کرتے اور وہ لوگ کہ ایمان لائے اور کام کیے اچھے البتہ داخل کرینگے ہم انکو

فِي الصّٰلِحِيْنَ ﴿۹﴾ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ فَاِذَآ
بیچ صالحوں کے ف۳ اور بعضے لوگوں میں سے وہ شخص ہے کہ کہتا ہے ایمان لائے ہم ساتھ اللہ کے پس جب

اُوْذِيَ فِي اللّٰهِ جَعَلَ فِتْنَةَ النَّاسِ كَعَذَابِ اللّٰهِ ؕ وَلَئِنْ
ایذا دیا جاتا ہے بیچ راہ خدا کے کرتا ہے ایذا لوگوں کی کو مانند عذاب خدا کے اور اگر

جَآءَ نَصْرٌ مِّنْ رَّبِّكَ لَيَقُوْلُنَّ اِنَّا كُنَّا مَعَكُمْ ؕ اَوَلَيْسَ
آوے مدد پروردگار تیرے کی طرف سے البتہ کہیں گے تحقیق تھے ہم ساتھ تمہارے کیا نہیں

اللّٰهُ بِاَعْلَمَ بِمَا فِيْ صُدُوْرِ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰﴾ وَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ
خدا خوب جاننے والا اس چیز کو کہ بیچ سینوں عالموں کے ہے اور البتہ ظاہر کردے گا اللہ

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَيَعْلَمَنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ ﴿۱۱﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
ان لوگوں کو کہ ایمان لائے ہیں اور البتہ ظاہر کردے گا منافقوں کو اور کہا اُن لوگوں نے جو کافر ہوئے ہیں

ف۱ پہلے دو آیتیں کہیں مسلمانوں کو جو گرفتار تھے کافروں کی ایذا میں اور یہ آیت کافروں کو جو ستاتے تھے مسلمانوں کو۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی ایمان کی برکت سے نیکیاں ملیں گی اور برائیاں معاف ہونگی۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ دنیا میں ماں باپ سے زیادہ حق کسی کا نہیں پر اللہ کا حق ان سے زیادہ ان کی خاطر دین نہ چھوڑیئے۔ ۱۲۔ منہ رح

لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّبِعُوْا سَبِيْلَنَا وَلْنَحْمِلْ خَطٰيٰكُمْ ۗ وَمَا هُمْ

واسطے ان لوگوں کے کہ ایمان لائے پیروی کرو راہ ہماری کی اور چاہیئے کہ اٹھالیویں ہم گناہ تمہارے اور نہیں وہ

بِحٰمِلِيْنَ مِنْ خَطٰيٰهُمْ مِّنْ شَيْءٍ ۭ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۱۲﴾ وَ

اٹھانے والے گناہ اُن کے سے کچھ تحقیق وہ البتہ جھوٹے ہیں اور

لَيَحْمِلُنَّ اَثْقَالَهُمْ وَاَثْقَالًا مَّعَ اَثْقَالِهِمْ ۡ وَلَيُسْـَٔلُنَّ

البتہ اٹھاوینگے بوجھ اپنے اور بوجھ ساتھ بوجھوں اپنے کے اور البتہ پوچھے جاوینگے

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَمَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۱۳﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا

دن قیامت کے اس چیز سے کہ تھے باندھ لیتے ف۱ اور البتہ تحقیق بھیجا ہم نے نوح کو

اِلٰى قَوْمِهٖ فَلَبِثَ فِيْهِمْ اَلْفَ سَنَةٍ اِلَّا خَمْسِيْنَ

طرف قوم اس کی کے پس رہا بیچ انکے ہزار برس مگر پچاس

عَامًا ۭ فَاَخَذَهُمُ الطُّوْفَانُ وَهُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۴﴾ فَاَنْجَيْنٰهُ

برس پس پکڑا اُن کو طوفان نے اور وہ ظالم تھے ف۲ پس نجات دی ہم نے اسکو

وَاَصْحٰبَ السَّفِيْنَةِ وَجَعَلْنٰهَآ اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۵﴾ وَاِبْرٰهِيْمَ

اور کشتی والوں کو اور کیا ہم نے اسکو نشانی واسطے عالموں کے ف۳ اور بھیجا ہم نے ابراہیم کو

اِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاتَّقُوْهُ ۭ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ

جسوقت کہا اس نے واسطے قوم اپنی کے کہ عبادت کرو اللہ کو اور ڈرو اس سے یہ بہتر ہے واسطے تمہارے

اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۶﴾ اِنَّمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْثَانًا

اگر ہو تم جانتے سوائے اس کے نہیں کہ عبادت کرتے ہو سوائے اللہ کے بتوں کو

وَّتَخْلُقُوْنَ اِفْكًا ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

اور بنا لیتے ہو جھوٹ تحقیق جن کو عبادت کرتے ہو تم سوائے خدا کے

لَا يَمْلِكُوْنَ لَكُمْ رِزْقًا فَابْتَغُوْا عِنْدَ اللّٰهِ الرِّزْقَ وَ

نہیں مالک واسطے تمہارے رزق کے پس ڈھونڈو نزدیک خدا کے رزق اور

اعْبُدُوْهُ وَاشْكُرُوْا لَهٗ ۭ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۷﴾ وَاِنْ تُكَذِّبُوْا

عبادت کرو اسکو اور شکر کرو اس کا طرف اس کی پھیرے جاؤ گے اور اگر جھٹلاؤ تم

فَقَدْ كَذَّبَ اُمَمٌ مِّنْ قَبْلِكُمْ ۭ وَمَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ

پس تحقیق جھٹلایا تھا اُمتوں نے پہلے تم سے اور نہیں اوپر پیغمبر کے مگر پہنچا دینا

ف۱ کوئی چاہے کہ رفاقت کرکر کسی کے گناہ اپنے اوپر لے لیوے یہ ہونا نہیں مگر جس کو گمراہ کیا اور اس کے بہکانے سے اسنے گناہ کیا وہ گناہ اس پر بھی اور اس پر بھی۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۱ ۱۳ ۱۴

ف۲ کہتے ہیں طوفان سے پہلے اتنا رہے اور پیچھے بھی ایک مدت رہے ساری عمر ہوئی چودہ سو برس۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ جس وقت یہ سورت اتری ہے حضرت کے یار بہت سے کافروں کی ایذا سے جہاز پر بیٹھ کر حبشہ کے ملک گئے تھے جب حضرت مدینے کو ہجرت کر آئے تب وہ بھی سلامتی سے آملے۔ فائدہ، اور جہاز نشان رکھا لوگوں کو یعنی دنیا میں ناؤ سے بڑے کام چلتے ہیں اور قدرتیں اللہ کی نظر آتی ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

الْمُبِيْنُ ﴿١٨﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا كَيْفَ يُبْدِئُ اللّٰهُ الْخَلْقَ ثُمَّ

ظاہر ف۱ کیا نہیں دیکھا انہوں نے کہ کیونکر پہلی بار کرتا ہے اللہ پیدائش کو پھر

يُعِيْدُهٗ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ﴿١٩﴾ قُلْ سِيْرُوْا فِى

دوبارہ کریگا اسکو تحقیق یہ اوپر اللہ کے آسان ہے ف۲ کہہ سیر کرو بیچ

الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ بَدَاَ الْخَلْقَ ثُمَّ اللّٰهُ يُنْشِئُ

زمین کے پس دیکھو کہ کیونکر شروع کیا ہے اللہ نے پیدائش کو پھر اللہ ہی پیدا کرے گا

النَّشْاَةَ الْاٰخِرَةَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٢٠﴾ يُعَذِّبُ

پیدائش پچھلی کو تحقیق اللہ اوپر ہر چیز کے قادر ہے عذاب کرتا ہے

مَنْ يَّشَآءُ وَيَرْحَمُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَاِلَيْهِ تُقْلَبُوْنَ ﴿٢١﴾ وَمَآ

جس کو چاہے اور بخشدیتا ہے جس کو چاہے اور طرف اسی کے پھیرے جاؤ گے اور نہیں

اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ فِى الْاَرْضِ وَلَا فِى السَّمَآءِ ۫ وَمَا لَكُمْ

تم عاجز کرنے والے بیچ زمین کے اور نہ بیچ آسمان کے اور نہیں واسطے

مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِىٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿٢٢﴾ ع وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا

تمہارے سوائے اللہ کے کوئی دوست اور نہ مدد دینے والا اور جو لوگ کہ کافر ہوئے

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَلِقَآئِهٖٓ اُولٰٓئِكَ يَئِسُوْا مِنْ رَّحْمَتِىْ وَ

ساتھ نشانیوں اللہ کے اور ملاقات اسکی کے یہ لوگ نا امید ہوئے رحمت میری سے اور

اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٢٣﴾ فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖٓ

یہ لوگ واسطے انکے ہے عذاب درد دینے والا پس نہ تھا جواب قوم اس کی کا

اِلَّآ اَنْ قَالُوا اقْتُلُوْهُ اَوْ حَرِّقُوْهُ فَاَنْجٰىهُ اللّٰهُ مِنَ

مگر یہ کہ کہتے تھے مار ڈالو اس کو یا جلادو اس کو پس نجات دی اسکو اللہ نے

النَّارِ ؕ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿٢٤﴾ وَقَالَ

آگ سے تحقیق بیچ اس کے البتہ نشانیاں ہیں واسطے اس قوم کے کہ ایمان لاتے ہیں ف۳ اور کہا ابراہیم نے

اِنَّمَا اتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْثَانًا ۙ مَّوَدَّةَ بَيْنِكُمْ

سوائے اس کے نہیں کہ پکڑا ہے تم نے سوائے خدا کے بتوں کو دوستی سے درمیان اپنے

فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ ثُمَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكْفُرُ بَعْضُكُمْ

بیچ زندگانی دنیا کے پھر دن قیامت کے کافر ہو جاوینگے بعضے تمہارے

ف۱ رزق جو فرمایا اکثر خلق روزی کے پیچھے ایمان دیتے ہیں سو جان رکھو کہ اللہ کے سوا روزی کوئی نہیں دیتا ہے اپنی خوشی کے موافق۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی شروع تو دیکھتے ہو دوہرانا اسی سے سمجھ لو۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۲ ۱۴

ف۳ اوپر سے حضرت ابراہیم کا کلام چلا تھا اسی کے موافق اللہ تعالے نے بیچ میں کئی باتیں فرمائیں پھر اس قوم کا جواب ذکر کیا نہ جلنے میں پتے یہ کہ معلوم ہوا ہر چیز کی تاثیر اس کے حکم سے ہے جب حکم نہ ہو تو آگ سی چیز نہ جلا سکے۔ ۱۲۔ منہ رح

بِبَعْضٍ وَّيَلْعَنُ بَعْضُكُمْ بَعْضًا ز وَّمَأْوٰىكُمُ النَّارُ وَمَا
بعضوں سے اور لعنت کریں گے بعضے تمہارے بعضوں کو اور جگہ رہنے تمہارے کی آگ ہے اور

لَكُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿۲۵﴾ فَاٰمَنَ لَهٗ لُوْطٌ م وَقَالَ اِنِّيْ مُهَاجِرٌ
نہیں واسطے تمہارے کوئی مددگار ف۱ پس ایمان لایا واسطے اُسکے لوط اور کہا ابراہیم نے تحقیق میں وطن چھوڑنیوالا

اِلٰى رَبِّيْ ط اِنَّهٗ هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۲۶﴾ وَوَهَبْنَا لَهٗ
ہوں طرف رب اپنے کی تحقیق وہی ہے غالب حکمت والا ف۲ اور دیا ہم نے اس کو

اِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَجَعَلْنَا فِيْ ذُرِّيَّتِهِ النُّبُوَّةَ
اسحٰق اور یعقوب اور کی ہم نے بیچ اولاد اس کی کے پیغمبری

وَالْكِتٰبَ وَاٰتَيْنٰهُ اَجْرَهٗ فِي الدُّنْيَا ج وَاِنَّهٗ فِي الْاٰخِرَةِ
اور کتاب اور دیا ہم نے اسکو ثواب اسکا بیچ دنیا کے اور تحقیق وہ بیچ آخرت کے

لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۲۷﴾ وَلُوْطًا اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ اِنَّكُمْ
البتہ صالحوں سے ہے ف۳ اور بھیجا ہم نے لوط کو جسوقت کہا اس نے واسطے قوم اپنی کے تحقیق تم

لَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ ز مَا سَبَقَكُمْ بِهَا مِنْ اَحَدٍ مِّنَ
کیا کرتے ہو بے حیائی نہیں پہلے کیا تم سے اس کو کسی نے

الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۸﴾ اَئِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ وَتَقْطَعُوْنَ
عالموں میں سے کیا تم تحقیق آتے ہو مردوں کے پاس اور کاٹتے ہو

السَّبِيْلَ ۵ وَتَاْتُوْنَ فِيْ نَادِيْكُمُ الْمُنْكَرَ ط فَمَا كَانَ
راہ اور کرتے ہو بیچ مجلس اپنی کے بے حیائی پس نہ تھا

جَوَابَ قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ قَالُوا ائْتِنَا بِعَذَابِ اللّٰهِ اِنْ
جواب قوم اسکی کا مگر یہ کہ کہتے تھے لے آ ہمارے پاس عذاب اللہ کا اگر

كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۲۹﴾ قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ عَلَى الْقَوْمِ
ہے تو سچوں سے کہا لوط نے اے رب میرے مدد دے مجھ کو اُوپر قوم

الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۳۰﴾ ع وَلَمَّا جَآءَتْ رُسُلُنَآ اِبْرٰهِيْمَ بِالْبُشْرٰى لا
مفسدوں کے ف۴ اور جب آئے بھیجے ہوئے ہمارے ابراہیم کے پاس ساتھ بشارت کے

قَالُوْٓا اِنَّا مُهْلِكُوْٓا اَهْلِ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ ج اِنَّ اَهْلَهَا كَانُوْا
کہا انہوں نے تحقیق ہم ہلاک کرنے والے ہیں اہل اس بستی کے کو تحقیق رہنے والے اس کے ہیں

وقف لازم

ف۱ یعنی وہ شیطان جن کے نام کے تھان ہیں اللہ کے روبرو منکر ہوں گے کہ ہم نے نہیں کہا کہ ہم کو پوجو بت پوجنے والے ان کو پھٹکار دیں گے کہ ہماری نذر و نیاز نے کرو وقت پر پھر گئے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ حضرت لوط بھتیجے تھے حضرت ابراہیم کے اس قوم میں کسی نے نہ مانا ان کے سوا ان کا وطن شہر بابل پھر نکلے خدا کے توکل پر اللہ نے ملک شام میں پہنچا کر بسایا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ دنیا میں حق تعالےٰ نے مال اور اولاد اور عزت اور ہمیشہ کا نام نیک دیا اور ملک شام ہمیشہ کو ان کی اولاد کو دیا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ راہ مارنا بھی ان میں دستور تھا۔ یا آپس بدکاری سے مسافروں کی راہ مارتے تھے کہ اس طرف ہو کر نہ نکلیں اور مجلس میں بُرے کام شاید یہی بدکاری لوگوں میں کرتے ہوں گے۔ اس بات کی شرم بھی نہ رہی تھی یا کچھ اور ٹھٹھے اور چھیڑ کرتے ہوں گے۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۳ ۸ ۱۵

ظٰلِمِيْنَ ﴿۳۱﴾ قَالَ اِنَّ فِيْهَا لُوْطًا ؕ قَالُوْا نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَنْ
ظالم کہا تحقیق بیچ اس کے لوط ہے کہا انہوں نے ہم خوب جانتے ہیں اس شخص کو

فِيْهَا ٭ لَنُنَجِّيَنَّهٗ وَاَهْلَهٗۤ اِلَّا امْرَاَتَهٗ ۫ كَانَتْ مِنَ
کہ بیچ اسکے ہے البتہ نجات دینگے ہم اسکو اور اہل اسکے کو مگر جورو اس کی کہ ہے پیچھے

الْغٰبِرِيْنَ ﴿۳۲﴾ وَلَمَّاۤ اَنْ جَآءَتْ رُسُلُنَا لُوْطًا سِیْٓءَ بِهِمْ
رہنے والوں سے اور جب ہوا یہ کہ آئے بھیجے ہوئے ہمارے لوط کے پاس ناخوش ہوا ساتھ انکے

وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا وَّقَالُوْا لَا تَخَفْ وَلَا تَحْزَنْ ۫ اِنَّا
اور تنگ ہوا ساتھ انکے دل میں اور کہا انہوں نے مت ڈر اور مت غم کھا تحقیق ہم

مُنَجُّوْكَ وَاَهْلَكَ اِلَّا امْرَاَتَكَ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿۳۳﴾
نجات دینے والے ہیں تجھ کو اور اہل تیرے کو مگر عورت تیری کو کہ ہے پیچھے رہنے والوں سے ف۱

اِنَّا مُنْزِلُوْنَ عَلٰۤى اَهْلِ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ رِجْزًا مِّنَ السَّمَآءِ
تحقیق ہم اتارنے والے ہیں اوپر رہنے والوں اس بستی کے عذاب آسمان سے

بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿۳۴﴾ وَلَقَدْ تَّرَكْنَا مِنْهَاۤ اٰيَةًۢ بَيِّنَةً
بسبب اس کے کہ تھے فسق کرتے اور البتہ تحقیق چھوڑا ہم نے اس میں سے نشانی ظاہر

لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿۳۵﴾ وَاِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا ۙ
واسطے اس قوم کے کہ جانتے ہیں ف۲ اور طرف مدین کی بھائی ان کے شعیب کو

فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَارْجُوا الْيَوْمَ الْاٰخِرَ وَلَا
پس کہا اے قوم میری عبادت کرو اللہ کو اور اُمیدوار رہو دن پچھلے کے اور مت

تَعْثَوْا فِى الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ﴿۳۶﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَاَخَذَتْهُمُ
پھرو بیچ زمین کے فساد کرتے ف۳ پس جھٹلایا اس کو پس پکڑا ان کو

الرَّجْفَةُ فَاَصْبَحُوْا فِىْ دَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿۳۷﴾ وَعَادًا وَّ
زلزلے نے پس صبح اُٹھے بیچ گھروں اپنے کے زانو پر گرے ہوئے اور ہلاک کیا عاد کو اور

ثَمُوْدَاۡ وَقَدْ تَّبَيَّنَ لَكُمْ مِّنْ مَّسٰكِنِهِمْ ۫ وَزَيَّنَ لَهُمُ
ثمود کو اور تحقیق ظاہر ہیں واسطے تمہارے گھر اُن کے اور زینت دی تھی واسطے انکے

الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ فَصَدَّهُمْ عَنِ السَّبِيْلِ وَكَانُوْا
شیطان نے عملوں ان کے کو پس بند کیا ان کو راہ سے اور تھے

ف۱ یعنی خفا ہوئے اس سے کہ ان مہمانوں کو کس طرح بچاؤں گا، اپنی قوم کی بدی سے۔ ۱۲۔منہ رح

ف۲ یعنی وہ شہر الٹے راہ پر نظر آتے ہیں۔ ۱۲۔منہ رح

ف۳ ان میں عادت تھی دغابازی کی دین لین میں مگر شاید راہ بھی لوٹتے تھے۔ ۱۲۔منہ رح

مُسْتَبْصِرِيْنَ ۝۳۸ وَقَارُوْنَ وَفِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ قف وَلَقَدْ
سب کچھ دیکھنے والے ف۱ اور ہلاک کیا قارون کو اور فرعون کو اور ہامان کو اور البتہ تحقیق

جَآءَهُمْ مُّوْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ فَاسْتَكْبَرُوْا فِى الْاَرْضِ
آیا ان کے پاس موسےٰ ساتھ دلیلوں ظاہر کے پس تکبر کیا انہوں نے بیچ زمین کے

وَمَا كَانُوْا سٰبِقِيْنَ ۝۳۹ فَكُلًّا اَخَذْنَا بِذَنْۢبِهٖ ج فَمِنْهُمْ مَّنْ
اور نہیں تھے ہم سے آگے نکل جانیوالے پس ہر ایک کو پکڑا ہم نے ساتھ گناہوں اسکے کے پس بعض انہیں سے وہ شخص ہے

اَرْسَلْنَا عَلَيْهِ حَاصِبًا ج وَمِنْهُمْ مَّنْ اَخَذَتْهُ الصَّيْحَةُ
کہ بھیجا ہم نے اوپر اس کے مینہ پتھروں کا اور بعض انہیں سے وہ ہے کہ پکڑا اس کو آواز سخت نے

وَمِنْهُمْ مَّنْ خَسَفْنَا بِهِ الْاَرْضَ ج وَمِنْهُمْ مَّنْ اَغْرَقْنَا
اور بعض ان میں سے وہ ہے کہ دھسا دیا ہم نے اس کو زمین میں اور بعض ان میں سے وہ ہے کہ ڈبو دیا ہم نے اسکو

وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْا اَنْفُسَهُمْ
اور نہ تھا اللہ کہ ظلم کرے ان کو و لیکن تھے جانوں اپنی کو

يَظْلِمُوْنَ ۝۴۰ مَثَلُ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ
ظلم کرتے مثال ان لوگوں کی کہ پکڑتے ہیں سوائے اللہ کے

اَوْلِيَآءَ كَمَثَلِ الْعَنْكَبُوْتِ ۚ اِتَّخَذَتْ بَيْتًا ط وَاِنَّ
دوست مانند مکڑی کی ہے کہ بناتی ہے گھر اور تحقیق

وقف لازم اَوْهَنَ الْبُيُوْتِ لَبَيْتُ الْعَنْكَبُوْتِ م لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ۝۴۱
بہت سست گھروں میں البتہ گھر مکڑی کا ہے کاش کہ ہوتے جانتے ف۲

اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ مِنْ شَیْءٍ ط وَهُوَ
تحقیق اللہ جانتا ہے جو کچھ کہ پکارتے ہیں سوائے خدا کے کسی چیز سے اور وہ

الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝۴۲ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ ج
ہے غالب باحکمت ف۳ اور یہ مثالیں ہیں کہ بیان کرتے ہیں ہم انکو واسطے لوگوں کے

وَمَا يَعْقِلُهَآ اِلَّا الْعٰلِمُوْنَ ۝۴۳ خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ
اور نہیں سمجھتے ان کو مگر علم والے پیدا کیا ہے اللہ نے آسمانوں کو

ع ۴ / ۱۴ / ۱۶ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ط اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۝۴۴ ع
اور زمین کو ساتھ حق کے تحقیق بیچ اس کے البتہ نشانی ہے واسطے ایمان والوں کے ف۴

ف۱ یعنی دنیا کے کام میں ہوشیار تھے اور اپنے نزدیک عقلمند تھے پر شیطان کے بہکائے سے نہ بچ سکے۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ یعنی گھر اس واسطے کہ جان مال کا بچاؤ ہو نہ مکڑی کا جالا کہ دامن کے جھٹکے سے ٹوٹ پڑے ویسا ہی ہے جو اللہ کے سوا کسی کو اپنا بچاؤ سمجھے۔ ۱۲ منہ رح

ف۳ یعنی کبھی سننے والا تعجب کرے کہ سب کو ایک لکڑی ہانک دیا۔ بعضی خلق بت پوجتے ہیں بعضے آگ پانی کو بعضے اولیا انبیاء کو یا فرشتوں کو سو اللہ نے فرمادیا کہ اللہ کو سب معلوم ہیں اگر کوئی کچھ کرسکتا تو اللہ سب کو یک قلم موقوف نہ کرتا اور اللہ کو کسی کی رفاقت نہیں چاہیئے زبردست ہے اور مشورہ نہیں چاہیئے حکمت اسی کو ہیں۔ ۱۲ منہ رح

ف۴ یعنی اس کام میں کوئی شامل نہ تھا تو تھوڑے کاموں میں شریک ہونے کی کیا احتیاج۔ ۱۲ منہ رح

اُتْلُ مَآ اُوْحِیَ اِلَیْكَ مِنَ الْكِتٰبِ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ ؕ اِنَّ

پڑھ جو کچھ وحی کی جاتی ہے طرف تیری کتاب سے اور برپا رکھ نماز کو تحقیق

الصَّلٰوةَ تَنْهٰی عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ ؕ وَلَذِكْرُ اللّٰهِ اَكْبَرُ ؕ

نماز منع کرتی ہے بے حیائی سے اور نامعقول سے اور البتہ یاد اللہ کی بہت بڑی ہے

وَاللّٰهُ یَعْلَمُ مَا تَصْنَعُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَلَا تُجَادِلُوْٓا اَهْلَ الْكِتٰبِ اِلَّا

اور اللہ جانتا ہے جو کچھ کرتے ہو تم ف۱ اور مت جھگڑو اہل کتاب سے مگر

بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ ۖۗ اِلَّا الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ وَقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا

اس طرح سے کہ وہ بہت اچھی ہے مگر جو لوگ کہ ظلم کریں اُن میں سے اور کہو ایمان لائے ہم

بِالَّذِیْٓ اُنْزِلَ اِلَیْنَا وَاُنْزِلَ اِلَیْكُمْ وَاِلٰهُنَا وَاِلٰهُكُمْ وَاحِدٌ

ساتھ اس چیز کے کہ اتاری گئی ہے طرف ہماری اور اتاری گئی ہے طرف تمہاری اور معبود ہمارا اور معبود تمہارا ایک ہے

وَّنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ﴿۴۶﴾ وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنَآ اِلَیْكَ الْكِتٰبَ ؕ

اور ہم واسطے اس کے مطیع ہیں ف۲ اور اسی طرح اتاری ہم نے طرف تیری کتاب

فَالَّذِیْنَ اٰتَیْنٰهُمُ الْكِتٰبَ یُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ۚ وَمِنْ هٰٓؤُلَآءِ

پس جو لوگ کہ دی ہم نے اُن کو کتاب ایمان لاتے ہیں ساتھ اسکے اور ان مکے والوں میں سے بعض وہ

مَنْ یُّؤْمِنُ بِهٖ ؕ وَمَا یَجْحَدُ بِاٰیٰتِنَآ اِلَّا الْكٰفِرُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَمَا

شخص ہے کہ ایمان لاتا ہے ساتھ اسکے اور نہیں انکار کرتے ساتھ نشانیوں ہماری کے مگر کافر ف۳ اور نہیں تھا

كُنْتَ تَتْلُوْا مِنْ قَبْلِهٖ مِنْ كِتٰبٍ وَّلَا تَخُطُّهٗ بِیَمِیْنِكَ

تو پڑھتا پہلے اس سے کچھ لکھا ہوا اور نہ لکھتا تھا تو اسکو داہنے ہاتھ اپنے سے

اِذًا لَّارْتَابَ الْمُبْطِلُوْنَ ﴿۴۸﴾ بَلْ هُوَ اٰیٰتٌۢ بَیِّنٰتٌ فِیْ صُدُوْرِ

اس وقت البتہ دھوکا کرتے جھوٹے ف۴ بلکہ وہ آیتیں ہیں روشن بیچ سینوں

الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ ؕ وَمَا یَجْحَدُ بِاٰیٰتِنَآ اِلَّا الظّٰلِمُوْنَ ﴿۴۹﴾

ان لوگوں کے کہ دیئے گئے ہیں علم اور نہیں جھگڑا کرتے ساتھ آیتوں ہماری کے مگر ظالم ف۵

وَقَالُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَیْهِ اٰیٰتٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ قُلْ اِنَّمَا الْاٰیٰتُ

اور کہا انہوں نے کیوں نہیں اتاری گئیں اوپر اسکے نشانیاں رب اس کے سے کہہ سوائے اسکے نہیں کہ نشانیاں

عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَاِنَّمَآ اَنَا نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ ﴿۵۰﴾ اَوَلَمْ یَكْفِهِمْ اَنَّآ

نزدیک اللہ کے ہیں اور سوائے اسکے نہیں کہ میں ڈرانے والا ہوں ظاہر کیا نہیں کفایت کیا ان کو یہ کہ

ع ۴

ف۱ جتنی دیر نماز میں لگے اتنے تو ہر گناہ سے بچے امید ہے کہ آگے بھی بچتا رہے اور اللہ کی یاد کو اس سے زیادہ اثر ہے یعنی گناہ سے بچے اور اعلیٰ درجوں چڑھے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی مشرکوں کا دین جڑ سے غلط ہے اور کتاب والوں کا دین اصل میں سچ تھا تو ان سے انکی طرح نہ جھگڑو کہ جڑ سے اُن کی بات کاٹو نرمی سے بات واجبی سمجھاؤ۔ مگر ان میں جو بے انصافی پر آوے اس کو سزا وہی ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ ان لوگوں میں یعنی مشرکوں میں اور جن کتاب والوں نے اپنی کتاب ٹھیک سمجھی۔ وہ اس کو بھی مانیں گے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ یعنی جگہ تھی شبہے کی کہ اگلی کتاب پڑھ کر یہ باتیں معلوم کیں، حضرت تو کبھی استاد پاس نہ بیٹھے نہ ہاتھ میں قلم پکڑا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۵ یعنی پیغمبر نے کسی سے نہیں لکھا نہیں پڑھا بلکہ یہ وحی جو اس پر آئی ہمیشہ کو بن لکھے جاری رہے گی سینہ بسینہ اور کتابیں حفظ نہ ہوتی تھیں، یہ کتاب حفظ ہی سے باقی ہے لکھنا افزود ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

أَنزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتَٰبَ يُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ
اتاری ہم نے اوپر تیرے کتاب پڑھی جاتی ہے اوپر اُنکے تحقیق بیچ اس کے

لَرَحْمَةً وَذِكْرَىٰ لِقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ﴿٥١﴾ ع قُلْ كَفَىٰ بِاللَّهِ
البتہ رحمت ہے اور نصیحت واسطے اس قوم کے کہ ایمان لاتے ہیں کہہ کہ کفایت ہے اللہ

بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ شَهِيدًا ۖ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمَٰوَٰتِ وَالْأَرْضِ ۗ
درمیان میرے اور درمیان تمہارے گواہ جانتا ہے جو کچھ بیچ آسمانوں کے اور زمین کے ہے

وَالَّذِينَ آمَنُوا بِالْبَٰطِلِ وَكَفَرُوا بِاللَّهِ أُولَٰئِكَ هُمُ
اور وہ لوگ کہ ایمان لائے ساتھ جھوٹ کے اور کفر کیا ساتھ اللہ کے یہ لوگ وہی ہیں

الْخَٰسِرُونَ ﴿٥٢﴾ وَيَسْتَعْجِلُونَكَ بِالْعَذَابِ ۚ وَلَوْلَا أَجَلٌ
ٹوٹا پانے والے ف۲ اور جلدی کرتے ہیں تجھ سے ساتھ عذاب کے اور اگر نہ ہوتا ایک

مُسَمًّى لَجَاءَهُمُ الْعَذَابُ ۚ وَلَيَأْتِيَنَّهُمْ بَغْتَةً وَهُمْ لَا
وقت مقرر البتہ آتا ان کے پاس عذاب اور البتہ آوے گا اُن کے پاس اچانک اور وہ نہیں

يَشْعُرُونَ ﴿٥٣﴾ يَسْتَعْجِلُونَكَ بِالْعَذَابِ وَإِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيطَةٌ
جانتے ہوں گے ف۳ جلدی کرتے ہیں تجھ سے ساتھ عذاب کے اور تحقیق دوزخ البتہ گھیرنے والی ہے

بِالْكَٰفِرِينَ ﴿٥٤﴾ يَوْمَ يَغْشَىٰهُمُ الْعَذَابُ مِن فَوْقِهِمْ وَمِن
کافروں کو ف۴ اس دن کہ ڈھانک لے گا ان کو عذاب اوپر اُن کے سے اور

تَحْتِ أَرْجُلِهِمْ وَيَقُولُ ذُوقُوا مَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿٥٥﴾
نیچے پاؤں اُن کے سے اور کہے گا اللہ تعالیٰ چکھو جو کچھ تھے تم کرتے ف

يَٰعِبَادِيَ الَّذِينَ آمَنُوا إِنَّ أَرْضِي وَٰسِعَةٌ فَإِيَّٰيَ
اے بندو میرے جو ایمان لائے ہو تحقیق زمین میری کشادہ ہے پس مجھ ہی کو تم

فَاعْبُدُونِ ﴿٥٦﴾ كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ ۖ ثُمَّ إِلَيْنَا
عبادت کرو ہر جی چکھنے والا ہے موت کا پھر طرف ہماری

تُرْجَعُونَ ﴿٥٧﴾ وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّٰلِحَٰتِ لَنُبَوِّئَنَّهُم
پھیرے جاؤ گے ف۵ اور جو لوگ کہ ایمان لائے اور کام کیے اچھے البتہ جگہ دینگے ہم

مِّنَ الْجَنَّةِ غُرَفًا تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَٰرُ خَٰلِدِينَ
ان کو بہشت میں سے بالاخانوں میں کہ چلتی ہیں نیچے ان کے سے نہریں ہمیشہ رہنے والے

ع ۵ ۷ ۱

ف۱ اللہ کی گواہی یہی کہ سچوں کو دن پر دن بڑھایا اور جھوٹوں کو مٹایا۔ ۱۲۔ منہ رحمہ

ف۲ اس امت کا عذاب یہی تھا مسلمانوں کے ہاتھ سے قتل ہونا پکڑے جانا سو فتح مکے میں مکے کے لوگ بے خبر رہے کہ حضرت کا لشکر سر پر آکھڑا ہوا۔ ۱۲۔ منہ رحمہ

ف۳ یعنی آخرت کا عذاب تو عبث مانگتے ہیں اس عذاب میں تو پڑے ہی ہیں یہ کفر اور یہ بُرے کام مرے پر نظر آوے گا کہ دوزخ کی آگ ہے جلاتی۔ ۱۲۔ منہ رحمہ

ف۴ یہ اللہ کہے گا یا وہ عذاب ہی بولے گا جیسے زکوٰۃ نہ دینے والے کا مال سانپ ہو کر گلے میں پڑے گا گلے چیرے گا اور کہے گا میں تیرا مال ہوں میں تیرا خزانہ ہوں۔ ۱۲۔ منہ رحمہ

ف۵ جب کافروں نے مکے میں بہت زور کیا تو حکم ہوا ہجرت کا اسّی تراسی گھر اُٹھ گئے حبشہ کے ملک کو، فرمایا کوئی دن کی زندگی جہاں بنے نہاں کاٹ دو پھر ہم پاس اکٹھے آؤ گے تا وطن چھوڑنا دل پر مشکل نہ لگے اور حضرت سے جدا ہونا۔ ۱۲۔ منہ رحمہ

فِيهَا ۚ نِعْمَ أَجْرُ الْعٰمِلِينَ ۝۵۸ الَّذِينَ صَبَرُوا وَعَلٰى رَبِّهِمْ
بیچ اسکے بہت اچھا ہے ثواب عمل کرنے والوں کا جن لوگوں نے صبر کیا اور اُوپر پروردگار اپنے کے

يَتَوَكَّلُونَ ۝۵۹ وَكَأَيِّنْ مِّنْ دَآبَّةٍ لَّا تَحْمِلُ رِزْقَهَا ۖ اللّٰهُ
توکل کرتے ہیں ف۱ اور کتنے چلنے والے ہیں بیچ زمین کے کہ نہیں اٹھائے پھرتے رزق اپنا خدا ہی

يَرْزُقُهَا وَإِيَّاكُمْ ۚ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۝۶۰ وَلَئِنْ سَأَلْتَهُمْ
رزق دیتا ہے انکو اور تم کو اور وہ ہے سننے والا جاننے والا ف۲ اور اگر پوچھے تو اُن سے

مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ
کس نے پیدا کیا آسمانوں کو اور زمین کو اور مسخر کیا ہے سورج کو اور چاند کو

لَيَقُولُنَّ اللّٰهُ ۚ فَأَنّٰى يُؤْفَكُونَ ۝۶۱ اللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ
البتہ کہیں گے اللہ نے پس کہاں سے پھیرے جاتے ہیں ف۳ اللہ کشادہ کرتا ہے رزق جسے

يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ لَهٗ ۚ إِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ۝۶۲
چاہے بندوں اپنے سے اور تنگ کرتا ہے واسطے اسکے تحقیق اللہ ساتھ ہر چیز کے جاننے والا ہے ف۴

وَلَئِنْ سَأَلْتَهُمْ مَّنْ نَّزَّلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَأَحْيَا بِهِ
اور اگر پوچھے تو اُن سے کون شخص اتارتا ہے آسمان سے پانی پس زندہ کرتا ہے ساتھ اسکے

الْأَرْضَ مِنْ بَعْدِ مَوْتِهَا لَيَقُولُنَّ اللّٰهُ ۚ قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ ۚ بَلْ
زمین کو پیچھے موت اسکی کے البتہ کہیں گے اللہ کہہ سب تعریف واسطے اللہ کے ہے بلکہ

أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُونَ ۝۶۳ ع وَمَا هٰذِهِ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ إِلَّا
اکثر اُن کے نہیں سمجھتے ف۵ اور نہیں یہ زندگانی دنیا کی مگر

لَهْوٌ وَّلَعِبٌ ۚ وَإِنَّ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ لَهِيَ الْحَيَوَانُ ۘ لَوْ كَانُوا
کھیل اور مشغولہ اور تحقیق گھر آخرت کا البتہ وہ ہے زندگانی اگر ہوتے

يَعْلَمُونَ ۝۶۴ فَإِذَا رَكِبُوا فِي الْفُلْكِ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِينَ
جانتے پس جسوقت سوار ہوتے ہیں بیچ کشتی کے پکارتے ہیں اللہ کو خالص کر کر

لَهُ الدِّينَ ۚ فَلَمَّا نَجّٰىهُمْ إِلَى الْبَرِّ إِذَا هُمْ يُشْرِكُونَ ۝۶۵
واسطے اسکے عبادت کو پس جب نجات دیتا ہے اُنکو طرف جنگل کی ناگہاں وہ شریک لاتے ہیں

لِيَكْفُرُوا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ ۚ وَلِيَتَمَتَّعُوا ۚ فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ ۝۶۶
تو کہ کفر کریں ساتھ اسچیز کے کہ دی ہے ہم نے انکو اور تو کہ فائدہ اٹھاویں پس البتہ جانیں گے

ف۱ یعنی اس وطن کے بدلے وہ وطن ملے گا۔ ۱۲-منہ رح

ف۲ یہ روزی کی طرف سے خاطر جمع کر دی کہ اکثر جانوروں کے گھر میں کل کا قوت نہیں ہوتا۔ نیا دن اور نئی روزی۔ ۱۲-منہ رح

ف۳ یعنی اسباب رزق کے اسی نے بنائے سب جانتے ہیں پھر اس پر بھروسہ نہیں کرتے کہ وہی پہنچا بھی دے گا مگر جتنا وہ چاہے نہ جتنا تم چاہو یہ آگے سمجھا دیا۔ ۱۲-منہ رح

ف۴ ماپ کر دیتا ہے یہ نہیں کہ نہ دے۔ ۱۲-منہ رح

ع ۶ / ۱۲ / ۲ — وقف لازم

ف۵ یعنی مینہ بھی ہر کسی پر برابر نہیں برستا اور اسی طرح حال بدلتے دیر نہیں لگتی۔ مفلس سے دولتمند کر دے۔ ۱۲-منہ رح

أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّا جَعَلْنَا حَرَمًا آمِنًا وَيُتَخَطَّفُ النَّاسُ
کیا نہیں دیکھا انہوں نے یہ کہ کیا ہے ہم نے حرم کو امن والا اور اچکے جاتے ہیں لوگ

مِنْ حَوْلِهِمْ ۚ أَفَبِالْبَاطِلِ يُؤْمِنُونَ وَبِنِعْمَةِ اللَّهِ
گرد اس کے کیا پس ساتھ جھوٹ کے ایمان لاتے ہیں اور ساتھ نعمت اللہ کے

يَكْفُرُونَ ﴿٦٧﴾ وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا
کفر کرتے ہیں ف۱ اور کون ہے بہت ظالم اس شخص سے کہ باندھ لیا اس نے اوپر اللہ کے جھوٹ

أَوْ كَذَّبَ بِالْحَقِّ لَمَّا جَاءَهُ ۚ أَلَيْسَ فِي جَهَنَّمَ مَثْوًى
یا جھٹلایا سچ کو جب آیا اس کے پاس کیا نہیں بیچ دوزخ کے جگہ رہنے کی

لِلْكَافِرِينَ ﴿٦٨﴾ وَالَّذِينَ جَاهَدُوا فِينَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا ۚ
واسطے کافروں کے اور جن لوگوں نے محنت کی بیچ راہ ہماری کے البتہ دکھاوینگے ہم انکو راہ اپنی

وَإِنَّ اللَّهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِينَ ﴿٦٩﴾
اور تحقیق اللہ البتہ ساتھ احسان کرنیوالوں کے ہے ف۲

آیاتہا ۶۰ رکوعاتہا ۶	بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ	سُورَةُ الرُّومِ مَكِّيَّةٌ
ساٹھ آیتیں اور چھ رکوع ہیں	شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے	سورۂ روم مکہ میں نازل ہوئی ہیں

الم ﴿١﴾ غُلِبَتِ الرُّومُ ﴿٢﴾ فِي أَدْنَى الْأَرْضِ وَهُمْ مِنْ بَعْدِ
مغلوب ہوگئے ہیں رومی بیچ بہت نزدیک زمین کے یعنی شام کے اور وہ پیچھے

غَلَبِهِمْ سَيَغْلِبُونَ ﴿٣﴾ فِي بِضْعِ سِنِينَ ۗ لِلَّهِ الْأَمْرُ مِنْ
مغلوب ہونے اپنے کے شتاب غالب آوینگے بیچ کئی ایک برس کے ف۳ واسطے اللہ کے ہے حکم

قَبْلُ وَمِنْ بَعْدُ ۚ وَيَوْمَئِذٍ يَفْرَحُ الْمُؤْمِنُونَ ﴿٤﴾ بِنَصْرِ
پہلے سب سے اور پیچھے سب سے اور اس دن خوش ہوں گے مسلمان ساتھ مدد

اللَّهِ ۚ يَنْصُرُ مَنْ يَشَاءُ ۖ وَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ﴿٥﴾ وَعْدَ اللَّهِ ۖ
خدا کے مدد کرتا ہے جس کو چاہتا ہے اور وہی ہے غالب مہربان ف۴ وعدہ کیا ہے خدا نے

لَا يُخْلِفُ اللَّهُ وَعْدَهُ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ﴿٦﴾
نہیں خلاف کرتا اللہ وعدہ اپنا و لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے ف۵

يَعْلَمُونَ ظَاهِرًا مِنَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَهُمْ عَنِ الْآخِرَةِ
جانتے ہیں ظاہر کو زندگانی دنیا کی سے اور وہ آخرت سے

ف۱ مکے کے لوگ اللہ کے گھر کے طفیل دشمنوں سے پناہ میں تھے اور سارے ملک عرب میں فساد تھا بتوں کے جھوٹے احسان مانتے ہیں یہ سچا احسان اللہ کا نہیں مانتے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ اپنی راہیں یعنی راہ قرب کی اور رضا کی جو بہشت ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ روم اور فارس کے بادشاہ ملک کی سرحد پر لڑتے تھے عرب سے لگتی زمین پر یعنی عراق پر کافر مکے ع ۶/۴ میں چاہتے کہ فارس جیتیں مسلمان چاہتے کہ روم واسطے اہل کتاب کے خبریں جھوٹ اڑتی تھیں حق تعالے نے نازل فرمایا کہ اب تو روم دب گئے پر کئی برس میں وہ غالب ہونگے دس برس سے کم میں اسی طرح واقع ہوا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ کئی برس پیچھے پھر دونوں میں مقابلہ ہوا تو روم غالب ہوئے اور یہ خبر عرب میں پہنچی جس دن مسلمانوں کو جنگ بدر فتح ہوئی اس کی خوشی تھی۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۵ یعنی بغیر ظاہر اسباب خدا پر بھروسہ نہیں رکھتے۔ ۱۲۔ منہ رح

هُمْ غٰفِلُوْنَ ۝۷ اَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ ۫ مَا خَلَقَ اللّٰهُ

وہی ہیں غافل ف۱ کیا نہیں فکر کیا انہوں نے بیچ جیوں اپنے کے کہ نہیں پیدا کیا اللہ نے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ

آسمانوں کو اور زمین کو اور جو کچھ درمیان ان دونو کے ہے مگر ساتھ حق کے اور وقت مقرر کے

وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ بِلِقَآئِ رَبِّهِمْ لَكٰفِرُوْنَ ۝۸ اَوَ

اور تحقیق بہت لوگ ساتھ ملاقات پروردگار اپنے کے البتہ کافر ہیں ف۲ کیا

لَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ

نہیں سیر کی انہوں نے بیچ زمین کے پس دیکھیں کیونکر ہوا آخر کام ان لوگوں کا

مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَانُوْٓا اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً وَّاَثَارُوا الْاَرْضَ وَ

کہ تھے پہلے ان سے تھے زیادہ اُن سے قوت میں اور پھاڑا تھا انہوں نے زمین کو اور

عَمَرُوْهَآ اَكْثَرَ مِمَّا عَمَرُوْهَا وَجَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ؕ

آباد کیا تھا اس کو زیادہ اس سے کہ آباد کیا انہوں نے اور آئے تھے انکے پاس پیغمبر ان کے ساتھ دلیلوں کے

فَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۝۹ ؕ

پس نہ تھا اللہ کہ ظلم کرے ان کو و لیکن تھے جانوں اپنی کو ظلم کرتے ف۳

ثُمَّ كَانَ عَاقِبَةَ الَّذِيْنَ اَسَآءُوا السُّوْٓاٰى اَنْ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ

پھر ہوا آخر کام ان لوگوں کا کہ برائی کرتے تھے بُرا اس واسطے کہ جھٹلاتے تھے نشانیوں

اللّٰهِ وَكَانُوْا بِهَا يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝۱۰ ع اَللّٰهُ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ

اللہ کی کو اور تھے ساتھ اُن کے ٹھٹھا کرتے ف۴ اللہ پہلی بار کرتا ہے پیدائش پھر

يُعِيْدُهٗ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝۱۱ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يُبْلِسُ

دوبارہ کریگا اس کو پھر طرف اسی کے پھیرے جاؤ گے اور جسدن برپا ہوگی قیامت نا امید ہوں گے

الْمُجْرِمُوْنَ ۝۱۲ وَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ مِّنْ شُرَكَآئِهِمْ شُفَعٰٓؤُا

گنہگار اور نہ ہوں گے واسطے ان کے شریکوں ان کے سے کوئی شفاعت کرنوالے

وَكَانُوْا بِشُرَكَآئِهِمْ كٰفِرِيْنَ ۝۱۳ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يَوْمَئِذٍ

اور ہو جاوینگے ساتھ شریکوں اپنے کے کافر ف۵ اور جسدن قائم ہوگی قیامت اس دن

يَّتَفَرَّقُوْنَ ۝۱۴ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَهُمْ

متفرق ہو جاوینگے پس جو لوگ کہ ایمان لائے اور کام کیے اچھے پس وہ

ف۱ یعنی ظاہر دنیا میں جس کا غلبہ دیکھیں کہیں اللہ اسی پر خوش ہے۔ ۱۲۔منہ رح

ف۲ یعنی ہر ایک چیز کو ایک ابتدا ایک انتہا ہے انسان حیوان درخت کو تو نظر آتا ہے آسمان میں ہر گردش کی ایک مدت ہے مہینے یا برس یا بارہ برس پر ختم ہے جو ہر چیز میں صفت ہے سو سارے جہان میں ہے اپنے وقت پر اس کو فنا ہے پھر یہ ابتدا انتہا کہیں نہیں کچھ اس سے منظور رہے وہی آخرت میں نظر آوے گا۔ ۱۲۔منہ رح

ف۳ یعنی بن رسول بھیجے اللہ نہیں پکڑتا۔ ۱۲۔منہ رح

ع ۱۰ / ۴

ف۴ یعنی ایک قوم کو جن باتوں پر سزا ملی سب کو وہی ملنی ہے سب کی فنا بھی ایک کی فنا سے سمجھو اور سب کی سزا بھی ایک کی سزا سے بوجھو۔ ۱۲۔منہ رح

ف۵ یعنی جن کو اللہ کا شریک بتاتے تھے۔ ۱۲۔منہ رح

فِيْ رَوْضَةٍ يُّحْبَرُوْنَ ﴿۱۵﴾ وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا

بیچ باغ کے بناؤ کروائے جاوینگے اور لیکن جو لوگ کہ کافر ہوئے اور جھٹلایا نشانیوں ہماری کو

وَلِقَآئِ الْاٰخِرَةِ فَاُولٰٓئِكَ فِي الْعَذَابِ مُحْضَرُوْنَ ﴿۱۶﴾

اور ملاقات آخرت کی کو پس یہ لوگ بیچ عذاب کے حاضر کیے جاویں گے

فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ حِيْنَ تُمْسُوْنَ وَحِيْنَ تُصْبِحُوْنَ ﴿۱۷﴾ وَلَهُ

پس پاکی ہے اللہ کو جسوقت کہ شام کرتے ہو تم اور جسوقت کہ صبح کرتے ہو تم اور واسطے اسی کے

الْحَمْدُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِيًّا وَّحِيْنَ تُظْهِرُوْنَ ﴿۱۸﴾

ہے سب تعریف بیچ آسمانوں کے اور زمین کے اور تیسرے پہر اور جب ظہر کرتے ہو تم ف۱

يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَيُحْيِ

نکالتا ہے زندے کو مُردے سے اور نکالتا ہے مُردے کو زندے سے اور جلاتا ہے

الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ﴿۱۹﴾ ع وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ

زمین کو پیچھے موت اسکی کے اور اسی طرح نکالے جاؤگے تم ف۲ اور نشانیوں اسکی سے ہے

اَنْ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ اِذَآ اَنْتُمْ بَشَرٌ تَنْتَشِرُوْنَ ﴿۲۰﴾

یہ کہ پیدا کیا تم کو مٹی سے پھر ناگہاں تم انسان ہو چلتے پھرتے

وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْكُنُوْٓا

اور نشانیوں اس کی سے ہے یہ کہ پیدا کیا واسطے تمہارے آپس تمہارے سے جوڑا تو کہ آرام پکڑو تم

اِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ مَّوَدَّةً وَّرَحْمَةً ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ

طرف اسکی اور کیا درمیان تمہارے پیار اور مہربانی تحقیق بیچ اس کے البتہ نشانیاں ہیں

لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَمِنْ اٰيٰتِهٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ

واسطے اس قوم کے کہ فکر کرتے ہیں ف۳ اور نشانیوں اسکی سے ہے پیدا کرنا آسمانوں کا

وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافُ اَلْسِنَتِكُمْ وَاَلْوَانِكُمْ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ

اور زمین کا اور اختلاف بولیوں تمہاری کا اور رنگوں تمہارے کا تحقیق بیچ اس کے

لَاٰيٰتٍ لِّلْعٰلِمِيْنَ ﴿۲۲﴾ وَمِنْ اٰيٰتِهٖ مَنَامُكُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ

البتہ نشانیاں ہیں واسطے عالموں کے ف۴ اور نشانیوں اسکی سے ہے سونا تمہارا بیچ رات کے اور دن کے

وَابْتِغَآؤُكُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ

اور ڈھونڈنا تمہارا فضل اس کے سے تحقیق بیچ اس کے البتہ نشانیاں ہیں واسطے اس قوم کے کہ

ف۱ یعنی پاک اللہ کو یاد کرو اور اس کی خوبی آسمان و زمین میں ہو رہی ہے۔ ان چار وقتوں پر یاد کرو صبح کی نماز اور شام کی اسی میں مغرب اور عشا آچکیں پچھلے وقت عصر اور دوپہر ظہر۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی مٹی مردہ سے جیتے جاندار۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۹

ف۳ حق تعالیٰ نے درخت کی نسل ایک سے ۲ چلائی اور جانور کی نسل دو سے پھر بعضے ۵ جانور کا جوڑا مقرر نہیں اور بعضوں کا مقرر ٹھہرایا اس ہی نسل کے سوا انسیت اور سہپن ہے اور پیار اور محبت تا جہاں کی بستی ہو جو کوئی جوڑا مقرر نہ کرے، یعنی زنا کرے، نکاح نہ کرے وہ انسان سے حیوان ہوا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ سب انسان ایک ماں باپ سے بنائے ملا کر بسائے پھر جدا بولیاں کر دیں ایک ملک کا آدمی دوسرے ملک میں جیسے جانور۔ ۱۲۔ منہ رح

يَسْمَعُونَ ﴿٢٣﴾ وَمِنْ آيَاتِهِ يُرِيكُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا وَطَمَعًا
سنتے ہیں ف۱ اور نشانیوں اس کی سے ہے کہ دکھلاتا ہے تم کو بجلی ڈر سے اور اُمید سے
وَيُنَزِّلُ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَيُحْيِي بِهِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا
اور اتارتا ہے آسمان سے پانی پس زندہ کرتا ہے ساتھ اسکے زمین کو پیچھے مرنے اسکے کے
إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِقَوْمٍ يَعْقِلُونَ ﴿٢٤﴾ وَمِنْ آيَاتِهِ أَنْ
تحقیق بیچ اس کے البتہ نشانیاں ہیں واسطے اس قوم کے کہ عقل پکڑتے ہیں اور نشانیوں اس کی سے ہے یہ کہ
تَقُومَ السَّمَاءُ وَالْأَرْضُ بِأَمْرِهِ ۚ ثُمَّ إِذَا دَعَاكُمْ دَعْوَةً مِنَ
قائم ہیں آسمان اور زمین ساتھ حکم اس کے کے پھر جب پکارے گا تم کو ایک بار پکارنا
الْأَرْضِ إِذَا أَنْتُمْ تَخْرُجُونَ ﴿٢٥﴾ وَلَهُ مَنْ فِي السَّمَاوَاتِ
زمین میں سے ناگہاں تم نکل آؤ گے ف۲ اور واسطے اسکے ہے جو کچھ بیچ آسمانوں کے
وَالْأَرْضِ ۖ كُلٌّ لَهُ قَانِتُونَ ﴿٢٦﴾ وَهُوَ الَّذِي يَبْدَأُ الْخَلْقَ
اور زمین کے ہے سب واسطے اُسکے فرمانبردار ہیں اور وہی ہے جو پہلی بار کرتا ہے پیدائش کو
ثُمَّ يُعِيدُهُ وَهُوَ أَهْوَنُ عَلَيْهِ ۚ وَلَهُ الْمَثَلُ الْأَعْلَىٰ فِي
پھر دوبارہ کرے گا اس کو اور وہ بہت آسان ہے اوپر اس کے اور واسطے اس کے ہے صفت بلند بیچ
السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ﴿٢٧﴾ ضَرَبَ لَكُمْ
آسمانوں کے اور زمین کے اور وہی ہے غالب حکمت والا ف۳ بیان کی واسطے تمہارے
مَثَلًا مِنْ أَنْفُسِكُمْ ۖ هَلْ لَكُمْ مِنْ مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ مِنْ
مثال آپس تمہارے سے کیا ہے واسطے تمہارے اس چیز سے کہ مالک ہیں داہنے ہاتھ تمہارے
شُرَكَاءَ فِي مَا رَزَقْنَاكُمْ فَأَنْتُمْ فِيهِ سَوَاءٌ تَخَافُونَهُمْ
شریک بیچ اس چیز کے کہ دیا ہے ہم نے تم کو پس تم سب بیچ اس کے برابر ہو جاؤ ڈرو تم اُن سے
كَخِيفَتِكُمْ أَنْفُسَكُمْ ۚ كَذَٰلِكَ نُفَصِّلُ الْآيَاتِ لِقَوْمٍ
جیسا ڈرتے ہو تم آپس اپنے سے اسی طرح مفصل بیان کرتے ہیں ہم نشانیاں واسطے اس قوم کے
يَعْقِلُونَ ﴿٢٨﴾ بَلِ اتَّبَعَ الَّذِينَ ظَلَمُوا أَهْوَاءَهُمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ
کہ عقل پکڑتے ہیں ف۴ بلکہ پیروی کی ان لوگوں نے کہ ظلم کیا انہوں نے خواہشوں اپنی کی بغیر علم کے
فَمَنْ يَهْدِي مَنْ أَضَلَّ اللَّهُ ۖ وَمَا لَهُمْ مِنْ نَاصِرِينَ ﴿٢٩﴾
پس کون ہدایت کرتا ہے اس شخص کو کہ گمراہ کرے اسکو اللہ اور نہیں واسطے اس کے کوئی مدد دینے والا

ف۱ دو حالتیں بدلتی ہیں سویا تو پتھر کی طرح اور تلاش میں لگا تو ایسا ہوشیار کوئی نہیں اصل تو رات ہے سونے کو اور دن تلاش کو پھر دونوں وقت دونوں کام ہوتے ہیں نشانیاں ہیں سننے والوں کو کہ اپنے سونے کا احوال نظر نہیں آتا، لوگوں کی زبانی سنتے ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ معلوم ہوتا ہے کہ آسمان کھڑا ہے اس میں تارے چلتے ہیں جس کو اور جگہ فرمایا تیرتے ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی آسمان کے لوگ نہ کھاویں نہ پیویں نہ حاجت بشری رکھیں سوائے بندگی کچھ کام نہیں اور زمین کے لوگ سب چیز میں آلودہ پر اللہ کے صفت نہ اُن سے ملے نہ اُن سے اور وہ پاک ذات ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۸ ۳ ۶

ف۴ یعنی تم جھوٹے مالک ہو لونڈی غلام کے سب روزی کھاتے ہو اللہ کی پھر بھی برابر ساجھی نہیں ہو سکتے تمہارے جیسے اپنے بھائی بند اور تم کو کچھ پروا نہیں ان کی کہ مرضی سے کر کام کرو تو وہ سچا مالک کیا پروا رکھے اپنے غلام کی جس کو اس کا ساجھی گنو۔ ۱۲۔ منہ رح

فَأَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّينِ حَنِيفًا ۚ فِطْرَتَ اللَّهِ الَّتِي فَطَرَ
پس سیدھا کر منہ اپنا واسطے عبادت کے اوپر دین ابراہیم کے ہو کر لازم پکڑ پیدائش خدا کی کو جو پیدا کیا
النَّاسَ عَلَيْهَا ۚ لَا تَبْدِيلَ لِخَلْقِ اللَّهِ ۚ ذَٰلِكَ الدِّينُ الْقَيِّمُ
لوگوں کو اوپر اس کے نہیں بدلنا ہے واسطے پیدائش خدا کے یہی ہے دین درست
وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ﴿٣٠﴾ مُنِيبِينَ إِلَيْهِ وَاتَّقُوهُ
و لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے ف۱ رجوع کرنے والے ہیں طرف اسکی اور ڈرو اس سے
وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَلَا تَكُونُوا مِنَ الْمُشْرِكِينَ ﴿٣١﴾ مِنَ الَّذِينَ فَرَّقُوا
اور برپا رکھو نماز کو اور مت ہو شریک لانے والوں سے ف۲ ان لوگوں سے کہ ٹکڑے ٹکڑے کیا ہے
دِينَهُمْ وَكَانُوا شِيَعًا ۖ كُلُّ حِزْبٍ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُونَ ﴿٣٢﴾
انہوں نے دین اپنا اور ہو گئے فرقے فرقے ہر گروہ ساتھ اس چیز کے کہ پاس انکے ہے خوش ہیں
وَإِذَا مَسَّ النَّاسَ ضُرٌّ دَعَوْا رَبَّهُمْ مُنِيبِينَ إِلَيْهِ ثُمَّ إِذَا
اور جب لگتی ہے لوگوں کو سختی پکارتے ہیں پروردگار اپنے کو رجوع کرتے ہوئے طرف اسکی پھر جب
أَذَاقَهُمْ مِنْهُ رَحْمَةً إِذَا فَرِيقٌ مِنْهُمْ بِرَبِّهِمْ يُشْرِكُونَ ﴿٣٣﴾
چکھاتا ہے انکو اپنی طرف سے مہربانی ناگہاں ایک فرقہ ان میں سے ساتھ رب اپنے کے شریک لاتے ہیں ف۳
لِيَكْفُرُوا بِمَا آتَيْنَاهُمْ ۚ فَتَمَتَّعُوا فَسَوْفَ تَعْلَمُونَ ﴿٣٤﴾ أَمْ
تو کہ کفر کریں ساتھ اس چیز کے کہ دی ہے ہم نے انکو پس لے لو فائدہ پس البتہ جانو گے کیا
أَنْزَلْنَا عَلَيْهِمْ سُلْطَانًا فَهُوَ يَتَكَلَّمُ بِمَا كَانُوا بِهِ يُشْرِكُونَ ﴿٣٥﴾
اتاری ہم نے اوپر ان کے کوئی دلیل پس وہ بولتی ہے ساتھ اس چیز کے کہ تھے ساتھ اسکے شریک لاتے
وَإِذَا أَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً فَرِحُوا بِهَا ۖ وَإِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ
اور جس وقت چکھاتے ہیں ہم آدمی کو رحمت خوش ہوتے ہیں ساتھ اسکے اور اگر پہنچے اُن کو برائی
بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيهِمْ إِذَا هُمْ يَقْنَطُونَ ﴿٣٦﴾ أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّ اللَّهَ
بسبب اسکے کہ آگے بھیجا ہے ہاتھوں انکے نے ناگہاں وہ نا اُمید ہو جاتے ہیں کیا نہیں دیکھا انہوں نے یہ کہ اللہ
يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَشَاءُ وَيَقْدِرُ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ
کھول دیتا ہے رزق واسطے جس کے چاہے اور بند کر دیتا ہے تحقیق بیچ اس کے البتہ نشانیاں ہیں
لِقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ﴿٣٧﴾ فَآتِ ذَا الْقُرْبَىٰ حَقَّهُ وَالْمِسْكِينَ وَابْنَ
واسطے اُس قوم کے کہ ایمان لاتے ہیں ف۴ پس دے قرابت والے کو حق اس کا اور فقیر کو اور

ف۱ یعنی اللہ سب کا حاکم، مالک سب سے نرالا۔ کوئی اس کے برابر نہیں کسی کا زور اس پر نہیں یہ باتیں سب جانتے ہیں اس پر چلنا چاہیئے ایسے ہی کسی کے جان مال کو ستانا ناموس میں عیب لگانا ہر کوئی برا جانتا ہے ایسے ہی اللہ کو یاد کرنا غریب پر ترس کھانا حق پورا دینا دغا نہ کرنی ہر کوئی اچھا جانتا ہے اس پر چلنا وہی دین سچا ہے ان چیزوں کا بندوبست پیغمبروں کی زبان سے اللہ نے سکھلا دیا۔ ۱۲۔منہ رح

ف۲ یعنی اصل دین پکڑو اس کی طرف رجوع ہو کر اگر صلاح دنیا کے واسطے یہ کام کیے تو دین درست نہ ہوا۔ ۱۲۔منہ رح

ف۳ یعنی جیسے بھلے کام ہر انسان کی جبلت پہچانتی ہے اللہ کی طرف رجوع ہونا بھی ہر ایک کی جبلت جانتی ہے ڈر کے وقت کھل جاتا ہے۔ ۱۲۔منہ رح

ف۴ یعنی جس کو چاہے ماپ دے روزی جس کو چاہے پھیلا دے۔ ۱۲۔منہ رح

السَّبِيْلِ ذٰلِكَ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَ اللّٰهِ وَاُولٰٓئِكَ
مسافر کو یہ بہت بہتر ہے واسطے ان لوگوں کے کہ ارادہ کرتے ہیں رضامندی خدا کی کا اور یہ لوگ

هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۳۸﴾ وَمَآ اٰتَيْتُمْ مِّنْ رِّبًا لِّيَرْبُوَاۡ فِيْٓ اَمْوَالِ
وہی ہیں فلاح پانے والے اور جو کچھ کہ دیتے ہو تم سود کو تو کہ بڑھے بیچ مالوں

النَّاسِ فَلَا يَرْبُوْا عِنْدَ اللّٰهِ ۚ وَمَآ اٰتَيْتُمْ مِّنْ زَكٰوةٍ تُرِيْدُوْنَ
لوگوں کے پس نہیں بڑھتا نزدیک اللہ کے اور جو کچھ دیتے ہو تم زکوٰۃ سے کہ ارادہ کرتے ہو

وَجْهَ اللّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُضْعِفُوْنَ ﴿۳۹﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ ثُمَّ
رضامندی خدا کی کا پس یہ لوگ وہی ہیں دُگنا کرنے والے اللہ وہی ہے جس نے پیدا کیا تم کو پھر

رَزَقَكُمْ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ۭ هَلْ مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّفْعَلُ
رزق دیا تم کو پھر مارے گا تم کو پھر جلاوے گا تم کو کیا ہے شریکوں تمہارے میں سے کوئی کہ کرے

مِنْ ذٰلِكُمْ مِّنْ شَيْءٍ ۭ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۴۰﴾ ع ظَهَرَ
اس میں سے کچھ پاکی ہے اس کو اور بہت بلند ہے اس چیز سے کہ شریک لاتے ہیں پھیل گیا

الْفَسَادُ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ بِمَا كَسَبَتْ اَيْدِي النَّاسِ لِيُذِيْقَهُمْ
فساد بیچ جنگل کے اور دریا کے بسبب اس چیز کے کہ کمایا ہے ہاتھوں لوگوں کے نے تو کہ چکھاوے انکو

بَعْضَ الَّذِيْ عَمِلُوْا لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۴۱﴾ قُلْ سِيْرُوْا فِي
بعض اس چیز کا کہ کرتے ہیں تو کہ وہ پھر آویں ف۱ کہہ سیر کرو بیچ

الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلُ ۭ كَانَ
زمین کے پس دیکھو کہ کیونکر ہوا آخر کام ان لوگوں کا جو پہلے اس سے تھے ، تھے

اَكْثَرُهُمْ مُّشْرِكِيْنَ ﴿۴۲﴾ فَاَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ الْقَيِّمِ مِنْ قَبْلِ
بہت ان کے شریک لانیوالے پس سیدھا کر منہ اپنا واسطے دین درست کے پہلے اس سے

اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ يَوْمَئِذٍ يَّصَّدَّعُوْنَ ﴿۴۳﴾
کہ آوے انکے پاس وہ دن کہ نہیں پھر جانا اس کو اللہ کی طرف سے اس دن متفرق ہوں گے ف۲

مَنْ كَفَرَ فَعَلَيْهِ كُفْرُهٗ ۚ وَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِاَنْفُسِهِمْ
جو کوئی کفر کریگا پس اُوپر اسکے ہے کفر اُسکا اور جو کوئی نیکی کرے پس واسطے جان اپنی کے

يَمْهَدُوْنَ ﴿۴۴﴾ لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْ
جگہ کرتے ہیں تو کہ بدلہ دلوے ان لوگوں کو کہ ایمان لائے اور کام کیے اچھے

ف۱ یعنی کفر اور ظلم پھیل پڑا ہے۔ زمین میں اور جہازوں میں لوٹ مار ہر طرف اس کا وبال پڑا چاہیے سارا تو آخرت میں ہے پر کچھ یہاں بھی شاید ڈر کر راہ پر آویں۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۴ / ۱۳ / ۷

ف۲ یعنی دین کا غلبہ ہو اور سزا پانے والے الگ ہوں اور مقبول اللہ کے الگ۔

۱۲۔ منہ رح

فَضْلِهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۴۵﴾ وَمِنْ اٰيٰتِهٖۤ اَنْ يُّرْسِلَ الرِّيَاحَ
فضل اپنے سے تحقیق وہ نہیں دوست رکھتا کافروں کو اور نشانیوں اسکی سے ہے یہ کہ بھیجتا ہے باؤں کو

مُبَشِّرٰتٍ وَّلِيُذِيْقَكُمْ مِّنْ رَّحْمَتِهٖ وَلِتَجْرِيَ الْفُلْكُ بِاَمْرِهٖ
خوشخبری دینے والیاں اور تو کہ چکھاوے تم کو مہربانی اپنی سے اور تو کہ جاری ہوویں کشتیاں ساتھ حکم اُسکے کے

وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۴۶﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا
اور تو کہ ڈھونڈو فضل اس کے سے اور تو کہ تم شکر کرو ف۱ اور البتہ تحقیق بھیجے ہیں

مِنْ قَبْلِكَ رُسُلًا اِلٰى قَوْمِهِمْ فَجَآءُوْهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَانْتَقَمْنَا
ہم نے پہلے تجھ سے پیغمبر طرف قوم ان کی کے پس آئے ان کے پاس ساتھ دلیلوں ظاہر کے پس بدلا لیا ہم نے

مِنَ الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا ؕ وَكَانَ حَقًّا عَلَيْنَا نَصْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۴۷﴾
اُن لوگوں سے کہ گناہ کرتے تھے اور تھا لازم اُوپر ہمارے مدد دینا ایمان والوں کا ف۲

اَللّٰهُ الَّذِيْ يُرْسِلُ الرِّيٰحَ فَتُثِيْرُ سَحَابًا فَيَبْسُطُهٗ فِي السَّمَآءِ
اللہ وہ شخص ہے کہ بھیجتا ہے باؤں کو پس اٹھاتی ہیں بادلوں کو پس پھیلاتا ہے اسکو بیچ آسمان کے

كَيْفَ يَشَآءُ وَيَجْعَلُهٗ كِسَفًا فَتَرَى الْوَدْقَ يَخْرُجُ مِنْ خِلٰلِهٖ ۚ
جس طرح چاہتا ہے اور کرتا ہے اسکو تہ بتہ پس دیکھتا ہے تو مینہ کو نکلتا ہے درمیان اُسکے سے

فَاِذَآ اَصَابَ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖۤ اِذَا هُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿۴۸﴾
پس جب پہنچاتا ہے اس کو جس کو چاہتا ہے بندوں اپنے سے ناگہاں وہ خوش وقت ہوجاتے ہیں ف۳

وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلِ اَنْ يُّنَزَّلَ عَلَيْهِمْ مِّنْ قَبْلِهٖ لَمُبْلِسِيْنَ ﴿۴۹﴾
اور تحقیق تھے پہلے اس سے کہ اتارا جاوے اوپر اُن کے پہلے اس سے البتہ ناامید ہونے والے

فَانْظُرْ اِلٰۤى اٰثٰرِ رَحْمَتِ اللّٰهِ كَيْفَ يُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ
پس دیکھ طرف نشانیوں رحمت خدا کی کے کیونکر زندہ کرتا ہے زمین کو پیچھے موت اس کی کے

اِنَّ ذٰلِكَ لَمُحْيِ الْمَوْتٰى ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۵۰﴾ وَلَئِنْ
تحقیق وہی ہے البتہ زندہ کرنا مردوں کو اور وہ اُوپر ہر چیز کے قادر ہے اور اگر

اَرْسَلْنَا رِيْحًا فَرَاَوْهُ مُصْفَرًّا لَّظَلُّوْا مِنْ بَعْدِهٖ يَكْفُرُوْنَ ﴿۵۱﴾
بھیج دیں ہم ایک باؤ پس دیکھیں اُسکو کھیتی زرد ہوئی البتہ ہو جاویں پیچھے اس کے کفر کرنیوالے ف۴

فَاِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى وَلَا تُسْمِعُ الصُّمَّ الدُّعَآءَ اِذَا وَلَّوْا
پس تحقیق تو نہیں سناتا مُردوں کو اور نہیں سناتا بہروں کو پکارنا جسوقت کہ پھر جاتے ہیں

ف۱ یعنی باؤ چلنے سے اتنے فائدے ہیں مینہ کی خبر اور جہاز چلتے ہیں۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ بیچ میں باؤ کا مذکور اس واسطے کہ جیسے مینہ کی خبر لاتی ہیں بادیں ایسے دین کے غلبہ کی نشانیاں روشن ہوتی جاتیاں ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ پھیلاتا ہے جس طرح چاہے یعنی پہلے کسی طرف پیچھے کسی طرف اسی طرح دین بھی پھیلا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ یعنی غرض کے ساتھ ہے ان کا شکر اور ناشکری اور یہاں اس پر فرمایا کہ مراد پاکر بندہ نڈر نہ ہووے اللہ کی قدرت رنگارنگ ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

مُدْبِرِينَ ﴿٥٢﴾ وَمَآ أَنتَ بِهَٰدِ الْعُمْيِ عَن ضَلَٰلَتِهِمْ ۖ إِن تُسْمِعُ إِلَّا

پیٹھ پھیر کر اور نہیں تو راہ دکھانیوالا اندھوں کو گمراہی انکی سے نہیں سناتا تو مگر

ع ۵ ۳ مَن يُؤْمِنُ بِـَٔايَٰتِنَا فَهُم مُّسْلِمُونَ ﴿٥٣﴾ اللَّهُ الَّذِي خَلَقَكُم مِّن

اس شخص کو کہ ایمان لاتا ہے ساتھ نشانیوں ہماری کے پس وہ مطیع ہوجاتے ہیں اللہ وہ ہے جس نے پیدا کیا تم کو

ضَعْفٍ ثُمَّ جَعَلَ مِن بَعْدِ ضَعْفٍ قُوَّةً ثُمَّ جَعَلَ مِن بَعْدِ

ناتوانی سے پھر کی پیچھے ناتوانی کے قوت پھر کی پیچھے

قُوَّةٍ ضَعْفًا وَشَيْبَةً ۚ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ۖ وَهُوَ الْعَلِيمُ الْقَدِيرُ ﴿٥٤﴾

قوت کے ناتوانی اور بڑھاپا پیدا کرتا ہے جو کچھ چاہتا ہے اور وہ ہے جاننے والا صاحب قدرت

وَيَوْمَ تَقُومُ السَّاعَةُ يُقْسِمُ الْمُجْرِمُونَ مَا لَبِثُوا غَيْرَ سَاعَةٍ

اور جسدن قائم ہو گی قیامت قسم کھاویں گے گنہگار کہ نہیں رہے تھے سوائے ایک ساعت کے

كَذَٰلِكَ كَانُوا يُؤْفَكُونَ ﴿٥٥﴾ وَقَالَ الَّذِينَ أُوتُوا الْعِلْمَ وَالْإِيمَٰنَ

اسی طرح تھے پھیرے جاتے ف۱ اور کہیں گے وہ لوگ کہ دیئے گئے ہیں علم اور ایمان

لَقَدْ لَبِثْتُمْ فِي كِتَٰبِ اللَّهِ إِلَىٰ يَوْمِ الْبَعْثِ ۖ فَهَٰذَا يَوْمُ

تحقیق وعدے پر رہے تھے تم بیچ کتاب اللہ کے دن زندہ کرنے تک پس یہ ہے دن

الْبَعْثِ وَلَٰكِنَّكُمْ كُنتُمْ لَا تَعْلَمُونَ ﴿٥٦﴾ فَيَوْمَئِذٍ لَّا يَنفَعُ الَّذِينَ

زندہ کرنے کا و لیکن تم تھے نہیں جانتے پس اس دن نہ نفع دیگا ان لوگوں کو کہ

ظَلَمُوا مَعْذِرَتُهُمْ وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُونَ ﴿٥٧﴾ وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ

ظلم کرتے ہیں عذر ان کا اور نہ وہ توبہ قبول کیے جاوینگے اور البتہ تحقیق بیان کیا ہمنے واسطے لوگوں کے

فِي هَٰذَا الْقُرْءَانِ مِن كُلِّ مَثَلٍ ۚ وَلَئِن جِئْتَهُم بِـَٔايَةٍ لَّيَقُولَنَّ

بیچ اس قرآن کے ہر ایک مثال سے اور اگر لاوے تو انکے پاس کوئی نشانی البتہ کہیں گے

الَّذِينَ كَفَرُوا إِنْ أَنتُمْ إِلَّا مُبْطِلُونَ ﴿٥٨﴾ كَذَٰلِكَ يَطْبَعُ اللَّهُ

وہ لوگ کہ کافر ہوئے نہیں تم مگر جھوٹے اسی طرح مہر رکھتا ہے اللہ

عَلَىٰ قُلُوبِ الَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ ﴿٥٩﴾ فَاصْبِرْ إِنَّ وَعْدَ اللَّهِ

اوپر دلوں ان لوگوں کے کہ نہیں جانتے پس صبر کر تحقیق وعدہ اللہ کا

ع ۶ ۷ ۹ حَقٌّ ۖ وَلَا يَسْتَخِفَّنَّكَ الَّذِينَ لَا يُوقِنُونَ ﴿٦٠﴾ ع

سچ ہے اور نہ سبک کریں تجھ کو وہ لوگ کہ نہیں یقین لاتے ،

قرء حفص بضم الضاد و فتحها فی الثلاثة لکن الضم مختار ۱۲

ف۱ یعنی قبر کا رہنا تھوڑا معلوم ہوگا اور ایسی ہی غلط باتیں جانتے تھے۔ ۱۲ منہ

سُوْرَةُ لُقْمٰنَ مَكِّيَّةٌ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰیاتہا ۳۴ رکوعاتہا ۴

سورۂ لقمان مکہ میں نازل ہوئی اسمیں — شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے — چونتیس آیتیں اور چار رکوع ہیں

الٓمّٓ ﴿۱﴾ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ﴿۲﴾ هُدًى وَّرَحْمَةً
یہ آیتیں ہیں کتاب حکمت والی کی راہ دکھانا اور مہربانی
لِّلْمُحْسِنِيْنَ ﴿۳﴾ الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ
واسطے نیکی کرنیوالوں کے وہ جو قائم رکھتے ہیں نماز کو اور دیتے ہیں زکوٰۃ
وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ﴿۴﴾ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ
اور وہ ساتھ آخرت کے وہی ہیں یقین لانے والے یہ لوگ اوپر ہدایت کے ہیں
رَّبِّهِمْ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۵﴾ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْتَرِيْ
پروردگار اپنے کی طرف سے اور یہ لوگ وہی ہیں فلاح پانیوالے اور بعض لوگوں میں سے وہ شخص ہے کہ مول لیتا ہے
لَهْوَ الْحَدِيْثِ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۖ وَّيَتَّخِذَهَا
غافل کرنیوالی بات کو تو کہ گمراہ کرے راہ خدا کے سے بغیر علم کے اور پکڑے اس کو
هُزُوًا ۭ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿۶﴾ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا
ٹھٹھا یہ لوگ واسطے اُنکے عذاب ہے رسوا کرنے والا ف اور جب پڑھی جاتی ہیں اوپر اُسکے نشانیاں ہماری
وَلّٰى مُسْتَكْبِرًا كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا كَاَنَّ فِيْٓ اُذُنَيْهِ وَقْرًا ۚ
پیٹھ پھیر لیتا ہے تکبر کرتا ہوا گویا کہ نہ سنا اُن کو گویا کہ بیچ دونوں کانوں اسکے کے بوجھ ہے
فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۷﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
پس بشارت دے اسکو ساتھ عذاب درد دینے والے کے تحقیق وہ لوگ کہ ایمان لائے اور کام کیے اچھے
لَهُمْ جَنّٰتُ النَّعِيْمِ ﴿۸﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ۭ وَهُوَ
واسطے اُنکے بہشتیں ہیں نعمت کی ہمیش رہیں گے بیچ اُنکے وعدہ اللہ کا ہوا سچ اور وُہ
الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۹﴾ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ بِغَيْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا وَاَلْقٰى
غالب ہے حکمت والا پیدا کیا آسمانوں کو بغیر ستونوں کے دیکھتے ہو انکو اور ڈالے
فِي الْاَرْضِ رَوَاسِيَ اَنْ تَمِيْدَ بِكُمْ وَبَثَّ فِيْهَا مِنْ كُلِّ
بیچ زمین کے پہاڑ ایسا نہ ہو کہ ہل جاوے ساتھ تمہارے اور پھیلائے بیچ اس کے ہر طرح کے
دَآبَّةٍ ۭ وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَاۗءِ مَاۗءً فَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ
جانور اور اتارا ہم نے آسمان سے پانی پس اگائے ہم نے بیچ اُس کے

ف ایک کافر تھا جس کو دیکھتا کہ دل نرم ہوا، مسلمانی کی طرف جھکا اپنے گھر لے جاتا شراب پلاتا اور راگ ناچ دکھاتا اس رنڈی کی مجلس سے ایمان کا اثر مٹ جاتا۔ اس کو یہ فرمایا۔ ۱۲ منہ رح

كُلِّ زَوْجٍ كَرِيمٍ ﴿١٠﴾ هَٰذَا خَلْقُ اللَّهِ فَأَرُونِي مَاذَا خَلَقَ
ہر قسم کے جوڑے نفیس سے یہ ہے پیدائش خدا کی پس دکھلاؤ مجھ کو کیا پیدا کیا ہے
الَّذِينَ مِن دُونِهِ ۚ بَلِ الظَّالِمُونَ فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ ﴿١١﴾ وَلَقَدْ
ان لوگوں نے جو سوائے اسکے ہیں بلکہ ظالم لوگ بیچ گمراہی ظاہر کے ہیں اور البتہ تحقیق
آتَيْنَا لُقْمَانَ الْحِكْمَةَ أَنِ اشْكُرْ لِلَّهِ ۚ وَمَن يَشْكُرْ فَإِنَّمَا
دی ہم نے لقمان کو حکمت یہ کہ شکر کر واسطے اللہ کے اور جو کوئی شکر کرتا ہے پس سوائے اسکے
يَشْكُرُ لِنَفْسِهِ ۖ وَمَن كَفَرَ فَإِنَّ اللَّهَ غَنِيٌّ حَمِيدٌ ﴿١٢﴾ وَإِذْ قَالَ
نہیں کہ شکر کرتا ہے واسطے فائدے جان اپنی کے اور جو کوئی کفر کرتا ہے پس تحقیق اللہ بے پرواہ ہے تعریف کیا گیا ف۱ اور جس وقت کہا
لُقْمَانُ لِابْنِهِ وَهُوَ يَعِظُهُ يَا بُنَيَّ لَا تُشْرِكْ بِاللَّهِ ۖ إِنَّ الشِّرْكَ
لقمان نے واسطے بیٹے اپنے کے اور وہ نصیحت کرتا تھا اسکو اے چھوٹے بیٹے میرے مت شریک لا ساتھ اللہ کے تحقیق شرک
لَظُلْمٌ عَظِيمٌ ﴿١٣﴾ وَوَصَّيْنَا الْإِنسَانَ بِوَالِدَيْهِ حَمَلَتْهُ أُمُّهُ
البتہ ظلم ہے بڑا اور حکم کیا ہم نے انسان کو بیچ ماں باپ اسکے کے اٹھاتی ہے اسکو ماں اسکی
وَهْنًا عَلَىٰ وَهْنٍ وَفِصَالُهُ فِي عَامَيْنِ أَنِ اشْكُرْ لِي
سستی سے اوپر سستی کے اور دودھ چھڑانا اسکا بیچ دو برس کے یہ کہ شکر کر واسطے میرے
وَلِوَالِدَيْكَ إِلَيَّ الْمَصِيرُ ﴿١٤﴾ وَإِن جَاهَدَاكَ عَلَىٰ أَن
اور واسطے ماں باپ اپنے کے طرف میرے ہے پھر آنا ف۲ اور اگر شدت کریں تجھ سے اوپر اس کے کہ
تُشْرِكَ بِي مَا لَيْسَ لَكَ بِهِ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا ۖ وَصَاحِبْهُمَا
شریک لا ساتھ میرے اس چیز کو کہ نہیں واسطے تیرے ساتھ اسکے کچھ علم پس مت کہا مان ان دونو کا اور صحبت رکھ ان سے
فِي الدُّنْيَا مَعْرُوفًا ۖ وَاتَّبِعْ سَبِيلَ مَنْ أَنَابَ إِلَيَّ ۚ ثُمَّ
بیچ دنیا کے اچھی طرح اور پیروی کر راہ اس شخص کی کہ رجوع کرتا ہے طرف میری پھر
إِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَأُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿١٥﴾ يَا بُنَيَّ
طرف میری ہے پھر آنا تمہارا پس خبر دونگا تم کو ساتھ اس چیز کے کہ تھے تم کرتے ف۳ اے چھوٹے بیٹے
إِنَّهَا إِن تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُن فِي
میرے تحقیق وہ چھوٹی چیز اگر ہوتی برابر ایک دانے رائی کے پس ہو بیچ
صَخْرَةٍ أَوْ فِي السَّمَاوَاتِ أَوْ فِي الْأَرْضِ يَأْتِ بِهَا اللَّهُ ۚ
پتھر کے یا بیچ آسمانوں کے یا بیچ زمین کے لے آتا ہے اسکو اللہ

ع ۱۱/۱۰

وقف النبی صلی اللہ علیہ وسلم

النصف

ف۱ حضرت لقمان غلام تھے حبشی حضرت داؤد کے وقت میں اللہ نے ان کو حکمت دی یعنی عقل کی راہ سے وہ باتیں کھوئیں جو موافق ہوں پیغمبروں کے حکم کے۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ یہ کلام بیچ میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے لقمان نے بیٹے کو ماں باپ کا حق نہ کہا تھا کہ اپنی غرض معلوم ہوتی اللہ صاحب نے شرک سے پیچھے اور نصیحتوں سے پہلے ماں باپ کا حق فرما دیا کہ بعد اللہ کے حق کے ماں باپ کا حق ہے باپ نے اللہ کا حق بتایا اللہ نے باپ کا اور رسول کا اور مرشد کا حق اللہ ہی کی طرف میں ہے کہ اسی کے نائب ہیں ۱۲ منہ رح

ف۳ شریک نہ مان جو معلوم نہیں یعنی شبہے میں بھی نہ مان اور یقین سمجھ کر تو کبھی ماننے۔ ۱۲ منہ رح

إِنَّ اللَّهَ لَطِيفٌ خَبِيرٌ ﴿١٦﴾ يَا بُنَيَّ أَقِمِ الصَّلَاةَ وَأْمُرْ
تحقیق اللہ باریک دیکھنے والا خبردار ہے اے چھوٹے بیٹے میرے قائم کر نماز کو اور حکم کر
بِالْمَعْرُوفِ وَانْهَ عَنِ الْمُنكَرِ وَاصْبِرْ عَلَىٰ مَا أَصَابَكَ ۖ
ساتھ بھلائی کے اور منع کر برائی سے اور صبر کر اوپر اس چیز کے کہ پہنچے تجھ کو
إِنَّ ذَٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْأُمُورِ ﴿١٧﴾ وَلَا تُصَعِّرْ خَدَّكَ لِلنَّاسِ
تحقیق یہ بڑے کاموں میں سے ہے ف۱ اور مت موڑ گالوں اپنے کو لوگوں سے
وَلَا تَمْشِ فِي الْأَرْضِ مَرَحًا ۖ إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ
اور مت چل بیچ زمین کے اترا کر تحقیق اللہ نہیں دوست رکھتا ہر
مُخْتَالٍ فَخُورٍ ﴿١٨﴾ وَاقْصِدْ فِي مَشْيِكَ وَاغْضُضْ مِن
تکبّر کرنیوالے شیخی کرنے والے کو ف۲ اور بیچ کی راہ لے بیچ چال اپنی کے اور نرم کر
صَوْتِكَ ۚ إِنَّ أَنكَرَ الْأَصْوَاتِ لَصَوْتُ الْحَمِيرِ ﴿١٩﴾ أَلَمْ تَرَوْا
آواز اپنی کو تحقیق بہت ناپسندیدہ آواز البتہ آواز گدھے کی ہے کیا نہیں دیکھا
أَنَّ اللَّهَ سَخَّرَ لَكُم مَّا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ وَ
تم نے یہ کہ اللہ نے مسخر کیا واسطے تمہارے جو کچھ بیچ آسمانوں کے ہے اور جو کچھ بیچ زمین کے ہے اور
أَسْبَغَ عَلَيْكُمْ نِعَمَهُ ظَاهِرَةً وَبَاطِنَةً ۗ وَمِنَ النَّاسِ
پورا کیا اُوپر تمہارے نعمتوں اپنی ظاہر اور باطن کی کو اور بعض لوگوں میں سے
مَن يُجَادِلُ فِي اللَّهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَلَا هُدًى وَلَا كِتَابٍ
وہ شخص ہے کہ جھگڑا کرتا ہے بیچ خدا کے بغیر علم کے اور بغیر ہدایت کے اور بغیر کتاب
مُّنِيرٍ ﴿٢٠﴾ وَإِذَا قِيلَ لَهُمُ اتَّبِعُوا مَا أَنزَلَ اللَّهُ قَالُوا بَلْ
روشن کے اور جب کہا جاتا ہے واسطے انکے پیروی کرو اس چیز کی کہ اتاری ہے اللہ نے کہتے ہیں بلکہ
نَتَّبِعُ مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ آبَاءَنَا ۚ أَوَلَوْ كَانَ الشَّيْطَانُ يَدْعُوهُمْ
پیروی کرینگے اس چیز کی کہ پایا ہے ہم نے اُوپر اسکے باپوں اپنوں کو کیا اگرچہ ہو شیطان بلاتا اُن کو
إِلَىٰ عَذَابِ السَّعِيرِ ﴿٢١﴾ وَمَن يُسْلِمْ وَجْهَهُ إِلَى اللَّهِ وَهُوَ
طرف عذاب دوزخ کی اور جو کوئی مطیع کرے منہ اپنا طرف خدا کی اور وہ
مُحْسِنٌ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقَىٰ ۗ وَإِلَى اللَّهِ عَاقِبَةُ
نیکی کرنے والا ہے پس تحقیق محکم پکڑا اس نے کڑا مضبوط اور طرف اللہ کی ہے پچھاڑی

ف۱ نماز کے ساتھ زکوٰۃ نہیں کہی ایسے لوگوں کے پاس مال کہاں رہتا ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ گال نہ پھلا یعنی غرور سے نہ دیکھ۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۲ ۸ ۱۱

(بقیہ صفحہ ۵۰۶ سے آگے) فرمایا کہ جو نیکی پر رہیں ان کو بڑا نیک ہے حضرت کی ازداج سب نیک ہی رہیں۔ الطیبات للطیبین مگر حق تعالے صاف خوشخبری کسی کو نہیں دیتا تا نڈر نہ ہو جاوے خاتمہ کا ڈر لگا رہے۔ ۱۲۔ منہ رح

الْأُمُورِ ﴿٢٢﴾ وَمَنْ كَفَرَ فَلَا يَحْزُنْكَ كُفْرُهُ ۚ إِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ
سب کام کی اور جو کوئی کافر ہووے پس نہ غم میں ڈالے تجھ کو کفر اس کا طرف ہماری ہے پھر آنا اُن کا
فَنُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوا ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ﴿٢٣﴾
پس خبر دینگے ہم اُن کو ساتھ اس چیز کے کہ کیا انہوں نے تحقیق اللہ جاننے والا ہے سینے والی بات کو
نُمَتِّعُهُمْ قَلِيلًا ثُمَّ نَضْطَرُّهُمْ إِلَىٰ عَذَابٍ غَلِيظٍ ﴿٢٤﴾ وَلَئِنْ سَأَلْتَهُمْ
فائدہ دینگے ہم اُن کو تھوڑا پھر بے بس کرینگے ہم انکو طرف عذاب گاڑھے کی اور اگر سوال کرے تو
مَنْ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ لَيَقُولُنَّ اللَّهُ ۚ قُلِ الْحَمْدُ لِلَّهِ ۚ
اُن سے کس نے پیدا کیا ہے آسمانوں کو اور زمین کو البتہ کہیں گے اللہ نے کہہ سب تعریف واسطے اللہ کے ہے
بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ﴿٢٥﴾ لِلَّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ
بلکہ اکثر ان کے نہیں جانتے واسطے اللہ کے ہے جو کچھ بیچ آسمانوں کے اور زمین کے ہے
إِنَّ اللَّهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيدُ ﴿٢٦﴾ وَلَوْ أَنَّمَا فِي الْأَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ
تحقیق اللہ وہی ہے بے پروا تعریف کیا گیا اور اگر ہو یہ کہ جو کچھ بیچ زمین کے ہے درختوں سے
أَقْلَامٌ وَالْبَحْرُ يَمُدُّهُ مِنْ بَعْدِهِ سَبْعَةُ أَبْحُرٍ مَا نَفِدَتْ كَلِمَاتُ
قلمیں اور دریا ہو سیاہی اس کی پیچھے اس کے ہوں سات دریا نہ تمام ہوویں گی باتیں
اللَّهِ ۗ إِنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ﴿٢٧﴾ مَا خَلْقُكُمْ وَلَا بَعْثُكُمْ إِلَّا كَنَفْسٍ
اللہ کی تحقیق اللہ غالب ہے حکمت والا نہیں بنانا تمہارا اور نہ جلانا تمہارا مگر مانند ایک جان کی
وَاحِدَةٍ ۗ إِنَّ اللَّهَ سَمِيعٌ بَصِيرٌ ﴿٢٨﴾ أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ يُولِجُ اللَّيْلَ فِي
تحقیق اللہ سننے والا دیکھنے والا ہے کیا نہ دیکھا تو نے یہ کہ اللہ داخل کرتا ہے رات کو بیچ
النَّهَارِ وَيُولِجُ النَّهَارَ فِي اللَّيْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ كُلٌّ يَجْرِي
دن کے اور داخل کرتا ہے دن کو بیچ رات کے اور حکم اپنے میں لگا رکھا ہے سورج کو اور چاند کو ہر ایک چلتا ہے
إِلَىٰ أَجَلٍ مُسَمًّى وَأَنَّ اللَّهَ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ ﴿٢٩﴾ ذَٰلِكَ بِأَنَّ اللَّهَ
ایک وقت مقرر تک اور یہ کہ اللہ ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہو تم خبردار ہے ف یہ بسبب اسکے ہے کہ اللہ
هُوَ الْحَقُّ وَأَنَّ مَا يَدْعُونَ مِنْ دُونِهِ الْبَاطِلُ وَأَنَّ اللَّهَ هُوَ
وہ ہے حق ثابت اور یہ کہ جو کچھ پکارتے ہیں سوائے اس کے ناپید ہو جانیوالا ہے اور یہ کہ اللہ وہ ہے
الْعَلِيُّ الْكَبِيرُ ﴿٣٠﴾ ع أَلَمْ تَرَ أَنَّ الْفُلْكَ تَجْرِي فِي الْبَحْرِ بِنِعْمَتِ اللَّهِ
بلند مرتبہ بزرگ کیا نہ دیکھا تو نے یہ کہ کشتیاں چلتی ہیں بیچ دریا کے ساتھ نعمتوں اللہ کے

ف ٹھہرا وعدہ یا قیامت ہے یا سزا ایک کا دورہ۔ ۱۲۔ منہ رح

(بقیہ صہ ۵۰۳ سے آگے) ف یعنی ان کی زبانی اپنے حکم خلق کو پہنچائے تب ہر ایک سے پوچھ کرے گا اور منکروں کو سزا دیگا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف ہجرت سے چوتھے برس یہودی بنی نضیر جو مدینے سے نکالے گئے تھے سورۂ حشر میں آویگا ہر قوم میں پھرے اور قریش کو اور فزارہ اور غطفان کو اور بنو قریظہ کو جو مدینے کے پاس تھے جمع کر کر حضرت پر چڑھا لائے بارہ ہزار آدمی مسلمان کم تھے، تین ہزار آدمی مدینے سے باہر لشکر پڑا گرد خندق کھودلی جب فوجیں آئیں دور دور سے لڑتے رہے۔ قریب ایک مہینے تک پھر ایک رات اللہ نے پروا باؤ بھیجی تند کافروں کی آگیں بجھ گئیں بھوکے رہے اور خیمے گر پڑے گھوڑے چھوٹ گئے سب لشکر برباد ہوا ناچار اٹھ کر چلے گئے، یہ جنگ احزاب کہلاتی ہے اور جنگ خندق بھی جاڑے کے موسم میں اناج کی تنگی لڑائی لڑنی اور خندق کھودنی اور گرد سب مخالف جس میں منافق دل کی باتیں بولنے لگے اور مومن ثابت رہے اس جنگ میں حضرت نے فرمایا اب سے ہم جاویں گے کفار پر وہ ہم پر نہ آویں گے وہی ہوا۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۳ / ۱۱ / ۱۲

لِيُرِيَكُم مِّنْ آيَاتِهِ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُورٍ ﴿٣١﴾
تو کہ دکھلاوے تم کو نشانیوں اپنی سے تحقیق بیچ اس کے البتہ نشانیاں ہیں واسطے ہر صبر کرنیوالے شکر کرنیوالے کے

وَإِذَا غَشِيَهُم مَّوْجٌ كَالظُّلَلِ دَعَوُا اللَّهَ مُخْلِصِينَ لَهُ
اور جب ڈھانکتی ہے ان کو موج مانند سائبانوں کے پکارتے ہیں اللہ کو خالص کرکر واسطے اس کے

الدِّينَ فَلَمَّا نَجَّاهُمْ إِلَى الْبَرِّ فَمِنْهُم مُّقْتَصِدٌ ۚ وَمَا يَجْحَدُ
دین کو یعنی عبادت کو پس جب نجات دیتا ہے انکو طرف جنگل کی پس بعض ان میں سے بیچ کی راہ پر رہتے ہیں اور نہیں انکار کرتا

بِآيَاتِنَا إِلَّا كُلُّ خَتَّارٍ كَفُورٍ ﴿٣٢﴾ يَا أَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا رَبَّكُمْ
ساتھ نشانیوں ہماری کے مگر ہر ایک عہد توڑنے والا کفر کرنیوالا ف اے لوگو ڈرو پروردگار اپنے سے

وَاخْشَوْا يَوْمًا لَّا يَجْزِي وَالِدٌ عَن وَلَدِهِ وَلَا مَوْلُودٌ هُوَ
اور ڈرو اس دن سے کہ نہ کفایت کرے گا باپ بیٹے سے اور نہ کوئی اولاد کفایت

جَازٍ عَن وَالِدِهِ شَيْئًا ۚ إِنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ ۖ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ
کرنے والی ہے باپ اپنے سے کچھ تحقیق وعدہ اللہ کا سچا ہے پس نہ فریب دے تم کو

الْحَيَاةُ الدُّنْيَا وَلَا يَغُرَّنَّكُم بِاللَّهِ الْغَرُورُ ﴿٣٣﴾ إِنَّ اللَّهَ عِندَهُ
زندگانی دنیا کی اور نہ فریب دے تم کو ساتھ اللہ کے فریب دینے والا ف تحقیق اللہ کے پاس ہے

عِلْمُ السَّاعَةِ وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْأَرْحَامِ ۖ وَمَا
علم قیامت کا اور اتارتا ہے مینہ اور جانتا ہے جو کچھ بیچ پیٹوں کے ہے اور نہیں

تَدْرِي نَفْسٌ مَّاذَا تَكْسِبُ غَدًا ۖ وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ
جانتا کوئی جی کیا کماوے گا کل کو اور نہیں جانتا کوئی جی

بِأَيِّ أَرْضٍ تَمُوتُ ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ خَبِيرٌ ﴿٣٤﴾ ع
کس زمین میں مرے گا تحقیق اللہ جاننے والا خبردار ہے

ع ۴ ۱۳

ف کوئی ہے بیچ کی چال پر یعنی وہ حال جو خوف کے وقت تھا سو تو کسی کو نہیں رہتا مگر ذرا بھول بھی نہ جاوے ایسے بھی کم ہیں نہیں تو اکثر منکر ہوتے ہیں قدرت سے اپنی تدبیر پر رکھتے ہیں یا کسی ارواح کی مدد پر۔ ۱۲۔ منہ رح

ف یعنی شیطان دھوکا دے کہ اللہ غفور الرحیم ہے اور دنیا کا جینا بھکاوے کہ جس کو یہاں بھلا ہے اس کو وہاں بھی بھلا ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

سُورَةُ السَّجْدَةِ مَكِّيَّةٌ — بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ — آیاتہا ۳۰ رکوعاتہا ۳

سورۂ سجدہ مکہ میں نازل ہوئی اسمیں شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے تیس آیتیں اور تین رکوع ہیں

الم ﴿١﴾ تَنزِيلُ الْكِتَابِ لَا رَيْبَ فِيهِ مِن رَّبِّ الْعَالَمِينَ ﴿٢﴾
اتارنا اس کتاب کا نہیں شک بیچ اس کے کہ پروردگار عالموں کی طرف سے ہے

أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَاهُ ۚ بَلْ هُوَ الْحَقُّ مِن رَّبِّكَ لِتُنذِرَ قَوْمًا
کیا کہتے ہیں کہ باندھ لیا ہے اس کو بلکہ وہ حق ہے پروردگار تیرے کی طرف سے تو کہ ڈراوے تو اس قوم کو

مَآ اَتٰىهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ مِّنْ قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ۝۳ اَللّٰهُ الَّذِيْ

کہ نہ آیا انکے پاس کوئی ڈرانے والا پہلے تجھ سے تو کہ وہ راہ پاویں اللہ وہ شخص ہے

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى

جس نے پیدا کیا آسمانوں کو اور زمین کو اور جو کچھ درمیان ان دونو کے ہے بیچ چھ دن کے پھر قرار پکڑا

عَلَى الْعَرْشِ ۭ مَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا شَفِيْعٍ ۭ اَفَلَا

اوپر عرش کے نہیں واسطے تمہارے سوائے اس کے کوئی دوست اور نہ شفاعت کرنیوالا کیا پس نہیں

تَتَذَكَّرُوْنَ ۝۴ يُدَبِّرُ الْاَمْرَ مِنَ السَّمَاۗءِ اِلَى الْاَرْضِ ثُمَّ

نصیحت پکڑتے تدبیر کرتا ہے کام کی آسمان سے طرف زمین کی پھر

يَعْرُجُ اِلَيْهِ فِيْ يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗٓ اَلْفَ سَنَةٍ مِّمَّا

چڑھ جاتا ہے طرف اسکی وہ کام بیچ ایک دن کے کہ تھی قدر اس کی ہزار برس ان برسوں سے کہ

تَعُدُّوْنَ ۝۵ ذٰلِكَ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝۶

گنتے ہو تم ف۱ یہ ہے جاننے والا غیب کا اور حاضر کا غالب مہربان

الَّذِيْٓ اَحْسَنَ كُلَّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ وَبَدَاَ خَلْقَ الْاِنْسَانِ مِنْ

وہ شخص کہ اچھی طرح بنایا ہر چیز کو کہ پیدا کیا ہے اسکو اور شروع کیا پیدا کرنا انسان کا

طِيْنٍ ۝۷ ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهٗ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ مَّاۗءٍ مَّهِيْنٍ ۝۸ ثُمَّ

مٹی سے پھر کی اولاد اس کی خلاصے پانی حقیر سے پھر

سَوّٰىهُ وَنَفَخَ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِهٖ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ

تندرست کیا اسکو اور پھونکا بیچ اس کے روح اپنی سے اور کیا واسطے تمہارے سننا اور دیکھنا

وَالْاَفْـِٕدَةَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝۹ وَقَالُوْٓا ءَاِذَا ضَلَلْنَا فِي

اور دل تھوڑا سا شکر کرتے ہیں ف۲ اور کہا انہوں نے کیا جب کھوئے جاوینگے ہم بیچ

الْاَرْضِ ءَاِنَّا لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ڛ بَلْ هُمْ بِلِقَاۗئِ

زمین کے کیا ہونگے ہم بیچ پیدائش نئی کے بلکہ وہ ساتھ ملاقات

رَبِّهِمْ كٰفِرُوْنَ ۝۱۰ قُلْ يَتَوَفّٰىكُمْ مَّلَكُ الْمَوْتِ الَّذِيْ وُكِّلَ

رب اپنے کے کافر ہیں کہہ قبض کر لے گا تم کو فرشتہ موت کا وہ جو مقرر کیا گیا ہے

ع ۱/۱۱/۱۴ بِكُمْ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ تُرْجَعُوْنَ ۝۱۱ وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الْمُجْرِمُوْنَ

ساتھ تمہارے پھر طرف رب اپنے کی پھیرے جاؤ گے ف۳ اور کاش کہ دیکھے تو جس وقت گنہگاروں کو

ف۱ بڑے بڑے کام عرش سے مقرر ہو کر نیچے حکم اترتا ہے سب اسباب اس کے آسمان و زمین سے جمع ہو کر بن جاتا ہے پھر ایک مدت جاری رہتا ہے پھر اٹھ جاتا ہے اللہ کی طرف دوسرا رنگ اترتا ہے جیسے بڑے بڑے پیغمبر جن کا اثر قرنوں رہا یا بڑی قوم میں سرداری جو عمروں چلی وہ ہزار برس بڑے اللہ کے ہاں ایک دن ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ اپنی جان میں سے جو مخلوق ہے اسی کا مال ہے مگر جس کو عزت دی اس کو اپنا کہا جیسے فرمایا۔ اِنَّ عِبَادِیْ سو انسان کی جان غیب سے آئی ہے مٹی پانی سے نہیں بنی اس کو اپنی کہا اور یہ نہ سمجھے کہ اللہ کی جان جان ہو تو بدن بھی ہو بدن ہو تو ترکیب ہو ذات پاک کہاں رہی۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی تم آپ کو دھڑ سمجھتے ہو کہ خاک میں رُل گئے تم جان ہو وہ فرشتہ لے جاتا ہے فنا نہیں ہو جاتے ہو۔ ۱۲۔ منہ رح

نَاكِسُوا رُءُوسِهِمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ط رَبَّنَا أَبْصَرْنَا وَسَمِعْنَا
نیچے ڈالے ہونگے سر اپنا نزدیک رب اپنے کے اے رب ہمارے دیکھا ہم نے اور سنا ہم نے

فَارْجِعْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا إِنَّا مُوقِنُونَ ﴿۱۲﴾ وَلَوْ شِئْنَا لَآتَيْنَا
پس پھیر ہم کو کہ عمل کریں اچھے تحقیق ہم یقین لانیوالے ہیں اور اگر چاہتے ہم البتہ دیتے ہم

كُلَّ نَفْسٍ هُدَاهَا وَلَٰكِنْ حَقَّ الْقَوْلُ مِنِّي لَأَمْلَأَنَّ جَهَنَّمَ
ہر ایک جی کو ہدایت اس کی و لیکن ثابت ہوئی بات میری طرف سے کہ البتہ بھرونگا میں دوزخ کو

مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ ﴿۱۳﴾ فَذُوقُوا بِمَا نَسِيتُمْ لِقَاءَ
جنوں سے اور آدمیوں سے اکٹھے پس چکھو بہ سبب اسکے کہ بھول گئے تھے تم ملاقات

يَوْمِكُمْ هَٰذَا إِنَّا نَسِينَاكُمْ وَذُوقُوا عَذَابَ الْخُلْدِ بِمَا كُنْتُمْ
اس دن اپنے کی تحقیق ہم بھول گئے تم کو اور چکھو عذاب ہمیشہ کا بہ سبب اسکے کہ تھے تم

تَعْمَلُونَ ﴿۱۴﴾ إِنَّمَا يُؤْمِنُ بِآيَاتِنَا الَّذِينَ إِذَا ذُكِّرُوا بِهَا خَرُّوا
کرتے سوائے اسکے نہیں کہ ایمان لاتے ہیں ساتھ نشانیوں ہماری کے وہ لوگ کہ جب یاد دلائی جاتی ہیں انکو گر پڑتے ہیں

سُجَّدًا وَسَبَّحُوا بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُونَ ﴿۱۵﴾ السجدۃ
سجدہ میں اور پاکی بیان کرتے ساتھ تعریف پروردگار اپنے کے اور وہ نہیں تکبر کرتے

تَتَجَافَىٰ جُنُوبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ يَدْعُونَ رَبَّهُمْ خَوْفًا
دور ہوتی ہیں کروٹیں اُن کی بچھونوں سے پکارتے ہیں پروردگار اپنے کو ڈر سے

وَطَمَعًا وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنْفِقُونَ ﴿۱۶﴾ فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَا
اور طمع سے اور اُس چیز سے کہ دیا ہے ہم نے انکو خرچ کرتے ہیں ف پس نہیں جانتا کوئی جی کیا

أُخْفِيَ لَهُمْ مِنْ قُرَّةِ أَعْيُنٍ جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿۱۷﴾
چھپائی گئی ہے واسطے انکے ٹھنڈک آنکھوں سے بدلا اس چیز کا کہ تھے کرتے

وقف غفران

أَفَمَنْ كَانَ مُؤْمِنًا كَمَنْ كَانَ فَاسِقًا لَا يَسْتَوُونَ ﴿۱۸﴾ أَمَّا
کیا پس جو شخص کہ ہو ایمان والا مانند اس شخص کی ہے کہ ہو نافرمان نہیں برابر ہوتے اَپر

الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فَلَهُمْ جَنَّاتُ الْمَأْوَىٰ نُزُلًا
جو لوگ کہ ایمان لائے اور کام کیے اچھے پس واسطے انکے بہشتیں ہیں رہنے کی مہمانی

بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿۱۹﴾ وَأَمَّا الَّذِينَ فَسَقُوا فَمَأْوَاهُمُ النَّارُ ط
بہ سبب اسکے کہ تھے کرتے اور اَپر جو لوگ کہ فاسق ہیں پس جگہ رہنے انکے کی آگ ہے

السجدۃ ۹

ف اللہ سے لالچ بُرا نہیں نہ اس سے ڈر اور اس واسطے بندگی کرے تو قبول ہے ڈر اور لالچ دنیا کا ہو یا آخرت کا اگر کسی اور کے خوف و رجا سے بندگی کرے تو ریا ہے کچھ قبول نہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

كُلَّمَآ اَرَادُوْٓا اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَآ اُعِيْدُوْا فِيْهَا وَقِيْلَ لَهُمْ ذُوْقُوْا
جب ارادہ کریں یہ کہ نکلیں اس میں سے پھیرے جاویں گے بیچ اس کے اور کہا جاویگا ان کو چکھو
عَذَابَ النَّارِ الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ﴿٢٠﴾ وَلَنُذِيْقَنَّهُمْ مِّنَ
عذاب آگ کا جو تھے تم ساتھ اس کے جھٹلاتے اور البتہ چکھاویں گے ہم اُن کو
الْعَذَابِ الْاَدْنٰى دُوْنَ الْعَذَابِ الْاَكْبَرِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿٢١﴾
عذاب نزدیک سے سوائے عذاب بڑے کے توکہ وہ پھر آویں ف١
وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ ثُمَّ اَعْرَضَ عَنْهَا ۭ اِنَّا مِنَ
اور کون ہے بہت ظالم اس شخص سے کہ نصیحت دیا گیا ہے ساتھ نشانیوں پروردگار اپنے کے پھر منہ پھیر لیا اُن سے تحقیق ہم
٢ ع ١١ ١٥ الْمُجْرِمِيْنَ مُنْتَقِمُوْنَ ﴿٢٢﴾ ع وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ فَلَا
گنہگاروں سے بدلا لینے والے ہیں اور البتہ تحقیق دی ہم نے موسٰے کو کتاب پس مت
تَكُنْ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْ لِّقَاۗىِٕهٖ وَجَعَلْنٰهُ هُدًى لِّبَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ ﴿٢٣﴾
رہ تو بیچ شک کے ملاقات اس کی سے اور کیا ہم نے اسکو ہدایت واسطے بنی اسرائیل کے ف٢
وَجَعَلْنَا مِنْهُمْ اَىِٕمَّةً يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا لَمَّا صَبَرُوْا ۭ وَكَانُوْا
اور کیے ہم نے اُن میں سے پیشوا کہ تھے ہدایت کرتے ساتھ حکم ہمارے کے جب صبر کیا انہوں نے اور تھے
بِاٰيٰتِنَا يُوْقِنُوْنَ ﴿٢٤﴾ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ يَفْصِلُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ
ساتھ نشانیوں ہماری کے یقین لاتے ف٣ تحقیق پروردگار تیرا وہی فیصل کرے گا درمیان اُنکے دن قیامت کے
فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿٢٥﴾ اَوَلَمْ يَهْدِ لَهُمْ كَمْ اَهْلَكْنَا
بیچ اس چیز کے کہ تھے بیچ اس کے اختلاف کرتے کیا نہیں راہ دکھائی واسطے انکے اس بات نے کہ کتنے ہلاک کیے
مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ يَمْشُوْنَ فِيْ مَسٰكِنِهِمْ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ
ہیں ہم نے پہلے ان سے قرنوں سے کہ چلتے ہیں بیچ گھروں اُنکے کے تحقیق بیچ اس کے
لَاٰيٰتٍ ۭ اَفَلَا يَسْمَعُوْنَ ﴿٢٦﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا نَسُوْقُ الْمَاۗءَ اِلَى
البتہ نشانیاں ہیں کیا پس نہیں سنتے کیا نہیں دیکھا انہوں نے کہ ہم چلاتے ہیں پانی طرف
الْاَرْضِ الْجُرُزِ فَنُخْرِجُ بِهٖ زَرْعًا تَاْكُلُ مِنْهُ اَنْعَامُهُمْ وَ
زمین خالی یعنی بنجر کی پس نکالتے ہیں ساتھ اسکے کھیتی کھاتے ہیں اس میں سے جانور ان کے اور
اَنْفُسُهُمْ ۭ اَفَلَا يُبْصِرُوْنَ ﴿٢٧﴾ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْفَتْحُ النصف
آپ وہ کیا پس نہیں دیکھتے اور کہتے ہیں کب ہوگی یہ فتح

ف١ یعنی دنیا میں لوٹ مار بندے دیکھ لیں گے۔ ١٢۔منہ رح

ف٢ دھوکا نہ کر اس کے ملنے میں یعنی کتاب کے یا موسٰی کے معراج کی رات میں اُن سے ملے تھے اور بھی کئی بار۔ ١٢۔منہ رح

ف٣ یعنی تم بھی ٹھہرے رہو تو تم میں بھی وہی چال ہو آخر ہوئی۔ ١٢۔منہ رح

اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۲۸﴾ قُلْ يَوْمَ الْفَتْحِ لَا يَنْفَعُ الَّذِيْنَ

اگر ہو تم سچے کہہ کہ دن فتح کے نہیں فائدہ دیگا اُن کو جو

كَفَرُوْٓا اِيْمَانُهُمْ وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿۲۹﴾ فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ

کافر ہوئے ایمان اُن کا اور نہ وہ ڈھیل دیئے جاوینگے پس منہ پھیر لے اُن سے

وَانْتَظِرْ اِنَّهُمْ مُّنْتَظِرُوْنَ ﴿۳۰﴾ ع

اور منتظر رہ تحقیق وہ بھی منتظر ہیں

سُوْرَةُ الْاَحْزَابِ مَدَنِيَّةٌ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰیاتہا ۷۳ رکوعاتہا ۹

سورۂ احزاب مدینہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے — اسمیں تہتر آیتیں اور نو رکوع ہیں

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اتَّقِ اللّٰهَ وَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ ؕ اِنَّ

اے نبیؐ ڈرا کر اللہ سے اور مت کہا مان کافروں کا اور منافقوں کا تحقیق

اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۱﴾ وَّاتَّبِعْ مَا يُوْحٰٓى اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ؕ

اللہ ہے جاننے والا حکمت والا ف۱ اور پیروی کر اس چیز کی کہ وحی کی جاتی ہے طرف تیری رب تیرے سے

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ﴿۲﴾ وَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ وَ

تحقیق اللہ ہے ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہو تم خبردار اور توکل کر اوپر اللہ کے اور

كَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿۳﴾ مَا جَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ مِّنْ قَلْبَيْنِ فِيْ

کفایت ہے اللہ کارساز نہیں کیے اللہ نے واسطے کسی شخص کے دو دل بیچ

جَوْفِهٖ ۚ وَمَا جَعَلَ اَزْوَاجَكُمُ الّٰٓـئِْ تُظٰهِرُوْنَ مِنْهُنَّ اُمَّهٰتِكُمْ ۚ

پیٹ اسکے کے اور نہیں کیا بی بیوں تمہاری کو جن کو ماں کہہ بیٹھے ہو اُن میں سے مائیں تمہاری

وَمَا جَعَلَ اَدْعِيَآءَكُمْ اَبْنَآءَكُمْ ؕ ذٰلِكُمْ قَوْلُكُمْ بِاَفْوَاهِكُمْ ؕ

اور نہیں کیا لے پالکوں تمہارے کو بیٹے تمہارے یہ ہے بات کہنا تمہارا موہوں تمہارے سے

وَاللّٰهُ يَقُوْلُ الْحَقَّ وَهُوَ يَهْدِي السَّبِيْلَ ﴿۴﴾ اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَآئِهِمْ

اور اللہ کہتا ہے سچ اور وہ دکھاتا ہے راہ ف۲ پکارو انکو نسبت کر کر باپوں انکے کی

هُوَ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ ۚ فَاِنْ لَّمْ تَعْلَمُوْٓا اٰبَآءَهُمْ فَاِخْوَانُكُمْ

اور وہ بہت انصاف ہے نزدیک اللہ کے پس اگر نہ جانو تم باپوں انکے کو پس بھائی تمہارے ہیں

فِي الدِّيْنِ وَمَوَالِيْكُمْ ؕ وَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ فِيْمَآ

بیچ دین کے اور چیلے تمہارے ہیں اور نہیں اوپر تمہارے گناہ بیچ اس چیز کے کہ

۳ ع ۸ — ۱۶

ف۱ کافر چاہتے تھے اپنی طرف نرم کرنا اور منافق چاہتے تھے اپنی چال سکھانی اور پیغمبر کو اللہ پر بھروسہ ہے، اس سے دانا کون۔ ۱۲ ۔ منہ رح

ف۲ کفر کے وقت کوئی جورو کو ماں کہتا تو ساری عمر وہ اس سے جدا ہوتی اور کسی کو بیٹا کر بولتا تو سچا بیٹا ہو جاتا۔ اللہ تعالے نے یہ دونوں حکم بدل دیئے جورو کو ماں کہنا سورۂ قد سمع اللہ میں آوے گا اور لے پالک کا حکم آگے بیان ہے ان دو کے ساتھ تیسری بات یہ بھی سنا دی کہ ایسی باتیں کہنے کی بہتیری ہیں ان پر عمل نہیں ہو سکتا جیسے ستنی مرد کو کہتے اس کے دو دل ہیں چھاتی چیر کر دیکھو تو کسی کے دو دل نہیں۔ ۱۲ ۔ منہ رح

أَخْطَأْتُمْ بِهِ وَلَٰكِنْ مَا تَعَمَّدَتْ قُلُوبُكُمْ ۚ وَكَانَ اللَّهُ
خطا کرو تم ساتھ اسکے اور لیکن جو قصد کر کر کریں دل تمہارے اور ہے اللہ

غَفُورًا رَحِيمًا ۝٥ النَّبِيُّ أَوْلَىٰ بِالْمُؤْمِنِينَ مِنْ أَنْفُسِهِمْ
بخشنے والا مہربان ف نبی بہت شفقت کرنیوالا ہے مسلمانوں پر جانوں اُن کی سے

وَأَزْوَاجُهُ أُمَّهَاتُهُمْ ۗ وَأُولُو الْأَرْحَامِ بَعْضُهُمْ أَوْلَىٰ
اور بی بیاں اس کی مائیں ہیں تمہاری اور قرابت والے بعضے اُن کے نزدیک تر ہیں

بِبَعْضٍ فِي كِتَابِ اللَّهِ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُهَاجِرِينَ
بعضوں سے بیچ کتاب اللہ کے ایمان والوں سے اور ہجرت کرنے والوں سے

إِلَّا أَنْ تَفْعَلُوا إِلَىٰ أَوْلِيَائِكُمْ مَعْرُوفًا ۚ كَانَ ذَٰلِكَ فِي
مگر یہ کہ کرو طرف دوستوں اپنے کی احسان ہے یہ بیچ

الْكِتَابِ مَسْطُورًا ۝٦ وَإِذْ أَخَذْنَا مِنَ النَّبِيِّينَ مِيثَاقَهُمْ
کتاب کے لکھا ہوا ف اور جسوقت کہ لیا ہم نے نبیوں سے عہد اُن کا

وَمِنْكَ وَمِنْ نُوحٍ وَإِبْرَاهِيمَ وَمُوسَىٰ وَعِيسَى ابْنِ
اور تجھ سے اور نوح سے اور ابراہیم سے اور موسےٰ سے اور عیسےٰ بیٹے

مَرْيَمَ ۖ وَأَخَذْنَا مِنْهُمْ مِيثَاقًا غَلِيظًا ۝٧ لِيَسْأَلَ الصَّادِقِينَ
مریم کے سے اور لیا ہم نے ان سے عہد گاڑھا ف توکہ سوال کرے سچوں کو

عَنْ صِدْقِهِمْ ۚ وَأَعَدَّ لِلْكَافِرِينَ عَذَابًا أَلِيمًا ۝٨ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ
راستی ان کی سے اور تیار کیا ہے واسطے کافروں کے عذاب درد دینے والا ف اے لوگو جو

آمَنُوا اذْكُرُوا نِعْمَةَ اللَّهِ عَلَيْكُمْ إِذْ جَاءَتْكُمْ جُنُودٌ
ایمان لائے ہو یاد کرو نعمت اللہ کی کو اوپر اپنے جسوقت کہ آیا اوپر تمہارے لشکر

فَأَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيحًا وَجُنُودًا لَمْ تَرَوْهَا ۚ وَكَانَ اللَّهُ بِمَا
پس بھیجی ہم نے اوپر انکے باؤ اور لشکر کہ نہ دیکھا تھا تم نے اسکو اور ہے اللہ ساتھ اسچیز کے

تَعْمَلُونَ بَصِيرًا ۝٩ إِذْ جَاءُوكُمْ مِنْ فَوْقِكُمْ وَمِنْ أَسْفَلَ
کہ کرتے ہو تم دیکھنے والا ہے ف جسوقت کہ آئے تم پر اُوپر تمہارے سے اور نیچے

مِنْكُمْ وَإِذْ زَاغَتِ الْأَبْصَارُ وَبَلَغَتِ الْقُلُوبُ الْحَنَاجِرَ
تمہارے سے اور جسوقت کہ کج ہوئیں نظریں اور پہنچ گئے دل حلق کو

ف یعنی چوک کا گناہ تو کسی چیز میں نہیں اور ارادے کا ہے اس میں بھی اللہ چاہے تو بخشے چوک یہ کہ منہ سے نکل گیا فلانے کا بیٹا فلاں۔۱۲۔منہ رح

ف نبی نائب ہے اللہ کا اپنی جان اور مال میں تصرف نہیں چلتا جتنا نبی کا۔ اپنی جان دہکتی آگ میں ڈالنی روا نہیں اور نبی حکم کرے تو فرض ہے اور اس کی عورتیں سب کی ماں ہیں حرمت میں پردے میں نہیں اور حضرت کے ساتھ جنہوں نے وطن چھوڑا بھائی بندوں سے ٹوٹے ان کو حضرت نے آپس میں بھائی کر دیا تھا۔ دو دو کو پیچھے ان کے ناتے والے مسلمان ہوئے فرمایا کہ اس بھائی چارے سے ناتا مقدم ہے میراث ہے ناتے ہی پر اور سب حکم مگر احسان اور سلوک اس کا بھی یہ جاوے یہ کتاب میں لکھا ہے یعنی قرآن میں ہمیشہ کو یہ حکم جاری رہا یا توریت میں بھی یہی حکم ہوگا۔۱۲۔منہ رح

ع ۱ ۸ ۱۷

ف اور پیغمبر کو فرمایا کہ سب لوگوں پر تصرف رکھتا ہے ان کی جان سے زیادہ یہاں فرمایا کہ یہ درجہ نبیوں کو ملا ان پر محنت بھی زیادہ ہے ساری خلق سے مقابل ہونا اور کسی سے خوف و رجا نہ رکھنا ان پانچ پیغمبروں کو کہتے ہیں اولوالعزم کہ ان کی ہدایت کا اثر ہزاروں برس رہا اور جبتک دنیا ہے رہے گا ان میں پہلے نام فرمایا ہمارے نبی کا۔۱۲۔منہ رح

(باقی صفحہ ۴۹۷ پر)

وَتَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ الظُّنُوْنَا ﴿۱۰﴾ هُنَالِكَ ابْتُلِيَ الْمُؤْمِنُوْنَ وَزُلْزِلُوْا
اور گمان کرتے تھے تم ساتھ اللہ کے طرح طرح کے گمان ؎ اس جگہ آزمائے گئے ایمان والے اور ہلائے گئے
زِلْزَالًا شَدِيْدًا ﴿۱۱﴾ وَاِذْ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ
ہلائے جانا سخت اور جسوقت کہ کہتے تھے منافق اور وہ لوگ کہ بیچ دلوں اُنکے کے
مَّرَضٌ مَّا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗٓ اِلَّا غُرُوْرًا ﴿۱۲﴾ وَاِذْ قَالَتْ طَّآئِفَةٌ
بیماری ہے نہیں وعدہ کیا تھا ہم کو اللہ نے اور رسول اسکے نے مگر فریب دینے کو ؎ اور جسوقت کہا ایک طائفہ نے
مِّنْهُمْ يٰٓاَهْلَ يَثْرِبَ لَا مُقَامَ لَكُمْ فَارْجِعُوْا ۚ وَيَسْتَاْذِنُ فَرِيْقٌ
ان میں سے اے لوگو مدینے کے نہیں جگہ رہنے کی واسطے تمہارے پس پھر جاؤ ؎ اور اذن مانگتا تھا ایک فرقہ
مِّنْهُمُ النَّبِيَّ يَقُوْلُوْنَ اِنَّ بُيُوْتَنَا عَوْرَةٌ ۛ وَمَا هِيَ بِعَوْرَةٍ ۚ
ان میں سے پیغمبر سے کہتے ہیں تحقیق گھر ہمارے خالی ہیں اور نہیں وہ خالی
اِنْ يُّرِيْدُوْنَ اِلَّا فِرَارًا ﴿۱۳﴾ وَلَوْ دُخِلَتْ عَلَيْهِمْ مِّنْ اَقْطَارِهَا
نہیں ارادہ کرتے مگر بھاگنے کا ؎ اور اگر پیٹھ آویں مدینے میں اوپر انکے طرفوں اس کی سے
ثُمَّ سُئِلُوا الْفِتْنَةَ لَاٰتَوْهَا وَمَا تَلَبَّثُوْا بِهَآ اِلَّا يَسِيْرًا ﴿۱۴﴾
پھر مانگی جاوے اُن سے خانہ جنگی البتہ دینگے اس کو اور نہ ڈھیل کرینگے اس میں مگر تھوڑا
وَلَقَدْ كَانُوْا عَاهَدُوا اللّٰهَ مِنْ قَبْلُ لَا يُوَلُّوْنَ الْاَدْبَارَ ۭ وَكَانَ
اور البتہ تحقیق تھے کہ عہد باندھا تھا اللہ سے پہلے اس سے کہ نہ پھیریں گے پیٹھ کو اور ہے
عَهْدُ اللّٰهِ مَسْئُوْلًا ﴿۱۵﴾ قُلْ لَّنْ يَّنْفَعَكُمُ الْفِرَارُ اِنْ فَرَرْتُمْ مِّنَ
عہد خدا کا سوال کیا گیا ؎ کہہ کہ ہرگز نہ فائدہ دیگا تم کو بھاگنا اگر بھاگو تم
الْمَوْتِ اَوِ الْقَتْلِ وَاِذًا لَّا تُمَتَّعُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۱۶﴾ قُلْ مَنْ ذَا
موت سے یا قتل سے اور اس وقت نہ فائدہ دیئے جاؤگے مگر تھوڑا ؎ کہہ کون ہے وہ
الَّذِيْ يَعْصِمُكُمْ مِّنَ اللّٰهِ اِنْ اَرَادَ بِكُمْ سُوْٓءًا اَوْ اَرَادَ بِكُمْ
جو بچا دے گا تم کو اللہ سے اگر ارادہ کرے ساتھ تمہارے برائی کا یا ارادہ کرے ساتھ
رَحْمَةً ۭ وَلَا يَجِدُوْنَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿۱۷﴾
تمہارے رحمت کا اور نہ پاویں گے واسطے اپنے سوائے خدا کے کوئی دوست اور نہ مدد دینے والا ؎
قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ الْمُعَوِّقِيْنَ مِنْكُمْ وَالْقَآئِلِيْنَ لِاِخْوَانِهِمْ هَلُمَّ
تحقیق جانتا ہے اللہ منع کرنیوالوں کو تم میں سے اور کہنے والوں کو واسطے بھائیوں اپنے کے کہ چلے آؤ

؎۱ اوپر سے اور نیچے سے یعنی مدینے کی شرقی طرف سے جو اونچی ہے اور غربی طرف سے جو نیچی ہے اور آنکھیں ڈگنے لگیں یعنی تیور بدلنے لگے لوگوں کے دوستی جتانے والے لگے آنکھیں چرانے اور دل پہنچے گلوں تک دھڑک دھڑک کرتے ڈر سے اور کئی کئی اٹکلیں مسلمانوں نے سمجھا کہ اب کے اور سخت آزمائش آئی اور کچے ایمان والوں نے سمجھی کہ اب کے نہ بچیں گے۔ ۱۲ منہ رح

؎۲ بعضے منافق کہنے لگے پیغمبر کہتا ہے کہ میرا دین پہنچے گا مشرق مغرب یہاں جائے ضرور کو نکل نہیں سکتے مسلمان کو چاہیئے اب بھی ناامیدی کے وقت بے ایمانی کی باتیں نہ بولے۔ ۱۲ منہ رح

؎۳ یثرب نام تھا مدینے کا یعنی سارے عرب ہمارے دشمن ہوئے تو ہم کو رہنے کا ٹھکانا کہاں سب لشکر سے جدا ہو جاؤ اور حضرت لشکر کے ساتھ باہر کھڑے تھے شہر میں محکم حویلیوں کو ناکے بند کر کر زنانے اُن میں رکھ دیئے تھے یہ بہانہ کرنے لگے کہ ہمارے گھر کھلے ہیں اور وہ جھوٹ بات تھی۔ ۱۲ منہ رح

؎۴ جنگِ احد کے بعد اقرار کیا تھا کہ پھر ہم ایسی حرکت نہ کریں گے۔ ۱۲ منہ رح

؎۵ یعنی جس کی قسمت میں موت ہے اس کو بچاؤ نہ ہوگا بھاگنے سے اور اگر موت نہیں تو بھاگ کر بچا کئی دن۔ ۱۲ منہ رح

؎۶ یعنی عرب کی مخالفت سے ڈرتے ہو اگر اللہ حکم دے تو مسلمان اب تم کو قتل کر ڈالیں۔ ۲ منہ رح

إِلَيْنَا ۖ وَلَا يَأْتُونَ الْبَأْسَ إِلَّا قَلِيلًا ﴿١٨﴾ أَشِحَّةً عَلَيْكُمْ ۚ فَإِذَا
طرف ہماری اور نہیں آتے لڑائی میں مگر تھوڑے بخیلی کرتے ہوئے اوپر تمہارے پس جب

جَاءَ الْخَوْفُ رَأَيْتَهُمْ يَنظُرُونَ إِلَيْكَ تَدُورُ أَعْيُنُهُمْ كَالَّذِي
آوے ڈر دیکھے گا تو انکو کہ دیکھتے ہیں طرف تیری پھرتی ہیں آنکھیں اُن کی مانند اس کے

يُغْشَىٰ عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ ۖ فَإِذَا ذَهَبَ الْخَوْفُ سَلَقُوكُم بِأَلْسِنَةٍ
کہ غشی آتی ہے اوپر اسکے موت سے پس جس وقت جاتا رہتا ہے ڈر بیٹھتے ہیں بیچ تمہارے ساتھ زبانوں

حِدَادٍ أَشِحَّةً عَلَى الْخَيْرِ ۚ أُولَٰئِكَ لَمْ يُؤْمِنُوا فَأَحْبَطَ اللَّهُ
تیز کے بخیلی کرتے ہوئے اوپر بھلائی کے یہ لوگ نہ ایمان لائے تھے پس ناپید کردیئے اللہ نے

أَعْمَالَهُمْ ۚ وَكَانَ ذَٰلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيرًا ﴿١٩﴾ يَحْسَبُونَ الْأَحْزَابَ
عمل ان کے اور ہے یہ اوپر خدا کے آسان ف گمان کرتے ہیں جماعتوں کفار کی کو کہ

لَمْ يَذْهَبُوا ۖ وَإِن يَأْتِ الْأَحْزَابُ يَوَدُّوا لَوْ أَنَّهُم بَادُونَ فِي
نہیں گئیں اور اگر آویں وہ جماعتیں دوست رکھیں کاش کہ وہ جنگل میں رہتے بیچ

الْأَعْرَابِ يَسْأَلُونَ عَنْ أَنبَائِكُمْ ۖ وَلَوْ كَانُوا فِيكُم مَّا قَاتَلُوا
گنواروں کے پوچھا کرتے خبروں تمہاری کو اور اگر ہوتے درمیان تمہارے نہ لڑتے

إِلَّا قَلِيلًا ﴿٢٠﴾ لَّقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللَّهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَن
مگر تھوڑا ف البتہ تحقیق ہے واسطے تمہارے بیچ رسول خدا کے پیروی اچھی واسطے اس شخص

كَانَ يَرْجُو اللَّهَ وَالْيَوْمَ الْآخِرَ وَذَكَرَ اللَّهَ كَثِيرًا ﴿٢١﴾ وَلَمَّا رَأَى
کے کہ امید رکھتا ہے خدا کی اور دن پچھلے کی اور یاد کرتا ہے اللہ کو بہت ف اور جس وقت دیکھا

الْمُؤْمِنُونَ الْأَحْزَابَ قَالُوا هَٰذَا مَا وَعَدَنَا اللَّهُ وَرَسُولُهُ
ایمان والوں نے جماعتوں کافروں کی کو کہا یہ ہے جو وعدہ دیا ہے ہم کو اللہ نے اور رسول اسکے نے

وَصَدَقَ اللَّهُ وَرَسُولُهُ ۚ وَمَا زَادَهُمْ إِلَّا إِيمَانًا وَتَسْلِيمًا ﴿٢٢﴾ مِّنَ
اور سچ کہا تھا اللہ نے اور رسول اسکے نے اور نہ زیادہ کیا انکو مگر ایمان اور اطاعت کرنا ف بعضے

الْمُؤْمِنِينَ رِجَالٌ صَدَقُوا مَا عَاهَدُوا اللَّهَ عَلَيْهِ ۖ فَمِنْهُم
مسلمانوں میں سے وہ مرد ہیں کہ سچ کہا انہوں نے اپنے کو کہ عہد باندھا تھا اللہ سے اوپر اس کے پس بعض انہیں سے

مَّن قَضَىٰ نَحْبَهُ وَمِنْهُم مَّن يَنتَظِرُ ۖ وَمَا بَدَّلُوا تَبْدِيلًا ﴿٢٣﴾
وہ ہے کہ پورا کرچکا کام اپنا اور بعض ان میں سے وہ ہے کہ انتظار کرتا ہے اور نہیں بدل ڈالا انہوں نے کچھ بدل ڈالنا ف

ف یعنی بُرے وقت رفاقت سے جی چراتے ہیں اور ڈر کے مارے جان نکلتی ہے اور فتح کے بعد مردانگی جتاتے ہیں سب سے زیادہ اور غنیمت پر ڈھکتے ہیں۔ فائدہ جہاں حبط اعمال کا ذکر ہے تو فرمایا ہے یہ اللہ پر آسان ہے یعنی حکمت میں اللہ کے کسی کی محنت ضائع کرنی تعجب لگتی ہے لیکن جب حبط کرنے پر آوے اس عمل ہی میں ایسا نقصان پکڑے جس سے وہ درست ہی نہیں ہوا جیسے عمل بے ایمان کا کہ ایمان شرط ہے ہر عمل کی۔ ۱۲۔ منہ رح

ف یعنی نامردی کے مارے یقین نہیں آتا کہ فوجیں پھر گئیں اور باتوں میں تمہاری خیرخواہی جتاویں اور لڑائی میں کام نہ کریں ۱۲۔ منہ رح

ع ۱۲/۱۸

ف یعنی رسول کو دیکھو ان سختیوں میں کیا استقلال رکھتا ہے سب سے زیادہ محنت اور اندیشہ اس پر ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف وعدہ اللہ کا یہی کہ فرمایا تھا تکلیف پاؤگے کافروں کے ہاتھ سے آخر تم کو غلبہ ہے اور یہ بھی کہ رسول نے فرمایا تھا آٹھ دس دن میں تم پر فوجیں آتی ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف ذمہ پورا کرچکا یعنی جہاد ہی میں جان دے چکا جیسے شہدائے بدر و احد اور راہ دیکھتے اصحاب جو جہاد پر مستعد ہیں موت کی راہ دیکھتے لیکن رسول نے فرمایا کہ طلحہ ان میں سے ہے جو شہید ہوچکے ۱۲۔ منہ رح

لِّيَجْزِيَ اللَّهُ الصَّادِقِينَ بِصِدْقِهِمْ وَيُعَذِّبَ الْمُنَافِقِينَ إِن
تو کہ بدلا دے اللہ سچوں کو بدلے سچ انکے کے اور عذاب کرے منافقوں کو اگر
شَاءَ أَوْ يَتُوبَ عَلَيْهِمْ ۚ إِنَّ اللَّهَ كَانَ غَفُورًا رَّحِيمًا ﴿٢٤﴾ وَرَدَّ
چاہے یا توبہ کرے اوپر اُن کے تحقیق اللہ ہے بخشنے والا مہربان اور پھیر دیا
اللَّهُ الَّذِينَ كَفَرُوا بِغَيْظِهِمْ لَمْ يَنَالُوا خَيْرًا ۚ وَكَفَى اللَّهُ
اللہ نے ان لوگوں کو کہ کافر ہوئے تھے ساتھ غصے انکے کے نہیں پہنچے بھلائی کو اور کفایت کیا اللہ نے
الْمُؤْمِنِينَ الْقِتَالَ ۚ وَكَانَ اللَّهُ قَوِيًّا عَزِيزًا ﴿٢٥﴾ وَأَنزَلَ الَّذِينَ
مسلمانوں کو لڑائی سے اور ہے اللہ زبردست غالب اور اتارا اللہ نے ان لوگوں کو
ظَاهَرُوهُم مِّنْ أَهْلِ الْكِتَابِ مِن صَيَاصِيهِمْ وَقَذَفَ فِي
کہ مددگار ہوئے تھے ان کے اہل کتاب سے قلعوں انکے سے اور ڈالا بیچ
قُلُوبِهِمُ الرُّعْبَ فَرِيقًا تَقْتُلُونَ وَتَأْسِرُونَ فَرِيقًا ﴿٢٦﴾ وَأَوْرَثَكُمْ
دلوں انکے کے ڈر ایک فرقے کو مار ڈالتے ہو تم اور بند کرتے ہو تم ایک فرقے کو ف۱ اور وارث کیا تم کو
أَرْضَهُمْ وَدِيَارَهُمْ وَأَمْوَالَهُمْ وَأَرْضًا لَّمْ تَطَئُوهَا ۚ وَكَانَ
زمین انکی کا اور گھروں انکے کا اور مالوں انکے کا اور اس زمین کا کہ پاؤں نہ رکھا تھا تم نے اس پر اور ہے
اللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرًا ﴿٢٧﴾ ع يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ قُل لِّأَزْوَاجِكَ
اللہ اوپر ہر چیز کے قادر ف۲ اے نبی کہہ واسطے بی بیوں اپنی کے
إِن كُنتُنَّ تُرِدْنَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا وَزِينَتَهَا فَتَعَالَيْنَ أُمَتِّعْكُنَّ
اگر ہو تم ارادہ کرتیاں زندگانی دنیا کا اور بناؤ اُس کا پس آؤ کہ کچھ فائدہ دوں میں
وَأُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحًا جَمِيلًا ﴿٢٨﴾ وَإِن كُنتُنَّ تُرِدْنَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ
تم کو اور رخصت کردوں میں تم کو رخصت کرنا اچھا اور اگر ہو تم ارادہ کرتیاں خدا کا اور رسول اسکے کا
وَالدَّارَ الْآخِرَةَ فَإِنَّ اللَّهَ أَعَدَّ لِلْمُحْسِنَاتِ مِنكُنَّ أَجْرًا
اور گھر پچھلے کا پس تحقیق اللہ نے تیار کیا واسطے نیکی کرنے والیوں کے تم میں سے ثواب
عَظِيمًا ﴿٢٩﴾ يَا نِسَاءَ النَّبِيِّ مَن يَأْتِ مِنكُنَّ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ
بڑا ف۳ اے بی بیو نبی کی جو کوئی آوے تم میں سے ساتھ بے حیائی ظاہر کے
يُضَاعَفْ لَهَا الْعَذَابُ ضِعْفَيْنِ ۚ وَكَانَ ذَٰلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيرًا ﴿٣٠﴾
دو چند کیا جاویگا واسطے ان کے عذاب دو برابر اور ہے یہ اوپر اللہ کے آسان

ف۱ یہ یہود تھے بنی قریظہ
نزدیک رہتے مدینے کے
پہلے حضرت سے صلح رکھتے
تھے اس ہنگامہ میں پھر
گئے اس لڑائی سے فارغ
ہوئے کہ جبرائیل حکم لائے
جلد ان کو جا گھیرا چوبیس
دن تک گھر کر تھکے راضی
ہوئے کہ ہم نکلتے ہیں جو
ہمارے حق میں سعد بن معاذ
کہے سو قبول رکھو حضرت
نے قبول کیا سعد نے یہی
حکم کیا کہ جوانوں کو قتل
کرنا اور عورتیں لڑکے
بندی لینے خدا اور رسول
کی مرضی یہی تھی اور ان
کی بدعہدی کی سزا ۱۲ منہ
ف۲ یہ زمین جو مدینے کے
نزدیک ہاتھ لگی حضرت
نے مہاجرین کو بانٹی ان
کو گذران کا ٹھکانا ہو گیا اور
انصار پر سے ان کا خرچ
ہلکا ہوا اور اس دوسری
زمین سے مراد ہے زمین
خیبر کی دو برس کے پیچھے
ان یہودیوں ہی سے ع ۳
وہ ہاتھ لگی اس سے
حضرت کے سب اصحاب ۱۹
آسودہ ہو گئے ۱۲ منہ
ف۳ حضرت کے ازواج
نے دیکھا کہ لوگ آسودہ
ہوئے چاہا کہ ہم بھی آسودہ
ہوں بعضیوں نے بول
چال کی حضرت نے قسم
کھائی کہ ایک مہینے گھر میں
نہ جاویں پھر مہینے کے بعد
یہ آیت اتری حضرت گھر
میں آئے اوّل حضرت
عائشہ سے کہا انہوں نے
اللہ اور رسول کی مرضی اختیار
کی پھر اسی طرح سب نے
حضرت کے ہاں ہمیشہ فقر و
فاقہ تھا اپنے اختیار سے جو
آتا تھا شتاب اٹھا ڈالتے
تھے پھر قرض لینا پڑتا، یہ جو
(باقی بر صفحہ ۴۹۶)

وَمَنْ يَّقْنُتْ مِنْكُنَّ لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتَعْمَلْ صَالِحًا نُّؤْتِهَآ
جو کوئی فرمانبرداری کرے تم میں سے اللہ کی اور رسول اسکے کی اور عمل کرے اچھے دیویں گے ہم اسکو
اَجْرَهَا مَرَّتَيْنِ ۙ وَاَعْتَدْنَا لَهَا رِزْقًا كَرِيْمًا ﴿۳۱﴾ يٰنِسَآءَ
ثواب اس کا دو بار اور تیار کیا ہم نے واسطے ان کے رزق اچھا ف اے بی بیو
النَّبِيِّ لَسْتُنَّ كَاَحَدٍ مِّنَ النِّسَآءِ اِنِ اتَّقَيْتُنَّ فَلَا تَخْضَعْنَ
نبی کی نہیں تم مانند ہر ایک کی عورتوں میں سے اگر پرہیزگاری کرو تم پس مت نرمی کرو
بِالْقَوْلِ فَيَطْمَعَ الَّذِيْ فِيْ قَلْبِهٖ مَرَضٌ وَّقُلْنَ قَوْلًا
بات میں پس طمع کرے وہ شخص کہ بیچ دل اسکے کے بیماری ہے اور کہو بات
مَّعْرُوْفًا ﴿۳۲﴾ وَقَرْنَ فِيْ بُيُوْتِكُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ
سیدھی ف اور ٹکی رہو بیچ گھروں اپنے کے اور مت بناؤ کرو بناؤ
الْجَاهِلِيَّةِ الْاُوْلٰى وَاَقِمْنَ الصَّلٰوةَ وَاٰتِيْنَ الزَّكٰوةَ
جاہلیت کا پہلی ف اور قائم رکھا کرو نماز کو اور دیا کرو زکوٰۃ کو
وَاَطِعْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۭ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ
اور فرمانبرداری کرو اللہ کی اور رسول اسکے کی سوائے اسکے نہیں کہ ارادہ کرتا ہے اللہ تو کہ دور کرے تم سے
الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا ﴿۳۳﴾ وَاذْكُرْنَ مَا
پلیدی اے اس گھر والو اور پاک کرے تم کو خوب پاک کرنا ف اور یاد کیا کرو جو کچھ
يُتْلٰى فِيْ بُيُوْتِكُنَّ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ وَالْحِكْمَةِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ
پڑھا جاتا ہے بیچ گھروں تمہارے کے نشانیوں اللہ کی سے اور حکمت سے تحقیق اللہ ہے
ع ۱ كَانَ لَطِيْفًا خَبِيْرًا ﴿۳۴﴾ اِنَّ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمٰتِ وَالْمُؤْمِنِيْنَ
لطف کرنیوالا خبردار تحقیق مسلمان مرد اور مسلمان عورتیں اور ایمان والے مرد
وَالْمُؤْمِنٰتِ وَالْقٰنِتِيْنَ وَالْقٰنِتٰتِ وَالصّٰدِقِيْنَ وَالصّٰدِقٰتِ
اور ایمان والی عورتیں اور قرآن پڑھنے والے اور قرآن پڑھنے والیاں اور سچ بولنے والے اور سچ بولنے والیاں
وَالصّٰبِرِيْنَ وَالصّٰبِرٰتِ وَالْخٰشِعِيْنَ وَالْخٰشِعٰتِ وَالْمُتَصَدِّقِيْنَ
اور صبر کرنیوالے اور صبر کرنیوالیاں اور عاجزی کرنے والے اور عاجزی کرنیوالیاں اور خیرات دینے والے
وَالْمُتَصَدِّقٰتِ وَالصَّاۗىِٕمِيْنَ وَالصّٰۗىِٕمٰتِ وَالْحٰفِظِيْنَ
اور خیرات دینے والیاں اور روزہ رکھنے والے اور روزہ رکھنے والیاں اور نگہبانی کرنے والے

ف۱ یہ بڑے درجہ کا لازمہ ہے نیکی کا ثواب دونا اور برائی کا عذاب دونا پیغمبر کو بھی فرمایا۔ اذا لاذقناک ضعف الحیٰوۃ۔ ۱۲ منہ

ف۲ یہ ایک ادب سکھایا کہ کسی مرد سے بات کہو تو اس طرح کہو جیسے ماں کہے بیٹے کو۔ ۱۲۔ منہ

ف۳ یعنی کفر کے وقت بے پردہ پھرتی تھیں عورتیں۔ ۱۲۔ منہ ح

ف۴ یہ خطاب ہے ازواج کو اور داخل ہیں حضرت کے سب گھر والے۔ ۱۲۔ منہ ح

فُرُوْجَهُمْ وَالْحٰفِظٰتِ وَالذّٰكِرِيْنَ اللّٰهَ كَثِيْرًا وَّالذّٰكِرٰتِ
شرمگاہ اپنی کی اور نگہبانی کرنے والیاں اور یاد کرنے والے اللہ کو بہت اور یاد کرنے والیاں
اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۳۵﴾ وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ
تیار کیا ہے اللہ نے واسطے انکے بخشش اور ثواب بڑا ف۱ اور نہیں ہے لائق واسطے کسی مرد مسلمان کے
وَّلَا مُؤْمِنَةٍ اِذَا قَضَى اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗٓ اَمْرًا اَنْ يَّكُوْنَ لَهُمُ
اور نہ عورت مسلمان کے جس وقت کہ مقرر کرے خدا اور رسول اس کا کوئی کام یہ کہ ہووے واسطے انکے
الْخِيَرَةُ مِنْ اَمْرِهِمْ ۭ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ
اختیار کام اپنے سے اور جو کوئی نافرمانی کرے اللہ کی اور رسول اسکے کی پس تحقیق
ضَلَّ ضَلٰلًا مُّبِيْنًا ﴿۳۶﴾ وَاِذْ تَقُوْلُ لِلَّذِيْٓ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ
گمراہ ہوا گمراہی ظاہر ف۲ اور جس وقت کہ کہتا تھا تو واسطے اس شخص کے کہ نعمت رکھی ہے اللہ نے اوپر اسکے
وَاَنْعَمْتَ عَلَيْهِ اَمْسِكْ عَلَيْكَ زَوْجَكَ وَاتَّقِ اللّٰهَ وَ
اور نعمت رکھی ہے تو نے اوپر اسکے تھام رکھ اوپر اپنے بی بی اپنی کو اور ڈر خدا سے اور
تُخْفِيْ فِيْ نَفْسِكَ مَا اللّٰهُ مُبْدِيْهِ وَتَخْشَى النَّاسَ ۚ وَاللّٰهُ
چھپاتا تھا تو بیچ جی اپنے کے جو کچھ کہ اللہ ظاہر کرنے والا ہے اسکا اور ڈرتا تھا تو لوگوں سے اور اللہ
اَحَقُّ اَنْ تَخْشٰىهُ ۭ فَلَمَّا قَضٰى زَيْدٌ مِّنْهَا وَطَرًا زَوَّجْنٰكَهَا لِكَيْ
بہت لائق ہے اسکا کہ ڈرے تو اس سے پس جب ادا کرلی زید نے اس سے حاجت بیاہ دیا ہم نے تجھ سے اس کو تو کہ
لَا يَكُوْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ حَرَجٌ فِيْٓ اَزْوَاجِ اَدْعِيَاۗىِٕهِمْ اِذَا
نہ ہووے اوپر ایمان والوں کے تنگی بیچ بی بیوں لے پالکوں انکے کے جب
قَضَوْا مِنْهُنَّ وَطَرًا ۭ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا ﴿۳۷﴾ مَا كَانَ عَلَى
ادا کرلیں اُن سے حاجت اور ہے حکم خدا کا کیا گیا ف۳ نہیں ہے اوپر
النَّبِيِّ مِنْ حَرَجٍ فِيْمَا فَرَضَ اللّٰهُ لَهٗ ۭ سُنَّةَ اللّٰهِ فِي الَّذِيْنَ
نبی کے کچھ تنگی بیچ اس چیز کے کہ مقرر کی ہے اللہ نے واسطے اسکے راہ مقرر کی اللہ نے بیچ ان لوگوں کے
خَلَوْا مِنْ قَبْلُ ۭ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ قَدَرًا مَّقْدُوْرَۨا ﴿۳۸﴾ الَّذِيْنَ
کہ گذرے پہلے اس سے اور ہے کام اللہ کا اندازے پر مقرر کیا ہوا وہ لوگ
يُبَلِّغُوْنَ رِسٰلٰتِ اللّٰهِ وَيَخْشَوْنَهٗ وَلَا يَخْشَوْنَ اَحَدًا اِلَّا
کہ پہنچاتے ہیں پیغام خدا کا اور ڈرتے ہیں اس سے اور نہیں ڈرتے کسی سے مگر

ف۱ حضرت کی ایک بی بی نے کہا تھا کہ قرآن میں سب ذکر ہے مردوں کا عورتوں کا کہیں نہیں، اس پر یہ آیت اتری۔ نیک عورتوں کی خاطر کو نہیں تو حکم مردوں پر کہا سو عورتوں پر بھی آیا ہر بار جدا کہنے کی حاجت نہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ حضرت زینب رسول خدا کی پھوپھی کی بیٹی اور قوم میں اشراف حضرت نے چاہا کہ ان کو نکاح کردیں زید بن حارث سے۔ یہ زید اصل عرب تھے ظالم پکڑ لے گیا۔ لڑکپن میں شہر مکے میں بکے حضرت نے مول لیا دس برس کی عمر میں ان کے باپ بھائی خبر پاکر آئے مانگنے کو حضرت دینے پر راضی ہوئے، یہ گھر جانے پر راضی نہ ہوئے حضرت کی محبت سے پھر حضرت نے ان کو بیٹا کرلیا اسلام سے پہلے اس وقت کے رواج کے موافق حضرت زینب اور ان کا بھائی راضی نہ ہوئے اس پر یہ آیت اتری پھر راضی ہوئے اور نکاح کردیا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ حضرت زینب زید کے نکاح میں آئیں تو وہ اُن کی آنکھوں میں حقیر لگتا مزاج کی موافقت نہ ہوئی جب لڑائی ہوتی تو زید حضرت سے آکر شکایت کرتے اور کہتے میں اسے چھوڑتا ہوں حضرت منع کرتے کہ میری خاطر سے اس نے تجھ کو قبول کیا اب چھوڑ دینا دوسری ذلت ہے جب

(باقی ص۵۱۹ پر)

اللّٰہِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا ﴿۳۹﴾ مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ
اللہ سے اور بس ہے اللہ کفایت کرنیوالا ف۱ نہیں ہے محمد صلے اللہ علیہ وسلم باپ کسی کا مردوں تمہارے میں سے

وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ
ولیکن پیغمبر خدا کا ہے اور ختم کرنیوالا تمام نبیوں کا اور ہے اللہ ہر چیز کو

عَلِيْمًا ﴿۴۰﴾ ع يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيْرًا ﴿۴۱﴾ لا
جاننے والا ف۲ اے لوگو جو ایمان لائے ہو یاد کرو اللہ کو یاد کرنا بہت

وَّسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ﴿۴۲﴾ هُوَ الَّذِيْ يُصَلِّيْ عَلَيْكُمْ
اور پاکی بیان کرو اس کی صبح اور شام وہی ہے جو رحمت بھیجتا ہے اوپر تمہارے

وَمَلٰٓئِكَتُهٗ لِيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ وَكَانَ
اور فرشتے اس کے تو کہ نکالے تم کو اندھیروں سے طرف روشنی کی اور ہے

بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَحِيْمًا ﴿۴۳﴾ تَحِيَّتُهُمْ يَوْمَ يَلْقَوْنَهٗ سَلٰمٌ ۚۖ وَاَعَدَّ
ساتھ ایمان والوں کے مہربان دعا ان کی جسدن ملاقات کریں گے اس سے سلام ہے اور تیار کیا ہے

لَهُمْ اَجْرًا كَرِيْمًا ﴿۴۴﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّاۤ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا
واسطے اُن کے ثواب بزرگ ف۳ اے نبی تحقیق ہم نے بھیجا ہے تجھ کو گواہ

وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ﴿۴۵﴾ لا وَّدَاعِيًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَسِرَاجًا مُّنِيْرًا ﴿۴۶﴾
اور خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا اور پکارنے والا طرف اللہ کی ساتھ حکم اسکے کے اور چراغ روشن

وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ بِاَنَّ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ فَضْلًا كَبِيْرًا ﴿۴۷﴾ وَلَا
اور خوشخبری دے ایمان والوں کو ساتھ اسکے کہ واسطے انکے ہے اللہ کی طرف سے فضل بڑا ف۴ اور مت

تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَدَعْ اَذٰىهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى
کہا مان کافروں کا اور منافقوں کا اور چھوڑ دے ایذا دینا اُن کا اور توکل کر اوپر

اللّٰهِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿۴۸﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا نَكَحْتُمُ
اللہ کے اور کفایت ہے اللہ کام بنانے والا اے لوگو جو ایمان لائے ہو جسوقت کہ نکاح کرو تم

الْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ فَمَا لَكُمْ
ایمان والیوں کو پھر طلاق دو تم اُن کو پہلے اس سے کہ ہاتھ لگاؤ ان کو پس نہیں واسطے تمہارے

عَلَيْهِنَّ مِنْ عِدَّةٍ تَعْتَدُّوْنَهَا ۚ فَمَتِّعُوْهُنَّ وَسَرِّحُوْهُنَّ سَرَاحًا
اوپر ان کے گنتی دنوں کی کہ گنو اس کو پس کچھ فائدہ دو اُن کو اور رخصت کرو ان کو رخصت کرنا

ف۱ یعنی پیغمبر کو ایک کام کرنا جو شرع میں روا ہو گیا مضائقہ رہتا ہے ہمیشہ پیغمبروں کو اس کے سوا کسی کا ڈر نہیں رہا یا یہ کہ بعضے حکم ہمیشہ پیغمبروں کو خاص رہے ہیں جیسے عورتوں کی گنتی حضرت داؤد علیہ السلام کو سو عورتیں تھیں اور کوئی اپنی حد سے زیادہ کرے تو گناہ ہے اور جن کو روا ہوا ان کو خاص بعضے حکم اس سے ہیں کہ خدا کے خلاف حکم نہیں کرتے۔ ۱۲۔منہ رح

ع ۵ / ۶ / ۲

ف۲ حضرت کی اولاد یا لڑکے گذر گئے یا بیٹیاں رہیں کوئی مرد ہوا نہیں یعنی کسی کو اس کا بیٹا نہ جانو مگر رسول اللہ کا ہے اس حساب سے سب اس کے بیٹے ہیں اور پیغمبروں پر مہر ہے اس کے بعد کوئی پیغمبر نہیں یہ بڑائی اس کو سب پر ہے۔ ۱۲۔منہ رح

ف۳ یعنی اللہ ان پر سلام بھیجے گا اور آپس میں بھی یہی دعا ہے اور رہو گی۔ ۱۲۔منہ رح

ف۴ سب اُمتوں سے برتر یہی اُمت ہے۔ ۱۲۔منہ رح

جَمِيلًا ﴿٤٩﴾ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِنَّا أَحْلَلْنَا لَكَ أَزْوَاجَكَ اللَّاتِي
اچھا ف۱ اے نبی تحقیق ہم نے حلال کیں واسطے تیرے بی بیاں تیری وہ جو

آتَيْتَ أُجُورَهُنَّ وَمَا مَلَكَتْ يَمِينُكَ مِمَّا أَفَاءَ اللَّهُ
دیا ہے تونے مہر اُن کا اور جن کا کہ مالک ہوا ہے داہنا ہاتھ تیرا اس چیز سے کہ پھیر لایا ہے اللہ

عَلَيْكَ وَبَنَاتِ عَمِّكَ وَبَنَاتِ عَمَّاتِكَ وَبَنَاتِ خَالِكَ وَبَنَاتِ
اوپر تیرے یعنی طرف تیری مال کفار سے اور بیٹیاں چچاؤں تیرے کی اور بیٹیاں پھوپھیوں تیری کی بیٹیاں ماموں تیرے کی اور بیٹیاں

خَالَاتِكَ اللَّاتِي هَاجَرْنَ مَعَكَ وَامْرَأَةً مُؤْمِنَةً إِنْ وَهَبَتْ
خالاؤں تیری کی وہ جو وطن چھوڑ آئی ہیں ساتھ تیرے اور حلال کی عورت ایمان والی اگر بخش دیوے

نَفْسَهَا لِلنَّبِيِّ إِنْ أَرَادَ النَّبِيُّ أَنْ يَسْتَنْكِحَهَا ۚ خَالِصَةً
یعنی بغیر مہر کے جان اپنی واسطے نبی کے اگر ارادہ کرے نبی یہ کہ نکاح کرے اس کو تنہا خاص

لَكَ مِنْ دُونِ الْمُؤْمِنِينَ ۗ قَدْ عَلِمْنَا مَا فَرَضْنَا عَلَيْهِمْ
واسطے تیرے یعنی واسطے اپنے سوائے مسلمانوں کے تحقیق جان لیا ہے ہم نے جو کچھ مقرر کیا ہے ہم نے اوپر اُن کے

فِي أَزْوَاجِهِمْ وَمَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُمْ لِكَيْلَا يَكُونَ عَلَيْكَ
بیچ حق بی بیوں ان کی کے اور بیچ حق اسچیز کے کہ مالک ہوئے ہیں داہنے ہاتھ ان کے تو کہ نہ ہو اوپر تیرے

حَرَجٌ ۗ وَكَانَ اللَّهُ غَفُورًا رَحِيمًا ﴿٥٠﴾ تُرْجِي مَنْ تَشَاءُ
تنگی اور ہے اللہ بخشنے والا مہربان ف۲ ڈھیل دیوے تو جس کو چاہے

مِنْهُنَّ وَتُؤْوِي إِلَيْكَ مَنْ تَشَاءُ ۖ وَمَنِ ابْتَغَيْتَ مِمَّنْ
اُن میں سے اور جگہ دیوے طرف اپنی جس کو چاہے اور جس کو بُلوا بھیجے تو ان میں سے کہ

عَزَلْتَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكَ ۚ ذَٰلِكَ أَدْنَىٰ أَنْ تَقَرَّ أَعْيُنُهُنَّ
ایک کنارے کر دیا تھا اسکو پس نہیں گناہ اوپر تیرے یہ بہت نزدیک ہے اس بات سے کہ ٹھنڈی رہیں آنکھیں انکی

وَلَا يَحْزَنَّ وَيَرْضَيْنَ بِمَا آتَيْتَهُنَّ كُلُّهُنَّ ۚ وَاللَّهُ يَعْلَمُ
اور نہ غم کھاویں اور راضی رہیں ساتھ اسچیز کے کہ دیتا ہے تو ان کو ساریاں اور اللہ جانتا ہے

مَا فِي قُلُوبِكُمْ ۚ وَكَانَ اللَّهُ عَلِيمًا حَلِيمًا ﴿٥١﴾ لَا يَحِلُّ
جو کچھ بیچ دلوں تمہارے کے ہے اور ہے اللہ جاننے والا تحمل والا ف۳ نہیں حلال

لَكَ النِّسَاءُ مِنْ بَعْدُ وَلَا أَنْ تَبَدَّلَ بِهِنَّ مِنْ أَزْوَاجٍ
واسطے تیرے عورتیں پیچھے اُن کے اور نہ یہ کہ بدل ڈالے تو اُن سے اور بی بیاں

ف۱ بغیر صحبت ہوئے جو مرد چھوڑ دے عورت کو اگر اس کا مہر بندھ تھا تو آدھا دے اگر نہ بندھا تھا تو کچھ فائدہ دے یعنی ایک جوڑہ پوشاک اور اسی وقت چاہے تو اور نکاح کرے عدت نہیں اور اگر خلوت ہوئی گو صحبت نہ ہوئی تو مہر بھی پورا دینا اور عدت بھی بٹھانا یہ مسئلہ یہاں فرمایا حضرت کے ازواج کے ذکر میں شاید اس واسطے کہ حضرت نے ایک عورت نکاح کی تھی جب اسکے نزدیک گئے کہنے لگی اللہ تجھ سے پناہ دے حضرت نے اس کو جواب دیا کہ تونے بڑے کی پناہ پکڑی اس پر یہ حکم فرمایا ہوا اور خطاب فرمایا ایمان والوں کو تا معلوم ہو کہ پیغمبر کا خاص حکم نہیں سب مسلمانوں پر یہی حکم ہے۔ ۱۲۔ مندرج

ف۲ جو عورتیں تیری ہیں جن کا مہر دیا یعنی اب نکاح میں ہیں خواہ قریش سے ہوں اور مہاجر ہوں یا نہ ہوں یہ حلال ہیں اور ماموں چچا کی بیٹیاں یعنی قریش میں کی بشرط ہجرت کے اگر ہجرت نہ کی تو حلال نہیں اور جو عورت بخشے نبی کو اپنی جان یعنی بن مہر آپ کو نیاز کرے یہ خاص پیغمبر کو ہے اور مسلمانوں پر وہی حکم ہے اَنْ تَبْتَغُوْا بِاَمْوَالِكُمْ بن مہر نکاح نہیں خواہ ذکر میں آیا، خواہ پیچھے ٹھہرا لیا خواہ نہ ٹھہرایا تو جو قوم کا مہر ہے سو لازم آیا حضرت کی بیبیاں دس مشہور ہیں حضرت خدیجہ اوّل تھیں

(باقی صفحہ ۵۲۰ پر)

وَلَوْ أَعْجَبَكَ حُسْنُهُنَّ إِلَّا مَا مَلَكَتْ يَمِينُكَ ۗ وَكَانَ

اور اگرچہ خوش لگے تجھ کو حسن اُن کا مگر جن کے مالک ہوگئے ہیں داہنے ہاتھ تیرے اور ہے

ع ٦ / ١٢ اللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ رَّقِيبًا ﴿٥٢﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا

اللہ اوپر ہر چیز کے نگہبان ف۱ اے لوگو جو ایمان لائے ہو مت

تَدْخُلُوا بُيُوتَ النَّبِيِّ إِلَّا أَن يُؤْذَنَ لَكُمْ إِلَىٰ طَعَامٍ غَيْرَ

داخل ہو بیچ گھروں پیغمبر کے مگر یہ کہ اذن دیا جاوے واسطے تمہارے طرف کھانے کی نہ

نَاظِرِينَ إِنَاهُ وَلَٰكِنْ إِذَا دُعِيتُمْ فَادْخُلُوا فَإِذَا طَعِمْتُمْ

انتظار کرنے والے پکنے اسکے کے و لیکن جب بلائے جاؤ تم پس داخل ہو پس جب کھا چکو

فَانتَشِرُوا وَلَا مُسْتَأْنِسِينَ لِحَدِيثٍ ۚ إِنَّ ذَٰلِكُمْ كَانَ

پس منتشر ہو جاؤ اور مت بیٹھے رہو جی لگا رہنے والے واسطے باتوں کے تحقیق یہ کام ہے

يُؤْذِي النَّبِيَّ فَيَسْتَحْيِي مِنكُمْ ۖ وَاللَّهُ لَا يَسْتَحْيِي مِنَ الْحَقِّ ۚ

ایذا دیتا ہے نبی کو پس شرماتا ہے تم سے اور اللہ نہیں شرماتا حق بات سے

وَإِذَا سَأَلْتُمُوهُنَّ مَتَاعًا فَاسْأَلُوهُنَّ مِن وَرَاءِ حِجَابٍ ۚ

اور جس وقت مانگا چاہو اُن سے کچھ اسباب پس مانگ لو اُن سے پیچھے پردے کے سے

ذَٰلِكُمْ أَطْهَرُ لِقُلُوبِكُمْ وَقُلُوبِهِنَّ ۚ وَمَا كَانَ لَكُمْ أَن تُؤْذُوا

یہ بہت پاک کرنے والا ہے واسطے دلوں تمہارے کے اور دلوں انکے کے اور نہیں لائق واسطے تمہارے یہ کہ ایذا دو

رَسُولَ اللَّهِ وَلَا أَن تَنكِحُوا أَزْوَاجَهُ مِن بَعْدِهِ أَبَدًا ۚ

رسول خدا کے کو اور نہ یہ کہ نکاح کرو بی بیوں اس کی کو پیچھے اس کے کبھی

إِنَّ ذَٰلِكُمْ كَانَ عِندَ اللَّهِ عَظِيمًا ﴿٥٣﴾ إِن تُبْدُوا شَيْئًا أَوْ

تحقیق یہ ہے نزدیک اللہ کے بڑا گناہ اگر ظاہر کرو تم کچھ چیز یا

تُخْفُوهُ فَإِنَّ اللَّهَ كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمًا ﴿٥٤﴾ لَّا جُنَاحَ

پوشیدہ کرو اسکو پس تحقیق اللہ ہے ساتھ ہر چیز کے جاننے والا ف۲ نہیں گناہ

عَلَيْهِنَّ فِي آبَائِهِنَّ وَلَا أَبْنَائِهِنَّ وَلَا إِخْوَانِهِنَّ وَلَا

اُوپر ان کے بیچ باپوں انکے کے اور نہ بیچ بیٹوں انکے کے اور نہ بیچ بھائیوں انکے کے اور نہ

أَبْنَاءِ إِخْوَانِهِنَّ وَلَا أَبْنَاءِ أَخَوَاتِهِنَّ وَلَا نِسَائِهِنَّ

بیچ بیٹوں بھائیوں ان کے کے اور نہ بیچ بیٹوں بہنوں انکے کے اور نہ بیچ بی بیوں اُن کی کے

ف۱ یعنی جتنی قسمیں کہہ دیں اس سے زیادہ حلال نہیں اور جو ہیں ان کو بدلنا نہیں حلال یہ ضرور ہیں اور ہاتھ کا مال حضرت کی دو حرم مشہور ہیں یا تین ایک ماریہ جن کے شکم سے فرزند ہوئے ابراہیم ایک ریحانہ یا شمعونہ یا دونوں حضرت عائشہؓ نے فرمایا یہ منع آخر کو موقوف ہوا سب عورتیں حلال ہوگئیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یہ اللہ تعالےٰ نے ادب سکھائے مسلمانوں کو کبھی کھانے کو حضرت کے گھر میں جمع ہوتے تو پیچھے باتیں کرتے لگ جاتے حضرت کا مکان آرام کا وہی تھا شرم سے نہ فرماتے کہ اُٹھ جاؤ ان کے واسطے اللہ نے فرمادیا اور اس آیت میں حکم ہوا پردے کا کہ مرد حضرت کے ازواج کے سامنے نہ جاویں مسلمانوں کی عورتوں پر یہ حکم واجب نہیں اگر عورت سامنے ہو کسی مرد کے سب بدن کپڑوں میں ڈھکا تو گناہ نہیں اگر نہ سامنے ہو تو بہتر ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

وَلَا مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ ۚ وَاتَّقِيْنَ اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ
اور نہ بیچ اس چیز کے کہ مالک ہوئے ہیں داہنے ہاتھ انکے اور ڈرو اے عورتو اللہ سے تحقیق اللہ ہے
عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدًا ﴿٥٥﴾ اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ
اوپر ہر چیز کے حاضر ف تحقیق اللہ اور فرشتے اُسکے درود بھیجتے ہیں
عَلَى النَّبِيِّ ۭ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا
اُوپر نبی کے اے لوگو جو ایمان لائے ہو درود بھیجو اوپر اسکے اور سلام بھیجو
تَسْلِيْمًا ﴿٥٦﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ
سلام بھیجنا ف تحقیق جو لوگ کہ ایذا دیتے ہیں اللہ کو اور رسول اسکے کو لعنت کی ہے انکو اللہ نے
فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَاَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴿٥٧﴾ وَالَّذِيْنَ
بیچ دنیا کے اور آخرت کے اور تیار کیا ہے واسطے انکے عذاب رُسوا کرنیوالا اور وہ لوگ کہ
يُؤْذُوْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ بِغَيْرِ مَا اكْتَسَبُوْا فَقَدِ
ایذا دیتے ہیں مسلمانوں کو اور مسلمان عورتوں کو بغیر اسکے کہ بُرا کیا ہو انہوں نے پس تحقیق
احْتَمَلُوْا بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿٥٨﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ
اٹھایا انہوں نے بہتان اور گناہ ظاہر ف اے نبی کہہ واسطے بی بیوں اپنی کے
وَبَنٰتِكَ وَنِسَاۗءِ الْمُؤْمِنِيْنَ يُدْنِيْنَ عَلَيْهِنَّ مِنْ
اور بیٹیوں اپنی کے اور بی بیوں مسلمانوں کی کے نزدیک کرلیں اُوپر اپنے بڑی
جَلَابِيْبِهِنَّ ۭ ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَنْ يُّعْرَفْنَ فَلَا يُؤْذَيْنَ ۭ وَكَانَ
چادریں اپنی یہ بہت نزدیک ہے اس سے کہ پہچانی جاویں پس نہ ایذا دی جاویں اور ہے
اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿٥٩﴾ لَىِٕنْ لَّمْ يَنْتَهِ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ
اللہ بخشنے والا مہربان ف البتہ اگر نہ باز رہیں گے منافق اور وہ لوگ کہ
فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّالْمُرْجِفُوْنَ فِي الْمَدِيْنَةِ لَنُغْرِيَنَّكَ
بیچ دلوں ان کے کے بیماری ہے اور بدخبر اڑانے والے بیچ شہر کے البتہ پیچھے لگاوینگے ہم تجھ کو
بِهِمْ ثُمَّ لَا يُجَاوِرُوْنَكَ فِيْهَآ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿٦٠﴾ مَّلْعُوْنِيْنَ ۚ
اُن کے پھر نہ ہمسایہ رہیں گے تیرے بیچ اسکے مگر تھوڑے دنوں لعنت مارے
اَيْنَمَا ثُقِفُوْٓا اُخِذُوْا وَقُتِّلُوْا تَقْتِيْلًا ﴿٦١﴾ سُنَّةَ اللّٰهِ فِي
جہاں پائے جاویں پکڑے جاویں اور قتل کیے جاویں خوب قتل کرنا عادت خدا کی بیچ

ف اپنی عورتوں کا اور ہاتھ کے مال کا ذکر ہو چکا، سورۂ نور ہیں۔ ١٢۔ منہ رح

ف یہ حکم ادا ہوتا ہے نماز میں السلام علیک ایہا النبی اللھم صل علی محمد اللہ سے رحمت مانگنی اپنے پیغمبر پر اور ان کے گھرانے پر بڑی قبولیت رکھتی ہے ان پر ان کے لائق رحمت اترتی ہے اور دس رحمتیں اترتی ہیں، مانگنے والے پر جتنا چاہے اتنا حاصل کرے۔ ١٢۔ منہ رح

ف یہ منافق تھے کہ پیٹھ پیچھے بدگوئی کرتے رسول کی یا ان کی زوجہ پر طوفان لگایا۔ سورۂ نور میں ان کے کلام ذکر ہو چکے۔ ١٢۔ منہ رح

ف پہچانی پڑیں کہ لونڈی نہیں بی بی ہے صاحب ناموس یا بدذات نہیں نیک بخت ہے تو بدنیت لوگ اس سے نہ الجھیں گھونگھٹ اس کا نشان رکھا یہ حکم بہتری کا ہے آگے فرمادیا اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ ١٢۔ منہ رح

معانقة ١٢

الَّذِينَ خَلَوْا مِن قَبْلُ ۖ وَلَن تَجِدَ لِسُنَّةِ اللَّهِ تَبْدِيلًا ﴿٦٢﴾
ان لوگوں کے کہ گذرے پہلے اُن سے اور ہرگز نہ پاویگا تو واسطے عادت اللہ کے بدل ڈالنا ف۱

يَسْأَلُكَ النَّاسُ عَنِ السَّاعَةِ ۖ قُلْ إِنَّمَا عِلْمُهَا عِندَ اللَّهِ ۚ
سوال کرتے ہیں تجھ کو لوگ قیامت سے کہہ سوائے اسکے نہیں کہ علم اسکا نزدیک اللہ کے ہے

وَمَا يُدْرِيكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ تَكُونُ قَرِيبًا ﴿٦٣﴾ إِنَّ اللَّهَ لَعَنَ
اور کیا چیز معلوم کرواتی ہے تجھ کو شاید کہ قیامت ہو نزدیک ف۲ تحقیق اللہ نے لعنت کی ہے

الْكَافِرِينَ وَأَعَدَّ لَهُمْ سَعِيرًا ﴿٦٤﴾ خَالِدِينَ فِيهَا أَبَدًا ۖ لَّا
کافروں کو اور تیار کیا ہے واسطے انکے دوزخ ہمیشہ رہیں گے بیچ اسکے ہمیشہ نہ پاوینگے

يَجِدُونَ وَلِيًّا وَلَا نَصِيرًا ﴿٦٥﴾ يَوْمَ تُقَلَّبُ وُجُوهُهُمْ
بیچ اس کے دوست اور نہ مدد دینے والا جسدن کہ پھیرے جاوینگے منہ اُن کے

فِي النَّارِ يَقُولُونَ يَا لَيْتَنَا أَطَعْنَا اللَّهَ وَأَطَعْنَا الرَّسُولَا ﴿٦٦﴾
بیچ آگ کے کہیں گے اے کاش کہ ہم نے فرمانبرداری کی ہوتی اللہ کی اور فرمانبرداری کی ہوتی رسول کی

وَقَالُوا رَبَّنَا إِنَّا أَطَعْنَا سَادَتَنَا وَكُبَرَاءَنَا فَأَضَلُّونَا
اور کہیں گے اے رب ہمارے تحقیق ہم نے فرمانبرداری کی ہے سرداروں اپنے کی اور بڑوں اپنے کی پس گمراہ کردیا انہوں نے

السَّبِيلَا ﴿٦٧﴾ رَبَّنَا آتِهِمْ ضِعْفَيْنِ مِنَ الْعَذَابِ وَالْعَنْهُمْ
ہم کو راہ سے اے رب ہمارے دے ان کو دُوگنا عذاب سے اور لعنت کر ان کو

لَعْنًا كَبِيرًا ﴿٦٨﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ آذَوْا
لعنت بڑی اے لوگو جو ایمان لائے ہو مت ہو مانند ان لوگوں کی کہ ایذا دی

مُوسَىٰ فَبَرَّأَهُ اللَّهُ مِمَّا قَالُوا ۚ وَكَانَ عِندَ اللَّهِ وَجِيهًا ﴿٦٩﴾
انہوں نے موسیٰ کو پس پاک کیا اُسکو اللہ نے اس چیز سے کہ کہتے تھے اور تھا وہ نزدیک اللہ کے آبرو والا ف۳

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ وَقُولُوا قَوْلًا سَدِيدًا ﴿٧٠﴾
اے لوگو جو ایمان لائے ہو ڈرو اللہ سے اور کہو بات سیدھی

يُصْلِحْ لَكُمْ أَعْمَالَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوبَكُمْ ۗ وَمَن يُطِعِ
سنوار دے گا واسطے تمہارے عمل تمہارے اور بخشے گا واسطے تمہارے گناہ تمہارے اور جو کوئی کہا مانے گا

اللَّهَ وَرَسُولَهُ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيمًا ﴿٧١﴾ إِنَّا عَرَضْنَا الْأَمَانَةَ
اللہ کا اور رسول اُسکے کا پس وہ مُراد کو پہنچا مراد کو پہنچنا بڑا تحقیق روبرو کیا تھا ہم نے امانت کو

ف۱ جو لوگ بدنیت تھے مدینے میں عورتوں کو چھیڑتے ٹوکتے اور جھوٹی خبریں اڑاتے مخالفوں کے زور کی اور مسلمانوں کے نیچے کی ان کو یہ فرمایا اور توریت میں بھی تقید ہے کہ مفسدوں کو اپنے بیچ سے باہر کردو۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ شاید یہ بھی منافقوں نے ہتھکنڈا پکڑا ہوگا کہ جس چیز کا جواب نہیں وہی سوال کریں بار بار اس پر یہاں ذکر کردیا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ بعضے مفسد حضرت موسےٰ کو تہمت لگانے لگے کہ حضرت ہارون کو جنگل میں لے جاکر مار آئے تا شریکِ ریاست نہ رہیں پھر ان کا جنازہ آسمان سے نظر آیا اور ان کی آواز آئی کہ میں اپنی موت سے مرا ہوں اور کتوں نے کہا کہ یہ جو چھپ کر نہاتے ہیں (ع ۸ ۱۰ ۵) ان کے بدن میں کچھ عیب ہے بدن کی سفیدی یا خصیہ پھولا۔ ایک روز حضرت موسیٰ اکیلے نہانے لگے کپڑے رکھے ایک پتھر پر وہ پتھر کپڑے لے کر بھاگا حضرت موسےٰ عصا لے کر اس کے پیچھے دوڑے جہاں سب لوگ دیکھتے تھے کھڑا ہو گیا سب نے ننگے دیکھ لیا بے عیب پھر اس پتھر کو کئی عصا مارے اسمیں نقش پڑ گیا۔ ۱۲۔ منہ رح

عَلَى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالْجِبَالِ فَاَبَيْنَ اَنْ يَّحْمِلْنَهَا
اُوپر آسمانوں کے اور زمین کے اور پہاڑوں کے پس انکار کیا سب نے یہ کہ اٹھاویں اسکو
وَاَشْفَقْنَ مِنْهَا وَحَمَلَهَا الْاِنْسَانُ ۭ اِنَّهٗ كَانَ ظَلُوْمًا
اور ڈر گئے اس سے اور اٹھا لیا اُس کو انسان نے تحقیق وہ تھا بے باک
جَهُوْلًا ۝٧٢ لِّيُعَذِّبَ اللّٰهُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْمُشْرِكِيْنَ
ناداں ف۱ تو کہ عذاب کرے اللہ منافق مردوں کو اور منافق عورتوں کو اور شرک کرنیوالوں کو
وَالْمُشْرِكٰتِ وَيَتُوْبَ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ۭ
اور شرک کرنے والیوں کو اور پھر آوے اللہ ساتھ رحمت کے اُوپر ایمان والوں کے اور ایمان والیوں کے
وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝٧٣ ع ٩ ع ٥ ٦
اور ہے اللہ بخشنے والا مہربان

سُوْرَةُ سَبَاٍ مَّكِّيَّةٌ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰيَاتُهَا ٥٤ رُكُوْعَاتُهَا ٦
سورۃ سبا مکہ میں نازل ہوئی اسمیں — شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے — چوّن آیتیں اور چھ رکوع ہیں

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ
سب تعریف واسطے اللہ کے وُہ جو واسطے اسکے ہے جو کچھ بیچ آسمانوں کے ہے اور جو کچھ بیچ زمین کے ہے
وَلَهُ الْحَمْدُ فِي الْاٰخِرَةِ ۭ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ ۝١ يَعْلَمُ
اور واسطے اس کے ہے سب تعریف بیچ آخرت کے اور وہی ہے حکمت والا باخبر ف۲ جانتا ہے
مَا يَلِجُ فِي الْاَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا يَنْزِلُ مِنَ
جو کچھ کہ داخل ہوتا ہے بیچ زمین کے اور جو کچھ کہ نکلتا ہے اس میں سے اور جو کچھ کہ اترتا ہے
السَّمَاۗءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيْهَا ۭ وَهُوَ الرَّحِيْمُ الْغَفُوْرُ ۝٢
آسمان سے اور جو کچھ کہ چڑھتا ہے بیچ اسکے اور وہی ہے مہربان بخشش کرنیوالا ف۳
وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَاْتِيْنَا السَّاعَةُ ۭ قُلْ بَلٰى
اور کہا اُن لوگوں نے کہ کافر ہوئے ہیں نہ آوے گی ہمارے پاس قیامت کہہ کہ یوں نہیں قسم ہے
وَرَبِّيْ لَتَاْتِيَنَّكُمْ ۙ عٰلِمِ الْغَيْبِ ۚ لَا يَعْزُبُ عَنْهُ مِثْقَالُ
رب میرے کی البتہ آوے گی تمہارے پاس جاننے والا غیب کا نہیں پوشیدہ اس سے برابر ایک بھنگے
ذَرَّةٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ وَلَآ اَصْغَرُ مِنْ ذٰلِكَ
کے بیچ آسمانوں کے اور نہ بیچ زمین کے اور نہ چھوٹا اس سے

ف۱ یعنی اپنی جان پر ترس نہ کھایا امانت کیا پرائی چیز رکھنی اپنی خواہش کو روک کر زمین و آسمان میں اپنی خواہش کچھ نہیں یا ہے تو وہی ہے جس پر قائم ہیں آسمان کی خواہش پھرنہ زمین کی خواہش ٹھہرنا انسان میں خواہش اور ہے اور حکم خلاف اسکے اس پرائی چیز کو برخلاف اپنے جی کے تھامنا بڑا زور چاہتا ہے اس کا انجام یہ کہ منکروں کو قصور پر پکڑنا اور ماننے والوں کا قصور معاف کرنا اب بھی یہی حکم ہے کسی کی امانت کوئی جان کر ضائع کرے تو بدلا ہے اور بے اختیار ضائع ہو تو بدلا نہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ دنیا میں ظاہر اور کسی کی بھی تعریف ہوتی ہے کہ وہ پردہ ہے اللہ کے فعل کا آخرت میں پردہ نہیں جو ہے سو اسی کی طرف سے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ زمین میں پیٹھتے ہیں جانور کیڑے اور مینہہ نکلتا ہے سبزہ کھیتی آسمان سے اترتا ہے۔ مینہہ قرآن تقدیر چڑھتا ہے عمل اور دعا اور روح مردے کی اور سب بستی اس کی رحمت سے ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

وَلَآ أَكْبَرُ إِلَّا فِى كِتَٰبٍ مُّبِينٍ ③ لِّيَجْزِىَ ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟

اور نہ بڑا مگر بیچ کتاب بیان کرنیوالی کے ہے تو کہ بدلا دیوے ان لوگوں کو کہ ایمان لائے

وَعَمِلُوا۟ ٱلصَّٰلِحَٰتِ ۚ أُو۟لَٰٓئِكَ لَهُم مَّغْفِرَةٌ وَرِزْقٌ كَرِيمٌ ④

اور کام کیے اچھے یہ لوگ واسطے انکے بخشش ہے اور رزق باکرامت ولا

وَٱلَّذِينَ سَعَوْ فِىٓ ءَايَٰتِنَا مُعَٰجِزِينَ أُو۟لَٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ

اور جن لوگوں نے سعی کی بیچ نشانیوں ہماری کے عاجز کرنیوالے ہوکر یہ لوگ واسطے انکے عذاب ہے

مِّن رِّجْزٍ أَلِيمٌ ⑤ وَيَرَى ٱلَّذِينَ أُوتُوا۟ ٱلْعِلْمَ ٱلَّذِىٓ

سخت قسم سے درد دینے والا اور جانتے ہیں وہ لوگ کہ دیئے گئے ہیں علم وہ جو

أُنزِلَ إِلَيْكَ مِن رَّبِّكَ هُوَ ٱلْحَقَّ وَيَهْدِىٓ إِلَىٰ صِرَٰطِ

اتارا گیا ہے طرف تیری پروردگار تیرے سے وہ ہے حق اور راہ دکھاتا ہے طرف راہ

ٱلْعَزِيزِ ٱلْحَمِيدِ ⑥ وَقَالَ ٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟ هَلْ نَدُلُّكُمْ

غالب تعریف کیے گئے کی ولا اور کہا ان لوگوں نے کہ کافر ہوئے کیا راہ بتادیں ہم تم کو

عَلَىٰ رَجُلٍ يُنَبِّئُكُمْ إِذَا مُزِّقْتُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ إِنَّكُمْ

اوپر اس شخص کے کہ خبر دیتا ہے تم کو جب ریزہ ریزہ ہوجاؤگے تم نہایت ریزہ ریزہ ہوجانا تحقیق البتہ

لَفِى خَلْقٍ جَدِيدٍ ⑦ أَفْتَرَىٰ عَلَى ٱللَّهِ كَذِبًا أَم بِهِۦ

تم بیچ پیدائش نئی کے ہو کیا باندھ لیا ہے اسنے اوپر اللہ کے جھوٹ یا اس کو

جِنَّةٌۢ ۗ بَلِ ٱلَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِٱلْءَاخِرَةِ فِى ٱلْعَذَابِ

جنون ہے بلکہ وہ لوگ کہ نہیں ایمان لاتے ساتھ آخرت کے بیچ عذاب کے

وَٱلضَّلَٰلِ ٱلْبَعِيدِ ⑧ أَفَلَمْ يَرَوْا۟ إِلَىٰ مَا بَيْنَ أَيْدِيهِمْ

اور گمراہی دور کے ہیں کیا پس نہیں دیکھا انہوں نے طرف اس چیز کی کہ آگے ان کے ہے

وَمَا خَلْفَهُم مِّنَ ٱلسَّمَآءِ وَٱلْأَرْضِ ۚ إِن نَّشَأْ نَخْسِفْ

اور جو کچھ پیچھے ان کے ہے آسمان سے اور زمین سے اگر چاہیں ہم دھسا دیویں

بِهِمُ ٱلْأَرْضَ أَوْ نُسْقِطْ عَلَيْهِمْ كِسَفًا مِّنَ ٱلسَّمَآءِ ۚ

ساتھ ان کے زمین کو یا ڈال دیں اوپر ان کے ٹکڑا آسمان سے

إِنَّ فِى ذَٰلِكَ لَءَايَةً لِّكُلِّ عَبْدٍ مُّنِيبٍ ⑨ وَلَقَدْ ءَاتَيْنَا ع ۹/۱/۷

تحقیق بیچ اس کے البتہ نشانی ہے واسطے ہر بندے رجوع کرنیوالے کے اور البتہ تحقیق دی ہم نے

ف یعنی قیامت اس واسطے آنی ضرور ہے۔ ۱۲۔منہ رح

ف۲ یعنی اس واسطے قیامت آنی ہے کہ جن کو یقین تھا وہ آنکھوں سے دیکھ لیں۔ ۱۲۔منہ رح

دَاوٗدَ مِنَّا فَضْلًا ۭ یٰجِبَالُ اَوِّبِیْ مَعَهٗ وَالطَّیْرَ ۚ وَاَلَنَّا لَهُ
داؤد کو اپنی طرف سے بزرگی اے پہاڑو رجوع سے تسبیح کرو ساتھ اسکے اور اڑتے جانور اور نرم کیا ہم نے واسطے

الْحَدِیْدَ ﴿۱۰﴾ اَنِ اعْمَلْ سٰبِغٰتٍ وَّقَدِّرْ فِی السَّرْدِ وَاعْمَلُوْا
اس کے لوہا یہ کہ بنا زرہیں پوری اور اندازہ رکھ ایک دوسرے کے پرونے میں اور عمل کرو

صَالِحًا ۭ اِنِّیْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرٌ ﴿۱۱﴾ وَلِسُلَیْمٰنَ الرِّیْحَ غُدُوُّهَا
اچھے تحقیق میں ساتھ اسچیز کے کہ کرتے ہو تم دیکھنے والا ہوں ف۱ اور واسطے سلیمان کے مسخر کیا باؤ کو کہ صبح کی سیر اسکی

شَهْرٌ وَّرَوَاحُهَا شَهْرٌ ۚ وَاَسَلْنَا لَهٗ عَیْنَ الْقِطْرِ ۭ وَمِنَ
ایک مہینہ کی راہ اور شام کی سیر اسکی ایک مہینے کی راہ اور بہایا ہم نے واسطے اسکے چشمہ گلے ہوئے تانبے کا اور

الْجِنِّ مَنْ یَّعْمَلُ بَیْنَ یَدَیْهِ بِاِذْنِ رَبِّهٖ ۭ وَمَنْ یَّزِغْ
جنوں میں سے ایک لوگ تھے کہ خدمت کرتے تھے آگے اسکے ساتھ حکم رب اسکے کے اور جو کوئی کجی کرے

مِنْهُمْ عَنْ اَمْرِنَا نُذِقْهُ مِنْ عَذَابِ السَّعِیْرِ ﴿۱۲﴾ یَعْمَلُوْنَ
ان میں سے حکم ہمارے سے چکھاویں گے ہم اس کو عذاب دوزخ کے سے ف۲ بناتے تھے

لَهٗ مَا یَشَاۗءُ مِنْ مَّحَارِیْبَ وَتَمَاثِیْلَ وَجِفَانٍ کَالْجَوَابِ
واسطے اسکے جو کچھ چاہتا تھا قلعوں سے اور ہتھیاروں سے اور تصویریں اور لگن مانند تالابوں کی

وَقُدُوْرٍ رّٰسِیٰتٍ ۭ اِعْمَلُوْٓا اٰلَ دَاوٗدَ شُکْرًا ۭ وَقَلِیْلٌ مِّنْ
اور دیگیں ایک جگہ دھری رہنے والیں عمل کرو اے آل داؤد کی واسطے شکر کے اور تھوڑے ہیں

عِبَادِیَ الشَّکُوْرُ ﴿۱۳﴾ فَلَمَّا قَضَیْنَا عَلَیْهِ الْمَوْتَ مَا دَلَّهُمْ
بندوں میرے سے شکر کرنے والے پس جب مقرر کیا ہم نے اوپر اسکے موت کو نہ خبردار کیا ان کو

عَلٰی مَوْتِهٖٓ اِلَّا دَاۗبَّةُ الْاَرْضِ تَاْکُلُ مِنْسَاَتَهٗ ۚ فَلَمَّا
اوپر موت اس کی کے مگر کیڑے نے گھن کے کہ کھاتا تھا عصا اس کا پس جب

خَرَّ تَبَیَّنَتِ الْجِنُّ اَنْ لَّوْ کَانُوْا یَعْلَمُوْنَ الْغَیْبَ مَا
گر پڑا جانا جنوں نے یہ کہ اگر ہوتے جانتے غیب کو نہیں

لَبِثُوْا فِی الْعَذَابِ الْمُهِیْنِ ﴿۱۴﴾ لَقَدْ کَانَ لِسَبَاٍ فِیْ مَسْکَنِهِمْ
رہتے بیچ عذاب ذلیل کرنیوالے کے ف۳ البتہ تحقیق تھی واسطے قوم سبا کے بیچ گھروں انکے کے

اٰیَةٌ ۚ جَنَّتٰنِ عَنْ یَّمِیْنٍ وَّشِمَالٍ ڛ کُلُوْا مِنْ رِّزْقِ رَبِّکُمْ
نشانی دو باغ داہنے طرف سے اور بائیں طرف سے کھاؤ رزق پروردگار اپنے کے سے

ف۱ حضرت داؤد چوتھے دن جنگل میں نکلتے اپنے گناہ پر روتے اور زبور پڑھتے خوش آواز اس کے اثر سے پہاڑ بھی ساتھ پڑھتے اور روتے اور جانور پاس آ بیٹھ کر اسی طرح آواز کرتے اس مجلس میں لوگوں کے بہت جنازے نکلتے اور کڑیوں کی زرہ پہلے انہیں سے نکلی کہ کشادہ رہے۔ ۱۲۔منہ رح

ف۲ حضرت سلیمان کا تخت تھا جس پر سب لشکر چلتا باؤ اس کو لے چلتی شام سے یمن اور یمن سے شام آدھے دن میں لے پہنچتی اور پگھلے تانبے کا چشمہ اللہ نے نکال دیا یمن کی طرف اس کو سانچوں میں ڈال کر جن باسن بناتے بہت بڑے لشکر کے موافق کھانا پکتا اور بٹتا۔ ۱۲۔منہ رح

ف۳ حضرت سلیمان جنوں کے ہاتھ سے بیت المقدس بنواتے تھے جب معلوم کیا کہ میری موت پہنچی، جنوں کو عمارت کا نقشہ بتا کر آپ شیشے کے مکان میں در بند کر کر بندگی میں مشغول ہوئے بعد وفات کے برس دن تک جن بناتے رہے کہ پوری بن چکی جس عصا پر ٹیک کر کھڑے تھے گھن کے کھانے سے گرا تب سب پر وفات معلوم ہوئی اور جن جو آدمیوں پاس دعوی کرتے تھے علم غیب کا قائل ہوئے۔ ۱۲۔منہ رح

وَاشْكُرُوْا لَهٗ ۭ بَلْدَةٌ طَيِّبَةٌ وَّرَبٌّ غَفُوْرٌ ⑮ فَاَعْرَضُوْا
اور شکرو واسطے اس کے شہر ہے پاکیزہ اور پروردگار ہے بخشنے والا ف پس منہ پھیر لیا انہوں نے

فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ سَيْلَ الْعَرِمِ وَبَدَّلْنٰهُمْ بِجَنَّتَيْهِمْ جَنَّتَيْنِ
پس بھیجی ہم نے اوپر انکے رَو زور کی اور بدل دیا ہم نے انکو بدلے دو باغوں انکے کے دو باغ

ذَوَاتَيْ اُكُلٍ خَمْطٍ وَّاَثْلٍ وَّشَيْءٍ مِّنْ سِدْرٍ قَلِيْلٍ ⑯
میووں والے بدمزہ اور جھاؤ اور کچھ بیر سے تھوڑے ف۲

ذٰلِكَ جَزَيْنٰهُمْ بِمَا كَفَرُوْا ۭ وَهَلْ نُجٰزِيْٓ اِلَّا الْكَفُوْرَ ⑰
یہ بدلا دیا ہم نے انکو بسبب اسکے کہ کفر کیا انھوں نے اور نہیں جزا دیتے ہم مگر ناشکر کو

وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ الْقُرَى الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا قُرًى
اور کیا تھا ہم نے درمیان انکے اور درمیان ان گاؤں کے کہ برکت دی ہم نے بیچ اُنکے بستیاں

ظَاهِرَةً وَّقَدَّرْنَا فِيْهَا السَّيْرَ ۭ سِيْرُوْا فِيْهَا لَيَالِيَ وَاَيَّامًا
ظاہر اور مقرر کردی تھیں ہم نے بیچ انکے سرائیں اترنے کی چلو بیچ اسکے راتوں کو اور دنوں کو

اٰمِنِيْنَ ⑱ فَقَالُوْا رَبَّنَا بٰعِدْ بَيْنَ اَسْفَارِنَا وَظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ
امن سے ف۳ پس کہا انہوں نے اے رب ہمارے دُوری ڈال درمیان سفروں ہمارے کے اور ظلم کیا انھوں نے جانوں اپنی کو

فَجَعَلْنٰهُمْ اَحَادِيْثَ وَمَزَّقْنٰهُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ
پس کر دیا ہم نے اُن کو باتیں اور ٹکڑے ٹکڑے کیا ہم نے انکو نہایت ٹکڑے ٹکڑے کرنا تحقیق بیچ اسکے البتہ نشانیاں ہیں

لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ⑲ وَلَقَدْ صَدَّقَ عَلَيْهِمْ اِبْلِيْسُ ظَنَّهٗ
واسطے ہر صبر کرنے والے شکر کرنیوالے کے ف۴ اور البتہ تحقیق سچا کیا اُوپر ان کے ابلیس نے گمان اپنا

فَاتَّبَعُوْهُ اِلَّا فَرِيْقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ⑳ وَمَا كَانَ لَهٗ عَلَيْهِمْ
پس پیروی کی اس کی مگر ایک فرقے نے ایمان والوں سے ف۵ اور نہیں تھا واسطے اسکے اوپر اُن کے

مِّنْ سُلْطٰنٍ اِلَّا لِنَعْلَمَ مَنْ يُّؤْمِنُ بِالْاٰخِرَةِ مِمَّنْ هُوَ مِنْهَا
کچھ غلبہ مگر تو کہ ظاہر کریں ہم اس شخص کو کہ ایمان لاتا ہے ساتھ آخرت کے جُدا اس شخص سے کہ وہ اس آخرت

فِيْ شَكٍّ ۭ وَرَبُّكَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ حَفِيْظٌ ㉑ ع قُلِ ادْعُوا الَّذِيْنَ
بیچ شک کے ہے اور پروردگار تیرا اوپر ہر چیز کے نگہبان ہے کہہ کہ پکارو تم ان لوگوں کو کہ

زَعَمْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۚ لَا يَمْلِكُوْنَ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ فِي السَّمٰوٰتِ
گمان کرتے ہو تم ان کو سوائے خدا کے نہیں مالک ہوتے برابر ایک ذرہ کے بیچ آسمانوں کے

ف بلقیس جو سبا کی بادشاہ تھی ملک مین میں اپنے دیس کو خوب بسا گئی تھی، پانی جھیلوں کا سب سمیٹ کر ایک جگہ روکا اور پر نیچے تین کھڑکیاں رکھیں اونچی اور نیچی زمینوں کے واسطے سارے برس مینھ کا پانی موجود رہتا جا چاہتے خرچ کرتے خوب سرسبز و آباد ملک ہوا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ جب اللہ نے چاہا کہ عذاب بھیجے گھونس پیدا ہوئی اس پانی کے بند میں اسکی جڑ کر ید ڈالی۔ ایک بار پانی نے زور کیا بند کو توڑ دیا وہ پانی عذاب کا تھا سرخ رنگ جس زمین پر پھر گیا کام سے جاتی رہی پیچھے وہ قوم ویران ہو کر جدا جدا ہو گئی اور کچھ جو رہے ان باغوں کے بدلے یہ چیزیں پانے لگے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ برکت والی بستیاں یعنی ملک شام ان کے ملک سے شام تک راہ امن کی آباد بستیاں پاس پاس سفر تھا جیسے سیر۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ آرام میں مستی پر آئی لگے تکلیف مانگنے جیسے اور ملکوں کی خبر سنتے ہیں سفروں میں پانی نہیں ملتا، آبادی نہیں ملتی ویسا ہم کو بھی ہو، یہ بڑی ناشکری ہوئی،
۲ چیر کر ٹکڑے کر ڈالا یعنی متفرق ہو گئے کسی کسی ملک میں۔ ۱۲۔ منہ

ع ۲ ۱۲ ۸

ف۵ پہلے دن ابلیس نے کہا تھا لاحتنکن ذریتہ، الا قلیلاً ویسے ہی نکلے۔ ۱۲۔ منہ رح

وَلَا فِي الْاَرْضِ وَمَا لَهُمْ فِيْهِمَا مِنْ شِرْكٍ وَّمَا لَهٗ مِنْهُمْ مِّنْ

اور نہ بیچ زمین کے اور نہیں واسطے انکے بیچ ان دونوں کے کچھ ساجھا اور نہیں واسطے اسکے ان میں سے کوئی

ظَهِيْرٍ ﴿۲۲﴾ وَلَا تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا لِمَنْ اَذِنَ لَهٗ ۭ حَتّٰٓى

پشتیبان اور نہیں فائدہ دیتی شفاعت نزدیک اسکے مگر واسطے اُس شخص کے کہ اذن دیوے وہ واسطے اسکے وہ

اِذَا فُزِّعَ عَنْ قُلُوْبِهِمْ قَالُوْا مَاذَا ۙ قَالَ رَبُّكُمْ ۭ قَالُوا الْحَقَّ ۚ

منتظر رہتے ہیں حکم اسکے کے یہاں تک کہ جب دُور کیا جاتا ہے اضطراب دلوں انکے سے کہتے ہیں آپس میں کیا کہا پروردگار تمہارے نے کہتے ہیں کہ کہا حق

وَهُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ ﴿۲۳﴾ قُلْ مَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمٰوٰتِ وَ

اور وہ بلند ہے بڑا ف۱ کہہ کہ کون رزق دیتا ہے تم کو آسمانوں سے اور

الْاَرْضِ ۭ قُلِ اللّٰهُ ۙ وَاِنَّآ اَوْ اِيَّاكُمْ لَعَلٰى هُدًى اَوْ فِيْ ضَلٰلٍ

زمین سے کہہ کہ اللہ اور ہم یا تم البتہ اُوپر ہدایت کے ہیں یا بیچ گمراہی

مُّبِيْنٍ ﴿۲۴﴾ قُلْ لَّا تُسْـَٔــلُوْنَ عَمَّآ اَجْرَمْنَا وَلَا نُسْـَٔــلُ عَمَّا

ظاہر کے ف۲ کہہ اے محمد نہیں پوچھے جاؤ گے تم اس چیز سے کہ گناہ کرتے ہیں ہم اور نہ پوچھے جاویں گے ہم اس چیز سے کہ

تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۵﴾ قُلْ يَجْمَعُ بَيْنَنَا رَبُّنَا ثُمَّ يَفْتَحُ بَيْنَنَا بِالْحَقِّ ۭ

کرتے ہو تم کہہ کہ جمع کرے گا ہم سب کو رب ہمارا پھر حکم کرے گا درمیان ہمارے ساتھ حق کے

وَهُوَ الْفَتَّاحُ الْعَلِيْمُ ﴿۲۶﴾ قُلْ اَرُوْنِيَ الَّذِيْنَ اَلْحَقْتُمْ بِهٖ

اور وہ ہے حکم کرنے والا جاننے والا کہہ کہ دکھاؤ مجھ کو اُن لوگوں کو کہ ملا دیا ہے تم نے ساتھ خدا کے

شُرَكَاۗءَ كَلَّا ۭ بَلْ هُوَ اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۲۷﴾ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ

شریک مقرر کرکر ہرگز نہیں بلکہ وہ ہے اللہ غالب حکمت والا اور نہیں بھیجا ہم نے تجھ کو

اِلَّا كَاۗفَّةً لِّلنَّاسِ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا

مگر کافی واسطے سب لوگوں کے خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا و لیکن بہت لوگ نہیں

يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۸﴾ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۲۹﴾

جانتے ، اور کہتے ہیں کہ کب ہے یہ وعدہ اگر ہو تم سچے

قُلْ لَّكُمْ مِّيْعَادُ يَوْمٍ لَّا تَسْتَاْخِرُوْنَ عَنْهُ سَاعَةً وَّلَا

کہہ کہ واسطے تمہارے وعدہ ہے ایک دن کا نہیں پیچھے رہو گے اس سے ایک گھڑی اور نہ

تَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿۳۰﴾ ع وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ بِهٰذَا الْقُرْاٰنِ ع ۹ ۹

آگے بڑھو گے اور کہا ان لوگوں نے کہ کافر ہوئے ہرگز نہ ایمان لاویں گے ہم ساتھ اس قرآن کے

ف۱ یعنی اللہ تعالیٰ کے ہاں سفارش عوام چاہتے ہیں اولیاء سے وہ انبیاءً سے وہ فرشتوں سے فرشتوں کا یہ حال ہے جو فرمایا جب اُوپر سے اللہ کا حکم اُترتا ہے آواز آتی ہے جیسے پتھر پر زنجیر فرشتے ڈر سے تھرتھراتے ہیں جب تسکین آئی اور کلام اتر چکا ایک دوسرے سے پوچھتے ہیں کیا حکم ہوا اوپر والے بتاتے ہیں نیچے کھڑوں کو جو اللہ کی حکمت کے موافق ہے آگے سے قاعدہ معلوم ہے دینی حکم ہوا ۱۲ منہ رح

ف۲ یعنی دونوں فرقے تو سچ نہیں کتنے ایک مقرر سچا ہے ایک مقرر جھوٹا ہے تو لازم ہے کہ سوچو اور سچی بات پکڑو اس میں ان کا جواب ہے جو اس زمانے میں بعضے لوگ کہتے ہیں دونوں فرقے ہمیشہ سے چلے آئے ہیں کیا ضرور ہے جھگڑنا ۱۲ منہ رح

وَلَا بِالَّذِي بَيْنَ يَدَيْهِ ۗ وَلَوْ تَرَىٰ إِذِ الظَّالِمُونَ مَوْقُوفُونَ
ور نہ ساتھ اس چیز کے کہ آگے اسکے ہے ور کاش کہ دیکھے تو جبکہ ظالم کھڑے کیے جاوینگے

عِندَ رَبِّهِمْ يَرْجِعُ بَعْضُهُمْ إِلَىٰ بَعْضٍ الْقَوْلَ يَقُولُ الَّذِينَ
نزدیک پروردگار اپنے کے پھیریں گے بعضے ان کے طرف بعض کی بات کو کہیں گے وہ لوگ کہ

اسْتُضْعِفُوا لِلَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا لَوْلَا أَنتُمْ لَكُنَّا مُؤْمِنِينَ ﴿٣١﴾ قَالَ
ناتواں کیے گئے تھے واسطے ان لوگوں کے جو تکبر کرتے تھے اگر نہ ہوتے تم البتہ ہوتے ہم ایمان والوں سے کہیں گے

الَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا لِلَّذِينَ اسْتُضْعِفُوا أَنَحْنُ صَدَدْنَاكُمْ عَنِ
وہ لوگ کہ تکبر کرتے تھے واسطے ان کے جو ناتواں کیے گئے تھے کیا ہم نے بند کیا تھا تم کو

الْهُدَىٰ بَعْدَ إِذْ جَاءَكُم ۖ بَلْ كُنتُم مُّجْرِمِينَ ﴿٣٢﴾ وَقَالَ الَّذِينَ
ہدایت سے پیچھے اسکے کہ آئی تمہارے پاس بلکہ تھے تم قوم گنہگار اور کہیں گے وہ لوگ

اسْتُضْعِفُوا لِلَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا بَلْ مَكْرُ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ إِذْ
جو ضعیف کیے گئے تھے واسطے ان لوگوں کے کہ تکبر کرتے تھے بلکہ مکر کرتے تھے تم رات کو اور دن کو جسوقت

تَأْمُرُونَنَا أَن نَّكْفُرَ بِاللَّهِ وَنَجْعَلَ لَهُ أَندَادًا ۚ وَأَسَرُّوا
کہ تم حکم کرتے تھے ہم کو یہ کہ کفر کریں ہم ساتھ اللہ کے اور مقرر کریں ہم واسطے اللہ کے شریک اور چھپاویں گے

النَّدَامَةَ لَمَّا رَأَوُا الْعَذَابَ ۚ وَجَعَلْنَا الْأَغْلَالَ فِي أَعْنَاقِ
پشیمانی جسوقت کہ دیکھیں گے عذاب اور کردیں گے ہم طوق بیچ گردنوں

الَّذِينَ كَفَرُوا ۚ هَلْ يُجْزَوْنَ إِلَّا مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿٣٣﴾ وَمَا
اُن لوگوں کے کہ کافر ہوئے نہیں جزا دیئے جاوینگے مگر جو کچھ کہ تھے وہ عمل کرتے اور نہیں

أَرْسَلْنَا فِي قَرْيَةٍ مِّن نَّذِيرٍ إِلَّا قَالَ مُتْرَفُوهَا إِنَّا بِمَا
بھیجا ہم نے بیچ کسی بستی کے کوئی ڈرانیوالا مگر کہا دولتمندوں اسکے نے تحقیق ہم ساتھ اس چیز

أُرْسِلْتُم بِهِ كَافِرُونَ ﴿٣٤﴾ وَقَالُوا نَحْنُ أَكْثَرُ أَمْوَالًا وَأَوْلَادًا
کے کہ بھیجے گئے ہو تم ساتھ اس کے کافر ہیں اور کہا انہوں نے ہم زیادہ تر ہیں مال میں اور اولاد میں

وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِينَ ﴿٣٥﴾ قُلْ إِنَّ رَبِّي يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَن
اور نہیں ہم عذاب کیے گئے کہہ کہ تحقیق پروردگار میرا کھولتا ہے رزق کو واسطے

يَشَاءُ وَيَقْدِرُ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ﴿٣٦﴾ وَمَا
جس کے چاہتا ہے اور بند کرتا ہے و لیکن بہت لوگ نہیں جانتے اور نہیں

ع ٦ / ١٠

(بقیہ صف۵۰۸ سے آگے)
بار بار قضیہ ہوا۔ حضرت کے دل میں آیا کہ اگر ناچار زید چھوڑے گا تو زینب کی دلجوئی بغیر اسکے نہیں کہ میں نکاح کروں لیکن منافقوں کی بدگوئی سے اندیشہ کیا کہ کہیں گے اپنے بیٹے کی جورو گھر میں رکھی حالانکہ لے پالک کو حکم بیٹے کا نہیں کسی بات میں اللہ تعالے نے حضرت زینب کی خاطر رکھی، بعد طلاق کے حضرت سے نکاح میں دے دیا۔ اللہ کے فرمائے ہی سے نکاح بندھ گیا، ظاہر میں نکاح کی حاجت نہ ہوئی جیسے اب کوئی مالک اپنی لونڈی غلام کا نکاح باندھ دے غرض تمام کرلی۔ یعنی، چھوڑ دی۔ ١٢۔ منہ رح

اَمْوَالُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ بِالَّتِیْ تُقَرِّبُكُمْ عِنْدَنَا زُلْفٰٓی اِلَّا
مال تمہارے اور نہ اولاد تمہاری وہ جو نزدیک کرے تم کو نزدیک ہمارے نزدیک کر کر مگر

مَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ جَزَآءُ الضِّعْفِ بِمَا عَمِلُوْا
جو شخص کہ ایمان لائے اور کام کیے اچھے پس یہ لوگ واسطے انکے ہے جزا دوگنی بسبب اسکے جو کیا انہوں نے

وَهُمْ فِی الْغُرُفٰتِ اٰمِنُوْنَ ﴿۳۷﴾ وَالَّذِیْنَ یَسْعَوْنَ فِیْٓ اٰیٰتِنَا
اور وہ بیچ بالاخانوں کے نڈر ہیں اور جو لوگ کہ سعی کرتے ہیں بیچ نشانیوں ہماری کے

مُعٰجِزِیْنَ اُولٰٓئِكَ فِی الْعَذَابِ مُحْضَرُوْنَ ﴿۳۸﴾ قُلْ اِنَّ رَبِّیْ
واسطے عاجز کرنے کے یہ لوگ بیچ عذاب کے حاضر کیے جاویں گے کہہ کہ تحقیق پروردگار میرا

یَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ یَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَیَقْدِرُ لَهٗ ؕ وَمَآ اَنْفَقْتُمْ
کھولتا ہے رزق کو واسطے جس کے چاہتا ہے بندوں اپنے سے اور تنگ کرتا ہے واسطے اسکے اور جو کچھ خرچ کرتے

مِّنْ شَیْءٍ فَهُوَ یُخْلِفُهٗ ۚ وَهُوَ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ ﴿۳۹﴾ وَیَوْمَ یَحْشُرُهُمْ
ہو تم کسی چیز سے پس وہ بدلا دیتا ہے اس کا اور وہ بہتر رزق دینے والا ہے اور جس دن کہ جمع کریگا ان کو

جَمِیْعًا ثُمَّ یَقُوْلُ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اَهٰٓؤُلَآءِ اِیَّاكُمْ كَانُوْا یَعْبُدُوْنَ ﴿۴۰﴾
اکٹھے پھر کہے گا واسطے فرشتوں کے کیا یہ تم کو تھے عبادت کرتے

قَالُوْا سُبْحٰنَكَ اَنْتَ وَلِیُّنَا مِنْ دُوْنِهِمْ ۚ بَلْ كَانُوْا یَعْبُدُوْنَ
کہیں گے پاکی ہے تجھ کو تو کارساز ہمارا ہے سوائے ان کے بلکہ وہ تھے عبادت کرتے

الْجِنَّ ۚ اَكْثَرُهُمْ بِهِمْ مُّؤْمِنُوْنَ ﴿۴۱﴾ فَالْیَوْمَ لَا یَمْلِكُ بَعْضُكُمْ
جنوں کو اکثر ان کے ساتھ جنوں کے ایمان رکھتے ہیں پس آج کے دن نہ اختیار میں رکھے گا بعض تمہارا

لِبَعْضٍ نَّفْعًا وَّلَا ضَرًّا ؕ وَنَقُوْلُ لِلَّذِیْنَ ظَلَمُوْا ذُوْقُوْا عَذَابَ
واسطے بعضوں کے نفع کو اور نہ ضرر کو اور کہیں گے ہم واسطے ان لوگوں کے کہ ظلم کرتے تھے چکھو عذاب

النَّارِ الَّتِیْ كُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ﴿۴۲﴾ وَاِذَا تُتْلٰی عَلَیْهِمْ اٰیٰتُنَا بَیِّنٰتٍ
آگ کا وہ جو تھے تم اس کو جھٹلاتے اور جب پڑھی جاتی ہیں اوپر انکے نشانیاں ہماری ظاہر

قَالُوْا مَا هٰذَآ اِلَّا رَجُلٌ یُّرِیْدُ اَنْ یَّصُدَّكُمْ عَمَّا كَانَ یَعْبُدُ
کہتے ہیں نہیں یہ مگر ایک مرد ہے کہ چاہتا ہے یہ کہ بند کرے تم کو اس چیز سے کہ تھے عبادت کرتے

اٰبَآؤُكُمْ ۚ وَقَالُوْا مَا هٰذَآ اِلَّآ اِفْكٌ مُّفْتَرًی ؕ وَقَالَ الَّذِیْنَ
باپ تمہارے اور کہتے ہیں نہیں یہ مگر جھوٹ باندھ لیا ہوا اور کہا ان لوگوں نے کہ

(بقیہ صنا۵ سے آگے)
انکے بعد سب نکاح میں
آتیاں نو بیبیاں رہیں
وفات کے بعد حضرت
عائشہ حضرت حفصہ حضرت
سودہ بنت زمعہ حضرت
ام سلمہ حضرت زینب
حضرت ام حبیبہ حضرت
جویریہ حضرت میمونہ حضرت
صفیہ پچھلی تین قریشی
نہیں۔۱۲۔منہ
ف۳۳ کسی مرد کو جو کئی عورتیں
ہوں اس پر واجب ہے
باری سے سب پاس
رہنا برابر حضرت پر یہ
واجب نہ تھا اس واسطے
کہ عورتیں اپنا حق نہ سمجھیں
تو جو دیں راضی ہو کر قبول
کریں پر حضرت نے فرق
نہیں کیا سب کی باری
برابر رکھی ہے ایک حضرت
سودہؓ نے اپنی باری بخش
دی تھی حضرت عائشہؓ
کو۔۱۲۔منہ

كفروا للحق لما جاءهم إن هذا إلا سحر مبين ﴿٤٣﴾ وما
کافر ہوئے واسطے حق کے جسوقت کہ آیا انکے پاس نہیں یہ مگر جادو ظاہر اور نہیں
آتيناهم من كتب يدرسونها وما أرسلنا إليهم قبلك
دیں ہم نے ان کو کتابیں کہ پڑھتے ہوں ان کو اور نہیں بھیجا ہم نے طرف ان کی پہلے تجھ سے
من نذير ﴿٤٤﴾ وكذب الذين من قبلهم وما بلغوا معشار
کوئی ڈرانے والا ف۱ اور جھٹلایا تھا ان لوگوں نے کہ پہلے ان سے تھے اور نہیں پہنچے یہ دسویں حصے کو
ع ۵/۹ ۱۱ ما آتيناهم فكذبوا رسلي فكيف كان نكير ﴿٤٥﴾ قل إنما
اسچیز سے کہ دیا تھا ہم نے انکو پس جھٹلایا انہوں نے پیغمبروں میرے کو پس کیونکر ہوا تھا عذاب میرا کہہ سوائے اس کے نہیں
أعظكم بواحدة أن تقوموا لله مثنى وفرادى ثم
کہ نصیحت کرتا ہوں میں تم کو ساتھ ایک بات کے یہ کہ کھڑے ہو واسطے اللہ کے دو دو اور ایک ایک پھر
تتفكروا ما بصاحبكم من جنة إن هو إلا نذير
فکر کرو نہیں یار تمہارے کو کچھ جنون نہیں وہ مگر ڈرانے والا ہے
لكم بين يدي عذاب شديد ﴿٤٦﴾ قل ما سألتكم من أجر
واسطے تمہارے آگے عذاب سخت کے کہہ جو کچھ مانگا ہو میں نے تم سے کچھ بدلا
فهو لكم إن أجري إلا على الله وهو على كل شيء شهيد ﴿٤٧﴾
پس وہ واسطے تمہارے ہے نہیں بدلا میرا مگر اوپر اللہ کے اور وہ اوپر ہر چیز کے حاضر ہے
قل إن ربي يقذف بالحق علام الغيوب ﴿٤٨﴾ قل جاء
کہہ تحقیق پروردگار میرا ڈالتا ہے حق کو جاننے والا ہے غیبوں کا ف۲ کہہ کہ آیا
الحق وما يبدئ الباطل وما يعيد ﴿٤٩﴾ قل إن ضللت
حق اور نہ پہلی بار پیدا کرتا معبود باطل اور نہ دوبارہ کرتا ہے کہہ کہ اگر گمراہ ہو جاؤں میں
فإنما أضل على نفسي وإن اهتديت فبما يوحي إلي
پس سوائے اس کے نہیں کہ گمراہ ہوتا ہوں میں اوپر جان اپنی کے اور اگر راہ پاؤں میں پس ساتھ اسچیز کے کہ وحی کی ہے طرف میری
ربي إنه سميع قريب ﴿٥٠﴾ ولو ترى إذ فزعوا فلا فوت
رب میرے نے تحقیق وہ سننے والا ہے نزدیک اور کاش کہ دیکھے تو جسوقت کہ یہ گھبراوینگے پس نہیں بھاگ سکیں گے
وأخذوا من مكان قريب ﴿٥١﴾ وقالوا آمنا به وأنى لهم
اور پکڑے جاویں گے مکان نزدیک سے اور کہیں گے ایمان لائے ہم ساتھ اسکے اور کہاں ممکن ہے واسطے انکے

ف۱ یعنی چاہیئے غنیمت جانیں۔ ۱۲۔ منہ ج
ف۲ یعنی اوپر سے اتارتا ہے۔ ۱۲۔ منہ ج

التَّنَاوُشُ مِنْ مَّكَانٍۭ بَعِيْدٍ ۝٥٢ وَّقَدْ كَفَرُوْا بِهٖ مِنْ قَبْلُ ۚ

پکڑنا مکان دُور سے ف۱ اور تحقیق کافر ہوئے تھے ساتھ اسکے پہلے اس سے

وَيَقْذِفُوْنَ بِالْغَيْبِ مِنْ مَّكَانٍۭ بَعِيْدٍ ۝٥٣ وَحِيْلَ بَيْنَهُمْ

اور پھینکتے تھے گمان بن دیکھے مکان دُور سے اور پردہ ڈالا گیا درمیان انکے

وَبَيْنَ مَا يَشْتَهُوْنَ كَمَا فُعِلَ بِاَشْيَاعِهِمْ مِّنْ قَبْلُ ؕ

اور درمیان اس چیز کے کہ چاہتے تھے جیسا کیا گیا ساتھ پیشواؤں انکے کے پہلے اس سے

اِنَّهُمْ كَانُوْا فِيْ شَكٍّ مُّرِيْبٍ ۝٥٤ ع ٦/٩/١٢

تحقیق وہ تھے بیچ شک اضطراب میں ڈالنے والے کے

سُوْرَةُ فَاطِرٍ مَكِّيَّةٌ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ٤٥ رُكُوْعَاتُهَا ٥

سورۂ فاطر مکہ میں نازل ہوئی اسمیں شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے پینتالیس آیتیں اور پانچ رکوع ہیں

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ جَاعِلِ الْمَلٰٓئِكَةِ

سب تعریف واسطے اللہ کے ہے پیدا کرنیوالا آسمانوں کا اور زمین کا کرنے والا فرشتوں کا

رُسُلًا اُولِيْٓ اَجْنِحَةٍ مَّثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ ؕ يَزِيْدُ فِي

پیغام لانے والے پروں والے دو دو اور تین تین اور چار چار زیادہ کرتا ہے بیچ

الْخَلْقِ مَا يَشَآءُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝١ مَا

پیدائش کے جس کو چاہتا ہے تحقیق اللہ اوپر ہر چیز کے قادر ہے ف۲ جو کچھ کہ

يَفْتَحِ اللّٰهُ لِلنَّاسِ مِنْ رَّحْمَةٍ فَلَا مُمْسِكَ لَهَا ۚ وَمَا يُمْسِكْ ۙ

کھول دیوے اللہ واسطے لوگوں کے رحمت سے پس نہیں بند کرنیوالا واسطے اسکے اور جو کچھ بند کر لیوے

فَلَا مُرْسِلَ لَهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖ ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝٢ يٰٓاَيُّهَا

پس نہیں چھوڑ دینے والا واسطے اس کے پیچھے اس کے اور وہ غالب ہے حکمت والا اے

النَّاسُ اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ ؕ هَلْ مِنْ خَالِقٍ

لوگو یاد کرو نعمت اللہ کی کو اوپر اپنے کیا ہے کوئی پیدا کرنے والا

غَيْرُ اللّٰهِ يَرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ؕ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۖ

سوائے خدا کے کہ رزق دیوے تم کو آسمان سے اور زمین سے نہیں کوئی معبود مگر وہ

فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ۝٣ وَاِنْ يُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ

پس کہاں سے پھیرے جاتے ہو اور اگر جھٹلاویں تجھ کو پس تحقیق جھٹلائے گئے ہیں پیغمبر

ف۱ یعنی ایمان لانے کا وقت نہ رہا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ بڑھاتا ہے یعنی چار سے زیادہ پر ہیں بعضوں کے جبرئیل کے چھ سو ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

مِّنْ قَبْلِكَ ۚ وَإِلَى اللَّهِ تُرْجَعُ الْأُمُورُ ﴿٤﴾ يَا أَيُّهَا النَّاسُ

پہلے تجھ سے اور طرف اللہ کی پھیرے جاتے ہیں سب کام اے لوگو

إِنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ ۖ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا ۖ وقفة وَلَا

تحقیق وعدہ اللہ کا سچا ہے پس نہ فریب دے تم کو زندگانی دنیا کی اور نہ

يَغُرَّنَّكُم بِاللَّهِ الْغَرُورُ ﴿٥﴾ إِنَّ الشَّيْطَانَ لَكُمْ عَدُوٌّ فَاتَّخِذُوهُ

فریب دے تم کو ساتھ اللہ کے فریب دینے والا تحقیق شیطان واسطے تمہارے دشمن ہے پس پکڑو اس کو

عَدُوًّا ۚ إِنَّمَا يَدْعُو حِزْبَهُ لِيَكُونُوا مِنْ أَصْحَابِ السَّعِيرِ ﴿٦﴾

دشمن سوائے اس کے نہیں کہ پکارتا ہے گروہ اپنے کو تو کہ ہوویں رہنے والوں دوزخ کے سے

الَّذِينَ كَفَرُوا لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيدٌ ۖ وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا

جو لوگ کافر ہیں واسطے ان کے عذاب ہے سخت اور جو لوگ کہ ایمان لائے اور کام کیے

الصَّالِحَاتِ لَهُم مَّغْفِرَةٌ وَأَجْرٌ كَبِيرٌ ﴿٧﴾ أَفَمَن زُيِّنَ لَهُ سُوءُ ع ۱ ۱۳

اچھے واسطے انکے بخشش ہے اور ثواب بڑا کیا پس وہ شخص کہ زینت دیا گیا واسطے اسکے برا

عَمَلِهِ فَرَآهُ حَسَنًا ۖ فَإِنَّ اللَّهَ يُضِلُّ مَن يَشَاءُ وَيَهْدِي مَن

عمل اُس کا پس دیکھا اس کو اچھا پس تحقیق اللہ گمراہ کرتا ہے جس کو چاہتا ہے اور راہ دکھاتا ہے جس کو

يَشَاءُ ۖ فَلَا تَذْهَبْ نَفْسُكَ عَلَيْهِمْ حَسَرَاتٍ ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ

چاہتا ہے پس نہ جاتا رہے جی تیرا اوپر اُن کے افسوس سے تحقیق اللہ جاننے والا ہے

بِمَا يَصْنَعُونَ ﴿٨﴾ وَاللَّهُ الَّذِي أَرْسَلَ الرِّيَاحَ فَتُثِيرُ سَحَابًا

ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہیں اور اللہ وہ شخص ہے کہ بھیجتا ہے باؤں کو پس اٹھاتی ہیں بادلوں کو

فَسُقْنَاهُ إِلَىٰ بَلَدٍ مَّيِّتٍ فَأَحْيَيْنَا بِهِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۚ

پس ہانک لاتے ہیں ہم اسکو طرف شہر مردے کی پس زندہ کیا ہم نے ساتھ اس کے زمین کو پیچھے موت اس کی کے

كَذَٰلِكَ النُّشُورُ ﴿٩﴾ مَن كَانَ يُرِيدُ الْعِزَّةَ فَلِلَّهِ الْعِزَّةُ

اسی طرح قبروں سے نکلنا ہے جو شخص کہ چاہتا ہے عزت پس واسطے اللہ کے ہے عزت

جَمِيعًا ۚ إِلَيْهِ يَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّيِّبُ وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ

ساری طرف اسی کی چڑھتے ہیں کلمات پاکیزہ اور عمل نیک

يَرْفَعُهُ ۚ وَالَّذِينَ يَمْكُرُونَ السَّيِّئَاتِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيدٌ ۖ

بلند کرتا ہے اس کو اور جو لوگ کہ مکر کرتے ہیں برائیوں کے واسطے اُن کے عذاب ہے سخت

وَمَكْرُ أُولَٰٓئِكَ هُوَ يَبُورُ ﴿١٠﴾ وَاللَّهُ خَلَقَكُمْ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ
اور مکر اُن کا وہی ہلاک ہوویگا ف۱ اور اللہ نے پیدا کیا تم کو مٹی سے پھر
نُطْفَةٍ ثُمَّ جَعَلَكُمْ أَزْوَاجًا ۚ وَمَا تَحْمِلُ مِنْ أُنْثَىٰ وَلَا تَضَعُ
نطفے سے پھر کیے واسطے تمہارے جوڑے اور نہیں اٹھاتی کوئی عورت اور نہیں جنتی
إِلَّا بِعِلْمِهِ ۚ وَمَا يُعَمَّرُ مِنْ مُعَمَّرٍ وَلَا يُنْقَصُ مِنْ عُمُرِهِ إِلَّا
مگر ساتھ علم اسکے کے اور نہیں عمر دیا جاتا کوئی عمر دیا گیا اور نہ کم کیا جاتا ہے عمر اس کی سے مگر
فِي كِتَابٍ ۚ إِنَّ ذَٰلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيرٌ ﴿١١﴾ وَمَا يَسْتَوِي الْبَحْرَانِ
بیچ کتاب کے لکھا ہوا ہے تحقیق یہ اوپر اللہ کے آسان ہے ف۲ اور نہیں برابر ہوتے دو دریا
هَٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ سَائِغٌ شَرَابُهُ وَهَٰذَا مِلْحٌ أُجَاجٌ ۖ
یہ جو ہے شیریں ہے پیاس کھونے والا آسانی سے گذرنیوالا ہے گلے میں سے پانی اُسکا اور یہ کھاری ہے کڑوا
وَمِنْ كُلٍّ تَأْكُلُونَ لَحْمًا طَرِيًّا وَتَسْتَخْرِجُونَ حِلْيَةً تَلْبَسُونَهَا ۖ
اور ہر ایک سے کھاتے ہو تم گوشت تازہ اور نکالتے ہو گہنا کہ پہنتے ہو اس کو
وَتَرَى الْفُلْكَ فِيهِ مَوَاخِرَ لِتَبْتَغُوا مِنْ فَضْلِهِ وَلَعَلَّكُمْ
اور دیکھتا ہے تو کشتیاں بیچ اس کے کہ پھاڑتی ہیں پانی کو تو کہ ڈھونڈو فضل اس کے سے اور تو کہ تم
تَشْكُرُونَ ﴿١٢﴾ يُولِجُ اللَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُولِجُ النَّهَارَ فِي اللَّيْلِ
شکر کرو ف۳ داخل کرتا ہے رات کو بیچ دن کے اور داخل کرتا ہے دن کو بیچ رات کے
وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ كُلٌّ يَجْرِي لِأَجَلٍ مُسَمًّى ۚ ذَٰلِكُمُ
اور مسخر کیا ہے سورج کو اور چاند کو ہر ایک چلتے ہیں وقت مقرر تک یہی ہے
اللَّهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ ۚ وَالَّذِينَ تَدْعُونَ مِنْ دُونِهِ مَا يَمْلِكُونَ
اللہ پروردگار تمہارا واسطے اسی کے ہے بادشاہی اور جس کو پکارتے ہو تم سوائے اس کے نہیں مالک ایک چھلکے
مِنْ قِطْمِيرٍ ﴿١٣﴾ إِنْ تَدْعُوهُمْ لَا يَسْمَعُوا دُعَاءَكُمْ وَلَوْ سَمِعُوا
کھجور کی گٹھلی کے ف۴ اگر پکارو تم اُن کو نہ سنیں گے پکارنا تمہارا اور اگر سنیں گے
مَا اسْتَجَابُوا لَكُمْ ۖ وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ يَكْفُرُونَ بِشِرْكِكُمْ ۚ وَلَا
نہیں جواب دیں گے تم کو اور دن قیامت کے کفر کریں گے ساتھ شرک تمہارے کے اور نہ
يُنَبِّئُكَ مِثْلُ خَبِيرٍ ﴿١٤﴾ ع يَا أَيُّهَا النَّاسُ أَنْتُمُ الْفُقَرَاءُ إِلَى
خبر دیگا تجھ کو مانند حق تعالیٰ خبردار کی ف۵ اے لوگو تم محتاج ہو طرف

ع ۲ / ۱۴

ف۱ یعنی عزت اللہ کے ہاتھ ہے تمہارے ذکر اور بھلے کام پڑھتے جاتے ہیں جب اپنی حد کو پہنچیں گے تب بدی پر غلبہ کرینگے کفر دفع ہوگا اسلام کو عزت ہوگی۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی ہر کام سہج سہج ہوتا ہے جیسے آدمی بننا ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی کفر اور اسلام برابر نہیں خدا کفر کو مغلوب ہی کرے گا اگرچہ تم کو دونوں سے فائدہ ملے گا مسلمانوں سے قوت دین اور کافروں سے جزیہ خراج گوشت میٹھے کھاری دونوں سے نکلتا ہے یعنی مچھلی اور گہنا یعنی موتی مونگا اور جواہر اکثر کھاری سے اور کبھی میٹھے سے یہ جو فرمایا گہنا جو پہنتے ہو معلوم ہوا جواہر نرا پہننا مردوں کو حرام نہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ یعنی رات دن کی طرح کبھی کفر غالب ہے کبھی اسلام اور سورج چاند کی طرح ہر چیز کی مدت بندھی دیر سویر نہیں ہوتی پھر اس میں سے اللہ کی وحدانیت نکلی قطمیر کہتے ہیں چھلکے کو جو کھجور کی گٹھلی پر ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۵ یعنی اللہ سے زیادہ احوال کون جانے وہی فرماتا ہے کہ یہ شریک غلط ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ٱللَّهِ ۖ وَٱللَّهُ هُوَ ٱلْغَنِىُّ ٱلْحَمِيدُ ﴿١٥﴾ إِن يَشَأْ يُذْهِبْكُمْ وَيَأْتِ
اللہ کی اور اللہ وہی ہے بے احتیاج تعریف کیا گیا اگر چاہے لے جاوے تم کو اور لے آوے

بِخَلْقٍ جَدِيدٍ ﴿١٦﴾ وَمَا ذَٰلِكَ عَلَى ٱللَّهِ بِعَزِيزٍ ﴿١٧﴾ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ
پیدائش نئی اور نہیں یہ اوپر اللہ کے مشکل اور نہیں بوجھ اٹھاتا کوئی

وِزْرَ أُخْرَىٰ ۚ وَإِن تَدْعُ مُثْقَلَةٌ إِلَىٰ حِمْلِهَا لَا يُحْمَلْ مِنْهُ
بوجھ اٹھانیوالا دوسرے کا اور اگر پکارے کوئی جان بوجھ والی طرف بوجھ اپنے کی نہ اٹھایا جاوے گا اس سے

شَىْءٌ وَلَوْ كَانَ ذَا قُرْبَىٰٓ ۗ إِنَّمَا تُنذِرُ ٱلَّذِينَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُم
کچھ اور اگر ہووے صاحب قرابت سوائے اس کے نہیں کہ ڈراتا ہے ان لوگوں کو جو ڈرتے ہیں پروردگار اپنے سے

بِٱلْغَيْبِ وَأَقَامُوا۟ ٱلصَّلَوٰةَ ۚ وَمَن تَزَكَّىٰ فَإِنَّمَا يَتَزَكَّىٰ لِنَفْسِهِۦ ۚ
بن دیکھے اور قائم رکھتے ہیں نماز کو اور جو کوئی ستھرائی کرے پس سوائے اسکے نہیں کہ ستھرائی کرتا ہے واسطے

وَإِلَى ٱللَّهِ ٱلْمَصِيرُ ﴿١٨﴾ وَمَا يَسْتَوِى ٱلْأَعْمَىٰ وَٱلْبَصِيرُ ﴿١٩﴾ وَلَا
جان اپنی کے اور طرف اللہ کی ہے پھر جانا اور نہیں برابر ہوتا اندھا اور دیکھنے والا اور نہ

ٱلظُّلُمَٰتُ وَلَا ٱلنُّورُ ﴿٢٠﴾ وَلَا ٱلظِّلُّ وَلَا ٱلْحَرُورُ ﴿٢١﴾ وَمَا يَسْتَوِى
اندھیرا اور نہ روشنی اور نہ سایہ اور نہ دھوپ اور نہیں برابر ہوتے

ٱلْأَحْيَآءُ وَلَا ٱلْأَمْوَٰتُ ۚ إِنَّ ٱللَّهَ يُسْمِعُ مَن يَشَآءُ ۖ وَمَآ أَنتَ
زندے یعنی عالم اور نہ مردے یعنی جاہل تحقیق اللہ سنا دیتا ہے جس کو چاہتا ہے اور نہ تو

بِمُسْمِعٍ مَّن فِى ٱلْقُبُورِ ﴿٢٢﴾ إِنْ أَنتَ إِلَّا نَذِيرٌ ﴿٢٣﴾ إِنَّآ أَرْسَلْنَٰكَ
سنانے والا ان شخصوں کو کہ بیچ قبروں کے ہیں نہیں تو مگر ڈرانے والا ف تحقیق ہم نے بھیجا ہے تجھ کو

بِٱلْحَقِّ بَشِيرًا وَنَذِيرًا ۚ وَإِن مِّنْ أُمَّةٍ إِلَّا خَلَا فِيهَا
ساتھ حق کے خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا اور نہیں کوئی امت مگر گذرا بیچ اسکے

نَذِيرٌ ﴿٢٤﴾ وَإِن يُكَذِّبُوكَ فَقَدْ كَذَّبَ ٱلَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ
ڈرانے والا ف٢ اور اگر جھٹلاویں تجھ کو پس تحقیق جھٹلایا ہے اُن لوگوں نے کہ پہلے اُن سے تھے

جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُم بِٱلْبَيِّنَٰتِ وَبِٱلزُّبُرِ وَبِٱلْكِتَٰبِ ٱلْمُنِيرِ ﴿٢٥﴾
آئے تھے انکے پاس پیغمبر اُن کے ساتھ دلیلوں کے اور ساتھ چھوٹی کتابوں کے اور کتاب روشن کے

ع ٣ ١٢ ١٥ ثُمَّ أَخَذْتُ ٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟ ۖ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيرِ ﴿٢٦﴾ أَلَمْ تَرَ أَنَّ
پھر پکڑا میں نے ان لوگوں کو کہ کافر ہوئے پس کیونکر ہوا عذاب میرا کیا نہیں دیکھا تو نے یہ کہ

ف یعنی سب خلق برابر نہیں جن کو ایمان دینا ہے انہی کو ملے گا تو بہتیری آرزو کرے تو کیا ہوتا ہے اور یہ جو فرمایا نہ اندھیرا نہ اجالا یعنی اندھیرا برابر اجالے کے نہ اجالا برابر اندھیرے کے اور فرمایا تو نہیں سناتا قبر میں پڑوں کو اور حدیث میں ہے کہ مُردوں سے سلام علیک کرو وہ سنتے ہیں اور بہت جگہ مردے کو خطاب کیا ہے اُس کی حقیقت یہ کہ مُردے کی روح سنتی ہے اور قبر میں پڑا ہے دھڑ وہ نہیں سن سکتا۔ ١٢-منہ رح

ف٢ ڈرانے والا خواہ نبی ہو خواہ نبی کی راہ پر۔ ١٢-منہ رح

34

اللّٰہ انزل من السماء ماء فاخرجنا به ثمرت مختلفا

اللہ نے اتارا آسمان سے پانی پس نکالے ہم نے ساتھ اس کے میوے کہ مختلف ہیں

الوانها ومن الجبال جدد بيض وحمر مختلف الوانها و

رنگ انکے اور پہاڑوں سے ٹکڑے ہیں سفید اور سرخ کہ مختلف ہیں رنگ ان کے اور

غرابيب سود ﴿٢٧﴾ ومن الناس والدواب والانعام مختلف

بھجنگ ہیں کالے ف۱ اور لوگوں سے اور جانوروں سے اور چارپایوں سے کہ مختلف ہیں

الوانه كذلك انما يخشى الله من عباده العلمؤا ان

رنگ انکے اسی طرح سے سوائے اسکے نہیں کہ ڈرتے ہیں اللہ سے بندوں اسکے میں سے عالم تحقیق

الله عزيز غفور ﴿٢٨﴾ ان الذين يتلون كتب الله واقاموا

اللہ غالب ہے بخشنے والا ف۲ تحقیق وہ لوگ کہ پڑھتے ہیں کتاب اللہ کی اور قائم رکھتے ہیں

الصلوة وانفقوا مما رزقنهم سرا وعلانية يرجون

نماز کو اور خرچ کرتے ہیں اس چیز سے کہ دیا ہے ہم نے انکو پوشیدہ اور ظاہر امید رکھتے ہیں

تجارة لن تبور ﴿٢٩﴾ ليوفيهم اجورهم ويزيدهم من فضله

سوداگری کی ہرگز نہ ہلاک ہوگی تو کہ پورا دیوے انکو ثواب ان کا اور زیادہ دے انکو فضل اپنے سے

انه غفور شكور ﴿٣٠﴾ والذي اوحينا اليك من الكتب هو

تحقیق وہ بخشنے والا قدردان ہے اور وہ چیز کہ وحی کی ہے ہم نے طرف تیری کتاب سے وہ

الحق مصدقا لما بين يديه ان الله بعباده لخبير

حق ہے سچا کرنے والی اس چیز کو کہ آگے اس کے ہے تحقیق اللہ ساتھ بندوں اپنے کے البتہ خبردار ہے

بصير ﴿٣١﴾ ثم اورثنا الكتب الذين اصطفينا من عبادنا

دیکھنے والا پھر وارث کیا ہم نے کتاب کا ان لوگوں کو کہ برگزیدہ کیا ہم نے بندوں اپنوں سے

فمنهم ظالم لنفسه ومنهم مقتصد ومنهم سابق

پس بعض انہیں سے ظلم کرنیوالا ہے واسطے جان اپنی کے اور بعض ان میں سے میانہ رو ہے اور بعض انہیں سے آگے نکل جانیوالا ہے

بالخيرت باذن الله ذلك هو الفضل الكبير ﴿٣٢﴾ جنت

ساتھ بھلائیوں کے ساتھ حکم اللہ کے یہ وہ ہے بزرگی بڑی ف۳ باغ ہیں

عدن يدخلونها يحلون فيها من اساور من ذهب

ہمیشہ رہنے کے کہ داخل ہونگے ان میں گہنا پہنائے جاوینگے بیچ انکے کنگن سونے کے

ف۱ سفید بھی کئی درجے اور سرخ بھی کئی درجے یہ سب بیان ہے قدرت رنگا رنگ کا اسی طرح انسان میں ہر ایک طرح جدا ہے مومن اور کافر ایک دوسرا سا کب ہو سکے یہ تسلی ہے حضرت کو۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی سب آدمی ڈرنے والے نہیں ڈرنا اللہ سے سمجھ والوں کی صفت ہے اور اللہ کی معاملت بھی دو طرح سے ہے زبردست بھی ہے کہ ہر خطا پر پکڑے اور غفور بھی ہے کہ گنہگار کو بخشے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی پیغمبر کے بعد کتاب کے وارث کیے ایک اور چنے بندے یعنی یہ امت ان میں تین درجے بتائے ایک گنہگار ایک میانہ ایک اعلیٰ سب کو گنا چنے بندوں میں امید ہے کہ آخر سب بہشتی ہیں رسول نے فرمایا ہمارا گنہگار معافی ہے اور میانہ سلامت ہے اور آگے بڑھے سو سب سے آگے بڑھے اللہ کریم ہے اس کے ہاں کمی نہیں۔ ۱۲۔ منہ

وَّلُؤْلُؤًا ۚ وَلِبَاسُهُمْ فِيهَا حَرِيرٌ ۝۳۳ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِيٓ

اور موتی کے اور پوشاک اُن کی بیچ انکے ریشمی ہے ف۱ اور کہیں گے سب تعریف واسطے اللہ کے ہے جس نے

أَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ ۖ إِنَّ رَبَّنَا لَغَفُورٌ شَكُورٌ ۝۳۴ الَّذِيٓ أَحَلَّنَا

دُور کیا ہم سے غم تحقیق پروردگار ہمارا البتہ بخشنے والا قدردان ہے ف۲ جس نے اُتارا ہم کو

دَارَ الْمُقَامَةِ مِن فَضْلِهِ لَا يَمَسُّنَا فِيهَا نَصَبٌ وَلَا يَمَسُّنَا

بیچ گھر ہمیشہ رہنے کے مہربانی اپنی سے نہیں لگتی ہم کو بیچ اس کے محنت اور نہیں لگتی ہم کو

فِيهَا لُغُوبٌ ۝۳۵ وَالَّذِينَ كَفَرُوا لَهُمْ نَارُ جَهَنَّمَ ۚ لَا يُقْضَىٰ

بیچ اسکے ماندگی ف۳ اور وہ لوگ کہ کافر ہوئے واسطے انکے آگ ہے دوزخ کی نہ تو تمام کیا جاتا ہے

عَلَيْهِمْ فَيَمُوتُوا وَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُم مِّنْ عَذَابِهَا ۚ كَذَٰلِكَ

اوپر اُنکے پس مرجاویں اور نہ ہلکا کیا جاویگا اُن سے عذاب انکے سے اسی طرح

نَجْزِي كُلَّ كَفُورٍ ۝۳۶ وَهُمْ يَصْطَرِخُونَ فِيهَا رَبَّنَآ أَخْرِجْنَا

جزا دیتے ہیں ہم ہر کفر کرنیوالے کو اور وہ چلاویں گے بیچ اس کے اے پروردگار ہمارے نکال ہم کو

نَعْمَلْ صَالِحًا غَيْرَ الَّذِي كُنَّا نَعْمَلُ ۚ أَوَلَمْ نُعَمِّرْكُم مَّا

عمل کریں ہم اچھے سوا اس کے کہ تھے ہم عمل کرتے کیا نہیں عمر دی تھی ہم نے تم کو اس قدر

يَتَذَكَّرُ فِيهِ مَن تَذَكَّرَ وَجَآءَكُمُ النَّذِيرُ ۖ فَذُوقُوا فَمَا

کہ نصیحت پکڑے بیچ اسکے جو کوئی نصیحت پکڑتا ہے اور آیا تھا تمہارے پاس ڈرانے والا پس چکھو پس نہیں

لِلظَّالِمِينَ مِن نَّصِيرٍ ۝۳۷ إِنَّ اللَّهَ عَالِمُ غَيْبِ السَّمَاوَاتِ

واسطے ظالموں کے کوئی مددگار ف۴ تحقیق اللہ جانتا ہے پوشیدہ چیزیں آسمانوں کی

وَالْأَرْضِ ۚ إِنَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ۝۳۸ هُوَ الَّذِي جَعَلَكُمْ

اور زمین کی تحقیق وہ جاننے والا ہے سینے والی بات کو وہی ہے جس نے کیا تم کو

خَلَائِفَ فِي الْأَرْضِ ۚ فَمَن كَفَرَ فَعَلَيْهِ كُفْرُهُ ۖ وَلَا يَزِيدُ الْكَافِرِينَ

جانشین بیچ زمین کے پس جو شخص کہ کفر کرے پس اوپر اسکے ہے کفر اسکا اور نہیں زیادہ کرتا کافروں کو

كُفْرُهُمْ عِندَ رَبِّهِمْ إِلَّا مَقْتًا ۖ وَلَا يَزِيدُ الْكَافِرِينَ كُفْرُهُمْ

کفر اُن کا نزدیک پروردگار اُنکے کے مگر ناخوشی اور نہیں زیادہ کیا کافروں کو کفر اُن کے نے

إِلَّا خَسَارًا ۝۳۹ قُلْ أَرَأَيْتُمْ شُرَكَآءَكُمُ الَّذِينَ تَدْعُونَ

مگر نقصان ف۵ کہہ کیا دیکھا تم نے شریکوں اپنوں کو جن کو پکارتے ہو تم

ف۱ سونا اور ریشم مسلمانوں کو وہاں ہے۔ رسول نے فرمایا جو ریشم پہنے دنیا میں نہ پہنے آخرت میں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ غم دنیا کا دفع کیا بخشتا ہے گناہ قبول کرتا ہے طاعت۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ رہنے کا گھر اس سے پہلے کوئی نہ تھا ہر جگہ چل چلاؤ اور روزی کا غم اور دشمنوں کا اور رنج اور مشقت وہاں پہنچ کر سب گئے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ وہ نہیں جو کرتے تھے یعنی اس وقت تو اسی کو سمجھتے تھے پر اب وہ نہ کریں گے۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۴ ۱۱ ۱۶

ف۵ قائم مقام کیا زمین میں، یعنی رسولوں کے پیچھے ریاست دی یا اگلی امتوں کے پیچھے اب اس کا حق ادا کرو۔ ۱۲۔ منہ رح

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ اَرُوْنِيْ مَاذَا خَلَقُوْا مِنَ الْاَرْضِ اَمْ لَهُمْ
سوائے خدا کے دکھلاؤ مجھ کو کیا کچھ پیدا کیا ہے انہوں نے زمین میں سے یا واسطے انکے

شِرْكٌ فِي السَّمٰوٰتِ ۚ اَمْ اٰتَيْنٰهُمْ كِتٰبًا فَهُمْ عَلٰي بَيِّنَتٍ مِّنْهُ ۚ
ساجھا ہے بیچ آسمانوں کے یا دی ہے ہم نے انکو کوئی کتاب پس وہ اُوپر دلیل ظاہر کے ہیں اس سے

بَلْ اِنْ يَّعِدُ الظّٰلِمُوْنَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا اِلَّا غُرُوْرًا ﴿٤٠﴾ اِنَّ
بلکہ نہیں وعدہ دیتے ظالم بعضے اُن کے بعضوں کو مگر فریب دینا تحقیق

اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا ڬ وَلَىِٕنْ زَالَتَآ
اللہ نے تھام رکھا ہے آسمانوں کو اور زمین کو اس سے کہ ٹل جاویں اپنی جگہ سے اور اگر ٹل جاویں

اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِهٖ ۭ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا
نہ تھامے گا ان دونو کو کوئی شخص پیچھے اس کے تحقیق وُہ ہے تحمل والا

غَفُوْرًا ﴿٤١﴾ وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَىِٕنْ جَاۗءَهُمْ
بخشنے والا اور قسم کھائی انہوں نے ساتھ اللہ کے سخت قسم اپنی اگر آوے اُن کے پاس

نَذِيْرٌ لَّيَكُوْنُنَّ اَهْدٰى مِنْ اِحْدَى الْاُمَمِ ۚ فَلَمَّا جَاۗءَهُمْ
ڈرانیوالا البتہ ہونگے بہت راہ پانے والے ہر ایک اُمّت سے پس جب آیا اُن کے پاس

نَذِيْرٌ مَّا زَادَهُمْ اِلَّا نُفُوْرَۨا ﴿٤٢﴾ اسْتِكْبَارًا فِي الْاَرْضِ وَمَكْرَ
ڈرانے والا نہ زیادہ کیا اُن کو مگر بیزاری بہ سبب تکبّر کرنے کے بیچ زمین کے اور مکر کرنے

السَّيِّئِ ۭ وَلَا يَحِيْقُ الْمَكْرُ السَّيِّئُ اِلَّا بِاَهْلِهٖ ۭ فَهَلْ يَنْظُرُوْنَ
برائی کے اور نہیں گھیرتا مکر بُرا مگر کرنیوالوں کو اس کے پس نہیں انتظار کرتے

اِلَّا سُنَّتَ الْاَوَّلِيْنَ ۚ فَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّتِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ڬ
مگر عادت پہلوں کی کا پس ہرگز نہ پاویگا تو واسطے عادت اللہ کے بدل ڈالنا

وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّتِ اللّٰهِ تَحْوِيْلًا ﴿٤٣﴾ اَوَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي
اور ہرگز نہ پاوے گا تو واسطے عادت اللہ کے پھیر دینا ف کیا نہیں سیر کی انہوں نے بیچ

الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ
زمین کے پس دیکھیں کیونکر ہوا آخر کام ان لوگوں کا کہ پہلے اُن سے تھے

وَكَانُوْٓا اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً ۭ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعْجِزَهٗ مِنْ
اور تھے بہت سخت اُن سے قوت میں اور نہیں ہے اللہ اس لائق کہ عاجز کرے اُس کو

ف عرب کے لوگ جو سنتے یہود کی بے حکمیاں اپنے نبی سے تو کہتے کبھی ہم میں ایک نبی آوے تو ہم ان سے بہتر رفاقت کریں سو منکروں نے اور عداوت کی۔ ۱۲-منہ رح

شَيْءٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ ۭ اِنَّهٗ كَانَ عَلِيْمًا قَدِيْرًا ۝۴۴
کوئی چیز بیچ آسمانوں کے اور نہ بیچ زمین کے تحقیق وہ ہے جاننے والا قدرت والا
وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِمَا كَسَبُوْا مَا تَرَكَ عَلٰي ظَهْرِهَا
اور اگر پکڑے اللہ لوگوں کو ساتھ اس چیز کے کہ کماتے ہیں نہ چھوڑے اُوپر پشت زمین کے
مِنْ دَاۗبَّةٍ وَّلٰكِنْ يُّؤَخِّرُهُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ فَاِذَا جَاۗءَ
کوئی چلنے والا ولیکن ڈھیل دیتا ہے اُن کو ایک وقت مقرر تک پس جب آوے گا
اَجَلُهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِعِبَادِهٖ بَصِيْرًا ۝۴۵ ع ٥ ع ٨ ١٧
وقت مقرر اُن کا پس تحقیق اللہ ہے ساتھ بندوں اپنے کے دیکھنے والا ،

سورۃ یٰسٓ مکیۃ	بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ	آیاتہا ۸۳ رکوعاتہا ۵

سورۃ یٰس مکہ میں نازل ہوئی اسمیں شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے تراسی آیتیں اور پانچ رکوع ہیں

يٰسۗ ۝۱ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ۝۲ اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝۳ عَلٰي
اے سید قسم ہے قرآن محکم کی تحقیق تو البتہ بھیجے ہوؤں سے ہے اوپر
صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝۴ تَنْزِيْلَ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ۝۵ لِتُنْذِرَ قَوْمًا
راہ سیدھی کے اُتارا ہے خدا غالب مہربان نے تو کہ ڈراوے تو اس قوم کو
مَّآ اُنْذِرَ اٰبَاۗؤُهُمْ فَهُمْ غٰفِلُوْنَ ۝۶ لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ
کہ نہیں ڈرائے گئے ہیں باپ انکے پس وہ بے خبر ہیں البتہ تحقیق سچ ہوئی بات
عَلٰٓي اَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝۷ اِنَّا جَعَلْنَا فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ
اُوپر بہتوں انہوں کے پس وہ نہیں ایمان لاتے تحقیق کیا ہم نے بیچ گردنوں انکی کے
اَغْلٰلًا فَهِىَ اِلَى الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ ۝۸ وَجَعَلْنَا مِنْۢ
طوق پس وہ ٹھوڑیوں تک ہیں پس وہ سر اونچا کر رہے ہیں اور کی ہم نے
بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ
آگے اُن کے سے ایک دیوار اور پیچھے اُن کے سے ایک دیوار پس ڈھانکا ہم نے اُن کو
فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ۝۹ وَسَوَاۗءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ
پس وہ نہیں دیکھتے ہیں اور برابر ہے اوپر اُن کے کیا ڈراوے تو اُن کو یا نہ
تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝۱۰ اِنَّمَا تُنْذِرُ مَنِ اتَّبَعَ الذِّكْرَ
ڈراوے تو اُن کو نہیں ایمان لانے کے سوائے اُس کے نہیں کہ ڈراتا ہے تو اُس شخص کو کہ پیروی کرے قرآن کی

وخشي الرحمٰن بالغيب فبشره بمغفرة واجر كريم ﴿١١﴾

اور ڈرے خدا سے بن دیکھے پس خوشخبری دے اس کو ساتھ بخشش اور ثواب بزرگ کے

انا نحن نحي الموتٰى ونكتب ما قدموا واثارهم وكل

تحقیق ہم زندہ کرتے ہیں مُردوں کو اور لکھتے ہیں ہم جو آگے بھیجا ہے انہوں نے اور نشانیوں انکی کو اور ہر

شيء احصينٰه في امام مبين ﴿١٢﴾ ع واضرب لهم مثلا

چیز شمار کر رکھا ہے ہم نے اُسکو بیچ لوح محفوظ کے ف۱ اور بیان کر واسطے انکے ایک مثال

اصحٰب القرية اذ جاءها المرسلون ﴿١٣﴾ ج اذ ارسلنا

رہنے والے گاؤں کی جس وقت کہ آئے اُنکے پاس بھیجے ہوئے جب بھیجے ہم نے

اليهم اثنين فكذبوهما فعززنا بثالث فقالوا

طرف ان کی دو پیغمبر پس جھٹلایا انہوں نے ان دونوکو پس قوت دی ہم نے ساتھ تیسرے کے پس کہا انہوں نے

انا اليكم مرسلون ﴿١٤﴾ قالوا ما انتم الا بشر مثلنا لا

تحقیق ہم طرف تمہاری بھیجے گئے ہیں ف۲ کہا انہوں نے نہیں تم مگر آدمی مانند ہماری

وما انزل الرحمٰن من شيء لا ان انتم الا تكذبون ﴿١٥﴾

اور نہیں اتاری رحمٰن نے کچھ چیز نہیں تم مگر جھوٹے

قالوا ربنا يعلم انا اليكم لمرسلون ﴿١٦﴾ وما علينا الا

کہا انہوں نے پروردگار ہمارا جانتا ہے تحقیق ہم طرف تمہاری البتہ رسولوں سے ہیں اور نہیں اوپر ہمارے مگر

البلٰغ المبين ﴿١٧﴾ قالوا انا تطيرنا بكم لئن لم تنتهوا

پہنچا دینا پیغام ظاہر کہا انہوں نے تحقیق ہم بدجانتے ہیں رہنا تمہارا اگر نہ باز رہوگے تم

لنرجمنكم وليمسنكم منا عذاب اليم ﴿١٨﴾ قالوا طائركم

البتہ سنگسار کرینگے ہم تم کو اور البتہ لگے گا تم کو ہم سے عذاب درد دینے والا کہا انہوں نے بدی تمہاری

معكم ط ائن ذكرتم ط بل انتم قوم مسرفون ﴿١٩﴾ وجاء

ساتھ تمہارے ہے کیا نصیحت دیئے جاتے ہو اور فال پکڑتے ہو تم بلکہ تم ایک قوم ہو حد سے نکل جانیوالے ف۳ اور آیا کنارے

من اقصا المدينة رجل يسعٰى قال يٰقوم اتبعوا

دور اس شہر کے سے ایک مرد دوڑتا ہوا کہا اے قوم میری پیروی کرو

المرسلين ﴿٢٠﴾ لا اتبعوا من لا يسئلكم اجرا وهم مهتدون ﴿٢١﴾

بھیجے گیوں کی پیروی کرو اس شخص کی کہ نہیں مانگتا تجھ سے مزدوری اور وہ راہ پائے ہوئے ہیں

وقف غفران

ع ١٢ / ١٢ / ١٨

وقف لازم

ف۱ جو آگے بھیج چکے اپنے اعمال اور پیچھے رہے نشان اولاد اور عمارات اور رسم ڈالے نیک یا بد۔ ١٢۔ منہ رح

ف۲ یہ شہر تھا انطاکیہ حضرت عیسےٰ کے دو یار وہاں پہنچے شہر والوں نے ٹال دیا پھر تیسرے یار بھی پہنچے یہ تیسرے بڑے یار تھے۔ ١٢۔ منہ رح

ف۳ شاید کفر کی شامت سے قحط ہوا ہوگا اس کو نامبارک کی سمجھے یا آپس میں اختلاف ہوا کسی نے مانا کسی نے نہ مانا اس کو کہا ہر طرح شامت انہی کی تھی۔ ١٢۔ منہ رح

وَمَالِيَ لَآ اَعْبُدُ الَّذِيْ فَطَرَنِيْ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝۲۲
اور کیا ہے میرے تئیں کہ نہ عبادت کروں میں اس شخص کی کہ پیدا کیا مجھ کو اور طرف اسی کی پھیرے جاؤ گے ،
ءَاَتَّخِذُ مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً اِنْ يُّرِدْنِ الرَّحْمٰنُ بِضُرٍّ لَّا تُغْنِ
کیا پکڑوں میں سوائے اسکے معبود اگر چاہے خدا میرے تئیں ایک نقصان نہ کفایت کرے
عَنِّيْ شَفَاعَتُهُمْ شَيْـًٔا وَّلَا يُنْقِذُوْنِ ۝۲۳ اِنِّيْٓ اِذًا لَّفِيْ ضَلٰلٍ
مجھ سے سفارش اُن کی کچھ اور نہ چھوڑا دیں مجھ کو تحقیق میں اس وقت البتہ بیچ گمراہی
مُّبِيْنٍ ۝۲۴ اِنِّيْٓ اٰمَنْتُ بِرَبِّكُمْ فَاسْمَعُوْنِ ۝۲۵ قِيْلَ ادْخُلِ الْجَنَّةَ
ظاہر کے ہوں تحقیق میں ایمان لایا ساتھ پروردگار تمہارے کے پس سنو بات میری ف کہا گیا اس کو داخل ہو بہشت میں
قَالَ يٰلَيْتَ قَوْمِيْ يَعْلَمُوْنَ ۝۲۶ بِمَا غَفَرَ لِيْ رَبِّيْ وَجَعَلَنِيْ
کہا حبیب نے اے کاش کہ قوم میری جانتی ساتھ اس چیز کے کہ بخشا مجھ کو پروردگار میرے نے اور کیا مجھ کو
مِنَ الْمُكْرَمِيْنَ ۝۲۷ وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰى قَوْمِهٖ مِنْۢ بَعْدِهٖ مِنْ
کرم کیے گیوں سے ف۲ اور نہیں اتارا ہم نے اوپر قوم اسکی کے پیچھے اس کے سے
جُنْدٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَمَا كُنَّا مُنْزِلِيْنَ ۝۲۸ اِنْ كَانَتْ اِلَّا
کوئی لشکر آسمان سے اور نہیں تھے ہم اتارنے والے نہیں تھا عذاب اُن کا مگر
صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ خٰمِدُوْنَ ۝۲۹ يٰحَسْرَةً عَلَى الْعِبَادِ
ایک آواز تند پس اس وقت وہ بجھے ہوئے تھے اے ارمان اُوپر ان بندوں کے
مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝۳۰ اَلَمْ
کہ نہیں آیا انکے پاس کوئی پیغمبر مگر تھے ساتھ اسکے ٹھٹھا کرتے کیا نہیں
يَرَوْا كَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ اَنَّهُمْ اِلَيْهِمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ۝۳۱
دیکھتے کہ کتنے ہلاک کیے ہم نے پہلے اُن سے قرنوں سے اہل زمانہ سے یہ کہ وہ طرف ان کی نہ پھیرے جاوینگے
وَاِنْ كُلٌّ لَّمَّا جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ۝۳۲ وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الْاَرْضُ
اور نہیں ہیں مگر سب جمع ہو کر نزدیک ہمارے حاضر کیے گئے ہیں اور نشانی ہے واسطے اُنکے زمین
الْمَيْتَةُ اَحْيَيْنٰهَا وَاَخْرَجْنَا مِنْهَا حَبًّا فَمِنْهُ يَاْكُلُوْنَ ۝۳۳ وَجَعَلْنَا
مُردہ کہ زندہ کیا ہم نے اسکو اور نکالا ہم نے اس میں سے اناج پس اسی سے کھاتے ہیں وہ اور کیے ہم نے
فِيْهَا جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ وَّفَجَّرْنَا فِيْهَا مِنَ
بیچ اسکے باغ کھجوروں سے اور انگوروں سے اور جاری کیے ہم نے بیچ اس کے

ع ۲ / ۲۰ / ۱

ف۱ آگے نقل کرتے ہیں کہ قوم نے اس کو شہید کیا اور بعضے کہتے ہیں، اللہ تعالےٰ نے جیتا اٹھا لیا۔ ۱۲۔منہ رح
ف۲ قوم نے اس سے دشمنی کی کہ مار ڈالا اس کو بہشت میں بھی قوم کی خیر خواہی رہی کہ اگر معلوم کریں میرا حال تو سب ایمان لاویں۔ ۱۲۔منہ رح

م وقف غفران

الْعُيُوْنِ ﴿۳۴﴾ لِيَاْكُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖ ۙ وَمَا عَمِلَتْهُ اَيْدِيْهِمْ ؕ اَفَلَا
چشموں سے تو کہ کھاویں میووں اسکے سے اور نہیں کیا اس کو ہاتھوں انکے نے کیا پس نہیں

يَشْكُرُوْنَ ﴿۳۵﴾ سُبْحٰنَ الَّذِيْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْۢبِتُ
شکر کرتے پاک ہے وہ جس نے پیدا کیے جوڑے سب چیز کے اس چیز سے کہ اگاتی ہے

الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۶﴾ وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الَّيْلُ
زمین اور جانوں اُن کی سے اور اس چیز سے کہ نہیں جانتے اور نشانی ہے واسطے انکے رات

نَسْلَخُ مِنْهُ النَّهَارَ فَاِذَا هُمْ مُّظْلِمُوْنَ ﴿۳۷﴾ وَالشَّمْسُ تَجْرِيْ
اور کھینچتے ہیں ہم اس میں سے دن کو پس ناگہاں وہ آنیوالے ہیں بیچ اندھیروں کے اور سورج چلتا ہے

لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ؕ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿۳۸﴾ وَالْقَمَرَ
ان مکانوں میں کہ مقرر ہیں واسطے اسکے یہ حکم خداوند غالب جاننے والے کا ہے اور چاند کو

قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ حَتّٰى عَادَ كَالْعُرْجُوْنِ الْقَدِيْمِ ﴿۳۹﴾ لَا
مقرر کردیں ہم نے اس کی منزلیں یہانتک کہ ہوجاوے مانند شاخ کھجور سوکھی کی ف۱ نہیں

الشَّمْسُ يَنْۢبَغِيْ لَهَاۤ اَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ وَلَا الَّيْلُ سَابِقُ النَّهَارِ ؕ
سورج لائق ہے واسطے اُسکے یہ کہ پالیوے چاند کو اور نہ رات آگے بڑھنے والی ہے دن کے

وَكُلٌّ فِيْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ ﴿۴۰﴾ وَاٰيَةٌ لَّهُمْ اَنَّا حَمَلْنَا ذُرِّيَّتَهُمْ
اور سب ستارے بیچ آسمان کے چلتے ہیں ف۲ اور نشانی واسطے انکے یہ کہ اٹھایا ہم نے اولاد ان کی کو

فِي الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿۴۱﴾ وَخَلَقْنَا لَهُمْ مِّنْ مِّثْلِهٖ مَا يَرْكَبُوْنَ ﴿۴۲﴾
بیچ کشتی بھری ہوئی کے ف۳ اور پیدا کیا ہم نے واسطے انکے مانند اس کشتی کی جو سواری کریں اس پر

وَاِنْ نَّشَاْ نُغْرِقْهُمْ فَلَا صَرِيْخَ لَهُمْ وَلَا هُمْ يُنْقَذُوْنَ ﴿۴۳﴾ اِلَّا
اور اگر چاہیں غرق کردیں ہم انکو پس نہیں مددگار واسطے انکے اور نہ وہ چھڑائے جاویں گے مگر

رَحْمَةً مِّنَّا وَمَتَاعًا اِلٰى حِيْنٍ ﴿۴۴﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّقُوْا مَا
رحمت ہماری سے اور فائدہ پہنچایا انکو ایک وقت مقرر تک اور جب کہا جاتا ہے واسطے اُن کے ڈرو اس

بَيْنَ اَيْدِيْكُمْ وَمَا خَلْفَكُمْ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَمَا تَاْتِيْهِمْ
عذاب سے کہ آگے تمہارے ہے اور جو پیچھے تمہارے ہے شاید کہ تم رحم کیے جاؤ اور نہیں آئی پاس انکے

مِّنْ اٰيَةٍ مِّنْ اٰيٰتِ رَبِّهِمْ اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ ﴿۴۶﴾
کوئی نشانی نشانیوں رب اُنکے سے مگر تھے اُن سے منہ پھیرنے والے ف۴

ف۱ چاند اور سورج ملتے ہیں مہینے کے آخر تو چاند چھپ گیا جب آگے بڑھا تو نظر آیا پھر منزل منزل بڑھتا چلا۔ جب تک پھر اسی طرح آ پہنچی ٹہنی سا ہو کر چھپا بیچ میں بڑھ کر پورا ہوا اور گھٹا منزلیں ہیں اٹھائیس۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ سورج چاند سے تیز ہے تو چاند پکڑتا ہے سورج کو سورج نہیں پکڑتا چاند کو اور رات دن میں کوئی آگے بڑھے یہ کہ دن پر دوسرا دن آجاوے بن بیچ رات آئے اور ہر ستارہ ایک ایک گھیر رکھتا ہے اسی راہ پر تیرتا ہے معلوم ہوا ستارے آپ چلتے ہیں یہ نہیں کہ آسمان میں گڑے ہیں اور آسمان چلتا ہے نہیں تو تیرنا نہ فرماتے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی حضرت نوح ع کے وقت نہیں تو انسان کا تخم نہ رہتا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ سامنے آتا ہے جزا کا دن پیچھے چھوڑے اپنے اعمال۔ ۱۲۔ منہ رح

وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ أَنفِقُوا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللَّهُ قَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا
اور جب کہا جاتا ہے واسطے انکے خرچ کرو اس چیز سے کہ دیا تم کو اللہ نے کہتے ہیں وہ جو کافر ہیں

لِلَّذِينَ آمَنُوا أَنُطْعِمُ مَن لَّوْ يَشَاءُ اللَّهُ أَطْعَمَهُ إِنْ أَنتُمْ
ان لوگوں کو کہ ایمان لائے ہیں کیا کھلاویں ہم اس شخص کو کہ اگر چاہتا اللہ کھانا دیتا اس کو نہیں تم

إِلَّا فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ ﴿٤٧﴾ وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا الْوَعْدُ إِن كُنتُمْ
مگر بیچ گمراہی ظاہر کے ف۱ اور کہتے ہیں کب ہے یہ وعدہ اگر ہو تم

صَادِقِينَ ﴿٤٨﴾ مَا يَنظُرُونَ إِلَّا صَيْحَةً وَاحِدَةً تَأْخُذُهُمْ وَهُمْ
سچے نہیں انتظار کرتے مگر ایک آواز تند کا کہ پکڑے ان کو اور وہ بیچ

يَخِصِّمُونَ ﴿٤٩﴾ فَلَا يَسْتَطِيعُونَ تَوْصِيَةً وَلَا إِلَىٰ أَهْلِهِمْ
جھگڑے کے ہوں ف۲ پس نہ سکیں گے وصیت کرنا اور نہ طرف اہل اپنے کی

يَرْجِعُونَ ﴿٥٠﴾ ع وَنُفِخَ فِي الصُّورِ فَإِذَا هُم مِّنَ الْأَجْدَاثِ إِلَىٰ
پھر جاویں گے اور پھونکا جاویگا بیچ صور کے پس ناگہاں وہ قبروں میں سے طرف

رَبِّهِمْ يَنسِلُونَ ﴿٥١﴾ قَالُوا يَا وَيْلَنَا مَن بَعَثَنَا مِن مَّرْقَدِنَا
پروردگار اپنے کی دوڑیں گے کہیں گے اے وائے ہم کو کس نے اٹھایا ہم کو خوابگاہ ہماری سے

هَٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمَٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُونَ ﴿٥٢﴾ إِن كَانَتْ إِلَّا
یہ ہے جو کچھ وعدہ کیا تھا خدا نے اور سچ کہا تھا پیغمبروں نے نہیں تھا یہ ہونا مگر

صَيْحَةً وَاحِدَةً فَإِذَا هُمْ جَمِيعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُونَ ﴿٥٣﴾ فَالْيَوْمَ
ایک آواز تند ہیں پس اس وقت وہ سب نزدیک ہمارے حاضر ہونیوالے ہیں پس آج کے دن

لَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْئًا وَلَا تُجْزَوْنَ إِلَّا مَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿٥٤﴾ إِنَّ
نہ ظلم کیا جاویگا کوئی جی کچھ اور نہ جزا دیئے جاؤگے مگر جو کچھ تھے تم کرتے تحقیق

أَصْحَابَ الْجَنَّةِ الْيَوْمَ فِي شُغُلٍ فَاكِهُونَ ﴿٥٥﴾ هُمْ وَأَزْوَاجُهُمْ
رہنے والے بہشت کے آج کے دن بیچ ایک کام کے خوش ہیں وہ اور بی بیاں ان کی

فِي ظِلَالٍ عَلَى الْأَرَائِكِ مُتَّكِئُونَ ﴿٥٦﴾ لَهُمْ فِيهَا فَاكِهَةٌ وَلَهُم
بیچ سایوں کے اوپر تختوں کے تکیہ لگائے ہوئے واسطے انکے بیچ اسکے میوہ اور واسطے انکے ہیں

مَّا يَدَّعُونَ ﴿٥٧﴾ سَلَامٌ قَوْلًا مِّن رَّبٍّ رَّحِيمٍ ﴿٥٨﴾ وَامْتَازُوا
جو کچھ چاہیں سلام کہا جاویگا پروردگار مہربان کی طرف سے اور جدا ہو جاؤ

۳ ع ۱۸ ۲

ف۱ یہی گمراہی ہے
ف۲ نیک کام میں تقدیر کا حوالہ اور اپنے مزے میں لالچ پر دوڑنا۔ ۱۲۔ منہ رح
ف۳ یعنی قیامت ناگہاں آوے گی اپنے معاملات میں غرق ہونگے ۱۲۔ منہ رح

اَلْيَوْمَ اَيُّهَا الْمُجْرِمُوْنَ ﴿٥٩﴾ اَلَمْ اَعْهَدْ اِلَيْكُمْ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ اَنْ لَّا
آج کے دن اے گنہگارو کیا نہیں عہد کیا تھا میں نے طرف تمہاری اے بیٹو آدم کے یہ کہ نہ

تَعْبُدُوا الشَّيْطٰنَ ۚ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿٦٠﴾ وَّاَنِ اعْبُدُوْنِيْ ؕ
عبادت کرو تم شیطان کی تحقیق وہ واسطے تمہارے دشمن ہے ظاہر اور یہ کہ عبادت کرو میری

وقف غفران

هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿٦١﴾ وَلَقَدْ اَضَلَّ مِنْكُمْ جِبِلًّا كَثِيْرًا ؕ
یہ ہے راہ سیدھی اور البتہ تحقیق گمراہ کیا تم میں سے خلق بہت کو یعنی شیطان نے

اَفَلَمْ تَكُوْنُوْا تَعْقِلُوْنَ ﴿٦٢﴾ هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ﴿٦٣﴾
کیا پس نہیں ہو تم کہ سمجھو یہ دوزخ ہے وہ جو تھے تم وعدہ دیئے جاتے

اِصْلَوْهَا الْيَوْمَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿٦٤﴾ اَلْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰٓى
داخل ہو اس میں آج کے دن بہ سبب اسکے کہ تھے تم کفر کرتے آج کے دن مہر ماری ہم نے اوپر

اَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَآ اَيْدِيْهِمْ وَتَشْهَدُ اَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا
مونہوں اُنکے کے اور باتیں کرینگے ہم سے ہاتھ اُنکے اور گواہی دینگے پاؤں ان کے بہ سبب اسکے کہ تھے

يَكْسِبُوْنَ ﴿٦٥﴾ وَلَوْ نَشَآءُ لَطَمَسْنَا عَلٰٓى اَعْيُنِهِمْ فَاسْتَبَقُوا
کماتے اور اگر چاہیں البتہ ناپید کردیں آنکھیں اُن کی پس آگے پکڑیں گے

الصِّرَاطَ فَاَنّٰى يُبْصِرُوْنَ ﴿٦٦﴾ وَلَوْ نَشَآءُ لَمَسَخْنٰهُمْ عَلٰى
ایک راہ پس کہاں سے دیکھیں گے اور اگر چاہیں ہم البتہ مسخ کر دیں انکو اوپر

مَكَانَتِهِمْ فَمَا اسْتَطَاعُوْا مُضِيًّا وَّلَا يَرْجِعُوْنَ ﴿٦٧﴾ ع وَمَنْ نُّعَمِّرْهُ
جگہ انکی کے پس نہ کر سکیں گذرنا اور نہ پھریں اور جو شخص کہ عمر دیتے ہیں ہم

ع ۴ ۱۷ ۳

نُنَكِّسْهُ فِي الْخَلْقِ ؕ اَفَلَا يَعْقِلُوْنَ ﴿٦٨﴾ وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ وَمَا يَنْۢبَغِيْ
اسکو نگونسار کرتے ہیں ہم اسکو بیچ خلق کے کیا پس نہیں سمجھتے ف۱ اور نہیں سکھایا ہم نے اُسکو شعر اور نہیں لائق

لَهٗ ؕ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ وَّقُرْاٰنٌ مُّبِيْنٌ ﴿٦٩﴾ لِّيُنْذِرَ مَنْ كَانَ حَيًّا وَّ
اس کے نہیں وہ مگر ایک نصیحت اور کتاب روشن تو کہ ڈراوے اس شخص کو کہ ہے جیتا اور

يَحِقَّ الْقَوْلُ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿٧٠﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا خَلَقْنَا لَهُمْ
سچ یعنی ثابت ہوئی بات عذاب کی اُوپر کافروں کے ف۲ کیا نہیں دیکھتے کہ پیدا کیا ہم نے واسطے اُنکے

مِّمَّا عَمِلَتْ اَيْدِيْنَآ اَنْعَامًا فَهُمْ لَهَا مٰلِكُوْنَ ﴿٧١﴾ وَذَلَّلْنٰهَا
اس چیز سے کہ کیے ہم نے ساتھ ہاتھوں قدرت اپنی کے چارپائے پس وہ واسطے اُنکے مالک ہیں اور فرمانبردار کیا ہم نے انکو

ف۱ یعنی جیسا لڑکا سست تھا بوڑھا پھر ویسا ہی ہوا یہ بھی نشان ہے پھر پیدا ہونے کا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ جس میں جان ہو یعنی نیک اثر پکڑتا ہو اس کے فائدے کو اور منکروں پر الزام اتارنے کو۔ ۱۲۔ منہ رح

لَهُمْ فَمِنْهَا رَكُوبُهُمْ وَمِنْهَا يَأْكُلُونَ ﴿٧٢﴾ وَلَهُمْ فِيهَا مَنَافِعُ

واسطے انکے پس بعض ان میں سے واسطے سواری انکی کے اور بعض اُن میں سے کھاتے ہیں اور واسطے انکے بیچ ان کے فائدے

وَمَشَارِبُ ۖ أَفَلَا يَشْكُرُونَ ﴿٧٣﴾ وَاتَّخَذُوا مِن دُونِ اللَّهِ

اور پینا ہے کیا پس نہیں شکر کرتے اور پکڑے ہیں سوائے خدا کے

آلِهَةً لَّعَلَّهُمْ يُنصَرُونَ ﴿٧٤﴾ لَا يَسْتَطِيعُونَ نَصْرَهُمْ وَهُمْ

معبود شاید وہ مدد کیے جاویں نہیں کر سکیں گے مدد اُن کی اور وہ

لَهُمْ جُندٌ مُّحْضَرُونَ ﴿٧٥﴾ فَلَا يَحْزُنكَ قَوْلُهُمْ ۘ إِنَّا نَعْلَمُ — وقف لازم

واسطے انکے لشکر ہیں حاضر کیے گئے پس نہ غمگین کریں تجھ کو باتیں اُن کی تحقیق ہم جانتے ہیں

مَا يُسِرُّونَ وَمَا يُعْلِنُونَ ﴿٧٦﴾ أَوَلَمْ يَرَ الْإِنسَانُ أَنَّا خَلَقْنَاهُ

جو کچھ چھپاتے ہیں اور جو کچھ ظاہر کرتے ہیں کیا نہیں دیکھا آدمی نے یہ کہ پیدا کیا ہم نے

مِن نُّطْفَةٍ فَإِذَا هُوَ خَصِيمٌ مُّبِينٌ ﴿٧٧﴾ وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا

اس کو پانی منی کے سے پس ناگہاں وہ جھگڑنے والا ہے ظاہر اور بیان کی واسطے ہمارے ایک مثال

وَنَسِيَ خَلْقَهُ ۖ قَالَ مَن يُحْيِي الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيمٌ ﴿٧٨﴾ قُلْ

اور بھول گیا پیدائش اپنی کہا کہ کون ہے زندہ کریگا ہڈیوں کو اور وہ گل گئی ہوں گی کہہ

يُحْيِيهَا الَّذِي أَنشَأَهَا أَوَّلَ مَرَّةٍ ۖ وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيمٌ ﴿٧٩﴾

زندہ کریگا وہ انکو کہ جس نے پیدا کیا انکو پہلی بار اور وہ ساتھ سب پیدا کیے گیوں کے جاننے والا ہے

الَّذِي جَعَلَ لَكُم مِّنَ الشَّجَرِ الْأَخْضَرِ نَارًا فَإِذَا أَنتُم مِّنْهُ

جس نے پیدا کی واسطے تمہارے درخت سبز سے آگ پس اسوقت تم اس میں سے

تُوقِدُونَ ﴿٨٠﴾ أَوَلَيْسَ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِقَادِرٍ

روشن کرتے ہو ف۱ کیا نہیں وہ جس نے پیدا کیا آسمانوں کو اور زمین کو قدر والا

عَلَىٰ أَن يَخْلُقَ مِثْلَهُم ۚ بَلَىٰ وَهُوَ الْخَلَّاقُ الْعَلِيمُ ﴿٨١﴾ إِنَّمَا أَمْرُهُ — وقف غفران

اوپر اسکے کہ پیدا کرے مانند اُن کی البتہ اور وہی ہے پیدا کرنے والا جاننے والا سوائے اسکے نہیں کہ حکم اسکا

إِذَا أَرَادَ شَيْئًا أَن يَقُولَ لَهُ كُن فَيَكُونُ ﴿٨٢﴾ فَسُبْحَانَ الَّذِي

جب چاہے پیدا کرنا کسی چیز کا یہ کہ کہتا ہے واسطے اسکے ہو پس ہو جاتی ہے پس پاکی ہے اس ذات پاک کو

بِيَدِهِ مَلَكُوتُ كُلِّ شَيْءٍ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ﴿٨٣﴾ ع — ع ٥ ١٦ ٤

کہ بیچ ہاتھ اسکے کے ہے بادشاہی سب چیزوں کی اور طرف اسی کی پھیرے جاؤ گے

ف۱ یعنی اوّل پتھر سے نکالتے ہیں یا بعضے درخت سے سرسبز ٹہنیاں اس کی آپسیں رگڑتی ہیں تو آگ نکلتی ہے جیسے بانس یا مرخ یا عفار ۱۲۔ مترجم

سُوْرَةُ الصّٰٓفّٰتِ مَكِّيَّةٌ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۱۸۲ رُكُوْعَاتُهَا ۵

سورۂ صفت مکہ میں نازل ہوئی اسمیں ایک سو بیاسی آیتیں اور پانچ رکوع ہیں — شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے

وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ۙ﴿۱﴾ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ۙ﴿۲﴾ فَالتّٰلِيٰتِ ذِكْرًا ۙ﴿۳﴾ اِنَّ
قسم ہے ان فرشتوں کی جو صف باندھتے ہیں صف باندھنے کر پھر ڈانٹ دینے والوں کی ڈانٹ دینے کر پھر تلاوت کرنیوالوں کی ذکر کر تحقیق
اِلٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ ؕ﴿۴﴾ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَرَبُّ
معبود تمہارا معبود اکیلا ہے ف۱ پروردگار آسمانوں کا اور زمین کا اور جو کچھ درمیان ان دونو کے ہے اور پروردگار
الْمَشَارِقِ ؕ﴿۵﴾ اِنَّا زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِزِيْنَةِ ۨالْكَوَاكِبِ ۙ﴿۶﴾ وَحِفْظًا
مشرقوں کا یعنی مشرق اور مغرب کا ف۲ تحقیق ہم نے زینت دی آسمان دنیا کو ساتھ زینت کے کہ تارے ہیں ف۳ اور واسطے محافظت
مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ ۚ﴿۷﴾ لَا يَسَّمَّعُوْنَ اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى وَ
کے ہر شیطان سرکش سے ف۴ نہیں سن سکتے طرف بڑے فرشتوں بلند کی اور
يُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ ۖ﴿۸﴾ دُحُوْرًا وَّلَهُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ۙ﴿۹﴾
پھینکے جاتے ہیں یعنی آگ ہر طرف سے واسطے بھگانے کے اور واسطے انکے عذاب ہے لازم ہوجانیوالا
اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ﴿۱۰﴾ فَاسْتَفْتِهِمْ
مگر جو کوئی اچک لے گیا ہے ایک بار اچک لے جانا پس پیچھے لگتا ہے اس کے شعلہ چمکتا پس پوچھ ان سے
اَهُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمْ مَّنْ خَلَقْنَا ؕ اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ ﴿۱۱﴾
کیا وہ سخت ہیں پیدائش میں یا جو ہم نے پیدا کیے ہیں تحقیق ہم نے پیدا کیا ہے انکو مٹی چپکتی سے
بَلْ عَجِبْتَ وَيَسْخَرُوْنَ ۪﴿۱۲﴾ وَاِذَا ذُكِّرُوْا لَا يَذْكُرُوْنَ ۪﴿۱۳﴾ وَاِذَا رَاَوْا
بلکہ تعجب کیا تو نے اور ٹھٹھا کیا انہوں نے وہ ف۵ اور جسوقت نصیحت دیجاتی ہے نہیں یاد رکھتے اور جب دیکھتے ہیں
اٰيَةً يَّسْتَسْخِرُوْنَ ۪﴿۱۴﴾ وَقَالُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۚۖ﴿۱۵﴾ ءَاِذَا مِتْنَا
کوئی نشانی ٹھٹھا کرتے ہیں اور کہتے ہیں نہیں یہ مگر جادو ہے ظاہر کیا جب مرجاوینگے ہم
وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ۙ﴿۱۶﴾ اَوَاٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ ؕ﴿۱۷﴾
اور ہو جاوینگے ہم مٹی اور ہڈیاں کیا ہم اٹھائے جاوینگے یا باپ ہمارے پہلے
قُلْ نَعَمْ وَاَنْتُمْ دَاخِرُوْنَ ۚ﴿۱۸﴾ فَاِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ فَاِذَا
کہہ کہ ہاں اور تم ذلیل ہوگے پس سوائے اسکے نہیں کہ وہ اٹھانا ڈانٹنا ہے ایک بار پس ناگہاں
هُمْ يَنْظُرُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَقَالُوْا يٰوَيْلَنَا هٰذَا يَوْمُ الدِّيْنِ ﴿۲۰﴾ هٰذَا يَوْمُ
وہ دیکھتے ہونگے اور کہیں گے اے وائے ہم کو یہ ہے دن جزا کا یہ ہے دن

المنزل ۶

ف۱ فرشتے کھڑے ہوتے ہیں قطار ہو کر سننے کو حکم اللہ کا پھر جھڑکتے ہیں شیطانوں کو جو سننے کو جا لگتے ہیں پھر جب اتر چکا اس کو پڑھتے ہیں ایک دوسرے کے بتانے کو۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ شمال سے جنوب تک ایک طرف مشرقین ہیں سورج کو ہر روز جدا اور ہر ستارے کو جدا اور دوسری طرف اتنی ہی مغربین۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ معلوم ہوتا ہے تارے سب ورے آسمان میں ہیں اگرچہ پھر ہر ایک کا اوپر ہو یا نیچے ہو۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ انہی تاروں کی روشنی سے آگ نکلتی ہے جس سے شیطانوں کو مار پڑتی ہے جیسے سورج سے اور آتشی شیشے سے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۵ یعنی تجھ کو ان سے تعجب آتا ہے کہ ایمان کیوں نہیں لاتے اور ان کو تجھ سے ٹھٹھا۔ ۱۲۔ منہ رح

الْفَصْلِ الَّذِي كُنْتُمْ بِهِ تُكَذِّبُونَ ﴿٢١﴾ احْشُرُوا الَّذِينَ ظَلَمُوا ع ۲۱ ۵
فیصل کرنے والا وہ جو تھے تم اس کو جھٹلاتے اکٹھا کرو ان لوگوں کو کہ ظلم کرتے تھے

وَأَزْوَاجَهُمْ وَمَا كَانُوا يَعْبُدُونَ ﴿٢٢﴾ مِنْ دُونِ اللَّهِ فَاهْدُوهُمْ
اور قسم قسم ان کی کو اور جو کچھ کہ عبادت کرتے تھے سوائے اللہ کے پس دکھلادو ان کو

إِلَىٰ صِرَاطِ الْجَحِيمِ ﴿٢٣﴾ الربع وَقِفُوهُمْ إِنَّهُمْ مَسْئُولُونَ ﴿٢٤﴾ مَا لَكُمْ لَا
راہ دوزخ کی ول اور کھڑا کرو ان کو تحقیق ان سے پوچھنا ہے وٹ کیا ہے تم کو نہیں

تَنَاصَرُونَ ﴿٢٥﴾ بَلْ هُمُ الْيَوْمَ مُسْتَسْلِمُونَ ﴿٢٦﴾ وَأَقْبَلَ بَعْضُهُمْ
مدد کرتے تم ایک دوسرے کی بلکہ وہ آج کے دن فرمانبردار ہیں اور منہ کرینگے بعض ان کے

عَلَىٰ بَعْضٍ يَتَسَاءَلُونَ ﴿٢٧﴾ قَالُوا إِنَّكُمْ كُنْتُمْ تَأْتُونَنَا عَنِ
اوپر بعضوں کے پوچھتے ہوئے کہیں گے تحقیق تم ہی تھے آتے ہمارے پاس داہنی

الْيَمِينِ ﴿٢٨﴾ قَالُوا بَلْ لَمْ تَكُونُوا مُؤْمِنِينَ ﴿٢٩﴾ وَمَا كَانَ لَنَا عَلَيْكُمْ
طرف سے وسے کہیں گے بلکہ تم نہیں تھے ایمان والے اور نہیں تھا ہم کو اوپر تمہارے

مِنْ سُلْطَانٍ بَلْ كُنْتُمْ قَوْمًا طَاغِينَ ﴿٣٠﴾ فَحَقَّ عَلَيْنَا قَوْلُ رَبِّنَا إِنَّا
کچھ غلبہ بلکہ تھے تم ایک قوم سرکش پس ثابت ہوئی اوپر ہمارے بات رب ہمارے کی تحقیق

لَذَائِقُونَ ﴿٣١﴾ فَأَغْوَيْنَاكُمْ إِنَّا كُنَّا غَاوِينَ ﴿٣٢﴾ فَإِنَّهُمْ يَوْمَئِذٍ فِي
ہم البتہ چکھنے والے ہیں عذاب وٹ پس گمراہ کیا تھا ہم نے تم کو جیسے ہم تھے گمراہ پس تحقیق وہ آج کے دن بیچ

الْعَذَابِ مُشْتَرِكُونَ ﴿٣٣﴾ إِنَّا كَذَٰلِكَ نَفْعَلُ بِالْمُجْرِمِينَ ﴿٣٤﴾ إِنَّهُمْ
عذاب کے شریک ہیں تحقیق ہم اسی طرح کرتے ہیں ساتھ گنہگاروں کے تحقیق یہ تھے

كَانُوا إِذَا قِيلَ لَهُمْ لَا إِلَٰهَ إِلَّا اللَّهُ يَسْتَكْبِرُونَ ﴿٣٥﴾ وَيَقُولُونَ أَئِنَّا
جس وقت کہ کہا جاتا واسطے ان کے نہیں کوئی معبود مگر اللہ تکبر کرتے اور کہتے تھے کیا ہم

لَتَارِكُوا آلِهَتِنَا لِشَاعِرٍ مَجْنُونٍ ﴿٣٦﴾ بَلْ جَاءَ بِالْحَقِّ وَصَدَّقَ
چھوڑ دینے والے ہیں معبودوں اپنوں کو واسطے ایک شاعر دیوانہ کے بلکہ لایا ہے حق کو اور سچا کیا ہے

الْمُرْسَلِينَ ﴿٣٧﴾ إِنَّكُمْ لَذَائِقُو الْعَذَابِ الْأَلِيمِ ﴿٣٨﴾ وَمَا تُجْزَوْنَ
پیغمبروں کو تحقیق تم البتہ چکھنے والے ہو عذاب درد دینے والا اور نہیں جزا دیئے جاؤ گے

إِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿٣٩﴾ إِلَّا عِبَادَ اللَّهِ الْمُخْلَصِينَ ﴿٤٠﴾ أُولَٰئِكَ
مگر جو کچھ تھے تم کرتے مگر بندے اللہ کے خالص کیے گئے وھ یہ لوگ

ول یہ حکم ہوگا فرشتوں کو ان کے جوڑے یا تو جوروؤں کو کہا یا ایک قسم کے گنہگار جو اکٹھے ہیں ان کو کہا۔ ۱۲۔ منہ رح

وٹ حکم کے بعد ٹھہرا کر آپس میں لڑوا دینگے۔

وسے یعنی تم پر چڑھے آتے تھے بہکانے کو زور سے اور رعب سے داہنا ہاتھ زور کا ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

وٹ بات رب کی وہی لاملئن جہنم منک۔ ۱۲۔ منہ رح

وھ یعنی ان کے گناہوں کا بدلا نہیں معاف ہوئے۔ ۱۲۔ منہ رح

لَهُمْ رِزْقٌ مَّعْلُومٌ ﴿۴۱﴾ فَوَاكِهُ ۚ وَهُم مُّكْرَمُونَ ﴿۴۲﴾ فِي جَنَّاتِ النَّعِيمِ ﴿۴۳﴾

واسطے انکے رزق ہے معلوم میوے اور وہ عزت دیئے جاوینگے بیچ باغوں نعمت کے

عَلَىٰ سُرُرٍ مُّتَقَابِلِينَ ﴿۴۴﴾ يُطَافُ عَلَيْهِم بِكَأْسٍ مِّن مَّعِينٍ ﴿۴۵﴾

اُوپر تختوں کے آمنے سامنے پھرایا جاویگا اُوپر اُن کے پیالہ شراب لطیف کا

بَيْضَاءَ لَذَّةٍ لِّلشَّارِبِينَ ﴿۴۶﴾ لَا فِيهَا غَوْلٌ وَلَا هُمْ عَنْهَا يُنزَفُونَ ﴿۴۷﴾

سفید مزہ دینے والا واسطے پینے والوں کے نہیں بیچ اسکے خرابی اور نہ وہ اس سے بیہودہ کہیں گے

وَعِندَهُمْ قَاصِرَاتُ الطَّرْفِ عِينٌ ﴿۴۸﴾ كَأَنَّهُنَّ بَيْضٌ مَّكْنُونٌ ﴿۴۹﴾

اور نزدیک انکے بیٹھی ہوں گی نیچی نظر رکھنے والیاں خوبصورت آنکھوں والیاں گویا کہ وہ انڈے ہیں چھپائے ہوئے ف۱

فَأَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ يَتَسَاءَلُونَ ﴿۵۰﴾ قَالَ قَائِلٌ مِّنْهُمْ

بعضے ان کے اوپر بعض کے سوال کرتے ہوئے کہے گا ایک کہنے والا ان میں سے

إِنِّي كَانَ لِي قَرِينٌ ﴿۵۱﴾ يَقُولُ أَإِنَّكَ لَمِنَ الْمُصَدِّقِينَ ﴿۵۲﴾ أَإِذَا

تحقیق تھا واسطے میرے ایک ہم نشین دنیا میں کہتا تھا کیا تو قیامت کو ماننے والوں میں سے ہے کیا جب

مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَعِظَامًا أَإِنَّا لَمَدِينُونَ ﴿۵۳﴾ قَالَ هَلْ أَنتُم

مرجاوینگے ہم اور ہوجاوینگے ہم مٹی اور ہڈیاں کیا ہم جزا دیئے جاویں گے کہے گا کیا تم جھانکنے

مُّطَّلِعُونَ ﴿۵۴﴾ فَاطَّلَعَ فَرَآهُ فِي سَوَاءِ الْجَحِيمِ ﴿۵۵﴾ قَالَ تَاللَّهِ إِن

والے ہو ف۲ پس جھانکا پس دیکھا اس کو درمیان دوزخ کے کہے گا قسم ہے خدا کی تحقیق

كِدتَّ لَتُرْدِينِ ﴿۵۶﴾ وَلَوْلَا نِعْمَةُ رَبِّي لَكُنتُ مِنَ الْمُحْضَرِينَ ﴿۵۷﴾

نزدیک تھا تو کہ ہلاک کرڈالے مجھ کو اور اگر نہ ہوتی نعمت پروردگار میرے کی البتہ ہوتا میں حاضر کیے گیوں سے عذاب میں

أَفَمَا نَحْنُ بِمَيِّتِينَ ﴿۵۸﴾ إِلَّا مَوْتَتَنَا الْأُولَىٰ وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِينَ ﴿۵۹﴾

کیا پس ہم نہیں مریں گے مگر موت ہماری پہلی اور نہیں ہم عذاب کیے گئے ف۳

إِنَّ هَٰذَا لَهُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ﴿۶۰﴾ لِمِثْلِ هَٰذَا فَلْيَعْمَلِ الْعَامِلُونَ ﴿۶۱﴾

تحقیق یہ البتہ وہی ہے مراد پانا بڑا واسطے ایسی ہی چیز کے پس چاہیئے کہ عمل کریں عمل کرنیوالے

أَذَٰلِكَ خَيْرٌ نُّزُلًا أَمْ شَجَرَةُ الزَّقُّومِ ﴿۶۲﴾ إِنَّا جَعَلْنَاهَا فِتْنَةً

کیا یہ بہتر ہے مہمانی یا درخت سینڈھ کا تحقیق کیا ہے ہم نے اُس کو بلا

لِّلظَّالِمِينَ ﴿۶۳﴾ إِنَّهَا شَجَرَةٌ تَخْرُجُ فِي أَصْلِ الْجَحِيمِ ﴿۶۴﴾ طَلْعُهَا كَأَنَّهُ

واسطے ظالموں کے ف۴ تحقیق وہ ایک درخت ہے کہ نکلے گا بیچ جڑ دوزخ کے سر اس کے گویا کہ

ف۱ بعضے کہتے ہیں مراد ہیں شترمرغ کے انڈے کہ بہت خوش رنگ ہوتے ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی وہ ساتھی پڑا ہے دوزخ میں اس کو جھانک کر دیکھیں، کس حال میں ہے۔ ۱۲۔ منہ

ف۳ یہ کہنے لگا اپنی خوشی سے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ یعنی آخرت میں اس کو پاویں گے اور گلے میں پھنسے گا ایک عذاب یہ بھی ہوگا یا خراب کرنا دنیا میں کہ سن کر گمراہ ہوتے ہیں کہ سبز درخت دوزخ میں کیونکر اگا۔ ۱۲۔ منہ رح

رُءُوسُ الشَّيٰطِينِ ﴿٦٥﴾ فَإِنَّهُمْ لَاٰكِلُونَ مِنْهَا فَمَالِـُٔونَ مِنْهَا
سر ہیں سانپوں کے ف۱ پس تحقیق وہ البتہ کھانے والے ہیں اس میں سے پس بھرنیوالے ہیں اس سے

الْبُطُونَ ﴿٦٦﴾ ثُمَّ إِنَّ لَهُمْ عَلَيْهَا لَشَوْبًا مِّنْ حَمِيمٍ ﴿٦٧﴾ ثُمَّ إِنَّ
پیٹوں کو پھر تحقیق واسطے انکے اوپر اس کے ملونی ہے آب گرم سے پھر تحقیق

مَرْجِعَهُمْ لَإِلَى الْجَحِيمِ ﴿٦٨﴾ إِنَّهُمْ أَلْفَوْا آبَاءَهُمْ ضَالِّينَ ﴿٦٩﴾
پھر جانا اُن کا البتہ طرف دوزخ کی ہے ف۲ تحقیق انہوں نے پایا باپوں اپنوں کو گمراہ

فَهُمْ عَلَىٰ آثَارِهِمْ يُهْرَعُونَ ﴿٧٠﴾ وَلَقَدْ ضَلَّ قَبْلَهُمْ أَكْثَرُ
پس وہ اوپر پیر اُنکے کے دوڑتے جاتے ہیں اور البتہ تحقیق گمراہ ہو گئے پہلے اُن سے بہت پہلے

الْأَوَّلِينَ ﴿٧١﴾ وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا فِيهِم مُّنذِرِينَ ﴿٧٢﴾ فَانظُرْ كَيْفَ كَانَ
لوگوں میں سے اور البتہ تحقیق بھیجے تھے ہم نے بیچ انکے ڈرانے والے پس دیکھ کیونکر ہوا

عَاقِبَةُ الْمُنذَرِينَ ﴿٧٣﴾ إِلَّا عِبَادَ اللَّهِ الْمُخْلَصِينَ ﴿٧٤﴾ وَلَقَدْ نَادَانَا
آخر کام ڈرائے گیوں کا مگر بندے اللہ کے خالص کیے گئے ف۳ اور البتہ تحقیق پکارا ہم کو

نُوحٌ فَلَنِعْمَ الْمُجِيبُونَ ﴿٧٥﴾ وَنَجَّيْنَاهُ وَأَهْلَهُ مِنَ الْكَرْبِ
نوح نے پس البتہ بہت اچھے جواب دینے والے تھے اور نجات دی ہم نے اسکو اور اہل اسکے کو سختی

الْعَظِيمِ ﴿٧٦﴾ وَجَعَلْنَا ذُرِّيَّتَهُ هُمُ الْبَاقِينَ ﴿٧٧﴾ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي
بڑی سے اور کیا ہم نے اولاد اس کی کو وہی ہوئے باقی رہنے والے ف۴ اور چھوڑا ہم نے اُوپر اسکے بیچ

الْآخِرِينَ ﴿٧٨﴾ سَلَامٌ عَلَىٰ نُوحٍ فِي الْعَالَمِينَ ﴿٧٩﴾ إِنَّا كَذَٰلِكَ نَجْزِي
پچھلوں کے سلام ہوجیو اوپر نوح کے بیچ سب عالموں کے ف۵ تحقیق ہم اسی طرح جزا دیتے ہیں

الْمُحْسِنِينَ ﴿٨٠﴾ إِنَّهُ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِينَ ﴿٨١﴾ ثُمَّ أَغْرَقْنَا الْآخَرِينَ ﴿٨٢﴾
احسان کرنے والوں کو تحقیق وہ بندوں ہمارے ایمان والوں سے تھا پھر ڈبو دیا ہم نے اوروں کو

وَإِنَّ مِن شِيعَتِهِ لَإِبْرَاهِيمَ ﴿٨٣﴾ إِذْ جَاءَ رَبَّهُ بِقَلْبٍ سَلِيمٍ ﴿٨٤﴾ إِذْ قَالَ
اور تحقیق تابعوں اسکے سے البتہ ابراہیم تھا جس وقت کہ آیا رب اپنے کے پاس ساتھ دل سلامت کے ف۶ جسوقت کہا اُسنے

لِأَبِيهِ وَقَوْمِهِ مَاذَا تَعْبُدُونَ ﴿٨٥﴾ أَئِفْكًا آلِهَةً دُونَ اللَّهِ
واسطے باپ اپنے کے اور قوم اپنی کے کس چیز کو عبادت کرتے ہو آیا جھوٹ باندھ کر معبود سوائے اللہ کے

تُرِيدُونَ ﴿٨٦﴾ فَمَا ظَنُّكُم بِرَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿٨٧﴾ فَنَظَرَ نَظْرَةً
چاہتے ہو پس کیا گمان ہے تمہارا ساتھ پروردگار عالموں کے پس نظر کی اس نے ایک نظر

ف۱ یعنی بدنما یا شیطان کہا سانپوں کو۔ ١٢۔ منہ رح

ف۲ یعنی بہت بھوکے ہوں گے تو آگ سے ہٹا کر یہ کھانا پانی کھلا کر پلا کر پھر آگ میں ڈالیں گے۔ ١٢۔ منہ رح

ف۳ ڈر سبھی کو سناتے ہیں ان میں نیک بچتے ہیں اور بد کھپتے ہیں۔ ١٢۔ منہ رح

ع ٢ ٥٣

ف۴ کشتی میں اسّی یا تراسی آدمی بچے تھے ان کی اولاد نہیں چلی انہی کے تین بیٹوں سے چلی شام بسا بیچ زمین کے عرب اور توران اور ایران پیدا ہوئے یافث بسا شمال کو ترک اور خلیج یا جوج ماجوج پیدا ہوئے حام بسا جنوب کو ہند اور حبش پیدا ہوئے۔ ١٢۔ منہ رح

ف۵ یعنی ہمیشہ خلق ان پر سلام بھیجتے ہیں سارا جہان۔ ١٢۔ منہ رح

وقف لازم

ف۶ یعنی گمراہی اور عیب سے پاک۔ ١٢۔ منہ رح

فِي النُّجُومِ ﴿٨٨﴾ فَقَالَ إِنِّي سَقِيمٌ ﴿٨٩﴾ فَتَوَلَّوْا عَنْهُ مُدْبِرِينَ ﴿٩٠﴾
بیچ تاروں کے پس کہا تحقیق میں بیمار ہوں پس پھر گئے اُس سے پیٹھ پھیرتے ف۱

فَرَاغَ إِلَىٰ آلِهَتِهِمْ فَقَالَ أَلَا تَأْكُلُونَ ﴿٩١﴾ مَا لَكُمْ لَا تَنْطِقُونَ ﴿٩٢﴾
پس پوشیدہ گیا طرف معبودوں اُنکے کے پس کہا ٹھٹھے سے کیا نہیں کھاتے تم کھانے کو ف۲ کیا ہے تم کو کہ نہیں بولتے

فَرَاغَ عَلَيْهِمْ ضَرْبًا بِالْيَمِينِ ﴿٩٣﴾ فَأَقْبَلُوا إِلَيْهِ يَزِفُّونَ ﴿٩٤﴾
پس پھر آیا اوپر اُن کے مارتا ہوا ساتھ داہنے ہاتھ کے ف۳ پس متوجہ ہوئے طرف اُس کی دوڑتے ہوئے ف۴

قَالَ أَتَعْبُدُونَ مَا تَنْحِتُونَ ﴿٩٥﴾ وَاللَّهُ خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُونَ ﴿٩٦﴾
کہا کیا عبادت کرتے ہو اُس چیز کو کہ آپ ہی تراشتے ہو اور اللہ نے پیدا کیا تم کو اور جو کچھ کرتے ہو تم

قَالُوا ابْنُوا لَهُ بُنْيَانًا فَأَلْقُوهُ فِي الْجَحِيمِ ﴿٩٧﴾ فَأَرَادُوا بِهِ كَيْدًا
کہا انہوں نے بناؤ واسطے اس کے ایک عمارت پس ڈالدو اس کو بیچ دوزخ کے پس ارادہ کیا ساتھ اس کے مکر کا

فَجَعَلْنَاهُمُ الْأَسْفَلِينَ ﴿٩٨﴾ وَقَالَ إِنِّي ذَاهِبٌ إِلَىٰ رَبِّي سَيَهْدِينِ ﴿٩٩﴾
پس کیا ہم نے ان کو نیچے اور کہا ابراہیم نے تحقیق میں جانے والا ہوں طرف پروردگار اپنے کی البتہ راہ دکھلاویگا مجھ کو ف۵

رَبِّ هَبْ لِي مِنَ الصَّالِحِينَ ﴿١٠٠﴾ فَبَشَّرْنَاهُ بِغُلَامٍ حَلِيمٍ ﴿١٠١﴾ فَلَمَّا بَلَغَ
اے رب میرے بخش مجھ کو اولاد صالحوں میں سے پس بشارت دی ہم نے اسکو ساتھ ایک لڑکے تحمل والے کے ف۶ پس جسوقت پہنچا

مَعَهُ السَّعْيَ قَالَ يَا بُنَيَّ إِنِّي أَرَىٰ فِي الْمَنَامِ أَنِّي أَذْبَحُكَ فَانْظُرْ
ساتھ اسکے دوڑنے کو کہا اے چھوٹے بیٹے میرے تحقیق میں دیکھتا ہوں بیچ خواب کے کہ تحقیق میں ذبح کرتا ہوں تجھ کو پس دیکھ

مَاذَا تَرَىٰ ۚ قَالَ يَا أَبَتِ افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ ۖ سَتَجِدُنِي إِنْ شَاءَ اللَّهُ
کیا دیکھتا ہے تو کہا اے باپ میرے کر جو کچھ حکم کیا جاتا ہے تو شتاب پاویگا تو مجھ کو اگر چاہا اللہ نے

مِنَ الصَّابِرِينَ ﴿١٠٢﴾ فَلَمَّا أَسْلَمَا وَتَلَّهُ لِلْجَبِينِ ﴿١٠٣﴾ وَنَادَيْنَاهُ
صبر کرنے والوں سے ف۷ پس جب مطیع ہوئے دونو حکم الٰہی کے اور پچھاڑا اسکو ماتھے پر ف۸ اور پکارا ہم نے اس کو

أَنْ يَا إِبْرَاهِيمُ ﴿١٠٤﴾ قَدْ صَدَّقْتَ الرُّؤْيَا ۚ إِنَّا كَذَٰلِكَ نَجْزِي
اے ابراہیم تحقیق سچ کیا تو نے خواب کو تحقیق ہم اسی طرح جزا دیتے ہیں

الْمُحْسِنِينَ ﴿١٠٥﴾ إِنَّ هَٰذَا لَهُوَ الْبَلَاءُ الْمُبِينُ ﴿١٠٦﴾ وَفَدَيْنَاهُ
احسان کرنیوالوں کو ف۹ تحقیق یہ بات وہی ہے آزمائش ظاہر اور چھڑا لیا ہم نے اسکو

بِذِبْحٍ عَظِيمٍ ﴿١٠٧﴾ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْآخِرِينَ ﴿١٠٨﴾ سَلَامٌ عَلَىٰ
بدلے قربانی بڑی کے ف۱۰ اور چھوڑا ہم نے اُوپر اسکے بیچ پچھلوں کے سلامتی ہو جیو اوپر

ف۱ وہ لوگ نجومی تھے ان کے دکھانے کو تاروں کی طرف دیکھ کر کہا میں بیمار ہوں یعنی ہوا چاہتا ہوں وہ شہر سے باہر نکلتے تھے ایک عید کو اور بُت پوجنے کو ان کو چھوڑ چلے گئے یہ ایک جھوٹ ہے اللہ کی راہ میں عذاب نہیں ثواب ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ ان کے آگے کھانے رکھ گئے تھے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی زور سے مار مار کر توڑا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ یعنی الزام دینے لگے جب ثابت ہو چکا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۵ یعنی جب باپ نے گھر سے نکالا بادشاہ کی خاطر سے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۶ اس سے بڑا تحمل کیا کہ آپ کو ذبح کروایا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۷ کہتے ہیں آٹھویں شب ذوالحجہ کی خواب دیکھا کہ بیٹے کو ذبح کرتا ہوں کل کو فکر میں رہے کہ اس کی تعبیر کیا پھر نویں شب دیکھا ذبح کرتے تو پہچانا کہ ذبح ہی کرنا ہے پھر رہے تدبیر میں پھر دسویں شب دیکھا وہی خواب تب بیٹے پاس کہا انہوں نے شتاب قبول کر لیا ہزار رحمت اس باپ پر اور بیٹے پر۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۸ تا مُنہ سامنے نظر نہ آوے بیٹے کا کہ محبت جوش کرے کہتے ہیں یہ بات بیٹے نے سکھائی آگے اللہ نے نہیں فرمایا کہ کیا گذرا یعنی کہنے میں نہیں آتا جو حال گذرا اس کے

(باقی صفحہ ۵۵۱ پر)

ابْرٰهِيْمَ ۝۱۰۹ كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ۝۱۱۰ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا
ابراہیم کے اسی طرح جزا دیتے ہیں ہم احسان کرنیوالوں کو تحقیق وہ بندوں ہمارے

الْمُؤْمِنِيْنَ ۝۱۱۱ وَبَشَّرْنٰهُ بِاِسْحٰقَ نَبِيًّا مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝۱۱۲ وَبٰرَكْنَا
ایمان والوں سے تھا اور بشارت دی ہم نے اسکو ساتھ اسحٰق کے جو نبی تھا صالحوں سے ف۱ اور برکت دی ہمنے

عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اِسْحٰقَ ۭ وَمِنْ ذُرِّيَّتِهِمَا مُحْسِنٌ وَّظَالِمٌ
اوپر اسکے اور اوپر اسحاق کے اور اولاد ان دونوں کی سے احسان کرنیوالے بھی ہیں اور ظلم کرنیوالے بھی ہیں

لِّنَفْسِهٖ مُبِيْنٌ ۝۱۱۳ ع وَلَقَدْ مَنَنَّا عَلٰى مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ۝۱۱۴ وَنَجَّيْنٰهُمَا
اپنی جان پر ظاہر ف۲ اور البتہ تحقیق احسان کیا ہم نے اوپر موسیٰ کے اور ہارون کے اور نجات دی ہم نے

وَقَوْمَهُمَا مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ۝۱۱۵ وَنَصَرْنٰهُمْ فَكَانُوْا هُمُ الْغٰلِبِيْنَ ۝۱۱۶
ان دونو کو اور قوم انکی کو سختی بڑی سے اور مدد دی ہم نے انکو پس ہوئے وہی غالب

وَاٰتَيْنٰهُمَا الْكِتٰبَ الْمُسْتَبِيْنَ ۝۱۱۷ وَهَدَيْنٰهُمَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝۱۱۸
اور دی ہم نے ان کو کتاب بیان کرنے والی اور دکھلائی ہم نے ان کو راہ سیدھی

وَتَرَكْنَا عَلَيْهِمَا فِي الْاٰخِرِيْنَ ۝۱۱۹ سَلٰمٌ عَلٰى مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ۝۱۲۰ اِنَّا
اور چھوڑا ہم نے اوپر انکے بیچ پچھلوں کے سلام ہوجیو اوپر موسیٰ اور ہارون کے تحقیق ہم

كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ۝۱۲۱ اِنَّهُمَا مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ۝۱۲۲
اسی طرح جزا دیتے ہیں احسان کرنیوالوں کو تحقیق وہ دونو بندوں ہمارے ایمان والوں سے تھے

وَاِنَّ اِلْيَاسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝۱۲۳ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ اَلَا تَتَّقُوْنَ ۝۱۲۴
اور تحقیق الیاس تھا البتہ بھیجے گیوں سے جس وقت کہا اس نے واسطے قوم اپنی کے کیا نہیں ڈرتے تم

اَتَدْعُوْنَ بَعْلًا وَّتَذَرُوْنَ اَحْسَنَ الْخٰلِقِيْنَ ۝۱۲۵ اللّٰهَ رَبَّكُمْ
کیا پکارتے ہو تم بعل کو اور چھوڑ دیتے ہو بہتر سب سے پیدا کرنیوالے کو اللہ کہ پروردگار تمہارا

وَرَبَّ اٰبَاۗىِٕكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ۝۱۲۶ فَكَذَّبُوْهُ فَاِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ ۝۱۲۷ اِلَّا
اور پروردگار باپوں تمہارے پہلوں کا ہے ف۳ پس جھٹلایا اس کو پس تحقیق وہ البتہ حاضر کیے جاوینگے بیچ عذاب کے مگر

عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ۝۱۲۸ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ ۝۱۲۹ سَلٰمٌ
بندے اللہ کے خالص کیے گئے اور چھوڑا ہم نے اوپر اسکے بیچ پچھلوں کے سلام ہوجیو

عَلٰٓى اِلْ يَاسِيْنَ ۝۱۳۰ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ۝۱۳۱ اِنَّهٗ مِنْ
اوپر الیاس کے ف۴ تحقیق ہم اسی طرح جزا دیتے ہیں احسان کرنیوالوں کو تحقیق وہ

ف۱ معلوم ہوا وہ پہلے خوشخبری اسمٰعیل کی تھی، اور سارا قصہ ذبح کا انہیں پر تھا یہود کہتے ہیں ذبح کیا اسحٰق کو لیکن خلاف ہے اسحٰق کی خوشخبری کے ساتھ خبر تھی یعقوب کی بھی سورۃ ہود میں ہوچکا اور خبر ہے نبی ہونے کی پرسن کر حضرت ابراہیم نہ پوچھتے کہ ابھی دونوں باتیں ظہور میں نہیں آئیں ذبح کیونکر ہوگا۔ ۱۲۔منہ رح

ع ۳ ۴۹ ۷

ف۲ یہ دونوں کہا دونوں بیٹوں کو دونوں سے بہت اولاد پھیلی اسحاق کی اولاد میں نبی گذرے بنی اسرائیل کے اور اسماعیل کی اولاد ہیں۔ عرب جن میں ہمارے پیغمبر ہوئے۔ ۱۲۔منہ رح

ف۳ حضرت الیاس اولاد میں حضرت ہارون کے ہیں بعلبک کی طرف ان کو اللہ نے بھیجا وہ پوجتے تھے بت اس کا نام بعل تھا۔ ۱۲۔منہ رح

ف۴ الیاس کو الیاسین بھی کہتے ہیں جیسے طور سینا اور طور سینین اور آل یاسین بھی پڑھا ہے کسی نے تو یاسین ان کے باپ کا نام ہے۔ ۱۲۔منہ رح

35

عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِينَ ۝۱۳۲ وَإِنَّ لُوطًا لَّمِنَ الْمُرْسَلِينَ ۝۱۳۳ إِذْ نَجَّيْنَٰهُ

بندوں ہمارے ایمان والوں سے تھا اور تحقیق لوط البتہ پیغمبروں سے تھا جسوقت کہ نجات دی ہمنے

وَأَهْلَهُ أَجْمَعِينَ ۝۱۳۴ إِلَّا عَجُوزًا فِي الْغَٰبِرِينَ ۝۱۳۵ ثُمَّ دَمَّرْنَا

اسکو اور لوگوں اُسکے کو سب کو مگر ایک بڑھیا پیچھے رہنے والوں سے تھی پھر ہلاک کیا ہم نے

الْآخَرِينَ ۝۱۳۶ وَإِنَّكُمْ لَتَمُرُّونَ عَلَيْهِم مُّصْبِحِينَ ۝۱۳۷ وَبِالَّيْلِ

اوروں کو اور تحقیق تم البتہ گذرتے ہو اُوپر ان کے صبح کو اور رات کو

أَفَلَا تَعْقِلُونَ ۝۱۳۸ وَإِنَّ يُونُسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِينَ ۝۱۳۹ إِذْ أَبَقَ

کیا پس نہیں سمجھتے ف۱ اور تحقیق یونس البتہ پیغمبروں سے تھا جسوقت بھاگ گیا

إِلَى الْفُلْكِ الْمَشْحُونِ ۝۱۴۰ فَسَاهَمَ فَكَانَ مِنَ الْمُدْحَضِينَ ۝۱۴۱

طرف کشتی بھری ہوئی کے پس قرعہ ڈالا پس ہو گیا دھکیلے گیوں سے ف۲

فَالْتَقَمَهُ الْحُوتُ وَهُوَ مُلِيمٌ ۝۱۴۲ فَلَوْلَا أَنَّهُ كَانَ مِنَ

پس نگل گئی اُس کو مچھلی اور وُہ ملامت میں پڑا ہوا تھا پس اگر نہ ہوتی یہ بات کہ ہوا وُہ

الْمُسَبِّحِينَ ۝۱۴۳ لَلَبِثَ فِي بَطْنِهِ إِلَىٰ يَوْمِ يُبْعَثُونَ ۝۱۴۴ فَنَبَذْنَٰهُ

تسبیح کرنے والوں سے البتہ رہتا بیچ پیٹ اسکے کے اُسوقت کہ اُٹھائے جاویں مُردے پس ڈالدیا ہمنے اُسکو

بِالْعَرَاءِ وَهُوَ سَقِيمٌ ۝۱۴۵ وَأَنۢبَتْنَا عَلَيْهِ شَجَرَةً مِّن يَقْطِينٍ ۝۱۴۶

زمین بن گھاس والی میں اور وہ بیمار تھا اور اگایا ہم نے اُوپر اسکے ایک درخت بیل والا یعنی کدو کا ف۳

وَأَرْسَلْنَٰهُ إِلَىٰ مِائَةِ أَلْفٍ أَوْ يَزِيدُونَ ۝۱۴۷ فَـَٔامَنُوا فَمَتَّعْنَٰهُمْ

اور بھیجا ہم نے اس کو طرف لاکھ آدمی کی بلکہ زیادہ کی ف۴ پس ایمان لائے پس فائدہ دیا ہمنے

إِلَىٰ حِينٍ ۝۱۴۸ فَاسْتَفْتِهِمْ أَلِرَبِّكَ الْبَنَاتُ وَلَهُمُ الْبَنُونَ ۝۱۴۹

انکو ایک مُدت تک ف۵ پس پوچھ اُن سے کیا واسطے رب تیرے کے بیٹیاں ہیں اور واسطے اُن کے بیٹے ہیں

أَمْ خَلَقْنَا الْمَلَٰٓئِكَةَ إِنَٰثًا وَهُمْ شَٰهِدُونَ ۝۱۵۰ أَلَآ إِنَّهُم مِّنْ

کیا پیدا کیا ہے ہم نے فرشتوں کو عورت اور وہ حاضر تھے خبردار ہو تحقیق وہ

إِفْكِهِمْ لَيَقُولُونَ ۝۱۵۱ وَلَدَ اللَّهُ وَإِنَّهُمْ لَكَٰذِبُونَ ۝۱۵۲ أَصْطَفَى

طوفان اپنے سے البتہ کہتے ہیں کہ جنایا ہے خدا نے اور تحقیق وہ البتہ جھوٹے ہیں کیا پسند کر لیا ہے

الْبَنَاتِ عَلَى الْبَنِينَ ۝۱۵۳ مَا لَكُمْ كَيْفَ تَحْكُمُونَ ۝۱۵۴ أَفَلَا

بیٹیوں کو اُوپر بیٹوں کے کیا ہے واسطے تمہارے کیونکر حکم کرتے ہو کیا پس نہیں

ع ۲۵ / ۸

ف۱ قوم لوط کی بستیاں الٹی ہوئی نظر آتی تھیں شام کی راہ میں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ کشتی دریا میں چکر کھانے لگی لوگوں نے کہا اس میں کوئی غلام ہے، مالک سے بھاگا ہر ایک کے نام پر قرعہ ڈالا ان کا نام نکلا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ کہتے ہیں وہ کدو کی بیل تھی۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ یعنی اگر عاقل بالغ گنتے تو لاکھ تھے اور اگر سب کو شامل گنتے تو زیادہ تھے یہ اللہ کو شک نہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۵ وہی قوم جن سے بھاگے تھے ان پر ایمان لا رہے تھے ڈھونڈتے تھے کہ یہ جا پہنچے ان کو بڑی خوشی ہوئی۔ ۱۲۔ منہ رح

تَذَكَّرُوْنَ ﴿۱۵۵﴾ اَمْ لَكُمْ سُلْطٰنٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۵۶﴾ فَاْتُوْا بِكِتٰبِكُمْ اِنْ
نصیحت پکڑتے تم یا واسطے تمہارے کوئی دلیل ہے ظاہر پس لے آؤ تم کتاب اپنی کو اگر

كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۵۷﴾ وَجَعَلُوْا بَيْنَهٗ وَبَيْنَ الْجِنَّةِ نَسَبًا ؕ
ہو تم سچے اور تحقیق ثابت کیا انہوں نے درمیان خدا کے اور درمیان جنوں کے ناتا

وَلَقَدْ عَلِمَتِ الْجِنَّةُ اِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ ﴿۱۵۸﴾ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا
اور البتہ تحقیق جانتے ہیں جن کہ تحقیق وہ البتہ حاضر کیے جاوینگے عذاب میں پاکی ہے اللہ کو اس چیز سے

يَصِفُوْنَ ﴿۱۵۹﴾ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۱۶۰﴾ فَاِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ ﴿۱۶۱﴾
کہ بیان کرتے ہیں مگر بندے اللہ کے خالص کیے گیئے پس تحقیق تم اور جس کو عبادت کرتے ہو

مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ بِفٰتِنِيْنَ ﴿۱۶۲﴾ اِلَّا مَنْ هُوَ صَالِ الْجَحِيْمِ ﴿۱۶۳﴾
نہیں تم خلاف اس کے بہکانے والے مگر اس شخص کو کہ وہ جانے والا ہے دوزخ کا ف۱

وَمَا مِنَّآ اِلَّا لَهٗ مَقَامٌ مَّعْلُوْمٌ ﴿۱۶۴﴾ وَّاِنَّا لَنَحْنُ الصَّآفُّوْنَ ﴿۱۶۵﴾
نہیں ہم میں سے کوئی مگر واسطے اسکے مقام ہے معلوم ف۲ اور تحقیق ہم حق تعالے کی بندگی میں صف باندھنے والے ہیں ف۳

وَاِنَّا لَنَحْنُ الْمُسَبِّحُوْنَ ﴿۱۶۶﴾ وَاِنْ كَانُوْا لَيَقُوْلُوْنَ ﴿۱۶۷﴾ لَوْ اَنَّ
اور تحقیق ہم واسطے اس کے تسبیح کرنیوالے ہیں ف۴ اور تحقیق تھے یہ کہتے اگر ہوتا

عِنْدَنَا ذِكْرًا مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۶۸﴾ لَكُنَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۱۶۹﴾
ہمارے نزدیک مذکور پہلوں کا البتہ ہوتے ہم بھی بندوں اللہ کے سے خالص کیے گئے ف۵

فَكَفَرُوْا بِهٖ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۷۰﴾ وَلَقَدْ سَبَقَتْ كَلِمَتُنَا
پس کفر کیا انہوں نے ساتھ اس ذکر کے پس شتاب جان لیونگے اور البتہ تحقیق پہلے گزری ہے بات ہماری

لِعِبَادِنَا الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۷۱﴾ اِنَّهُمْ لَهُمُ الْمَنْصُوْرُوْنَ ﴿۱۷۲﴾ وَاِنَّ جُنْدَنَا
واسطے بندوں ہمارے پیغمبروں کے تحقیق وہی ہیں مدد دیئے گئے اور تحقیق لشکر ہمارے

لَهُمُ الْغٰلِبُوْنَ ﴿۱۷۳﴾ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۱۷۴﴾ وَّاَبْصِرْهُمْ فَسَوْفَ
وہی ہیں غالب پس منہ پھیر لے اُن سے ایک مدت تک اور دیکھ ان کو پس البتہ

يُبْصِرُوْنَ ﴿۱۷۵﴾ اَفَبِعَذَابِنَا يَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿۱۷۶﴾ فَاِذَا نَزَلَ بِسَاحَتِهِمْ
دیکھ لیویں گے کیا پس ساتھ عذاب ہمارے کے جلدی کرتے ہیں پس جسوقت اُتریگا انگنائی اُن کی میں

فَسَآءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿۱۷۷﴾ وَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۱۷۸﴾ وَّاَبْصِرْ
پس بری ہوگی صبح ڈرائے گیوں کی ف۶ اور منہ پھیر لے اُن سے ایک مدت تک اور دیکھ

ف۱ یعنی تم انسان اور تمہارے تئیں شیطان بے مرضی اللہ کے گمراہ نہیں کر سکتے گمراہ وہی ہوگا جس کو اس نے دوزخی لکھ دیا۔ ۱۲۔ منہ

ف۲ یہاں سے اللہ تعالی نے فرشتوں کی زبان سے فرمایا جیسے دعائیں فرمائیں ہیں آدمیوں کی زبان سے ٹھکانا مقرر یعنی اپنی حد ہے اس سے آگے بڑھنا نہیں یہ اس پر فرمایا کہ کافر کہتے فرشتے اللہ کی بیٹیاں ہیں جنوں کی عورتوں سے پیدا ہوئیاں سو جنوں کو اپنا حال معلوم ہے اور فرشتے یوں کہتے ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی اپنی اپنی حد پر ہر کوئی کھڑا رہتا ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ یہاں تک ہو چکا فرشتوں کا کلام۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۵ عرب لوگ انبیا کا نام سنتے تھے کے علم سے خبردار نہ تھے تو یہ کہتے تھے جو اپنے اندر نبی پیدا ہوا تو پھر گئے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۶ یہ ہوا فتح مکہ کے دن۔ ۱۲۔ منہ رح

فَسَوْفَ يُبْصِرُوْنَ ﴿۱۷۹﴾ سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۱۸۰﴾

پس البتہ دیکھ لیویں گے ف۱ پاکی بیان کر پروردگار اپنے پروردگار عزت والے کی اس چیز سے کہ بیان کرتے ہیں

وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۸۱﴾ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۸۲﴾ ع ۵/۹

اور سلامتی ہے اوپر پیغمبروں کے اور سب تعریف واسطے اللہ پروردگار عالموں کے

سُوْرَةُ صٓ مَكِّيَّةٌ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰياتها ۸۸ ركوعاتها ۵

سورۂ صٓ مکہ میں نازل ہوئی اسمیں — شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے — اٹھاسی آیتیں اور پانچ رکوع ہیں

صٓ وَالْقُرْاٰنِ ذِي الذِّكْرِ ﴿۱﴾ بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ عِزَّةٍ وَّشِقَاقٍ ﴿۲﴾

قسم ہے قرآن نصیحت کرنے والے کی بلکہ وہ لوگ کہ کافر ہوئے ہیں بیچ غلبے کے ہیں اور خلاف کے

كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ قَرْنٍ فَنَادَوْا وَّلَاتَ حِيْنَ مَنَاصٍ ﴿۳﴾

کتنے ہلاک کیے ہیں ہم نے پہلے اُن سے قرنوں سے پس پکارنے پھرے اور نہیں تھا وقت خلاص کا

وَعَجِبُوْۤا اَنْ جَآءَهُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ وَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا سٰحِرٌ

اور تعجب کیا یہ کہ آیا اُن کے پاس ڈرانے والا انہیں میں سے اور کہا کافروں نے یہ جادوگر ہے

كَذَّابٌ ﴿۴﴾ اَجَعَلَ الْاٰلِهَةَ اِلٰهًا وَّاحِدًا اِنَّ هٰذَا لَشَيْءٌ عُجَابٌ ﴿۵﴾

جھوٹا کیا کر دیا اس نے سب معبودوں کو معبود ایک تحقیق یہ ایک چیز ہے بہت تعجب کی

وَانْطَلَقَ الْمَلَاُ مِنْهُمْ اَنِ امْشُوْا وَاصْبِرُوْا عَلٰۤى اٰلِهَتِكُمْ اِنَّ هٰذَا

اور چلے سردار اُن میں سے کہتے ہوئے یہ کہ چلو اور صبر کرو اوپر معبودوں اپنے کے تحقیق یہ

لَشَيْءٌ يُّرَادُ ﴿۶﴾ مَا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِي الْمِلَّةِ الْاٰخِرَةِ اِنْ هٰذَاۤ اِلَّا

ایک چیز ہے کہ ارادہ کیجاتی ہے نہیں سنی ہم نے یہ بات بیچ دین پچھلے کے نہیں ہے یہ مگر اپنے

اخْتِلَاقٌ ﴿۷﴾ ءَاُنْزِلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ مِنْ بَيْنِنَا بَلْ هُمْ فِيْ شَكٍّ

جی سے بنا لینا ف۲ کیا اتارا گیا اوپر اس کے ذکر درمیان ہمارے سے بلکہ وہ بیچ شک کے

مِّنْ ذِكْرِيْ بَلْ لَّمَّا يَذُوْقُوْا عَذَابِ ﴿۸﴾ اَمْ عِنْدَهُمْ خَزَآئِنُ

ہیں یاد میری سے بلکہ نہیں چکھا انہوں نے عذاب میرا کیا نزدیک اُن کے ہیں خزانے

رَحْمَةِ رَبِّكَ الْعَزِيْزِ الْوَهَّابِ ﴿۹﴾ اَمْ لَهُمْ مُّلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

رحمت پروردگار تیرے غالب بخشنے والے کے ف۳ کیا واسطے انکے ہے بادشاہی آسمانوں کی اور زمین کی

وَمَا بَيْنَهُمَا فَلْيَرْتَقُوْا فِي الْاَسْبَابِ ﴿۱۰﴾ جُنْدٌ مَّا هُنَالِكَ مَهْزُوْمٌ

اور جو کچھ درمیان انکے ہے پس چاہیئے کہ چڑھ جاویں بیچ رسیوں آسمان کے لشکر بڑے بڑے اس جگہ شکست پا گئے

ف۱ شاید پہلا وعدہ دنیا عذاب کا اور پچھلا آخرت کا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ پچھلا دین کہتے تھے اپنے باپ دادوں کو یعنی آگے تو سنتے ہیں کہ اگلے لوگ ایسی باتیں کہتے پر ہمارے بزرگ تو یوں نہیں کہہ گئے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ وہ جو کہتے تھے کہ ہم پر کیوں نہ اترا۔ ۱۲۔ منہ رح

مِّنَ الْاَحْزَابِ ⑪ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّعَادٌ وَّفِرْعَوْنُ
فرقوں میں سے ف۱ جھٹلایا تھا پہلے اُن سے قوم نوح کی نے اور عاد نے اور فرعون

ذُو الْاَوْتَادِ ⑫ وَثَمُوْدُ وَقَوْمُ لُوْطٍ وَّاَصْحٰبُ لْـَٔيْكَةِ ؕ اُولٰٓئِكَ
میخوں والے نے ف۲ اور ثمود نے اور قوم لوط کی نے اور رہنے والوں بَن کے نے یہ لوگ تھے

الْاَحْزَابُ ⑬ اِنْ كُلٌّ اِلَّا كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ عِقَابِ ⑭ وَمَا
بڑی بڑی جماعتیں نہیں تھے یہ سب مگر جھٹلاتے تھے پیغمبروں کو پس ثابت ہوا اُن پر عذاب میرا اور نہیں

يَنْظُرُ هٰٓؤُلَآءِ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً مَّا لَهَا مِنْ فَوَاقٍ ⑮ وَقَالُوْا
انتظار کرتے یہ لوگ مگر ایک آواز تند کا کہ نہیں اس کو کچھ ڈھیل ف۳ اور کہا انہوں نے

رَبَّنَا عَجِّلْ لَّنَا قِطَّنَا قَبْلَ يَوْمِ الْحِسَابِ ⑯ اِصْبِرْ عَلٰى مَا
اے پروردگار ہمارے جلد دے ہم کو چٹھی ہماری پہلے دن حساب کے سے ف۴ صبر کر اُوپر اس چیز کے کہ

يَقُوْلُوْنَ وَاذْكُرْ عَبْدَنَا دَاوٗدَ ذَا الْاَيْدِ ۚ اِنَّهٗٓ اَوَّابٌ ⑰ اِنَّا
کہتے ہیں اور یاد کر بندے ہمارے داؤد صاحب قوت کو تحقیق وہ رجوع کرنے والا تھا ف۵ تحقیق

سَخَّرْنَا الْجِبَالَ مَعَهٗ يُسَبِّحْنَ بِالْعَشِيِّ وَالْاِشْرَاقِ ⑱ وَالطَّيْرَ
مسخر کیا ہم نے پہاڑوں کو ساتھ اسکے تسبیح کرتے تھے دن ڈھلے اور سورج نکلے اور جانور

مَحْشُوْرَةً ؕ كُلٌّ لَّهٗٓ اَوَّابٌ ⑲ وَشَدَدْنَا مُلْكَهٗ وَاٰتَيْنٰهُ الْحِكْمَةَ
اکٹھے کیے ہوئے ہر ایک واسطے اسکے جواب دینے والے تھے اور زبردست کی ہم نے سلطنت اس کی اور دی ہم نے اس کو حکمت

وَفَصْلَ الْخِطَابِ ⑳ وَهَلْ اَتٰىكَ نَبَؤُا الْخَصْمِ ۘ اِذْ تَسَوَّرُوا
اور فیصل کرنے والی بات اور کیا آئی ہے تیرے پاس خبر جھگڑنے والوں کی جسوقت کہ دیوار پر چڑھ کر اتر

الْمِحْرَابَ ㉑ اِذْ دَخَلُوْا عَلٰى دَاوٗدَ فَفَزِعَ مِنْهُمْ قَالُوْا لَا
آئے عبادت خانے میں ف۶ جسوقت کہ داخل ہوئے اوپر داؤد کے پس ڈرا اُن سے کہا انہوں نے مت

تَخَفْ ۚ خَصْمٰنِ بَغٰى بَعْضُنَا عَلٰى بَعْضٍ فَاحْكُمْ بَيْنَنَا بِالْحَقِّ
ڈر ہم ہیں دو جھگڑنے والے زیادتی کی ہے بعض ہمارے نے اُوپر بعض کے پس حکم کر درمیان ہمارے ساتھ حق کے

وَلَا تُشْطِطْ وَاهْدِنَآ اِلٰى سَوَآءِ الصِّرَاطِ ㉒ اِنَّ هٰذَآ اَخِيْ ۫ لَهٗ
اور مت زیادتی کر اور راہ دکھا ہم کو طرف راہ سیدھی کی تحقیق یہ ہے بھائی میرا واسطے

تِسْعٌ وَّتِسْعُوْنَ نَعْجَةً وَّلِيَ نَعْجَةٌ وَّاحِدَةٌ ۫ فَقَالَ اَكْفِلْنِيْهَا
